
# سخنوران
# شاہجہانپور



مبارک شمیم

**Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi**
**Preserved in Punjab University Library.**

**پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ**
**پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ**



Marfat.com

# سخنورانِ شاہجہان پور

ایک تذکرہ

مصنّف:

**مبارک شمیم**

زیرِ اہتمام

تخلیق کار پبلیشرز

۱۷۷۹- کوچہ دکھنی رائے، دریا گنج، نئی دہلی، ۱۱۰۰۰۲

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

129957

نام کتاب : سخنورانِ شاہجہاں پور
ناشر و مصنف : مبارک شمیم
پتہ : محلہ احمد پورہ، شاہجہاں پور۔ ۲۴۲۰۰۱ (یوپی)
اشاعت : اُنیس سو پچانوے (۱۹۹۵ء)
تعداد : ۴۰۰ چارسو
قیمت : ایک سو پچاس روپے @ Rs. 150/-
زیر اہتمام : انیس امروہوی
تخلیق کار پبلیشرز، ۱۷۷۹، کوچہ دکھنی رائے، دریا گنج، نئی دہلی، ۱۱۰۰۰۲
کتابت : محمد عارف سہسوانی
سرورق : ساجد
مطبوعہ : ثمر آفسیٹ پرنٹرس، ۱۳۰۸، کلاں محل، دریا گنج، نئی دہلی، ۱۱۰۰۰۲

ملنے کے پتے :

- اھلووالیہ بکڈپو، ۹۹۸۸/۴۹، نیو رہتک روڈ، نئی دہلی، ۱۱۰۰۰۵
- ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، گلی وکیل، کوچہ پنڈت، لال کنواں، دہلی، ۱۱۰۰۰۶
- موڈرن پبلشنگ ہاؤس، ۹۔ گولا مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۲
- مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی، ۱۱۰۰۰۶

T.P. 32

SUKHANVARAN-E-SHAHJAHANPUR 1995
*By, Mubarak Shameem* @ Rs. 150/-
*Published by:*
**Takhleeqkar Publishers,** 1779, Kucha Dakhni Rai, Daryaganj, New Delhi-2

Marfat.com

برادرِ عزیز

# قمر رئیسؔ

کے نام

جو شاہجہاں پور کی ادبی اور تہذیبی روایت کا امین ہے،

اور

جس کی مسلسل تحریک و تاکید سے یہ تذکرہ تکمیل کو پہنچ سکا۔

Marfat.com

اس کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ
اُتر پردیش کا جزوی مالی تعاون شامل ہے

Marfat.com

# فہرست

مقدمہ ——— مصنف

## شعرائے قدیم


۱- مولوی سید عبد النبی کانٹوی ——— ۴۰
۲- نواب بہادر خاں چغتا بہادر ——— ۴۲
۳- نواب زین الدین خاں بہادر زین ——— ۴۴
۴- لالہ سکھ رائے مسرور ——— ۴۸
۵- محمد عمر خاں وہبی ——— ۵۰
۶- مولوی سید غلام جیلانی رفعت ——— ۵۱
۷- شیخ احمد خاں ملّا منوں نثار ——— ۵۲
۸- دیوان دولت رائے مبتہج ——— ۵۳
۹- منشی رام کشن فرحت ——— ۵۴
۱۰- لالہ پران سکھ مشہور ——— ۵۵
۱۱- لالہ ہت پرشاد سرور ——— ۵۵
۱۲- مولوی محمد عابد خاں مجروح ——— ۵۷
۱۳- منشی عوض رائے مسرت ——— ۵۸
۱۴- ملّا سید شیر علی عاجز ——— ۶۱
۱۵- نواب فیض الدین خاں امید ——— ۶۲
۱۶- پیرزادہ شمس الدین سعدی میاں سعد ——— ۶۳
۱۷- لالہ موتی لال ساقی ——— ۶۴


Marfat.com

۱۸۔ نواب غلام حسین خاں حسین ____ ۶۵

۱۹۔ قاضی سید سرفراز علی سیّد ____ ۷۶

۲۰۔ شیخ احمد خاں اظہر ____ ۷۷

۲۱۔ منشی آننت رام خاموش ____ ۷۸

۲۲۔ لالہ بساون لال محظوظ ____ ۷۹

۲۳۔ لچھمی نارائن محظوظ ____ ۸۰

۲۴۔ منشی نند کنوار نیاز ____ ۸۱

۲۵۔ مولوی قطب الدین طالب ____ ۸۱

۲۶۔ منشی رفعت علی رفعت ____ ۸۶

۲۷۔ منشی سوہن لال حقیر ____ ۹۰

۲۸۔ قاری شیخ بہادر علی قاری ____ ۹۱

۲۹۔ منشی سید آل نبی فگار ____ ۹۳

۳۰۔ شیخ کریم بخش فرقت ____ ۹۴

۳۱۔ شیخ ستار بخش راقم ____ ۹۵

۳۲۔ حکیم حافظ محمد معشوق علی جوہر ____ ۹۶

۳۳۔ سید امداد علی میاں مُلّا شاد ____ ۹۸

۳۴۔ یونس خاں یونس ____ ۱۰۰

۳۵۔ لالہ لکھپت رائے عاقل ____ ۱۰۱

۳۶۔ خان زادہ مینڈو خاں ۔خان ____ ۱۰۱

۳۷۔ حافظ سید حبیب الحق حبیب ____ ۱۰۳

۳۸۔ رائے کرشن سہائے فرحت ____ ۱۱۱

۳۹۔ سید محمد محسن میاں عرشی ____ ۱۱۴

۴۰۔ حافظ نثار احمد خاں تائب ____ ۱۱۶

۴۱۔ مولوی سخاوت حسین ۔سخا تلہری ____ ۱۱۷

۴۲۔ منشی احسان علی خاں احسان ____ ۱۲۱


Marfat.com

۴۳۔ نواب محمد جمیل الدین خاں یاس ۔۔۔۔۔ ۱۲۳
۴۴۔ محمد وصی علی خاں وصی ۔۔۔۔۔ ۱۲۴
۴۵۔ حکیم احمد حسین خاں دانش ۔۔۔۔۔ ۱۲۵
۴۶۔ عظمت علی ارشاد ۔۔۔۔۔ ۱۲۶
۴۷۔ میر فضل علی فضل ۔۔۔۔۔ ۱۲۷
۴۸۔ سید شریف الحسن فوق ۔۔۔۔۔ ۱۲۸
۴۹۔ سید محمد علی میاں خیال ۔۔۔۔۔ ۱۲۹
۵۰۔ سید منور علی سحاب ۔۔۔۔۔ ۱۳۴
۵۱۔ بابو رام بہادر احقر ۔۔۔۔۔ ۱۳۵
۵۲۔ لالہ یگانہ ۔۔۔۔۔ ۱۳۵
۵۳۔ نواب کرامت اللہ خاں کرامت ۔۔۔۔۔ ۱۳۶
۵۴۔ شیخ عنایت حسین عنایت ۔۔۔۔۔ ۱۳۷
۵۵۔ منشی سیوا رام جوہر ۔۔۔۔۔ ۱۳۷
۵۶۔ منشی امین خاں امین ۔۔۔۔۔ ۱۳۸
۵۷۔ سید احمد شاہ مشیر ۔۔۔۔۔ ۱۳۹
۵۸۔ محمد ریاض الرضا خاں فروغ ۔۔۔۔۔ ۱۳۹
۵۹ منشی ہری رام خورم ۔۔۔۔۔ ۱۴۰
۶۰۔ منشی دیا رام دانا ۔۔۔۔۔ ۱۴۰
۶۱۔ مولوی دوست محمد خاں ۔۔۔۔۔ ۱۴۱
۶۲ منشی پرم سکھ فائز ۔۔۔۔۔ ۱۴۱
۶۳۔ فدا "دی سیلو آف لو" ۔۔۔۔۔ ۱۴۲
۶۴۔ بابو محمد احسن خاں احسن ۔۔۔۔۔ ۱۴۳
۶۵۔ منشی محمد عزیز اللہ خاں اثر ۔۔۔۔۔ ۱۴۳
۶۶۔ منشی عطار اللہ خاں عطا ۔۔۔۔۔ ۱۴۴
۶۷ منشی حشمت اللہ خاں حشمت ۔۔۔۔۔ ۱۴۴


Marfat.com

۶۸۔ رائے اجودھیا پرشاد زیبا ۱۴۵
۶۹۔ منشی اسرار حسن خاں اسرار ۱۴۵
۷۰۔ منشی سخاوت علی خاں سخا ۱۴۶
۷۱۔ لالہ مہتاب رائے رغبت ۱۴۶
۷۲۔ محمد حسن علی خاں حسن ۱۴۷
۷۳۔ منشی محمد فرحت اللہ خاں فرحت ۱۴۷
۷۴۔ مولوی احمد خاں احمد ۱۴۸
۷۵۔ امام الدین خاں ناظر ۱۴۸
۷۶۔ منشی مقصود علی خاں مقصود ۱۴۹
۷۷۔ ہدایت اللہ ہدایت ۱۴۹


## بیسویں صدی کے شعراء


۷۸۔ حکیم مولوی ضمیر حسن خاں دل ۱۵۲
۷۹۔ روشن علی خاں روشن وارثی ۱۵۶
۸۰۔ سید حسین احمد میاں بیباک ۱۵۷
۸۱۔ نواب ناظم علی خاں ہجر ۱۵۹
۸۲۔ مظہر علی خاں ابر ۱۶۳
۸۳۔ انوری جہاں بیگم حجاب ۱۶۴
۸۴۔ منشی شیخ علی اختر اختر ۱۶۶
۸۵۔ منشی سید منظور علی۔ ارشاد ۱۶۷
۸۶۔ پنڈت جگموہن ناتھ رینہ شوق ۱۶۸
۸۷۔ سید تصدق حسین قرار ۱۷۰
۸۸۔ مولوی عبدالحکیم سیف ۱۷۰
۸۹۔ حکیم سلامت اللہ خاں قادری سلامت ۱۷۳


Marfat.com

۹۰۔ نواب حیدر علی خاں حیدر ____ ۱۷۵

۹۱۔ حاجی میر تحمل حسین تحمل ____ ۱۷۶

۹۲۔ حکیم حشمت اللہ خاں قیس ____ ۱۷۶

۹۳۔ منشی عابد حسین عابد مینائی ____ ۱۷۷

۹۴۔ سید ظہور احمد وحشی ____ ۱۸۰

۹۵۔ محمد علی حسین خاں برق ____ ۱۸۶

۹۶۔ حاجی محمد عتیق اللہ خاں آذر ____ ۱۸۷

۹۷۔ مولوی سید شرف الدین یاس ____ ۱۸۸

۹۸۔ فقیر محمد خاں فقیر ____ ۱۸۹

۹۹۔ مولوی حمید الزماں خاں حمید ____ ۱۹۰

۱۰۰۔ شہید اشفاق اللہ خاں حسرت وارثی ____ ۱۹۲

۱۰۱۔ نواب نیاز الدین خاں نیاز ____ ۱۹۴

۱۰۲۔ شیر محمد خاں شفق ____ ۱۹۵

۱۰۳۔ محمد اللہ خاں عشق ____ ۱۹۶

۱۰۴۔ محمد مقبول حسن خاں شیدا ____ ۱۹۷

۱۰۵۔ منشی محمد آل نبی خاں ارمان ____ ۱۹۸

۱۰۶۔ منشی نیاز حسن خاں بیدل ____ ۱۹۸

۱۰۷۔ لالہ منوں لال روشن ____ ۱۹۹

۱۰۸۔ منشی منی لال درس ____ ۲۰۰

۱۰۹۔ پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہت ____ ۲۰۰

۱۱۰۔ مولانا ابوالوفار عارف ____ ۲۰۳

۱۱۱۔ علامہ اختر علی تلہری ____ ۲۰۵

۱۱۲۔ حضرت صدیق حسن اسعد ____ ۲۰۹

۱۱۳۔ سید مختار احمد میاں مختار ____ ۲۱۲

۱۱۴۔ بابو طفیل احمد ناجی ____ ۲۱۳


Marfat.com

۱۱۵۔ محفوظ علی محفوظ ـــــ ۲۱۴
۱۱۶۔ محمد جمیل احمد خاں کوکب ـــــ ۲۱۵
۱۱۷۔ مولوی انوار احمد انوار ـــــ ۲۱۸
۱۱۸۔ بابو جگدیش سہائے سکسینہ ـــــ ۲۲۰
۱۱۹۔ منشی محمود حسن زار ـــــ ۲۲۳
۱۲۰۔ کریم الرضا خاں رضا ـــــ ۲۲۴
۱۲۱۔ فضل الرحمٰن خاں رحمٰن ـــــ ۲۲۵
۱۲۲۔ حکیم حبیب الرحمٰن خاں حبیب ـــــ ۲۲۶
۱۲۳۔ سید امانت حسین ربط ـــــ ۲۲۷
۱۲۴۔ نبی حسین خیال مینائی ـــــ ۲۲۸
۱۲۵۔ اشفاق حسین رمز ـــــ ۲۳۰
۱۲۶۔ شیخ فیض الدین اثر ـــــ ۲۳۲
۱۲۷۔ شاہ محمد ہاشم۔ ہاشم ـــــ ۲۳۳
۱۲۸۔ منشی عبدالقدوس بیدل ـــــ ۲۳۳
۱۲۹۔ منشی پیارے لال پذیر تلہری ـــــ ۲۳۴
۱۳۰۔ منشی سخاوت حسین سخا ـــــ ۲۳۴
۱۳۱۔ منشی عبدالحفیظ عیش ـــــ ۲۳۵
۱۳۲۔ حبیب حسن خاں حبیب ـــــ ۲۳۶
۱۳۳۔ سید محمد سلطان سلطان ـــــ ۲۳۶
۱۳۴۔ منشی شفیع اللہ خاں شفا ـــــ ۲۳۷
۱۳۵۔ مفتی سید محمد مہدی حسن آزاد ـــــ ۲۳۸
۱۳۶۔ بابو مکٹ بہاری لال حرماں ـــــ ۲۳۹
۱۳۷۔ منشی چھیدا لال شیدا ـــــ ۲۳۹
۱۳۸۔ ممتاز اللہ خاں ممتاز ـــــ ۲۴۰
۱۳۹۔ سید احمد حسین شوق ـــــ ۲۴۱


Marfat.com

۱۴۰۔ منشی مقبول حسن خاں کیفؔ ــــــ ۲۴۲

۱۴۱۔ عبدالجمیل خاں جمیلؔ ــــــ ۲۴۳

۱۴۲۔ ماسٹر شانتو سنگھ بارقؔ ــــــ ۲۴۴

۱۴۳۔ سید ارشاد حسین پیارے میاں رشیدؔ ــــــ ۲۴۵

۱۴۴۔ اشفاق علی خاں اشفاقؔ ــــــ ۲۴۷

۱۴۵۔ عبدالماجد محمد میاں شفقؔ ــــــ ۲۴۹

۱۴۶۔ محمد عشرت اللہ عشرتؔ ــــــ ۲۵۰

۱۴۷۔ حامد علی خاں حامدؔ مینائی ــــــ ۲۵۱

۱۴۸۔ حامد حسین حامدؔ مینائی ــــــ ۲۵۳

۱۴۹۔ حکیم احمد علی خاں وفاؔ ــــــ ۲۵۴

۱۵۰۔ محمد صنعت اللہ خاں صنعتؔ ــــــ ۲۵۵

۱۵۱۔ مظفر شاہجہانپوری ــــــ ۲۵۶

۱۵۲۔ سید حسن اخترؔ ــــــ ۲۵۷

۱۵۳۔ رازؔ شاہجہاں پوری ــــــ ۲۵۸

۱۵۴۔ منشی محمد اظہار حسین اظہرؔ ــــــ ۲۵۹

۱۵۵۔ مبارک شمیمؔ ــــــ ۲۶۰

۱۵۶۔ مشیر جھنجھانوی ــــــ ۲۶۴

۱۵۷۔ عاشق علی عاشقؔ ــــــ ۲۶۵

۱۵۸۔ احمد اللہ خاں کیفیؔ ــــــ ۲۶۶

۱۵۹۔ عبدالرحیم خاں دردؔ ــــــ ۲۶۷

۱۶۰۔ شمس الدین احمد شمسؔ ــــــ ۲۶۸

۱۶۱۔ لیاقت حسین لیاقتؔ تلہری ــــــ ۲۶۹

۱۶۲۔ حنیف اسعدی ــــــ ۲۷۱

۱۶۳۔ شبنم رومانی ــــــ ۲۷۳

۱۶۴۔ قمر رئیس ــــــ ۲۷۶


Marfat.com

۱۶۵۔ قمرالدین قمر ۲۸۰
۱۶۶۔ خالد یوسف ۲۸۱
۱۶۷۔ نکہت بریلوی ۲۸۳
۱۶۸۔ سید فضل حق حسرت ۲۸۵
۱۶۹۔ ہدایت اللہ خاں بیڈھب ۲۸۶
۱۷۰۔ محمد حسن خاں شاکر ۲۸۸
۱۷۱۔ احمد اللہ خاں شاکی ۲۸۹
۱۷۲۔ بابو رامیشور پرشاد چوچ ۲۹۰
۱۷۳۔ ریاست علی خاں ریاست ۲۹۱
۱۷۴۔ منشی فتح چند شاداں ۲۹۲
۱۷۵۔ محمد عبدالحیٔ خاں آشفتہ ۲۹۳
۱۷۶۔ شفیق حسن خاں شفیق مینائی ۲۹۴
۱۷۷۔ آنند سروپ سری واستو احقر ۲۹۷
۱۷۸۔ اونکار سہائے سکسینہ میکش ۲۹۷
۱۷۹۔ محبوب حسن خاں نظر ۲۹۹
۱۸۰۔ رحمت شاہ خاں رزمی ۳۰۰
۱۸۱۔ مطیع اللہ خاں حسرت کمالی ۳۰۱
۱۸۲۔ سید احمد سحر رشیدی ۳۰۲
۱۸۳۔ عزیز احمد خاں عزیز ۳۰۵
۱۸۴۔ اسرار حسین خاں اسیر ۳۰۶
۱۸۵۔ محمد احمد خاں سرور رومانی ۳۰۷
۱۸۶۔ اختیار حسن خاں اختر ۳۰۸
۱۸۷۔ طاہر تلہری ۳۰۹
۱۸۸۔ محمد نسیم خاں نسیم ۳۱۰
۱۸۹۔ سید رونق رضا رونق ۳۱۲


Marfat.com

۱۹۰۔ عبدالواجد انور جمالؔ ـــــ ۳۱۴

۱۹۱۔ ارشاد احمد خاں ساغر وارثی ـــــ ۳۱۵

۱۹۲۔ محبوب حسن جمالؔ ـــــ ۳۱۶

۱۹۳۔ یوسف علی خاں گوہرؔ ـــــ ۳۱۷

۱۹۴۔ محبوب حسن انجمؔ ـــــ ۳۱۸

۱۹۵۔ رام کشن زیباؔ ـــــ ۳۱۹

۱۹۶۔ سید صابر علی قیصر شکیلی ـــــ ۳۲۰

۱۹۷۔ محبوب حسن محبوبؔ ـــــ ۳۲۱

۱۹۸۔ رباؔب رشیدی ـــــ ۳۲۲

۱۹۹۔ مولانا بدرالدین عاقلؔ ـــــ ۳۲۳

۲۰۰۔ اسرار حسین خاں تبسمؔ ـــــ ۳۲۵

۲۰۱۔ سید نسیم طاہر زیدی نگارؔ ـــــ ۳۲۵

۲۰۲۔ اختر علی خاں اخترؔ ـــــ ۳۲۷

۲۰۳۔ حکمت شادؔ ـــــ ۳۲۸

۲۰۴۔ خالد علوی ـــــ ۳۲۹

۲۰۵۔ مختار حسن واصفؔ ـــــ ۳۳۰

۲۰۶ رفیع اللہ وقتؔ ـــــ ۳۳۱

۲۰۷۔ شبیر احمد شاغل وجدانی ـــــ ۳۳۲

۲۰۸۔ مرغوب حسن خاں فضاؔ ـــــ ۳۳۳

۲۰۹۔ نور ضیاء الدین نورؔ ـــــ ۳۳۳

۲۱۰۔ ثریا خاتون حزیںؔ ـــــ ۳۳۴

۲۱۱۔ فصیح اکمل قادری ـــــ ۳۳۶

۲۱۲۔ حکیم عبدالواسع رشکؔ ـــــ ۳۳۷

۲۱۳۔ ایوب حسن خاں اثرؔ ـــــ ۳۳۸

۲۱۴۔ رونق علی مصورؔ ـــــ ۳۳۹


Marfat.com

۲۱۵۔ محمد شمیم انصاری شمیم ______ ۳۴۰
۲۱۶۔ سیدہ شفق آرا شان معراج ______ ۳۴۱
۲۱۷۔ فرزانہ شفق فرزانہ ______ ۳۴۳
۲۱۸۔ ڈاکٹر ممنون حسن خاں ممنون ______ ۳۴۴
۲۱۹۔ شمیم بیگم شمیم ______ ۳۴۵
۲۲۰۔ سردار آصف آصف ______ ۳۴۶
۲۲۱۔ محمد عظیم عظیم ______ ۳۴۶
۲۲۲۔ جاوید اللہ خاں جاوید ______ ۳۴۷
۲۲۳ رئیس احمد نعمانی رئیس ______ ۳۴۸
۲۲۴ ترنم ضیا ترنم ______ ۳۴۹
۲۲۵ عزیز احمد خاں شفق طاہری ______ ۳۵۰
۲۲۶ قمر شاہجہاں پوری ______ ۳۵۲
۲۲۷ محمد وسیم وسیم مینائی ______ ۳۵۴
۲۲۸ راشد ندیم ______ ۳۵۵
۲۲۹ کتابیات ______ ۳۵۷


Marfat.com

# مقدّمہ

یہ ۱۹۷۹ء کا ذکر ہے، اپنے اولین انتخاب غزلیات "نقش نوا" کی اشاعت کے بعد دوسرے انتخاب کے لیے غزلیں چن رہا تھا کہ ذہن میں ایک خیال از خود ابھرا اور حواس پر چھا گیا، ہر برس بے شمار شعری کتابیں چھپتی ہیں اور جلد ہی منظر سے غائب ہو جاتی ہیں۔ میر و غالب۔ انیس و دبیر زندہ ہیں اپنے کلام کے سبب لیکن اب میر و غالب کہاں۔ کیوں نہ وہ کام کیا جائے جو افادی ہو اور کچھ دن زندہ بھی رہے۔ کچھ غور و فکر کے بعد نظر تذکرہ شعرائے شاہجہانپور پر جا ٹھیری جو نسبتاً اچھوتا عنوان و موضوع تھا اور کسی نے اب تک اس جانب توجہ نہیں دی تھی۔ ایسے تحقیقی اور صبر آزما کام کا کوئی تجربہ تھا نہ یہاں کا تذکرہ میری نظر سے گزرا تھا البتہ تاریخ صبیح میں مؤلف [مولوی صبیح الدین مرحوم] نے شعرا کا ایک باب قائم کر کے گنتی کے منتخب شاعروں کا حال اور نمونۂ کلام ضرور لکھ دیا ہے۔ یقیناً ان کے علاوہ بھی ایک بڑی تعداد "رکارڈ باہر" رہ گئی ہوگی، سب کو تلاش اور یکجا کر کے ایک جامع تذکرہ ترتیب دیا جائے، تاریخ مظفری، خواجہ مولوی مظفر سلیمانی شاہ آبادی (ضلع ہردوئی) بھی بالکل تاریخ صبیح کی طرز پر تصنیف و تالیف کی گئی ہے اگر کوئی امتیازی بات ہے تو یہ کہ مولوی صبیح الدین میاں نے شاہجہانپور کے تفصیلی حالات" تحریر کیے ہیں اور شاہ آباد کا ضمناً تذکرہ کیا ہے جبکہ مولوی مظفر سلیمانی مرحوم نے شاہ آباد کا تفصیلی حال تحریر کیا اور شاہ جہاں پور کا اجمالاً ذکر کیا ہے، علاوہ ازیں خان بہادر ڈپٹی مطیع اللہ خاں صاحب نے "تاریخ مطیع" کے نام سے چار ضخیم جلدوں میں اس شہر کی تاریخ مکمل کی مگر قبل طباعت ۱۹۲۵ء میں رحلت فرما گئے۔ یہ تاریخ اب تک غیر مطبوعہ ہے، باوجود کوشش راقم اس مسودہ کی کوئی جلد حاصل نہ کر سکا، متذکرہ تین تاریخی کتابوں کے ماسوا ایک تاریخ احسانی بھی ہے جس کو منشی احسان علی خاں احسان مختار نے تالیف و

Marfat.com

تصنیف کی، یہ تین ضخیم جلدوں میں تھی، صد افسوس کہ طباعت سے قبل اس کے مصنف بھی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ تینوں جلدیں بھی کچھ مدت بعد غائب ہوگئیں۔ پہلی اور تیسری جلد کا اب تک پتہ نہیں دوسری جلد راقم نے دیکھی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ یہی وہ وسیلہ خاص ہے جس سے سخنوران شاہ جہاں پور کی ترتیب کے خیال کو تقویت پہنچی، اس میں شعراء کا تذکرہ کہیں زیادہ ہے، میں نے اس کتاب سے کما حقہ، استفادہ کیا اور شعراء کے حالات یا تو من وعن نقل کر دیئے یا پھر غیر ضروری حصہ نکال کر ان کے احوال کو مختصر کر دیا تاریخ صبیح سے استفادہ کی بھی یہی صورت رہی اگر تاریخ احسانی قلمی جلد دوم اور تاریخ صبیح مطبوعہ دستیاب نہ ہوتی تو "سخنوران شاہ جہاں پور" کسی طور مکمل نہ ہوتی تو کم از کم اس تعداد میں شعراء کے حالات اس کتاب میں اکٹھا نہ کیے جا سکتے تھے۔ اس دوران جب یہ کہیں مواد کی تلاش میں مارا مارا اور در در کی خاک چھانتا پھرتا تھا محبی رباب رشیدی سے معلوم ہوا کہ شہر کے ایک بزرگ شاعر شمس الدین احمد شمس شعراء شاہ جہاں پور کا تذکرہ لکھ رہے ہیں مگر پیرانہ سالی کے سبب ان کو ایک معاون کی ضرورت ہے اپنی خدمات پیش کرنے کے خیال سے ایک روز میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا شمس صاحب ایک پلنگ پر نیم دراز تھے۔ ایک اسٹول پر چند رسائل اور پرانے گلدستے بھی رکھے تھے اور ایک بچوں والی کاپی سرہانے تھی، سرسری گفتگو کے بعد راقم نے ادب سے استفسار کیا کہ اب تک کہاں تک کام ہو چکا اور مواد کی دستیابی کی نوعیت کیا ہے۔ ان بزرگ نے کاپی اور اسٹول پر رکھے رسائل و گلدستوں کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جو کچھ ہے وہ یہ ہے لیکن جی چاہتا ہے ایک ایسا تذکرہ تالیف ہو جائے جو آبادی شہر کے زمانہ سے لے کر اب تک کے حالات پر پھیلا ہو اس عالم پیری میں یہ کام میرے بس کا نہیں، کاش کوئی بھلا آدمی یہ کام انجام دے دے تو کتنا اچھا ہو، میں نے اپنا خیال ان پر ظاہر کر دیا اور عرض کیا کہ اگرچہ میں ایسے دشوار اور سنگین ادبی کام کا اہل نہیں ہوں مگر کوشش کروں گا شمس صاحب نے وہ کاپی رسائل اور گلدستے میرے حوالے کر دیئے۔ گھر لا کر دیکھا تو کاپی میں چند شاعروں کے نام اور کسی کسی کا نمونۂ کلام درج تھا مگر حالاتِ زندگی نہیں تھے۔ غالباً گلدستوں اور رسالوں سے شاہ جہاں پور کے شاعروں کے نام اور کلام کے نمونے نوٹ کیے گئے تھے بعد میں خود میں نے ان شاعروں کے حالاتِ زندگی تلاش کیے۔ کچھ کے دستیاب ہو گئے اور کچھ کے نہیں ہوئے 'تاریخ مظفری' 'تاریخ صبیح' اور 'تاریخ احسانی' سے جتنا مواد دستیاب ہوا وہ نا کافی تھا۔ ابتداء میں خیال تھا کہ کام زیادہ مشکل نہیں۔ سوچا کہ مدارس، دار المطالعہ اور اہلِ علم حضرات ضرورت کا مواد فراہم کر دیں گے، قاعدے سے ترتیب دے کر تذکرہ تیار کر لیا جائے گا۔ اس میں ایک سال کی مدت کافی ہوگی لیکن یہ ذمے داری اوڑھ لینے کے بعد خبر ہوئی کہ میں جان لیوا خوش فہمی کا شکار تھا۔ کام آسان نہیں، جسم و جاں تحلیل ہو جانے کے امکانات بھی تھے۔ میری دشواریوں کا آغاز

Marfat.com

ہو چکا تھا۔ شہر کے تعلیمی ادارے چھانے، اہلِ علم سے رجوع کیا۔ احباب کو ٹٹولا اور کتب خانوں کی ورق گردانی کی مگر مشتے از خروارے کے مصداق ہاتھ کچھ نہ آیا۔ دارالمطالعہ شاہ جہاں پور نے سب سے زیادہ مایوس کیا۔ قوی امید تھی کہ کتابوں کے اس خرابے میں پرانے اخبار، رسائل، گلدستے، تذکرنامے بڑے مشاعروں کی روداد یں نیز ضرورت کی کتابیں وقت کی پُرشکن تہوں میں کہیں نہ کہیں ضرور پوشیدہ ہوں گی اور میں ڈھونڈھ نکالوں گا لیکن وہاں ناقابلِ بیان منظر دیکھا۔ سردست یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ جگہ کبھی دارالمطالعہ ضرور ہوگی لیکن جس وقت میں پہنچا اس وقت نہ تھی ایسا نہ ہونے کے اسباب بھی ہیں، ضروری نہیں کہ ظاہر کرکے دارالمطالعہ کو بحث کا موضوع بناؤں اور بلاوجہ الجھنوں کو دعوت دوں۔ جو کچھ حاصل ہوا وہ "اربابِ قلم" کراچی کی نگارشات تھیں جس میں چند ایسے پاکستانی شاعروں کا کلام بھی موجود تھا جن کے بزرگوں کا شاہ جہاں پور سے کبھی تعلق تھا، جس سے بڑی امیدیں وابستہ تھیں وہ امیدیں دارالمطالعہ کے گرد و غبار میں کھو گئیں ـــــ اربابِ ذوق اور اہلِ علم و فن کے توسط سے جس قدر حالات دستیاب ہوتے رہے انھیں ترتیب دیتا رہا۔

حیدر آباد، اورنگ آباد، دلی، رام پور اور لکھنؤ پاکستان میں لاہور، کراچی، اسلام آباد، راول پنڈی، شکار پور، سکھر اور جنگ شاہی (ٹھٹھہ) میں مُقیم شاہ جہاں پوری خاندانوں سے بذریعہ مراسلت ربط قائم کیا لیکن متوقع کامیابی نہ ملی۔ قرب و جوار کے چند شہروں مثلاً بریلی، لکھیم پور، پیلی بھیت اور ملیح آباد خود گیا تاکہ خط و کتابت میں وقت برباد نہ ہو مگر لاحاصل شعراء کی فہرست ایک سال میں بھی تیار نہ ہو سکی۔ پہلے اور دوسرے دور کے سخن گو بزرگوں میں کم و بیش وہی شعراء نظر آئے جن کو تاریخ صبیح اور تاریخ احسانی میں شامل کیا جا چکا تھا۔ اب جو نام سامنے آتے گئے ان کے حالات اور کلام تلاش کرکے تحریر کرتا رہا، فائل کا حجم بڑھتا گیا۔ اسی کے ساتھ ہمت و حوصلہ بھی بڑھا۔ بعض احباب اور بزرگوں نے خلوص و محبت سے گرانقدر مشوروں سے نوازا اور ہاتھ بٹایا۔ طالب علمی کے زمانے کے میرے استادِ گرامی مولوی سید یعقوب حسن میاں مرحوم ضعیفی کے عالم میں جن کی یادداشت حیرت انگیز تھی نہایت علم دوست صاحب ذوق و شوق، سخن فہم اور نکتہ گو تھے۔ یادگار زمانہ مشاعروں اور اس دور شاعری کی نشستوں کا آنکھوں دیکھا حال سناتے تو پوری تصویر اتار دیتے تھے۔ پسندیدہ غزلیں مطلع سے مقطع تک سنا جاتے کہیں ٹھہر کر ان کو سوچنے کی ضرورت نہ ہوتی میاں صاحب کشادہ دل و دماغ کے نہایت پاکیزہ بزرگ تھے، میرے کام کا بہت سا بار کتابیں تلاش کرکے فراہم کرنے کی شکل میں اٹھا لیا۔ خدا ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ میرے ہم جماعت و ہم عصر محبِ مکرم حکیم احمد علی خاں وفاؔ مرحوم نہایت سادہ لوح اور وفا شعار دوست تھے

Marfat.com

خدا وند کریم مرحوم کو جنت میں اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ جو از خود میرے لیے ضرورت کا مواد تلاش کرتے رہے اور خود ہی میری قیام گاہ پر شوق شوق زحمت اٹھا کر پہنچاتے رہے اور بھی احباب ہیں جن کی ہمدردیاں شاملِ حال رہیں۔ اس عمل کے برخلاف کچھ مہربانوں نے اپنے بزرگوں کے حالات اور کلام دینا تو دور کی بات بتانا اور دکھانا بھی گوارا نہیں کیا دوسرے ذرائع بھی ایسے شعراء کے حالات حاصل کرنے میں کام نہ آئے اور مجبوراً ایسے شاعروں کو چھوڑ دینا پڑا۔ ان کوتاہ میں اور نادان حضرات نے اپنے بزرگوں کے ساتھ ناانصافی کی اور اربابِ فکروفن کے ساتھ ظلم کیا۔ بہرطور ایسے لوگوں کو اپنے بزرگوں کو گمنام رکھنے کا حق پہنچتا ہے ورنہ سخنورانِ شاہ جہاں پور میں شامل ہونے کے بعد وہ مدتوں زندہ رہتے اور لوگ ان کے فنی کمالات پر ناز کرتے۔ تلاش و تحقیق کے زمانے میں قلمی بیاضیں، مسودات نیز تاریخ احسانی قلمی جلد دوم ایسے حضرات سے دستیاب ہوئیں جن کے پاس ایسی نادر و کمیاب دستاویزات موجود ہونا تعجبات سے ہے۔ شبہ بھی نہیں کیا جا سکتا تھا کہ وہ لوگ جو علم و ادب سے بے خبر روزی روٹی کی فکر میں گرفتار ہیں ادب کے ایسے گرانمایہ خزانے کے امین و تحویلدار بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ امر واقعہ ہے کہ اگر ان اعلیٰ نفس حضرات کی بے غرض مدد شامل نہ ہوتی تو سوا سو شعراء کے تذکرے تک پہنچتے پہنچتے کام ختم ہو جاتا اور اتنی تعداد پر مجبوراً اکتفا کرنا پڑتا۔ چودہ۔ پندرہ سال کی تلاش و جستجو میں جتنا مواد فراہم ہوا کم و بیش اتنا ہی عالم خفا میں ہو گا شاہ جہاں پور کے شب و روز میں تین عظیم حادثات آئے جو یہاں کا علمی و ادبی سرمایہ تباہ و برباد کر گئے۔ بہا لے گئے۔ پہلا حادثہ ۱۸۵۷ء کا مشہور زمانہ حادثہ ہے جب یہ شہر جنگ آزادی کے مرکزوں میں ایک اہم مرکز تھا اور تسلط کے بعد جس کو انگریز غاصبین نے خوب لوٹا اور لٹوایا۔ افراتفری کے عالم میں شہر کا شہر خالی ہو گیا تھا۔ دلی، لکھنؤ، رام پور اور دیگر شہروں کی مانند یہ شہر بھی علمی ادبی، دینی اور تخلیقی درس گاہ و تربیت گاہ تھا۔ مدت سے مقامی اور بیرونی علاقوں کے طالبانِ علم اس نوآباد شہر کے باکمالوں سے فیض پا رہے تھے۔ مولوی صبیح الدین میاں نے عہدِ رفتہ کے شاہ جہاں پور کا علمی بیان یوں فرمایا "ایک زمانے میں علماء حرمین شریفین شاہ جہاں پور کے علماء سے سندِ فضیلت حاصل کرنے کو موجبِ افتخار سمجھتے تھے۔ اکنافِ عالم کے تشنگانِ علم یہاں آکر سیراب ہوتے تھے شاہجہانپور قرطبہ و بخارا سمجھا جاتا تھا۔ جامع ازہر کے پیمانہ پر متعدد درسگاہیں کھلی ہوئی تھیں جن میں متبحر علماء درس دیا کرتے تھے" اس شہر کا زوال و کمال بھی مغلیہ سلطنت کے کمال و زوال سے ہم رشتہ رہا۔ یہاں تک کہ ۱۸۵۷ء کے آشوب میں آخری تاجدار قلعہ معلیٰ سراج الدین ظفر پر آنسو بہانے کے جرم میں نوابی سے محروم کر کے ملکۂ وکٹوریہ فرمانروائے انگلستان کی علمبرداری میں ازراہِ لطف و کرم شامل کر لیا گیا۔

Marfat.com

بانیٔ شہر نواب بہادر خاں کا وسیع و عظیم الشان قلعہ جس کو انیسویں صدی کے آغاز میں دیکھ کر ایک سیاح بشپ ہیبر شاہی محل سمجھ بیٹھا تھا معتمد الدولہ نواب یعقوب علی خاں بہادر کا شاندار قلعہ جو دریائے کھنوت کے قریب بجانب مشرق خواجہ فیروز نامی بستی کے باہر ایک بلند مقام پر تعمیر ہوا تھا شہر کی بے شمار سنگی عمارتوں کے ساتھ ڈھا کر زمین کے برابر کرا دیا گیا۔ نواب بہادر خاں اور نواب عبدالعزیز خاں کے مقابر نیلام کر دیئے۔ قبروں کے سنگ مرمر کے تعویذ نکال کر بیچ دیئے گئے نواب بہادر خاں کے خاندان پر مصائب کے پہاڑ پھٹ پڑے تھے۔ بہت سے گرفتار ہو کر پھانسی پر چڑھائے گئے، کچھ نامراد جزیرہ انڈمان بھیج کر روحانی اور جسمانی عذاب میں ڈالے گئے اور کچھ شہر چھوڑ کر دیار غیر جا بسے، شرفائے شہر، علماء فضلاء، فنکار، اہل علم و ادب محفوظ شہروں اور دیسی ریاستوں میں منتقل ہو گئے۔ علمی ادبی محفلیں سونی ہو گئیں اور یہ بد نصیب شہر اپنی صدا کی بازگشت میں مدتوں ڈوبا رہا۔

دوسرا بد انجام واقعہ تقسیم ملک تھا جب تبادلۂ آبادی کا آغاز ہوا۔ ہر شعبہ زندگی سے نکل نکل کر لوگ بسرعت تمام ایک نو نمائیدہ ملک پاکستان کی جانب تیز رفتاری سے دوڑے جا رہے تھے۔ شہر میں باعتبار تعداد مسلمان زیادہ تھے اور ہر محلے بستی میں چھوٹے بڑے زمیندار تھے۔ امرا شرفاء اور تعلیم یافتہ طبقے کی نجی لائبریریاں موجود تھیں، دیوان خانوں میں دو چار سو کتابیں موجود ہونا شانِ امارت سمجھا جاتا تھا۔ ہجرت کرنے والے پڑھے لکھے لوگ اہم ترین بیاضیں، قلمی مسودات، دواوین گرانبہا مطبوعہ نسخے اپنے ساتھ لے گئے یا عجلت میں ناقدروں کے سپرد کر گئے۔ علمی سرمایہ دوبارہ بکھر گیا جو نوے سال کی طویل مدت میں رفتہ رفتہ شاہجہانپور آیا اور یکجا ہوا تھا۔ اس دوسری بار کے سیلاب میں قریب قریب سبھی کچھ بہہ گیا تھا۔ یہ غم بھولے نہ تھے کہ تین سال کے اندر ہی ہیبت ناک فرقہ وارانہ فساد رونما ہوا۔ دہشت اور وحشت کے لہو رنگ دھوئیں میں شہر و دیہات روپوش تھے۔ ۱۹۵۰ء کا یہ تیسرا حادثہ تابوت کی آخری کیل تھا۔ چہار اطراف سے مسلمان بھاگ کر شہر میں اکٹھا ہوتے اور قافلے بنا کر پاکستان روانہ ہو جاتے۔ دیہاتی پناہ گیروں کی ناقابل دید و ناگفتہ بہ حالت زار سے اہل شہر پر سراسیمگی طاری ہو گئی تھی اور وہ بھی قافلوں میں شامل ہو ہو کر جاتے رہے۔ ہر شخص دیوانہ وار افتاں و خیزاں بھاگا جا رہا تھا۔ بیوی بچے ماں باپ بھائی بہن ایک دوسرے سے کچھ تو ہمیشہ کے لیے بچھڑ گئے، کچھ پناہ گزینوں کی صورت میں بعد ایک مدت پاکستان کے کسی شہر میں جھگی جھونپڑی میں پھٹے حالوں ملے۔ جائیدادیں، بینکوں اور ڈاکخانوں میں محفوظ رقم، بیوپار میں لگا سرمایہ، رہائشی کوٹھیاں حویلیاں، پختہ و نیم پختہ مکانات بمعہ ساز و سامان اسی طرح چھوڑ کر گھر میں موجود نقدی مختصر سامان

Marfat.com

اور بال بچے سنبھال کر یہاں سے جاتے اور شہر و دیہات خالی کرتے رہے۔ دو ماہ کے اندر اندر شہر و دیہات کے تقریباً پچپن ہزار مسلمانوں نے لیڈروں کی سیاسی غلطیوں کی ہولناک اور بھیانک سزا پائی۔ جس دھرتی کی دھول میں لوٹ پوٹ کر بڑھے پلے اسی دھرتی نے بلیدان مانگ لیا، جنم جنم کے باشندوں کو کھدیڑ کر اپنی حدوں سے باہر دھکیل دیا۔ ان ہجرت کرنے والوں کی املاک لوٹ کی نذر ہوئیں اور ان کے بھرے پُرے مکانوں میں پاکستان سے آئے ہوئے پناہ گزیں بسا دیئے گئے اور قلیل علمی سرمایہ جو تقسیم ملک کے بعد بچ رہا تھا دوکان داروں کے کام آیا۔ کچھ تعلیم یافتہ عمر رسیدہ باہر سے آئے لوگوں نے مکانوں پر قبضہ کر کے قابلِ قدر کتابیں احتراماً محفوظ رکھیں یا پُرانی کتابوں کے متلاشیوں کے ہاتھوں برائے نام قیمت پر فروخت کر دیں۔ اللہ اللہ خیر سلاّ۔

راقم نے جن حالات میں اس کتاب کی تالیف و ترتیب کا بیڑہ اٹھایا وہ یہی حالات تھے۔ اب سے تقریباً زائد از ساٹھ سال قبل مولوی صبیح الدین صاحب مرحوم مؤلف "تاریخ صبیح" نے تالیف و تحقیق کے زمانے میں جو دشواریاں محسوس کی تھیں ان کا اظہار ابتدار کتاب میں یوں فرمایا۔

"یہ ہمارا فرض تھا کہ ہم اپنے بزرگانِ دین اور نامور اصحاب کے صحیح حالات لکھ کر طبع کرا دیتے۔ شاہ جہاں پور ابتدار سے شرفار کی بستی رہا ہے۔ یہاں کی خاک پاک سے بکثرت صوفی عالم، فاضل اور مشاہیر زمانہ اصحاب اٹھے اور اپنے علم و فضل اور فیوض باطنی سے ایک عالم کو مستفیض کر کے گوشۂ تنہائی میں جا کر ہمیشہ کے لئے میٹھی نیند سو گئے ان کا جاگنا اب قیامت پر موقوف ہے۔ ان میں سے اکثر حضرات نے کچھ اس طرح منہ چھپا لیا کہ باوجود سخت کوشش اور تلاش کے ان کے حالات کا پتہ نہیں چلتا ہے اگر ان کے کارنامۂ حیات مرتب ہوتے تو آج ہمارے لئے اور نیز آئندہ نسلوں کے واسطے مشعل راہ کا کام دیتے۔ اگرچہ اس فرض کو نواب محبت خاں و نواب محمد خاں و نواب احمد خاں و نواب مرتضیٰ خاں اور بہت پرساد سرور نے ایک حد تک انجام دیا مگر ان حضرات نے اول تو نہایت اختصار سے کام لیا اور دوسرے یہ کہ بعض نے صرف اپنے خاندان کے حالات اور واقعات کو قلمبند کر دیا اور بعض نے محض اپنے احباب کے حالات پر اکتفار کی اور بعض نے صرف اپنے ہم مذاق اصحاب کے تراجم تحریر کیئے حالاں کہ ان کے لیئے یہ بہت آسان امر تھا کہ وہ اپنے عہد تک کی ایک مکمل و مبسوط تاریخ قلمبند کر جاتے تو آج یہ دقت درپیش نہ ہوتی اور کوئی نامور بزرگ بقائے دوام

Marfat.com

کی فہرست سے نہ چھوٹنے پاتا مگر پھر بھی ان حضرات کی یہ کوشش قابلِ مشکوری ہے کہ ان کی بدولت آج ہم کو بہت سے اصحاب کے حالات مل گئے اور خوش قسمتی سے مجھ کو یہ نایاب ذخیرہ کرم خوردہ مل گیا"

میاں صاحب آگے رقمطراز ہیں "نواب عبداللہ خاں مرحوم نے مجھ کو 'محبت فانی' تلاش کرکے منگوا دی اور میرے ہم محلہ عباس علی خاں نے 'تذکرۃ الاحباب' اور 'انبار البحر' عنایت کردی۔ ان کتب کے مل جانے سے مجھ کو ایک گونہ تقویت حاصل ہوئی اور میں نے ثقہ معمر حضرات سے گزشتہ حالات و واقعات کی تلاش شروع کردی اور جن کتب و رسالہ جات میں یہاں کے حالات کا پتہ چلا ان کو منگا کر ورق گردانی میں مشغول ہوگیا" مزید فرماتے ہیں "اسی زمانہ میں مجھ کو معلوم ہوا کہ منشی احسان خاں مختار اور خان بہادر مطیع اللہ خاں ڈپٹی کلکٹر مرحوم شاہجہانپور کی تاریخ لکھ رہے ہیں مجھ کو اطمینان ہوگیا اور میں نے (تصنیف و تالیف کا کام قطعاً اپنا ارادہ بدل دیا مگر یہ امید بھی پوری نہ ہوئی اور دونوں مولف یکے بعد دیگرے پیوند خاک ہوگئے۔ حسن اتفاق سے مجھ کو یہ دونوں کتابیں دیکھنے کو مل گئیں میں نے ان کو اوّل سے آخر تک بالاستیعاب پڑھا یہ دونوں تاریخیں تین تین۔ چار چار جلدوں میں تھیں۔ مختار صاحب نے اپنی کتاب میں صحت روایات اور تاریخی واقعات میں صحت اور تحقیق کا چنداں لحاظ نہیں کیا، ان کا ماخذ زیادہ تر زبانی روایات پر مبنی ہے انھوں نے اصول روایت و درایت سے کوئی سروکار نہیں رکھا البتہ مولف تاریخ مطیع نے انتہائی کوشش اور جانکاہی سے مولّف کتاب کی ذمہ داری کو مدِنظر رکھتے ہوئے پوری تحقیقات اور صحت سے واقعات اور حالات کو جمع کیا مگر روزانہ کاٹ چھانٹ کے وہم سے وہ اس کو مکمل نہ کرسکے اور انھوں نے اپنی کتاب میں ان واقعات اور ان مشاہیر کے حالات کو بھی سمیٹ لیا جو اتفاقیہ طور پر شاہجہانپور میں آئے تھے اور جن کا اس شہر سے کوئی خاص تعلق یا واسطہ نہ تھا اس سے کتاب کی ضخامت تو بہت زیادہ ہوگئی مگر مقامی بزرگوں کے بہت سے نام چھوٹ گئے۔ جس طرح انھوں نے کتابی معلومات حاصل کرنے میں کوشش و محنت کی ویسی ہی مقامی حالات کی فراہمی میں ایک حد تک سہل انگاری سے کام لیا نیز اپنے زمانے کے حکما و شعرا و اہلِ فن حضرات کو قطعاً قلم انداز کردیا جس کی وجہ خاص سمجھنے سے قاصر ہوں" مزید فرماتے ہیں "اگرچہ میں نے حتی الامکان تلاش و کوشش میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں ہونے دیا ہے مگر پھر بھی میں یہ دعویٰ سے نہیں کہہ سکتا ہوں کہ میں یہاں کے حالات فراہم کرنے میں پورے طور پر کامیاب ہوگیا ہوں، ناظرین کتاب پر یہ امر بخوبی روشن ہے کہ شاہجہانپور میں کوئی کتب خانہ نہیں ہے اور شخصی حیثیت سے جو کتب خانے تھے یا تو وہ کیڑوں کی غذا ہوگئے یا نااہل اولاد کے ہاتھوں وہ بیش بہا

Marfat.com

سرمایہ پنساریوں کی پڑیوں کی نذر ہوگیا یا کوڑیوں کے مول دوسری جگہ کے اہل علم لے گئے۔ علاوہ بریں بہت سے نجیب الطرفین ذی علم خاندان اس تین سو سال کی مدت میں ایسے مٹے کہ ان کا نام و نشان تک باقی نہیں رہا۔ مستزاد برآں ۱۸۵۷ء کے عالم آشوب ہنگامے میں دیگر اسباب کے ساتھ یہاں کے علمی سرمائے بھی غارت ہوگئے اور جو واقف کار لوگ تھے وہ بھی رفتہ رفتہ قبروں میں جاکر سو رہے تو ایسی مجبورانہ صورت میں ایک حد تک معذور بھی سمجھا جاسکتا ہوں خوش قسمتی سے یا حسن اتفاق سے جو سرمایہ مجھ کو مل گیا ہے اگر اس کو بھی ٹھکانے نہ لگا دیا جاتا تو اندیشہ تھا کہ یہ بھی کیڑوں مکوڑوں کی خوراک ہو جاتا۔"

تاریخ صبیح سے مندرجہ بالا عبارت صرف اس لئے پیش کی ہے کہ قارئین میری ان دشواریوں کو محسوس کریں جو تاریخ صبیح کی تالیف کے ساٹھ سال بعد ایسے حالات میں ممکن ہیں اور جن پر قابو نہ پانے کی صورت میں اس مفید کام سے دستبردار ہوجانے کو بار بار جی چاہتا ہے جو دقتیں زائد از نصف صدی قبل مؤلف "تاریخ صبیح" کے سامنے تھیں ان سے کہیں زیادہ سنگین دشواریاں میرے پیش نظر رہیں۔ شاہجہانپور کے ادبی خزانے جو ۱۸۵۷ء کے شعلوں سے محفوظ رہے تھے ۱۹۴۷ء اور ۱۹۵۰ء کے جگہ جگہ جلتے الاؤ میں جل کر راکھ ہوگئے اور اردو مخالف ہواؤں کے ساتھ کہیں دور چلے گئے۔ وہ شہر جو علم و فن کا نرم رو سرد و شیریں چشمہ تھا یکایک خشک ہوگیا اور اس کی گزرگاہیں بھی گرد ناقدری کی تہوں میں معدوم و بے نشان ہوگئیں۔ جس شہر میں اردو اور فارسی سے جدی تعلق رکھنے والے لوگ زندہ و سلامت تھے اسی شہر میں بلا لحاظ مذہب و ملت ان خوبصورت زبانوں سے ناتہ توڑنے والے پیدا ہوگئے۔ سخنوران شاہجہانپور کی تکمیل میں بسبب تلاش و تحقیق وقت زیادہ صرف ہوا سب سے زیادہ پریشانیاں اس وقت سامنے آئیں جب موجودہ دور کے شعراء سے رابطہ قائم کیا اور حالات و مقالات کی درخواست کی جو "آج اور کل" کے وعدوں پر ٹلتی رہی۔ خود کو خوش نصیب سمجھتا تھا جب کوئی مہربان ۵۔۶ بار کے تقاضوں پر اپنے حالات زندگی اور نمونۂ کلام سے نواز دیتا تھا ورنہ دس دس بار بلکہ ان گنت مرتبہ حاضری دینے پر بھی کل کا وعدہ نصیب ہوا۔

شعراء کے تذکرے کے پہلو بہ پہلو شاہجہانپور کے حالات تاریخی پس منظر کے طور پر سپرد قلم کرنا نہایت ضروری سمجھ کر اختصار کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔

ہندوستان کے قدیم شہروں میں شاہجہانپور شمار نہیں ہوتا۔ اس کا وجود میں آنا بھی اتفاق وقت کی بات ہے۔ نواب سر ابدال خاں المخاطب بہ اعتمادالدولہ نواب بہادر خاں چغتا پسر نواب دریا خاں کی جاگیر قنوج۔ کالپی سے ملا ہوا یہ علاقہ جہاں اب یہ شہر آباد ہے قدیم زمانے میں گنگا درگا کے نام سے

129957

Marfat.com

مشہور تھا۔ گھنے جنگلوں سے ڈھکی ہوئی یہ سرزمین دامن کوہ میں واقع ہے اور اس کے درمیان کئی دریا زمینوں کو سیراب کرتے گزرتے ہیں۔ یہ علاقہ آب وہوا، تازگی وشادابی میں بے مثل ہے۔ "گنگا درگا" کے علاوہ اس کو کھیڑ بھی کہتے تھے۔ کٹیار راجپوتوں کا گڑھ تھا۔ پچاس سے زائد زمیندار یہاں کے حاکم تھے اور ان سب پر راجہ منگی سنگھ حاکم اعلیٰ تھا۔ راجپوتوں اور ٹھاکروں کے علاوہ چمار، پاسی، اہیر، کوری اور دوسری اقوام وادنیٰ ذات کے لوگ بھی آباد تھے۔ جنگلات کے سبب ٹھگی اور رہزنی عام تھی۔ زمیندار بھی لٹیروں سے ساز باز کرتے تھے اور ان کے پشت پناہ تھے۔ پورے علاقے میں بدامنی اور لاقانونیت پھیلی ہوئی تھی۔ متصلہ سرکاریں سرکشوں کو دبانے میں ناکام رہیں تو مرکزی قوت حرکت میں آئی اور نواب بہادر خاں جو اپنی جاگیر قنوج پر موجود تھے ان سرکش زمینداروں کی سرکوبی اور تادیب کے لئے دربار شاہجہانی سے مامور کئے گئے۔ نواب ممدوح نے اپنے برادر خورد نواب جلال الدین خاں المعروف بہ نواب دلیر خاں اور اپنی فوج کے ایک آزمودہ کار افسر شہباز خاں کو گنگا درگا کی طرف روانہ کر دیا۔ چند روز تک مفسد فوجی دباؤ برداشت کرتے رہے الحاصل بے دست وپا ہو کر ہتھیار ڈال دینے پر مجبور ہوئے رہزنوں اور سرکشوں کی پناہ گاہیں نیز زمینداروں کی گڑھیاں زمین کے برابر کرا دی گئیں۔ جنگلات کٹوا کر راستوں کو محفوظ کیا گیا اور مسافروں کی آمد ورفت کے لئے ضروری انتظامات عمل میں آئے نواب دلیر خاں نے اپنے بھائی نواب بہادر خاں کو کامیابی کا مژدہ سنایا تو اس مقام کی عمدگی اور قدرتی خوبیاں بھی لکھ بھیجیں۔ نواب بہادر خاں خوش ہوئے اور دلیر خاں کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے اس مقام پر نو آبادی قائم کرنے اور شہر بسانے کی درخواست بذریعہ اپنے وکیل دربار، بارگاہ سلطانی میں پیش کر دی درخواست کی منظوری کے ساتھ بیس ہزار بیگھ زمین بھی آبادی کے لئے عطا ہوئی۔ سیاسی، انتظامی اور فوجی حکمت عملیوں کو کامیاب بنانے کے یہ آبادکاری ضروری قرار پائی تھی۔ شاہجہانپور کے

مزید حالات سامنے لانے سے قبل عمدۃ الملک نواب ابدال خاں المخاطب بہ نواب بہادر خاں چغتا جاگیردار سپہ سالار افواج شاہ جہانی صاحب قرآنی کا نیم تفصیلی تعارف مناسب ہے تاکہ قارئین بانی شہر کے جدی، نسبی اور ذاتی حالات کی روشنی میں اس شہر کے خط وخال کا صحیح تصور قائم کر سکیں اور اسی روشنی میں عہد رفتہ کے شہر شاہجہانپور کے کوچوں محلوں میں چلیں پھریں اس میں بسے ہوئے کنبوں اور نواب بہادر خاں کے مجوزہ شاہجہانپور اور اس کے عظیم الشان خواب کو اپنی آنکھوں سے دیکھ سکیں جو بانی شہر کی جوان مرگی کے باعث شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکا شاہجہانپور کا سنگ بنیاد ۱۶۴۷ء میں رکھا گیا اس وقت نواب ممدوح ۳۲، ۳۳ سال کے ہوں گے ۱۶۵۹ء میں بمقام قندھار انتقال فرمایا۔ اس درمیانی

Marfat.com

مدت میں نواب صاحب بدقت تمام موقع نکال کر صرف دوبار یہاں تشریف لائے، اگر زندہ رہتے تو وہ اس شہر کو افغانستان ثانی بنادیتے۔

مشرقی افغانستان کے بربر نامی علاقے کے موروثی خان دریا خاں پسر ابراہیم خاں باقرزئی بسلسلہ تجارت وارد ہندوستان ہوئے تو نورالدین جہانگیر شہنشاہِ ہند تھے اور نورجہاں ملکۂ ہند۔ دریا خاں حسن پور (جواب مرادآباد کا ایک قصبہ ہے) میں اپنے ہم قبیلہ رکن الدین خاں بازید خیل کے مہمان ہوئے جو ایک بزرگ شخص اور شاہی منصب دار تھے۔ ذی عزت اور عالی مرتبت میزبان نے اپنی بیٹی بڑی کو دریا خاں کے قبالۂ نکاح میں دے دیا۔ یہی بیوی نواب بہادر خاں، محمد خاں اور عنایت خاں کی والدۂ ذی وقار قرار پائیں اور انھیں دریا خاں کی نسل از اوّل تا آخر مغلیہ دور کے کمال و زوال کے اہم مرحلوں میں ہم رکاب رہیں۔ دریا خاں کا محب و محسن خان جہاں لودی سپہ سالار اعظم افواج جہانگیری تھا جس کی بدولت دریا خاں کو شاہی منصب داری ملی سہ ہزاری منصب کے علاوہ شہزادہ خرم ولی عہد بہادر کی اتالیقی کا عظیم مرتبہ بھی حاصل تھا۔ یادو (بہادر خاں) تیرہ سال کی عمر میں ولی عہد سلطنت کی مصاحبت میں داخل ہو گئے باپ بیٹے کی شاہی منصبداری اور مصاحبت کے وہ شب و روز دونو کے واسطے فیصلہ کن تھے۔ دریا خاں کا ستارا خانجہاں لودی کے ستارے کی پشت پر پہنچ کر ہمیشہ کے لئے بے نور ہو گیا اور بہادر خاں کا طالع شہنشاہ شاہجہاں کے ستارۂ اقبال کے گرد طواف کرتا رہا اور شاہ خاور کی تابانی سے نور علیٰ نور رہا دریا خاں نے بھی راہ وفا پر چل کر اپنے محسن اور محب صادق خان جہاں پر جاں نثار کر دی، بہادر خاں بھی راہ خلوص و وفا میں تا حیات رواں دواں رہے اس وقت بھی وہ آقا کے وفادار و جاں نثار رہے جب ۱۰۵۵ھ کی مہم بلخ کے سلسلے میں بہادری کے تاریخی تقاضے پورے کر دیئے کے بعد نوازشات شاہی کے امیدوار ہوئے مگر حاسدوں کی سازشوں کے طفیل عذاب و عتاب کی آزمائش میں بڑے منصب اور جاگیر سے محروم کیئے گئے سلامی اور حاضری دربار بند ہوئی۔ ہم چشمو نیز امرار نامور میں رسوا و خوار ہوئے۔ بہادر خاں بھی داؤدزئی قبیلے کے ایک نام آور سردار، مثالی وفادار دوست اور چار ہزاری امیر و عہدہ دار دریا خاں کے غیور فرزند تھے۔ نسبی غیرت کے تقاضے کچھ اور تھے لیکن وضعداری وفاداری اور ایمانداری کے کچھ اور۔ نواب بہادر خاں میدان کارزار میں ایک رخ سے شیر نیستاں تھے تو دوسرے رُخ سے شاطر بے عدیل، وہ دیکھ چکے تھے کہ کھلاڑیوں میں کون کس کو دبا رہا ہے اور مہرے کس کی حد میں داخل ہو کر ہار جیت کے قریب ہیں۔ وہ ایک حوصلہ مند دور اندیش اور جنگی حکمت عملی کے ماہر سالار کے علاوہ اعلیٰ پایہ کے سیاست داں اور مدبر بھی تھے،

Marfat.com

ان کے وکیل اور خیر طلب امراء و وزراء بہادر خاں کی خیر خواہی کا حق بارگاہ سلطانی میں ادا کرتے رہے بعد تحقیق سارے الزامات مثل شاہی امانت میں خیانت، مہم بلخ کی یلغاروں اور مقابلوں میں کمزور بازوؤں کو مدد نہ پہنچانا۔ والی توران نظر محمد خاں کا فرار ہونا اور تعاقب کر کے گرفتار نہ کرنا اور شہزادہ اورنگ کے حضور آداب شاہی کا لحاظ نہ رکھنا وغیرہ بے وزن و بے بنیاد ثابت ہوئے۔ حاسدوں اور رنج بیجا پہنچانے والوں کے رنگ پھیکے پڑ گئے اور دیدۂ جوہر شناس میں ان نامرادوں کی قیمت گر گئی۔ بہادر خاں کے اعزازات اور درجات بلند ہوئے۔ اعیان دولت میں ممتاز و منفرد کہلائے قبل اس کے وہ امراء سلطنت مغلیہ کی آخری منزل ہفت ہزاری تک پہنچتے پنج ہزاری منصبداری اور امارت کے زمانے میں آخری کارنامۂ جنگ واقع قندھار شاہ عباس ثانی والئ ایران کے خلاف قندھار کی مہم ۱۰۵۹ھ مطابق ۲۲ سنہ جلوس میں جب شہزادہ اورنگ زیب کو اس کی تادیب کے لئے مامور کیا گیا عین عالم جنگ میں ضیق النفس کا شکار ہوئے اور ۱۹ رجب ۱۰۵۹ھ بعمر چوالیس سال سفر آخرت اختیار کیا۔ نعش شاہجہانپور لا کر دفن کر دی گئی۔

عمدۃ الملک، نواب، بہادر خاں، چغتا نواب ممدوح کے وہ خطابات و اعزازات ہیں جن کے لئے امرار دولت ترستے اور خطاب یافتہ ان پر رشک کرتے تھے مگر نواب بہادر خاں کی اولاد میں نواب غیرت خاں المخاطب بہ دلاور خاں اور سب سے چھوٹے فرزند عبدالعزیز خاں المخاطب بہ بہادر خاں دربار مغلیہ کے آخری خطاب چغتا سے سرفراز تھے نواب عبدالعزیز خاں ہفت ہزاری امیر، جاگیردار و منصبدار بھی ہوئے اور اورنگ زیب عالمگیر کے ارکان دولت میں اہم ترین امیر شمار ہوتے تھے۔ نواب بہادر خاں کی سولہ ۱۶ اولادیں مختلف بیگموں کے بطن سے تھیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

اول بیوی جن کا نام بانو تھا: بہادر خاں کے چچا ہنڈال خاں کی بیٹی تھیں۔ ان کا لقب کلاں محل تھا۔
دوسری بیوی کا نام جان بی بی تھا: یہ برکی قبیلے کی تھیں۔
تیسری بیگم حسنا نامی تھیں: یہ قبیلہ ترین کی تھیں اور خورد محل کہلاتی تھیں۔
چوتھی بیگم چیترا تھیں: یہ راجہ بھوپ سنگھ بندیلہ کی بیٹی تھیں۔ مسلمان ہو کر 'بوستان' نام پایا۔
پانچویں چندر بدن تھیں: یہ بیہار راجپوتنی تھیں۔ اسلام قبول کر لیا تھا۔
چھٹی بیگم صاحبہ خاتون: قوم نوحانی سے تھیں۔ نوحانی خاندان اپنے وقت کا با اثر اور طاقتور خاندان تھا۔
ساتویں بیگم دکھنی بی بی، کہلاتی تھیں جن کا سنزئی قبیلے سے تعلق تھا۔

Marfat.com

نواب بہادر خاں کی اولادوں میں چھ لڑکیاں اور دس لڑکے تھے جن کا ذکر ذیل میں درج ہے۔

## دختران

سودابی بی ، زلیخابی بی ، خدیجہ بی بی ، زہرہ بی بی ، زینت بی بی اور چھٹی بیٹی کا نام مانکی بی بی تھا

دس فرزند یوں تھے

**نواب دلاور خاں :** بھائیوں میں سب سے بڑے تھے۔ نواب بہادر خاں کے انتقال کے وقت پندرہ سال کے تھے۔ دو ہزاری منصب تک پہنچے تھے کہ ۱۰۶۸ھ میں بمقام کابل عین عالم جوانی میں رحلت فرمائی۔ 'خانی' کے خطاب سے بھی سرفراز تھے۔ مہم قندھار میں شہزادہ داراشکوہ ولی عہد سلطنت کے ہم رکاب تھے اور بہادرانہ کارنامے انجام دیئے تھے۔ نعش کابل سے شاہجہانپور لاکر مقبرہ بہادر خاں میں دفن کی گئی۔ صرف پچیس ۲۵ سال زندگی پائی۔ ان کے نام سے محلہ دلاور گنج اور چند دیہات منسوب ہیں۔

**نواب اختیار خاں :** صاحب منصب تھے۔ اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں وفات پائی۔ [کب انتقال ہوا اور کہاں مدفون ہیں معلوم نہیں۔] ان کے نام سے چند دیہات منسوب ہیں۔

**نواب مُظفّر خاں :** منصبدار تھے عہد اورنگ زیب میں متعدد معرکوں میں شریک رہے اور عالمگیری عہد میں فوت بھی ہوئے۔ موضع بادشاہ نگر کے جو شہر کے جنوب مغرب میں مشہور دیہات میں ہے] پختہ باغ میں مدفون ہوئے جس کو خود ہی نصب کیا تھا۔ ان کے اکلوتے بیٹے نواب شجاعت خاں بھی ان کے پہلو میں دفن ہیں جن کے نام سے موضع شجاعت پور آباد ہے۔ شجاعت خاں کے لاولد رہنے سے سلسلہ ختم ہوگیا۔ نواب مظفر خاں کے نام سے بازار اور محلے موجود ہیں۔

**نواب فتح خاں :** عہد عالمگیری میں لاہور کے صوبیدار تھے اور وہیں انتقال ہوا۔ غصہ ور تھے۔ مزاج کی تندی و تیزی کی وجہ سے غیر مقبول ہوگئے تھے شہر کے مشرقی حصے میں ان کے نام سے محلہ فتح پور آباد ہے۔ اسی محلے میں ان کے محلات تھے جن کے کھنڈرات پر اب عالی شان مکانات تعمیر ہوگئے ہیں۔

**نواب حُسین خاں :** ان کے سن وفات اور مدفن کی کچھ خبر نہیں لیکن اورنگ زیب کے عہد حکومت میں صاحب منصب تھے۔ محلہ حسین پورہ نواب صاحب کا آباد کردہ ہے۔ چند دیہات بھی ان کے نام سے منسوب ہیں۔

**نواب دلیر ہمت خاں :** نہایت دلیر و بہادر تھے۔ متعدد فوجی معرکوں میں ان سے بہادرانہ

Marfat.com

کارنامے ظاہر ہوئے۔ صاحب خطاب تھے۔ ان کے نام سے دلیر باغ اور بازار و محلہ دلیر گنج موجود ہے
عالم شباب میں انتقال ہوا۔ کب اور کہاں فوت ہوئے اور کس جگہ دفن ہوئے نامعلوم ہے۔ تاریخ بھی
اس باب میں خاموش ہے۔

**نواب رنمست خاں:** نواب بہادر خاں کے بہادر بیٹے تھے لیکن حد درجہ تند خو تھے
اور ان کی جوانمرگی کا سبب بھی ان کی شعلہ مزاجی اور آبلہ پائی ہوا۔ تاریخ صبیح میں جو واقعہ بیان ہوا وہ کچھ اس
طرح ہے کہ ان کے چچا نواب دلیر خاں کا بازدار باز لئے جا رہا تھا۔ رنمست خاں نے باز طلب کیا، بازدار
نے انکار کر دیا یہ طیش میں بھڑک کر چچا سے شکایت کرنے گئے۔ قضا مارا بازدار بھی اسی وقت آپہنچا۔ چچا
دلیر خاں نے بھتیجے رنمست خاں کی شکایت کو درخور اعتنا نہ سمجھا تو اسی طیش کے عالم میں بازدار سے چھین
کر نواب دلیر خاں کے سینے پر باز دے مارا۔ چچا دلیر خاں نے بظاہر اثر ظاہر نہیں ہونے دیا لیکن بعد
میں قتل کرا دیا۔ رنمست خاں بھی اورنگ زیب اور دارا شکوہ کے درمیان تاج و تخت کی جنگ میں
شریک تھے اور آسام میں دلیر خاں کے ساتھ مہمات میں بھی شریک رہے تھے۔ منصبدار و خلعت
یافتہ تھے۔ سال وفات اور مدفن کا حال معلوم نہیں۔

**نواب غیرت خاں چغتا:** نواب بہادر خاں کے دو عظیم المرتبت بیٹوں میں ایک یہ تھے
درجہ امارت میں صرف اپنے سب سے چھوٹے بھائی نواب عبدالعزیز خاں سے کمتر تھے ورنہ خطاب یافتہ
تھے اور آخری عظیم ترین خطاب چغتا سے سرفراز تھے۔ اورنگ زیب عالمگیر کے زمانہ سلطنت میں شباب
کو پہنچے اور خوب خوب معرکے سر کئے۔ بہادر باپ کے سچے جانشین بھی ثابت ہوئے۔ بہترین
خدمات کے صلے میں شاہ جہاں پور کی نوابی دوبارہ حاصل کی جو نواب بہادر خاں کے انتقال کے بعد
خالصہ میں شامل کر لی گئی تھی اور اولاد بہادر خاں کو نوابی سے محروم کر دیا گیا تھا۔ نواب غیرت خاں
والئ شاہجہانپور قرار دیئے گئے اور آخر تک ان کی نسل یہاں کی والی رہی اگرچہ چھوٹے بھائی نواب
عبدالعزیز خاں شاہجہانپور کی نوابی حاصل کرنے میں مسلسل مصروف رہے، اسی بنیاد پر دونوں بھائیوں
کے درمیان افتراق رہا جو بعدہٗ دونو کی اولادوں میں منتقل ہو گیا۔ غیرت خاں کا منصب پانچ ہزاری
ذات اور پانچ ہزار سوار کا تھا۔ ایک جنگ میں اس طرح زخم آئے کہ چہرہ بگڑ گیا جس کے سبب
دربار جانا بند کر دیا تھا۔ بعمر ساٹھ سال ۷ ذی الحجہ سنہ ۱۱۲۰ھ شاہ عالم بہادر شاہ اول کے دور میں
انتقال کیا اور نواب بہادر خاں کے مقبرے میں جا سوئے نہایت غریب نواز اور فراخ دل امیر
تھے۔ دو بیٹے مبارز خاں اور زین الدین خاں تھے۔

Marfat.com

**نواب بختیار خاں:** دورِ شاہجہانی میں منصبدار ہوئے اور عہد عالم گیری میں ترقی پائی۔ قصبہ بہلول پور میں ۱۱۰۸ھ میں انتقال ہوا۔ شاہجہانپور کے منفرد شاعر نواب غلام حسین خاں حسین نواب بختیار خاں ہی کی نسل سے تھے۔

**نواب عبدالعزیز خاں بہادر چغتا:** نواب بہادر خاں کے انتقال کے وقت شیر خوارگی کی عمر میں تھے۔ ان کی والدہ صاحبہ خاتون نے جو قبیلہ نوحانی سے تھیں ان کی پرورش و تربیت کی اور اورنگ زیب عالم گیر کے زمانۂ حکومت میں ملازم شاہی ہوئے۔ بھائیوں میں ہفت ہزاری امیر دوسرا نہ تھا لیکن چغتا کے معزز ترین خطاب سے ان کے علاوہ ان کے بڑے بھائی نواب غیرت خاں بھی سرفراز تھے۔ نواب عبدالعزیز خاں کی ننہال اپنی تموّل اثر و قوت میں مشہور تھی۔ جمال خاں و بہار خاں اس قبیلے کے نام آور سردار تھے اسی سبب دربار شاہی میں عبدالعزیز خاں کا زیادہ رسوخ تھا۔ نواب موصوف اورنگ زیب کے عہد سے محمد شاہ کے عہد تک دربار سے وابستہ رہے اور ہمیشہ سرخرو رہے۔ تاج و تخت سے وفادار رہنا ان کا ایمان تھا اور سدا اس کا دامن تھاما جو صاحب تاج و تخت ہوا۔ سادات بارہ زمانۂ فرخ سیر میں حاکم کُل تھے۔ انھوں نے جب نواب عبدالعزیز خاں کو بھی اپنا ہم خیال بناکر فرخ سیر کو معزول کرنا چاہا تو یہ آمادہ نہیں ہوئے اور یہ کہتے ہوئے مجلس سے اُٹھ گئے کہ میں اور میرے آبا تخت سلطنت کے ہمیشہ وفادار رہے ہیں مجھ سے یہ نمک حرامی نہیں ہوسکتی ہے۔ اس وقت سادات بارہ کے خلاف اس طرح علانیہ بات کہنا آسان نہ تھا۔ نواب صاحب ہمیشہ گروہ بندی سے الگ رہے اور ایک دوسرے کی سازشوں میں کبھی شریک نہ ہوئے ان کے اعلیٰ کردار اور جذبۂ وفاداری کے تقاضے تھے جن پر تاحیات عمل کیا۔ وہ صرف فوجی کمانڈر ہی نہ تھے مدبر بھی تھے اور دوربین بھی لیکن خاندانی اور خانگی معاملات میں اعتدال سے اس حد تک آگے نکل چکے تھے کہ اہل خاندان ہی نہیں بھائیوں کے درمیان بھی غیر مقبول و ناپسندیدہ رہے۔ شاہجہانپور کے والی بن جانے کی آرزو نے زندگی بھر ان کو بے چین رکھا اور کبھی سکون سے رہنے نہ دیا۔ یہ محض اپنی بلندئ مرتبہ اور امارت کے بل پر نواب بننے کا حق منوانا چاہتے تھے۔ خاندان والے نواب غیرت خاں کے دل سے طرفدار تھے۔ بہادر خاں کے انتقال کے بعد شاہجہانپور کی جاگیر خالصہ بنالی گئی تھی۔ نوابی صرف بہادر خاں کے دم تک تھی۔ شاہجہانپور کو التمغا کرانا آسان نہ تھا یہ کارنامہ غیرت خاں نے انجام دیا جو اپنی جان پر کھیلے اور ایسے ایسے معرکوں میں فن سپہگری کے جوہر دکھائے جہاں شیروں کے پتے پانی ہوجائیں، جاں سپاری اور جاں نثاری کے صلے میں بطور انعام التمغا حاصل کیا اور وہی ریاست

Marfat.com

شاہجہانپور کے والی و نواب قرار پائے، وارث نوابی غیرت خاں کی اولاد ہوئی نہ کہ نواب عبدالعزیز خاں اوران کی اولاد۔ نواب ممدوح نے پانچ مغلیہ سلاطین کی نہایت وفاداری سے خدمت انجام دی اور نظروں میں سربلند رہے۔ ان کا سربلند ہونا یونہی نہ تھا، سرفروشی کے موقع پر کبھی آنکھ بچائی نہ جی چھوڑا۔ میدان کارزار میں ہمیشہ سرخرو ہوئے مگر درباری سازشوں سے دور اور گروہ بندیوں سے بے تعلق رہے ان کے فرزند نواب تہور خاں بھی محمد شاہ کے زمانے میں باپ کی مانند ہفت ہزاری امیر تھے۔ باپ بیٹے نے پوری قوت سے سادات بارہ کا مقابلہ کیا جب وہ محمد شاہ کو بھی فرخ سیر کے مانند معزول کرنے پر تل چکے تھے۔ اس مقابلے میں نواب عبدالعزیز خاں کو شاہ پور ( SHAH PUR ) کے مقام پر شاندار فتح حاصل ہوئی سادات بارہ تحس ہمیشہ کے لئے بے وقعت ہو گئے اور یہ دونو باپ بیٹے بارہ شکن کہلائے۔ ۱۱۳۵ھ ہجری میں بعمر اسّی سال نواب عبدالعزیز خاں فوت ہوئے اور اپنے مقبرے میں جس کو اپنے والد نواب بہادر خاں کے مقبرے کے مقابل تعمیر کرا چکے تھے دفن کئے گئے۔ شاہجہانپور میں ان دو مقابر کے علاوہ یہاں وسیع و شاندار جامع مسجد تعمیر کرائی۔ کٹرہ عزیز گنج اور چند دیہات ان کے نام سے منسوب ہیں۔ دلّی اور آگرہ میں محلّات تعمیر کئے اور بستیاں و محلّے بھی اپنے نام سے آباد کئے تھے۔

بانئ شہر نواب بہادر خاں کو بیس ہزار ( ۲۰۰۰۰ ) بیگہ زمین آبائی شہر کے لئے اور چند دیہات بمنزلہ محال بارگاہ سلطانی سے عطا ہو گئے تو انھوں نے اپنے معتمد خاص خواجہ بلند کے ہمراہ انور معمار کو ضروری ہدایات کے ساتھ نواب دلیر خاں کے پاس بھیج دیا جو اس وقت یہاں موجود تھے۔ دلیر خاں اس وقت ابھرتے ہوئے نائب سالار تھے۔ شاہجہانپور کی تعمیر ان کی نگرانی میں ہوئی اور انھوں نے ہدایت کے مطابق شہر کا خاکہ مکمل کرایا۔ عالی شان قلعہ اور دیگر عمارات تعمیر کرائیں۔ نواب صاحب کو توطن کے لئے کسی مناسب جگہ کی مدت سے جستجو تھی۔ پہلے بہادر گڑھ بسایا مگر وہاں دل نہ لگا قنوج۔ کالپی جاگیر تھی۔ قنوج پر نظر گئی، محل سرا تعمیر کرا کر بود و باش اختیار کر لی اور بہادر گڑھ مع عمارات اپنے بھائی عنایت خاں کے حوالے کر دیا۔ قنوج کے قیام کے زمانے میں بعد تادیب باغیان گنگا دُرگا کی زرخیزی اور آب و ہوا دیکھی تو باغ باغ ہو گئے اور اسی سرزمین کو اپنا وطن قرار دیا۔ ۱۰۴۷ھ مطابق ۱۶۳۷ء شہر کا سنگِ بنیاد رکھا گیا ( یہ سن متنازعہ ہے ) دس سال میں شہر کی تعمیر مکمل ہوگئی۔ گڑھی رنو نہر، جو ایک بلند اور پُرفضا مقام پر واقع تھی ڈھادی گئی اور اسی کھیڑے پر بانئ شہر کا پُرشکوہ قلعہ تعمیر ہوگیا۔ ماتحت فوجی افسروں نے پسندیدہ زمینات پر حویلیاں بنوالیں۔ قریب قریب سبھی

Marfat.com

سپاہیوں نے بود و باش اختیار کرلی۔ شہر آباد ہوگیا جس کا نام آقا کے نام کی نسبت سے شاہجہانپور رکھا۔ اس نو آباد شہر کو دوسرا افغانستان بنانے کا خواب لئے ہوئے ۱۰۵۲ھ میں نواب بہادر خاں افغانستان پہنچے تو نو ہزار ۹۰۰۰ پٹھانوں کا قافلہ اپنے بھائی اور چچا کی رہبری میں شاہجہانپور روانہ کیا اس کے بعد آنے والے مسلسل آتے اور توطن اختیار کرتے رہے۔ قلیل مدت میں یہ جنگل ایک خوبصورت شہر اور فولادی قلعہ بن گیا۔ بغیر تحریص و ترغیب ہندوستان کے بہت سے مقامات سے افغانوں کے چھوٹے چھوٹے گروہ آکر یہاں آباد ہوگئے اور یہ سلسلہ نواب بہادر خاں کی زندگی تک جاری رہا۔ قنوج سے بہادر خاں کے رشتہ داروں اور قرابتداروں نیز لشکریوں نے بھی شاہجہانپور کا رُخ کیا اور ایک ایک دو دو خاندان منتقل ہوتے رہے اور بود و باش اختیار کرتے گئے۔ جس اہتمام انتظام اور منصوبہ بندی سے شہر آباد کیا گیا تھا اس وقت پورے ملک میں اس کی نظیر کوئی دوسرا نو آباد شہر نہ تھا۔ بانی شہر کو دوسرا افغانستان وضع کرنے اور اس شہر کو مثل افغانستان ڈھال دینے کی دلی تمنا تھی۔ انھیں بنیادوں پر قبیلوں کو الگ الگ آباد کرنے کا منصوبہ عمل میں لایا گیا۔ باون قبائل جو آئے ان کے نام پر محلوں کے نام رکھے اور علیحدہ علیحدہ بسائے گئے ہر محلے کا اپنا انتظام اور اپنی پنچایت تھی، بین القبائل شادی بیاہ کی ممانعت اس غرض سے تھی کہ نسلی اعتبار سے ہر قبیلہ خالص رہے اور ایک کا خون دوسرے قبیلے کی شریانوں میں نہ دوڑنے پائے اگرچہ سوڈیڑھ سو سال بعد یہ پابندی باقی نہیں رہی اور قبیلے ایک دوسرے میں ضم ہوگئے۔ شہر کے چند گھرانے آج بھی خود کو خالص بتاتے ہیں ممکن ہے یہ دعویٰ غلط نہ ہو۔ شہر کے اطراف میں افغانوں کو بساکر شہر پناہ کی مضبوط چہار دیواری کھڑی کر دی گئی۔ وسط شہر میں غیر مسلم پٹھان جو افغانستان سے ہجرت کرنے والوں کے ہمراہ آئے تھے بنظر تحفظ آباد کئے گئے۔ اس تحفظی دور میں اس سے زیادہ حفاظت ممکن نہ تھی۔ منہ میں زبان کی مانند یہ غیر مسلم محفوظ و مامون تھے۔ بعد میں آنے والی آفات کے وقت نواب بہادر خاں کی دردمندانہ اور دور اندیشانہ حکمت عملی کا تجربہ بھی کیا گیا۔ جو کچھ گزری وہ باہر کی آہنی دیواروں پر گزری جو اپنی سچائی کا ثبوت دینے صدیوں سے کھڑی تھیں۔ وسط شہر میں پٹھانوں کے غیر مسلم خاندان آج بھی موجود شاد و آباد ہیں۔ انھیں کی نسلیں پھل پھول رہی ہیں۔ یہ گھرانے کھتری کہے جاتے ہیں۔ پٹھانوں جیسا قد و قامت اور ناک نقشہ پہلی نظر میں افغانی نظر آتے ہیں ـــــ مفتوحہ علاقوں کے قدیم باشندوں کو از سر نو دیہات میں اور شہر میں مناسب مقامات پر آباد کیا گیا۔ ہر محلے کے بازار اور کارگزار مقرر کر دیئے تاکہ آبادی کو ضرورت کے لوگ

Marfat.com

مثل کاری گر، ہنرمند، دھوبی، موچی، مہتر، مزدور، کہار وغیرہ دستیاب ہونے میں دشواری پیش نہ آئے افاغنہ میں ممتاز قبیلے نواب صاحب کی ترغیب پر آکر آباد ہوئے تھے جن کو حسبِ حیثیت و مرتبہ زمینات و مراعات دی گئی تھیں۔ اس قدر دانی نے اہل افغانستان کو حوصلہ دیا تھا اور وہ نواب بہادر خاں اور ان کی اولاد کے ہمیشہ جاں نثار و وفادار رہے۔ نواب ممدوح کے انتقال کے بعد آنے والے پٹھانوں کے قافلے شاہ آباد (ضلع ہردوئی) کی جانب مڑ گئے جہاں نواب دلیر خاں ان کی پیشوائی کے لئے چشم براہ تھے شاہجہانپور کی نوابی کا خاتمہ ہو چکا تھا۔ فرزندان بہادر خاں کے درمیان کشمکش شروع ہو چکی تھی۔ نواب دلیر خاں نے ممکن ہے رفع شر کی خاطر املاک بہادر خاں بھائیوں میں تقسیم کر دی اور کسی ایک بیٹے کو افسر خاندان نہیں بنایا۔ بہت ممکن ہے کوئی دیگر مصلحت مخفی ہو کیوں کہ خود ان کی اپنی ریاست شاہ آباد شاہجہانپور کی مدد سے ملی ہوئی تھی۔ اس تقسیم ریاست و وراثت کے بعد عملی طور پر اجتماعی قوت منتشر ہو گئی۔ شہر کے ممتاز و غیور پٹھان جانبداری کے الزام سے محفوظ رہنے کے لئے دور و نزدیک کی جاگیرات، ریاستوں اور شہروں میں جا بسے یا فوج میں بھرتی ہو کر شہر اور دیہات خالی کرتے رہے اس طرح معتد بہ آبادی منتقل ہو گئی جبکہ نواب بہادر خاں نے اپنی حیات میں اس شہر کو فولادی قلعہ کا مکمل خاکہ دے دیا تھا مگر وارثان کی خودستائی، خود غرضی اور کم بینی نے وہ موقع ہاتھ سے کھو دیا جو دوبارہ ہاتھ نہ آیا یہاں تک کہ ۱۸۵۷ء کی سعی ناکام کے نتیجے میں نواب بہادر خاں کا خوبصورت خواب شاہجہانپور کی خاک کا پیوند ہو گیا۔ جس طرح شاہ جہاں کے بعد سلطنت کو گھن لگنا شروع ہو گیا تھا اسی طرح نواب بہادر خاں کے خاندان کا زوال نواب بہادر خاں کے انتقال کے بعد نظر آنے لگا تھا جیسے جیسے مغلیہ حکومت کا سورج ڈوب رہا تھا بہادر خاں کا گھرانہ بھی گہنایا ہوا چاند دکھائی دے رہا تھا اور ۱۸۵۷ء میں آخری جھلک دکھا کر نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ نواب عبداللہ خاں ابن نواب زین الدین خاں ابن نواب غیرت خاں ابن معتمد الدولہ نواب بہادر خاں چغتا چوتھی پشت میں آخری والیٔ شاہجہانپور تھے۔ ۱۶۴۷ء میں شاہ جہاں پور کا سنگِ بنیاد رکھا گیا تھا ۱۸۵۷ء میں دو سو بیس ۲۲۰ سال بعد تختہ پلٹ گیا۔ نواب رحمت خاں والیٔ روہیلکھنڈ کے خلاف نواب شجاع الدولہ والیٔ اودھ نے انگریزوں کی معیت میں فوج کشی کر کے بعد فتح وسیع علاقے اودھ میں شامل کر لئے تھے ان میں شاہجہانپور بھی شامل تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے ۱۸۰۱ء میں وہ علاقے نواب اودھ کی عملداری سے نکال کر اپنی نگرانی میں لے لئے۔ نواب عبداللہ خاں کی پنشن مقرر کر دی اور نواب کا خطاب موروثی تسلیم کر لیا۔ نواب عبداللہ خاں کے بعد ان کے فرزند کلاں نواب فیض اللہ خاں برائے نام نواب رہ گئے تھے۔ احمد شاہ نے

Marfat.com

سہ ہزاری منصب اور خطاب سے بھی سرفراز کیا تھا۔ کمپنی نے زمینداری اور مستاجری سسٹم جاری کردیا جاگیریں اونچی بولیوں پر دی جانے لگیں۔ نواب فیض اللہ خاں کی نجی جائیدادیں محفوظ تھیں مگر ۱۸۵۷ء میں وہ بھی وارثوں سے چھین کر ابن الوقت قسم کے لوگوں کو دے دی گئیں۔ ان کی حویلیاں، محلات اور کوٹھیاں ضبط کرکے انگریزوں نے دریادلی سے تابعداروں اور نمک خواروں کے حوالے کردیں۔ بہادر خاں اور عبدالعزیز خاں کے مقابر نیلام کر دیئے جو بعد ایک مدت واگزار کرائے گئے۔ جن نواب زادوں، خانزادوں اور غیور پٹھانوں نے آزادیٔ وطن کے لیے جانیں دیں، گھر مٹوائے، جاگیریں ضبط کرائیں قلاش و دست نگر ہوئے انھیں کی نسلیں ذلیل و خوار ہوئیں نواب بہادر خاں کے وطن میں ذلت و خواری کا سلسلہ ہولی کے نواب کے روپ میں آج بھی جاری ہے۔

اس شہر کی علمی ادبی اور ثقافتی زندگی کا آغاز اس کی تکمیل سے قبل ہوچکا تھا۔ جب تنظیم و تعمیر سے فراغت حاصل ہوگئی تو درس و تدریس کے لیے باقاعدہ تعلیم گاہیں قایم ہوگئیں۔ علمی سرگرمیوں کی رفتار تیز ہوگئی۔ جن میں علماء، شعراء اور دانشوران قصبہ کانٹ پیش پیش تھے شاہجہاں پور سے بجانب جنوب و مغرب ۱۲۔۱۳ کلو میٹر کی دوری پر کانٹ کے نام سے یہ قصبہ آباد ہے جو دور اکبری میں ایک اہم مرکزی مقام تھا۔ ملّا عبدالقادر بدایونیؒ یہاں جسٹس کے منصب پر فائز تھے۔ کانٹ کا سرکاری مرتبہ کمشنری کے برابر تھا۔ اس قصبے میں ہر علم و فن کے ماہرین موجود تھے۔ ابتداء آبادیٔ شاہ جہاں پور کے وقت افغانستان سے آکر توطن اختیار کرنے والوں میں اصحاب سیف کے علاوہ ارباب قلم بھی تھے۔ صوفیائے کرام، شیوخ، علماء دین، ماہرین فنون بھی تھے۔ زبان فارسی اور پشتو کے شاعر اور ادیب و نثر نگار بھی۔ فارسی کا چلن تھا، عوام و خواص روزمرہ میں یہاں کی زبان (اردو) بولتے اور خال خال لکھتے بھی تھے لیکن فارسی کو جو فوقیت حاصل تھی وہ اردو کو نہ تھی درس و تدریس کا آغاز زبان فارسی میں ہوا۔ پہلے پہل روحانی پیشوا اور عالم دین تشریف لائے۔ اُن میں حضرت آدم بنوری کے چار خلفاء، حاجی ابوسعید شیخ عثمان نقشبندی، شاہ امان اللہ نقشبندی، مُلّا سید احمد نقشبندی اور شیخ عبدالنبی نقشبندی تھے حضرت عبدالقادر گیلانی قدس اللہ سرہٗ سے دسویں پُشت میں سید ابو اسحاق ابراہیم حموی گیلانی علیہ بعہد شاہ جہاں وارد ہند ہوئے۔ نواب بہادر خاں کو ان کے خاندان سے عقیدت تھی وہ ان کو باصرار شاہ جہان پور لے آئے۔ آپ نے جس مقام پر سکونت اختیار کی وہ اب جھنڈا کلاں کے نام سے معروف ہے جہاں آپ کی اولاد آباد ہے۔ ان پاکیزہ ہستیوں کے علاوہ بے انتہا شیوخ اور درویشوں نے اس گلستاں تازہ کو روشنی اور رنگ و بو عطا کی جن کے کمالات

Marfat.com

روحانی سے زمانہ واقف ہے۔ مدارس قائم کرنے میں اولیت کا سہرا حضرت خواجہ خضر کے سر ہے۔ یہ پہلا مدرسہ تھا جو خواجہ خضر نے اپنے مسکونہ مکان واقع محلّہ گاڑھی پورہ میں قایم کیا تھا جس کے اخراجات اور کفالت کے لیے نواب بہادر خاں نے ایک چک آراضی عطا فرمایا تھا جو چک خواجہ فیروز کے نام سے اب ایک گنجان آبادی والا محلّہ ہے۔ مدرسہ بحر العلوم جس کو بارہویں صدی ہجری میں نواب عبداللہ خاں نے محلّہ باقرزئی میں قائم کیا تھا تمام مدارس میں افضل تھا۔ اس ادارے سے بے شمار عالم و فاضل فارغ ہوکر اکنافِ عالم میں علم کی روشنی پھیلاتے رہے تھے۔ بحر العلوم کے بعد دوسرے نمبر پر ظریف خاں والا مدرسہ تھا جس کی عمارت نواب حافظ الملک نے تعمیر کروائی تھی۔ یہ مدرسہ بلحاظ فضیلت ممتاز تھا۔ بیرون ملک کے بے شمار طالبان علم فارغ ہوکر یہاں کا نام روشن کرنے لگے تھے۔ آخری دور کے مدارس میں مدرسہ عین العلوم مدرسہ جامع مسجد اور مدرسہ فیض عام درس و تدریس کا حق ادا کرتے رہے ہیں۔ مدارس عربیہ اگرچہ زوال پزیر ہیں مگر اب بھی ان کا معیار تعلیم کم و بیش ویسا ہی ہے جیسا آزادی سے قبل تھا۔
اس دور آخر کے علماء شہر میں مولوی کفایت اللہ مولوی عبدالغنی صاحب سیّد مولوی مہدی حسن صاحب تھے۔ مذکورہ تینوں علماء مفتی اعظم ہند کے عظیم دینی منصب پر فائز رہ چکے تھے۔ مولوی ریاست علی خاں صاحب مولوی مجتبیٰ حسن خاں صاحب اور مولوی کفایتُ اللہ (معلّم اوّل مدرسہ جامع مسجد) معتبر علماء میں شمار ہوتے تھے۔ اس دور سے قبل کے زمانے میں مشہور زمانہ مولوی مدن صاحب اور ان کے بھائی مولوی سدن صاحب تھے۔ مولوی نظام الدین۔ مولوی قطب الدین خاں صاحب مولوی عبدالرحمٰن خاں اور دوسرے بہت سے علماء موجود تھے جو اس شہر کی آبرو تھے۔ اول دور کے فضلاء میں قاضی لقمان، مُلّا زاہد، مولوی عبدالحلیم، ابو العلماء مولوی حاجی عبداللہ خاں صاحب جیسے علم کے سمندر تشنگانِ علم کی تشنگی مٹاتے اور علم کی تخم ریزی کیا کرتے تھے جن کی فصلوں سے زمانہ اب تک فیض پا رہا ہے۔
یہاں کے علماء کا یہ مرتبہ تھا کہ حرمین شریفین کے عالم بعض مسائل میں علما شاہ جہاں پور سے رجوع ہوتے تھے اور یہاں کے فیصلوں کو معتبر سمجھتے تھے۔ جامعہ ازہر کے درجے کی درسگاہیں تھیں۔ اللہ اللہ کیا زمانہ تھا اور کیا مقام تھا اس شہر کا جس کی عظمت سے اہلِ شہر بے خبر ہیں۔ باہر سے آکر یہاں قیام کرنے والے اربابِ علم و فن کے علاوہ یہاں کے قدیم لوگوں میں بھی اہلِ علم موجود تھے جنھوں نے آنے والے کو فراخ دلی سے لبّیک کہا اور ان میں جذب ہو گئے فن شعر و ادب کی ابتدائی سرگرمیوں میں باقاعدگی لانے کا سہرا لالہ سب سُکھ رائے مسرور کے سر ہے جو قصبہ کانٹ کے سیّد عبدالنبی کے شاگرد تھے۔ مسرور خود بھی فاضل ہندی، سنسکرت، اردو و فارسی ادب

Marfat.com

تھے اور متعدد اہم تصانیف کے مصنف بھی۔ ان کے ہم عصروں میں شیخ فصیح الزماں کانطوی،
شیخ احمد خاں عرف مُلا متوں نثار، محمد عمر خاں وہبی لالہ یگانہ۔ شیخ احمد خاں اظہر وغیرہم ہوئے
ہیں۔ مُلا متوں نثار ہندی اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر خوب کہتے تھے۔ ان کے بعد والے
شعراء ہیں سید غلام جیلانی رفعت، نواب غلام حسین خاں حسین، موتی لال ساقی منشی عیوض رائے
مسرت، میوارام جوہر اور کرشن سہائے فرحت تھے۔ یہ سبھی شعراء اصحابِ تصنیف تھے سخنگوئی
میں منشی عیوض رائے مسرت اور نواب غلام حسین خاں حسین کی شہرت ملک کے ایک گوشے
سے دوسرے گوشے تک پھیلی ہوئی تھی، نواب صاحب کی نکتہ رسی، شاعرانہ لیاقت اور سخن
فہمی کی فراخ دلی سے داد دینے والوں میں سودا اور غالب بھی تھے۔ مسرت نے بھی میدانِ
شاعری اور نثر نگاری میں ایسے ایسے کمالات دکھائے کہ اہلِ علم وفن دنگ رہ گئے۔ ان کے
تلامذہ میں سیوارام جوہر، ہمت پرشاد سرور، خلیفہ سمیع اللہ۔ مولوی فخر الدین احمد دہلوی، حکیم
محمد شاہ عالم لکھنوی کے ماسوا دیگر بہت سے شاگرد معروف ومشہور تھے۔ آشوب ۱۸۵۷ء میں
ان میں سے بیشتر شعراء کا کلام تلف ہوگیا۔ اس ہنگامے نے اس شہر کی علمی ادبی اور ثقافتی زندگی
تباہ کردی تھی۔

ماہرین، فنون لطیفہ اور تعلیم یافتہ شہری بڑی تعداد میں دوسرے محفوظ علاقوں اور ریاستوں
میں جا ٹھہرے۔ ایک مدت تک علمی اور تہذیبی سرگرمیاں یخ بستہ رہیں۔ رفتہ رفتہ حواس بجا ہوئے
تو چہل پہل نظر آنے لگی، وہی سیر وشکار وہی بزم آرائیاں اور پھر وہی سرگرمیاں شروع ہوگئیں
مگر قدرے بدلی ہوئی شکل میں۔ نوابین اور امراء شاہجہانپور کی جاگیرات اور زمینداریاں بحقِ
سرکار ضبط ہوکر ان ہاتھوں میں پہنچ گئی تھیں جو غدار وطن اور دشمن آزادی تھے۔ ان ابن الوقت
قسم کے لوگوں نے انگریز کے حق میں رائے عامہ ہموار کرنے کا کام سنبھال لیا تھا جن کو وہ شاندار
دعوتوں، سیر وتفریح اور اظہار امارت کے وسیلوں سے ادا کرتے تھے علمی ادبی کام کرنے والوں نے
کام شروع کردیا تھا، تصنیف وتالیف نشستیں، مشاعرے اور مذاکرات کا دور پلٹ آیا تھا۔
۱۸۵۷ء کے بعد مشاہیر شعراء میں حافظ نثار احمد خاں عرف بدھن خاں تائب، منشی محمد رفعت علی
رفعت، سید محمد علی میاں خیال، حسین احمد میاں بیباک۔ نواب ناظم علی خاں ہجر اور
منشی احسان علی خاں احسان وغیرہم تھے۔ بیسویں صدی کے ممتاز شعراء میں اعتبار الملک
منیر حسن خاں دل، سید مختار میاں مختار۔ حضرت صدیق حسن اسعد کے علاوہ دوسرے

Marfat.com

کچھ شعرا بھی اساتذہ میں شمار ہوتے تھے۔ موجودہ دور میں بھی شعروشاعری کی روایت قائم ہے۔ اس شہر کے معیارِ علم وفن کا جو دبدبہ تھا وہ تو اب واقعی نہیں رہا تاہم جو عزت وآبرو محفوظ ہے وہ بھی کم نہیں۔ اہلِ علم اٹھتے جاتے ہیں۔ اردو۔ فارسی جاننے والے خال خال رہ گئے ہیں، کچھ مدت بعد یہ بھی نہ رہیں گے۔ اس کتاب کی تالیف کے زمانے میں یہاں کی اہم علمی شخصیات بھی جدا ہوگئیں اور شہر علم وفن کے ذخیروں سے محروم ہوگیا۔ حکیم حبیب الرحمٰن خاں حبیب، حضرت جمیل احمد خاں کوکب، سید ارشاد حسین عرف حضرت پیارے میاں رشید اور اب چند سال قبل پروفیسر عبدالسمیع خاں صاحب نکہت بھی داغِ مفارقت دے گئے۔ ان مرنے والوں میں سے کسی کی کمی پوری ہونا ممکن نہیں یہ سب اعلیٰ وارفع قسم کے اہلِ علم تھے اور جن کے دم سے شہر بھاری بھرکم نظر آتا تھا اگرچہ یہاں کے پروردہ وتربیت یافتہ ملک اور بیرونِ ملک میں شاہجہانپور کی نسبت سے نام آور ہیں لیکن سچ تو یہ ہے کہ عملی طور پر ان کا تعلق آبائی وطن سے ٹوٹ چکا ہے تاہم اہلِ شہر ان کو اپنا مان کر خوش ہوتے ہیں اور ان کی نام آوری کو اپنے وطن کی آبرو مانتے ہیں۔ باہر جا بسنے والوں میں ہر علم وفن کے لوگ ہیں مگر یہاں میری مراد محض شعروادب کی محترم جماعت سے ہے ان میں ممتاز دانشور برادرم ابوسلمان شاہجہانپوری ثم کراچوی۔ برادرم رشید حسن خاں مقیم دلی اور پروفیسر قمر رئیس دلی یونیورسٹی لائق حوالہ ہیں برادرم شبنم رومانی اڈیٹر اقدار اور برادر گرامی حنیف اسعدی معروف ومقبول نعت گو پاکستان میں شاہجہانپور کا نام روشن کیے ہوئے ہیں۔ یہاں غالب، امیر مینائی، داغ، مصحفی، جلال اور آرزو کے شاگرد ہوئے ہیں۔ مشہور پردہ نشیں نابینا شاعرہ محترمہ حجاب حضرت جلال سے تلمذ تھیں۔

زبان اردو کا مستقبل موجودہ دور کے حالات کے پیش نظر اگرچہ تابناک نہیں ہے لیکن یہ نام اتنا آسانی سے نہ مٹائی جاسکے گی جب تک کہ اردو والے خود اس کو مٹانے پر تیار نہ ہوں۔ ہر دیہات قصبہ اور شہر میں اردو لکھنے پڑھنے والے کبھی موجود تھے مگر آج کسی اردوداں کی حاجت ہو تو تلاش کرنے پر بھی دستیاب نہیں ہوتا اس کے باوجود اردو شاعروں کی تعداد کم نہیں ہے۔ روہیلکھنڈ اور اودھ میں لکھنؤ سے مرادآباد تک کی پٹی مع بدایوں اردو کی پرورش گاہ ہے۔ معیار شاعری کے لیے شاہجہانپور کا مقام مشہور ہے، یہاں کے شاعر فن شاعری کے آداب کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔ اگرچہ شاعروں میں ترقی پسند شاعر بھی موجود ہیں اور وہ بھی ہیں جو 'تجریدی شاعری' کے مدح خواں ہیں مگر ان کے دوش بدوش روایت پسند اور کلاسیکی روایات کا احترام کرنے والے شاعر بھی زندہ وتابندہ ہیں جن کے دم سے فن شاعری اب تک زندہ ہے۔ یوں تو شہر اور اس کے آس پاس کے قصبات میں شاعروں کی تعداد سینکڑوں سے کم نہ ہوگی

Marfat.com

لیکن معتبر اور قادر الکلام اساتذہ برائے نام ہیں۔ حضرت دلؔ مرحوم کی حیات تک اردو شاعری کا شکوہ کم نہ ہوا تھا اور شاہجہانپور گنے ہوئے مقامات کی فہرست میں ممتاز شعری و ادبی درجہ رکھتا تھا ان کے بعد حضرت عابد جانشین دلؔ نے روایات برقرار رکھنے کی حتی المقدور کوشش کی اور وہ بھی اپنی حیات تک کامیاب رہے۔ اشفاق علی خاں صاحب اشفاقؔ، مولوی انوار احمد انوارؔ، حضرت پیارے میاں رشیدؔ، حضرت جمیل احمد خاں کوکبؔ، جناب پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہتؔ وغیرہم اساتذہ بھی رہبری کا کما حقہ حق ادا کرتے رہے۔ صد افسوس کہ دنیائے علم و ادب کے یہ اکابرین بھی اٹھ گئے مگر اپنی ایسے کچھ لوگ ضرور چھوڑ گئے ہیں جو ایک مدت تک فن شعر و ادب کی خستہ حال حویلی کی حفاظت کرتے رہیں گے۔

ناسپاس گزاری اور ناشکری ہوگی اگر ان محبان گرامی کا ذکر خیر نہ کروں جو "سخنوران شاہجہانپور" کی تیاری میں میرے شریک حال رہے۔ اگر ان حضرات کی پُرخلوص توجہ اور اس فراخدلی سے ہمت افزائی نہ ہوتی تو یہ حقیر کاوش منظر عام پر نہ آپاتی۔ یوں تو ایسے کرم فرما احباب اور صاحب ذوق معاونین کی فہرست طویل ہے مگر برادرم رباب رشیدی شاہجہانپوری ثمہ لکھنوی برادرم شبیر حسن خاں جن کو مرحوم لکھتے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ حضرت خالد علوی، جناب رونق رضا مرحوم، جناب عزیز خاں عزیزؔ۔ عزیزی نسیم شاہجہانپوری، عزیزی محمد نسیم خاں شہاب، برادرم شبنم رومانی (پاکستان) حضرت حامد شاہ جہاں پوری (اورنگ آباد) برادرم ذکی تالگانوی مدیر 'ابر' (بدایوں)۔ برادرم خان فہیم مدیر 'لمحے لمحے' (بدایوں) برادرم اسیر شاہجہانپوری اور عزیز محترم سید احمد سحر کے اسمائے گرامی کا اظہار ضروری سمجھتا ہوں۔ شکریہ ادا کرنا رسمی بات ہے جس کو خلوص و محبت کا بدل نہیں کہہ سکتے، ان سب کو دعاؤں میں یاد رکھنا بھی حد درجہ ضروری سمجھتا ہوں۔ برادر محترم پروفیسر تنویر احمد علوی (دلی یونیورسٹی) خصوصی شکریے اور دعاؤں کے مستحق ہیں جنھوں نے اپنی مصروفیت کے باوصف مسودے کو از اول تا آخر پڑھا اور مفید مشوروں سے نوازا۔ عزیزی میاں عبداللطیف رشیدی نے قدم قدم پر سہارا دیا اور بلا تکلف ہاتھ بٹایا موسموں کی ہلاکت خیزیوں کے باوجود جاڑا، گرمی اور برسات کا لحاظ کئے بغیر میرے پاس آتے اور بھاگ دوڑ کرتے رہے۔ یہ بھی اپنے نیک عمل کے لیے میری دعاؤں کے حقدار ہیں ان کو اپنے اس زمانہ نوخیزی میں زندگی و تابندگی کی پُرخلوص دعائیں درکار ہیں جو میرے ہونٹوں پر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اجر عظیم عطا فرمائے (آمین)

Marfat.com

مسودہ کئی سال سے طاقِ نسیاں کی زینت تھا اور میں اس کو تقریباً بھلا چکا تھا مگر عزیزی قمر رئیس اس کی تکمیل لئے بار بار تقاضے کرتے رہے۔ میں ہوں ہاں کر کے ٹالتا رہا اور انتشارِ ذہنی کے سبب یکسوئی سے کام کرنے پر آمادہ نہ ہوا مگر ان کے آخری حربے نے مجھ کو بے دست و پا کر دیا۔ تیر ٹھیک نشانے پر آ بیٹھا۔ فروری ۹۴ء میں جب وہ وطن آئے تو چلتے وقت مجھ سے بولے۔ "اب میں شاہجہانپور اسی وقت آؤں گا جب آپ مسودہ مکمل کر کے مجھے بھیج دیں گے"۔ بر ہمی، طنز، حکم اور گزارش کی ملی جلی کیفیت تھی۔ میں خود بھی بار بار کے تقاضوں سے عاجز تھا۔ اپنی علالت، ضعفِ بدنی و دماغی کے باوجود مسودہ لے کر بیٹھا اور واقعی مکمل کر کے ان کے حوالے کر دیا۔ اگر قمر رئیس یہ روش اختیار نہ کرتے تو جس طرح اب تک ہوتا رہا وہی ہوتا اور کچھ عرصہ بعد یہ برسہا برس کی محنت اکارت جاتی۔ قمر رئیس کا یہ بڑا کارنامہ ہے، جزاک اللہ فی الدارین خیرا۔

اب یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ میں نے کوئی اہم کام نہیں کیا۔ محض بکھرے ہوئے کچھ ہیرے موتی کنکر پتھر یکجا کر دیئے۔ اس کام کو قارئین ادب کی کسی کسوٹی پر نہ پرکھیں نہ میزانِ فن تذکرہ نگاری پر تولیں۔ یہ فرض کر کے نظر ڈالیں کہ اس میں اسقام زیادہ ہیں۔ تسامحات بہت ہیں۔

شاہجہانپور کے شعراء کا تذکرہ صرف ایک موضوعِ سخن نہیں ہے۔ موضوعات بکھرے پڑے ہیں۔ میں شہر کے تعلیم یافتہ اور صاحبِ ذوق نوجوانوں کو دعوت دیتا ہوں کہ اس ادھورے تذکرے کو پورا کرنے کے ماسوا شہر کا سیاسی، سماجی، تہذیبی، معاشی اور علمی جائزہ لیں اور اپنی اپنی پسند کا موضوع انتخاب کر کے کام کا آغاز کریں۔ کئی پہلوؤں سے اس شہر کی اہمیت ہے اور یہاں کا ذرہ ذرہ اپنی آب و تاب ظاہر کرنے کے لیے بے تاب ہے۔ آج وہ گنگا جمنی تہذیب اور اس کی سیکولر اقدار جانکنی کے عالم میں ہیں جن کی آبیاری اس شہر نے کی تھی۔ ہمارے ایثار نفس بزرگوں نے کی تھی۔ نئی مہاجنی تہذیب کی حرص و ہوس کا سیلاب اُسے بہائے لئے جا رہا ہے کم از کم ہم اسے محفوظ ہی کر دیں کہ آنے والی پیڑھیاں اس آئینہ میں اپنے اجداد کی تخلیقی، روحانی اور اخلاقی فتوحات کا نظارہ کر سکیں۔

مبارک شمیم

۵ مارچ ۱۹۹۵ء

Marfat.com

# مولوی سیّد عبدالنبی کانٹوی

شاہجہاں پور کی آبادی سے پہلے قصبہ کانٹ ہی اس نواح میں شرفا کا مسکن تھا۔ اس زمانہ میں کانٹ مثل ایک ضلع کے سرکار بدایوں سے متعلق تھا۔ نائب ناظم رہتے تھے آبادی بھی اچھی خاصی دُور دُور تک پھیلی ہوئی تھی جس کے آثار آج تک ملتے ہیں۔ مسلمانوں میں شیخ زادوں اور سیّدوں کے بہت گھر تھے۔ کایستوں کے پُرانے خاندان بھی موجود تھے مگر جب شاہجہاں پور آباد ہوا تو اکثر شرفا قصبہ، شیوخ و سادات اور کایستوں میں سے بھی کانٹ چھوڑ کر شاہجہاں پور کو چلے آئے اور آباد ہو گئے۔ یہ زمانہ مُسلمانوں کے علم و فضل کا تھا تحریروں میں فارسی زبان کا عام رواج تھا اُردو تو اس وقت بالکل بے زبان بچّہ تھی کوئی زبان بھاشا کو بھی تحریر میں نہ لاتا تھا۔ کسی کو کہیں خط بھیجنے کی ضرورت ہوتی تھی تو کسی مولوی یا کایستھ کے پاس چلے گئے اور فارسی زبان میں خط لکھوا کر روانہ کر دیا۔ کایستھ اہلِ علم کے قدم بقدم چلنے والے تھے مسلمانوں کے فیض صحبت اور کمال شوق سے تحصیل علم کی طرف جھکے ہوئے تھے کیوں کہ شاہی درباروں اور امرا کی سرکاروں میں بغیر علم و فضل کے اور کوئی معقول طریقہ قدر و عزت حاصل کرنے کا نہیں تھا۔ اس علم کی بدولت ان کو اچھّے اچھے عہدے ملتے تھے۔ دیوان۔ منشی۔ محاسب اور قانون گو وغیرہ یہی کایستھ ہوتے تھے انھیں میں جو موزوں طبع نکلتے تھے وہ شاعری کی بدولت مشاعروں میں نام پلتے اور جا بجا مشہور ہوتے تھے۔

Marfat.com

پٹھانوں کے حالات پیش نظر رکھ کر کہ آبادیٔ شہر کے ابتدائی دور میں یہ بات کہاں ممکن تھی کہ عالم و فاضل شاعر و ادیب پیدا ہوتے کم از کم پچاس برس یا ایک صدی تک انتظار کرنے کا موقع تھا البتہ اس زمانے میں بوجہ سکونت شیخ و سید قصبہ کانٹ ہی ایسا تھا کہ جہاں کوئی عالم کوئی شاعر موجود ہوتا چوں کہ ہم کو سب سے پہلا زمانہ طبقۂ شعراء شاہجہاں پور کے لیے مولوی سید عبدالنبی کانٹوی کا ملتا ہے اس لیے ہم انھیں کا نام نامی اوّل نمبر پر لکھتے ہیں۔

سید عبدالنبی قصبہ کانٹ کے رہنے والے تھے بڑے ذی علم و زاہد و عابد اور متوکل مگر یہ نہیں معلوم کہ ان کے مورث کہاں سے آئے تھے۔ شاعر و ادیب بھی تھے تخلص کا بھی پتہ نہ چلا۔ سید صاحب آزاد مشرب اور نہایت مستعد و مستقل ارادہ شخص تھے نعت خوانی اور کتاب خوانی میں اس وقت ان کا کوئی ہمسر نہیں تھا۔ ان کی تحریر بہت بلیغ ہوتی تھی۔ لالہ سب سکھ رائے مسرور ان ہی کے شاگرد تھے اور شاگردی سے یہ قیاس بھی کیا جا سکتا ہے کہ مسرور کا خاندان قصبہ کانٹ ہی کا رہنے والا تھا جو بعد کو شاہجہاں پور آکر آباد ہوا۔

سید عبدالنبی کو علاوہ مطالعہ کتب کے پرانی کتابیں لکھنے کا بھی بہت شوق تھا۔ درس طلباء سے فرصت کر کے ان کا تمام وقت گویا اسی میں صرف ہوتا تھا۔ جب انتقال ہوا ہے تو اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک ہزار جلدیں ان کے کتب خانہ میں موجود تھیں۔ اللہ اللہ کیا شوق تھا اور کتنی فرصت۔ اس سے ان کی عمر کا اندازہ بھی کر لینا چاہیے بیس برس نکال کر اگر ایک سال میں بیس کتابیں لکھی ہوں گی تو آپ ستّر برس کے ہو کر مرے ہوں گے۔ ۱۱۵۷ھ میں رحلت کی۔ چنانچہ فقرہ ’اوستاد رفتہ‘ سے مسرور نے آپ کی تاریخ نکالی ہے حساب بالا سے ان کی ولادت کا زمانہ عالم گیر کا عہد حکومت معلوم ہوتا ہے سید صاحب فقر و تصوف کی چاشنی سے بھی شیریں کام تھے ایک مرتبہ شاہ ابوالبرکات عشقی قدس اللہ سرہ العزیز کی خدمت بابرکت میں مولانا غلام علی آزاد بلگرامی کی رباعی پر ایک رباعی تصنیف کر کے بھیجی تھی جس کی ان کو بہت داد ملی چوں کہ تذکرہ میں صرف وہی رباعی ملی ہے اس لیے بطور نمونہ کلام کے تحریر کی جاتی ہے اور ایک شعر بھی لکھا جاتا ہے۔

## رباعی

اے آنکہ بعد صفات وہم حسنات ست — عشقی ست خطاب عاشق آن ذات است
ذاتش نہ چناں مصدر برکات شود — نامش برکات و صاحب برکات است

Marfat.com

شعر

رشتۂ جاں زرشتۂ دگر است  تارِ زلفت سرشتۂ دگر است

ان کے حالات زندگی اس سے زیادہ مفصل معلوم نہ ہوسکے۔

---

# عمدۃ الملک نواب بہادر خاں چغتا۔ بہادر بانی شہر شاہجہاں پور

نواب بہادر خاں کا اصل نام سر ابدال خاں تھا۔ عمدۃ الملک۔ بہادر خاں اور چغتا معزز خطابات تھے جن سے شہنشاہ ہندوستان شاہجہاں صاحب قرآں نے ان کو سرفراز فرمایا تھا۔ والد ماجد کا نام دریا خاں تھا جو گھوڑوں کی تجارت کے سلسلے میں اپنے وطن موضع بربر مضافات پیشاور سے بعہد جہانگیر وارد ہندوستان ہوئے۔ دریا خاں بہ تعلق ہم قومی و قرابت سابقہ، رکن الدین خاں المخاطب بہ نواب شیر خاں افغان بازید خیل داؤ دزئی سے بغرض ملاقات موضع لسبیّ ضلع بلند شہر تشریف لے گئے نواب شیر خاں نے بہت خاطر تواضع کی۔ عرصہ تک مہمان رکھا بعدہٗ اپنی دختر مسماۃ بی بی۔ بیری کا ان کے ساتھ عقد کر دیا۔ بعد وفات رکن الدین نواب دریا خاں شاہی فوج میں منصب دار ہو گئے اور جہانگیر کے عہد میں چار ہزاری منصب پر فائز ہوئے مگر نظام الملک خان جہاں لودی کی بغاوت کے وقت بادشاہ کے خلاف خانجہاں کے معین و مددگار تھے جنگ میں مارے گئے۔ نواب بہادر خاں شاہجہاں کے ایام شہزادگی سے ان کے مصاحبین میں تھے۔ اپنے باپ نواب دریا خاں کے باغی ہو جانے کے بعد بھی اپنے ولی نعمت شاہجہاں کے ساتھ رہے اور درجہ بدرجہ ترقی پاتے رہے یہاں تک کہ اپنی وفات کے وقت پنج ہزار ذات و پنج ہزار سوار دو اسپہ و سہ اسپہ پر فائز تھے۔ ان کی جاگیر قنوج سے کالپی تک پھیلی ہوئی تھی۔ بندیلکھنڈ اور ملتان کے گورنر رہ چکے تھے۔ آپ شجاعت میں فرد۔ عالی حوصلہ۔ منتظم۔ خوش اخلاق اور نہایت دیندار و خدا پرست امیر تھے حضرت شیخ آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور فقراؤ صلحا کی بہت تعظیم و تکریم فرماتے تھے۔ روایت ہے کہ کسی درویش نے آپ کو دُعا دی تھی کہ آپ کا فیلخانہ ہمیشہ سَو ہاتھوں سے معمور رہے گا۔ اس دُعا کی برکت سے ان کے فیلخانے میں کبھی سَو ہاتھیوں سے کم نہیں رہے تعمیر عمارات و آبادیٔ مقامات کا بھی نواب کو بدرجہ کمال شوق تھا۔ علاوہ قصبہ بہادر گڑھ و شہر شاہجہاں پور مختلف شہروں میں آپ نے عالی شان مکانات و محلے بصرف کثیر تعمیر و

Marfat.com

آباد کیے تھے۔ الہ آباد و لاہور میں حویلیاں پرانی دہلی میں محلہ بہادر پورہ مع حویلی و مسجد۔ شہر آگرہ کا میں دریائے جمنا کے جانب مشرق ایک وسیع محلہ جو بعد میں آپ کے فرزند رشید نواب عزیز خاں بہادر چھتا ہفت ہزاری کے نام سے کٹرہ عزیز خاں کے نام سے مشہور ہوا۔ قنوج و کالپی میں متعدد محل۔ سرائے، باغات اور بڑے بڑے چاہ پختہ بنوائے۔ شیخ کبیر بالا پیر کا قنوج میں پختہ مزار تعمیر کرایا جس پر فارسی کا کتبہ موجود ہے "ایں گنبد عالی در زمان دولت نواب معلی القاب بہادر خاں ابن دریا خاں افغان غوریہ خیل داؤدزئی عمارت پذیرفت"، مکن پور میں حضرت شاہ بدیع الدین صاحب معروف شاہ مدار نور اللہ مرقدہٗ کے احاطہ درگاہ کے اندر زائرین کے قیام و آسائش کے لیے آپ نے پتھر کا ایک عالیشان دالان تعمیر کرایا تھا جو آج بھی موجود ہے اس پر فارسی کا یہ قطعہ کندہ ہے۔

قطعہ

برآستانہ مہر سپہر عین یقیں — مدار عالم و علم و عمل بدیع الدین
بعہد شاہجہاں بادشاہ دیں پرور — کہ شد ز لطف عمیمش جہاں پر آئیں
باعتقاد دل نیت بہادر خاں — کشید سر بفلک ایں عمارت سنگیں
بچشم اہل یقین ایں مقام محمود است — کہ گفت حضرت عیسیٰ بچرخ جبل متیں

نواب بہادر خاں کی علمی قابلیت بھی اچھی تھی اور ان کی طبیعت میں شعر گوئی کا بھی مذاق تھا۔ ممدوح کی ایک فارسی غزل جس سے ان کے دلی جذبات کا اظہار ہوتا ہے ناظرین کی دلچسپی کے لیے درج کی جاتی ہے

نواب بہادر خاں کی یہ غزل تاریخ صبیح میں جس طرح درج ہے "یادگار سلف" تاریخ بارہ بستی افغانان مؤلفہ محمد عبید اللہ خاں خلف حافظ محمد عبد الرحیم خاں افغان ساکن موضع بہادر گڑھ ضلع میرٹھ میں بعض اشعار میں تھوڑے اختلاف کے ساتھ لکھی ہوئی ہے میں تاریخ صبیح سے غزل نقل کرتا ہوں۔

## نقل غزل از تاریخ صبیح

ترک سر کردن بمیداں شیوہ مرداں بود — مشکل است ایں کار لیکن پیش مرد آساں بود
مرد میداں شجاعت را نباشد بیم سر — ہر کہ از سر نگذرد کے مرد ایں میداں بود
بر نگردانم ز دشمن روئے در میدان جنگ — میکنم جنگ و جدل گر رستم دستاں بود
روئے خود از قبلہ گرداند بوقت ہر نماز — ہر کہ از کفار روز حرب روگرداں بود

Marfat.com

قوت بازو شود از زخم تیر اندر مصاف　　پر بر آید بر تنم از تیر کاں پراں بود
اے بہادر در جہاں ہر باغ دارد میوہٗ　　میوۂ باغ بہادر خنجر و پیکاں بود

بیجا پور کی قید سے رہا ہو کر نواب بہادر خاں جب شاہجہاں کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خسروانہ انعامات عطا ہوئے تو آپ نے برجستہ شعر موزوں کر کے عرض کیا۔

حیات یافت دوبارہ ز لطف شاہجہاں
چو شد بملک دکن جانفشاں بہادر خاں

قدرت نے وہ سب خوبیاں ممدوح کو عطا فرمائی تھیں جن کا کسی ایک ذات میں مجتمع ہونا نوادرات سے ہے نواب بہادر خاں ۱۰۱۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹ رماہ رجب ۱۰۵۹ھ کو قندھار میں بعارضۂ ضیق النفس انتقال ہوا۔ حسبِ وصیت نعش شاہجہاں پور لا کر دفنائی گئی۔ ان کے فرزند نواب عزیز خاں بہادر نے قبر پر عالیشان مقبرہ تعمیر کروایا جو آج بھی بہادر گنج میں اسی شان سے موجود ہے مگر صد افسوس کہ قبضہ گیروں نے قبر کا نشان بھی مٹا دیا۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد یہ مقبرہ انگریز حکام نے نیلام کر دیا تھا جس کو بہت بعد میں مسلمانوں نے واگزار کرایا۔ مقبرے کی عمارت پر لوگوں نے قبضہ کر رکھا ہے اور مقبرے کے اندر بانیٔ شہر کے علاوہ ان کے خاندان کے دیگر افراد کی چھ قبریں تھیں ان کو بھی برابر کرا دیا گیا۔ بعض حصوں کو بطور نشست گاہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ نواب بہادر خاں کے سلسلۂ نسل سے لوگ شاہجہاں پور میں موجود ہیں۔

---

## نواب زین الدّین خاں بہادرؔ زینؔ

آپ نواب غیرت خاں کے لائق فرزند اور عمدۃ الملک نواب بہادر خاں چغتا بانیٔ شاہجہانپور کے پوتے تھے۔ بڑے شجاع و دلیر تھے مگر نہایت مغلوب الغضب۔ نواب عبد العزیز خاں بہادر چغتا جو ان کے چچا اور نہایت معزز و خیر طلب منصب دار شاہی تھے ان کو بوجہ نزاع خانگی اپنے بھتیجے سے سخت مخالفت تھی۔ فرخ سیر کو حکومت حاصل کرنے میں جو خدا داد مدد ملی ہے اس کا ایک بڑا حصّہ نواب زین الدّین خاں ہی کی بہادری اور دلیری کا نتیجہ تھا۔ نواب صاحب کی بابت مورخ لکھتے ہیں کہ باوجود ذی علم اور قابل ہونے کے افغانیت

Marfat.com

کا جوش اکثر غالب ہو جاتا تھا۔ چنانچہ جب وطن سے وہ فرخ سیر کی امداد کو بنگالہ کی طرف معہ فوج روانہ ہوئے ہیں تو ایک طبع زاد شعر کا سجع بناکر میں کندہ کرا لیا تھا۔

چو بر فرخ سیر سلطانی آمد
بزین الدّین بہادر خانی آمد

بعض مورخ بجائے مصرعۂ مذکورہ کے اس مصرع کو لکھتے ہیں یعنی (چو فرخ شاہ تیمر ثانی آمد)

زین امیر الاعظم اور رئیس معظم قلعہ شاہجہاں پور کے تھے اور چاہتے یہ تھے کہ نواب عبدالعزیز خاں بہادر کو باوجود ہفت ہزاری ہونے کے کچھ فروغ نہ ہو۔ منشی سرور نے نواب زین الدّین خاں کے سلسلہ میں ایک رُباعی لکھی ہے۔

روشن طبعے ز خاندان افغاں یا موج محیط خانۂ دریا خاں
یا گوہر دریائے بہادر خانی یا زینت رزم و بزم زین الدّین خاں

باوجود تیزی طبع اور گرمیٔ مزاج کے شاعر بھی اچھے تھے مگر فارسی گو۔ طبیعت میں الفاظ ہندی کا بھی مذاق تھا اسی کا یہ اثر ہے کہ ہندی کے الفاظ کو زبان فارسی سے ادا کرتے اور بندش سے ہندی نژاد کو ایرانی بناتے تھے۔ کبیشران کی صحبت کا کچھ اثر تھا۔ جی چاہتا تو کبھی کبھی کبت بھی موزوں کر لیتے تھے نواب زین الدّین خاں فارسی کے سوا عربی بھی جانتے تھے۔

محاربۂ فرخ سیر اور جہاندار شاہ میں ان کی شجاعت و مردانگی کا آوازہ دور دور تک پہنچنے والا تھا اس لیے ۱۱۲۴ھ میں جنگ کے دوران آپ نے کارہائے نمایاں انجام دیئے اور فرخ سیر کو حسبِ وعدہ مظفر و منصور بنا کر عین میدانِ جنگ میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور اپنے ہمراہ اپنے فرزند نظام الدّین خاں کو بھی لیتے گئے اس وقت کے ایک مورخ نے 'قدوہ خیل شہیداں' سے تاریخ شہادت نکالی ہے۔ زین کے چند اشعار تحریر کیے جاتے ہیں۔

ان ترک سرخپوش سوار سمند شد یاراں حذر کنید کہ آتش بلند شد
سیہ چوری بدست آں نگار نازنیں دیدم بشاخ صندلے پیچیدہ مار عنبریں دیدم
چشم من چشم شد از ہجر توائے جان جہاں ستلج و راوی و چناب شد از دیدہ
ہمچو سیماب گشتہ تانہ شوم نکنم ترک بے قراری ہا

چوری کا لفظ ہندی ہے نواب صاحب نے اسے مذاق طبعی کے موافق فارسی کے ساتھ

Marfat.com

باندھ ہی دیا نمونہ کبت زبان فارسی۔

چشم شما مستند فدائے یا بادام دل آمد اینہا | با اینہا چوں ترک سپاہی غمزہ پناہی پرکیں ہا
سرخ وسپید سیاہ عجائب روم وفرنگ جوش کزیں ہا | زین الدین را حق نگہبان بند شوہ دراں بید نیہا

علوم ہوتا ہے کہ نواب صاحب کا تخلص کوئی علیحدہ نہیں تھا۔ بجائے تخلص نام کو ہی استعمال میں لاتے تھے۔

نواب زین الدّین خاں کے پانچ بیٹے تھے۔ نظام الدّین خاں۔ تاج الدین خاں۔ لطف اللہ خاں عبداللہ خاں اور ظہیر الدّین خاں۔ نظام الدین خاں اپنے والد نواب زین الدّین خاں کے ساتھ نواح اکبر آباد میں جہاندار شاہ اور فرخ سیر کے درمیان جنگ میں کام آئے تھے۔ تاج الدین خاں بھائیوں میں سب سے بڑے تھے وہی شاہجہاں پور کے نواب ہوئے۔ لطف اللہ خاں کو جو کم عمر تھے فرخ سیر نے اپنے محافظ دستے کا رسالدار مقرر کیا تھا۔ فرخ سیر کو ۱۱۳۱ھ میں جب سادات بارہ نے قید کر لیا تو لطفُ اللہ خاں اپنے دستے کو جس میں زیادہ تر شاہجہاں پور کے پٹھان تھے لیکر قلعہ میں گھس گئے اور جنگ کرتے ہوئے معہ اپنے سپاہیوں کے فرخ سیر پر قربان ہو گئے۔ محافظ دستے کے صرف چند سپاہی زندہ بچے تھے۔

روایت ہے کہ نواب زین الدین خاں اور ان کے بیٹے لطف اللہ خاں بمقام کوٹلہ فیروز شاہ قدم رسول میں مدفون ہوئے مگر اُن کے خاندان والے ان کو نواب بہادر خاں کے مقبرے میں مدفون بتلاتے ہیں۔ نواب محبت خاں نے قطعہ ذیل سے مادہ تاریخ نکالا ہے۔

چوں آں نواب زین الدّین خانِ والا | شجاعت بود از رویش ہویدا
چو شُد ہمراہ فرخ شاہ در جنگ | نصیب شاہ شد فتح وظفر ہا
در آں میداں شہادت یافت نواب | کہ شامل بود فضل حق تعالے
چو تاریخ شہادت گفت احمد | شہادت یافت شد نواب والا ۱۱۲۴ھ

نواب زین الدّین خاں نے نام سے موضع زین الدّین نگر۔ زین الدّین باغ اور زین الدّین پور یادگار ہیں موضع زین الدین نگر اب تک آباد ہے مگر زین الدّین باغ اور زین الدّین پور کہاں ہے کچھ علم نہیں۔

---

Marfat.com

# لالہ سب سُکھ رائے ۔ مسرور

لالہ سب سُکھ رائے ۔ مسرور کہتر وا کایستھ سکسینہ محلہ مسجد گنج کے رہنے والے تھے ان کی ولادت ۱۱۱۲ھ میں ہوئی۔ ان کا خاندان پہلے سے علم وفضل میں مشہور چلا آتا تھا۔ امرار کی سرکاروں میں ان کے آباو اجداد منشی دیوان اور محاسب وغیرہ ہوتے چلے آئے تھے انھوں نے اپنے بزرگوں کے زیر سایہ رہ کر اچھی تعلیم پائی اور فارسی میں عمدہ لیاقت حاصل کی۔ اچھا دماغ لے کر آئے تھے اور شاعری کی خداداد قوت موجود تھی۔ مسرور نے اپنی مشق اور کوشش سے شاعری میں کمال پایا تھا۔ وہ زمانہ عام طور سے فارسی گوئی کا تھا اردو کے کہنے والے نہایت کم تھے اور فارسی کے بکثرت۔ مسرور نے بھی فارسی زبان میں کہنا شروع کیا اور اس کی ضرورت سے نظم ونثر ومعمادانی وتاریخ گوئی وغیرہ میں قابلیت حاصل کرنا پڑی۔ مشہور ہے کہ مسرور جملہ فنون میں کامل تھے اور شاہجہاں پور میں اس وقت ان کا کوئی نظیر نہ تھا۔ بہ نسبت فارسی کے ہندی کی طرف مسرور کی توجہ زیادہ تھی اس لیے کبھی زبان ہندی کی مروجہ بحروں میں فارسی کے اشعار تصنیف کرتے اور کبھی اوزان فارسی میں ہندی زبان کو چمکاتے باوجود کم فرصت ہونے کے اوزان ہندی کے ساٹھ نسخے معتبر اور مفید انھوں نے لکھے تھے۔ علم معما میں کتاب ترجمۃ النوادر بعبارت رنگین اور دیوان فارسی وانشار' افسانۂ خوش سواد ان کی تصنیفات ہیں لیکن کسی کا پتہ نہیں چلتا علم باطن کی طرف آپ کی توجہ زیادہ تھی سوائے ضرورت وقتی اور کسی وقت علم ظاہری کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے مسرور نے تمام عمر کسی کی ملازمت نہیں۔ شاعری کا رواج اس شہر میں ان کی ذات سے بتایا جاتا ہے پٹھانوں میں جو لوگ ذی علم تھے ان کو سوائے فقہ وحدیث کے فن شعر سے کوئی مناسبت نہیں تھی۔ مسرور کے پوتے منشی ہت پرشاد سرور نے اپنے تذکرے میں یہ نہیں تحریر کیا کہ ان کے دادا کس کے شاگرد تھے لیکن قیاس یہ کہتا ہے کہ مولوی سید عبدالنبی کانٹوی جو شاعر بھی تھے انھیں سے سرور نے پڑھا اور مشورہ سخن لیا۔ ۱۱۷۴ھ میں مسرور نے رحلت فرمائی۔ سرور نے قطعات تاریخ وفات لکھے ہیں۔

سرور کہ رفت زینجہان گزراں　　　براہلِ سخن ہزار غم بردل وجاں

Marfat.com

گفتیم دو تاریخ وفاتش انیک | افسوس سخنوراں۔ غم اہل زباں
اوستاد زماں بود کہ مسرور | زیں دارِ فنا کنارہ بگرفت ۱۱۷۴ھ
تاریخ سنش کہ گفت ہاتف | کاں ہنرے زعالمے رفت ۱۱۷۴ھ

قدیم الایام میں ایک مشہور گروہ کبیشروں کا چلا آتا تھا جو راجگان ہند کے درباری ملکی اور فوجی شاعر اور رجز خواں تھے اس وقت ان کی زبان وہی بھاشا یا پراکرت تھی۔ بعدۂ جب ہندوستان پر مسلمانوں کا قبضہ ہوا اور زبان فارسی کا سکہ چلنے لگا تو ایرانی شعراء بھی رفتہ رفتہ آموجود ہوئے اور خود ہندوستان میں پیدا ہو گئے اگرچہ سلاطین وامراء کے دربار شعراء سے بھرے رہتے تھے مگر کبیشروں نے بھی اپنے قدردانوں کا ساتھ نہیں چھوڑا وہ امرائے ہنود کی سرکاروں کے یہاں بھی حاضر ہوتے اور اپنی قابلیت سے انعام واکرام حاصل کرتے۔ کبیشروں کی شاعری کے حالات عجیب وغریب ہوتے تھے یعنی وہ ایک ایسے واقعہ کو جس کو نہ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا اس طرح نظم کیا کرتے تھے گویا وہیں کھڑے ہیں اور بیان کر رہے ہیں اس کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ کبیشروں کی زبان میں سرستی کا اثر ہوتا تھا کہ جس کی قوت سے وہ نادیدہ واقعہ کو مثل چشم دید کے ہوبہو نظم کر دیتے تھے۔ مورخوں نے کبیشروں کے حالات شاعری خصوصاً شہنشاہ اکبر کے زمانے کے تاریخوں میں تحریر کیے ہیں شاہجہاں پور میں بھی ایک گھرانہ کبیشروں کا تھا اور مسرور کے زمانے میں کبیشروں کی شاعری کا ایسا اثر تھا کہ مسرور خود ان کے اوزان میں قصائد وغیرہ موزوں کیا کرتے تھے۔ اگرچہ زبان فارسی تھی مگر خیالات کبیشروں کی طرح ادا کرتے تھے۔ ذیل میں اس کا نمونہ تحریر کیا جاتا ہے۔

زیب ادائی۔ حکم روائی۔ قلعہ کشائی را شایاں | لشکر سالاری۔ رستم داری۔ عدو شکاری دید نشاں
فرنوابی۔ فلک جنابی۔ قمر رکابی از و عیاں | در گنج افشانی۔ باشد بانی۔ حاتم ثانی۔ قایم خاں
سرسراں نواب بہادر۔ درج فیض راگراں بہادر | بسر عدو زند شمشیرے بر شغال غالب چوں شیرے
شیر شیر افگن یل پیلتن۔ عدو گرگ فرس رو لرزاں | آہو چشمے۔ صاحب جسمے۔ اندک خشمے بس احساں
ستارحرم را بخش درم واکرد کرم واکرد دکاں | در گنج افشانی باشد بانی حاتم ثانی قایم خاں

بحر و وزن دیگر

از ہمہ کار او خاص پیکا را وکرد یک شیر دستاں طرازی | لشکر دشمناں نہ آورد تاب درخواب ہم گر کند یکہ تازی
دولتش بہروز بہ عمر او دائما در درازی | دو دا زہر طرف ظفر بر کاب مفتاح ہر باب نواب غازی

Marfat.com

## کبت دیگر

پورغضنفر جنگ بہادر داد رواج بہ فیض رسانی ، رئیسے خوش تدبیرے پیرے بخت جوانی
شام وصبح دعا لبشمار دو دارد عا ملے ورد زبانی ، سخت بہ رزم بہ بزم ملائم قایم باشد قایم خانی

کبیشروں کی ذہنی قابلیت اور طبعی لیاقت کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں ۔

جس طرح اردو فارسی میں مصرع طرح ہوتا ہے اسی طرح کبت کا وہ آخری مصرع ہوتا ہے جس پر کبت موزوں کیا جاتا ہے اسے 'جھجھ' کہتے ہیں۔ خان اعظم اکبر کو ان باتوں کا بہت شوق تھا۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ شہنشاہ اکبر کسی رانی کے محل میں شب باش ہوئے اور محبت میں اس کو آغوش میں لینا چاہا وہ فرط حیا سے اٹھ کر چلدی۔ بادشاہ نے بڑھ کر ہاتھ پکڑ لیا کہ اسی کشاکش میں لہنگے کا گرہ بند ٹوٹ گیا قریب تھا کہ رانی برہنہ ہو جاتی اس لیے چالاکی اور پھرتی سے شمع روشن پر ہاتھ رکھ دیا کہ تاریکی ہوگئی مگر بوجہ سوزش کے اُف کرکے رہ گئی۔ بادشاہ نے کہا (کہہ کارن سندر ہاتھ جری) اور یہ کہتے ہوئے اسی وقت محل سے دیوان خاص میں رونق افروز ہوئے اور 'کب گنگ' کبیشر کو بلوا کر ارشاد کیا کہ فوراً اس جھجھ پر کبت تیار کرکے سناؤ۔ 'کب گنگ' نے ہاتھ جوڑ کر عرض کیا خداوند نعمت ابھی تعمیل ہوتی ہے۔ کبیشر نے سرستی کی مدد سے تھوڑی دیر غور کرکے یہ کبت موزوں کیا اور شہنشاہ کو سنا دیا نئی آبلہ راس بھید نہ جانت سیج گئی جیہ آنیہ ڈری۔ رس بات کہی جب چونک چلی۔ تب دہائی کے کنتہ نے ہاتھ دھری ان دونوں کے جھکجھورن میں گٹھ تاپ تس پر ٹوٹ پڑی کہ دیپک کا من جھانپ لیو۔ یہو کارن سندر ہاتھ جری۔

بادشاہ یہ کبت فی البدیہہ اور حسب واقعہ سن کر خوش بھی ہوئے اور متعجب بھی کہ خلوت میں موجود نہیں تھا اس کو پورا اور سچا واقعہ کیوں کر معلوم ہوگیا۔

اب حضرت سرور کا فارسی کلام دیکھیئے۔

تا خیال آتشیں روئے مرا از تاب برد ، پارۂ از بیقراری ہائے من سیماب برد
دل بجز طرز خرام تو دگر یاد نہ داشت ، ورنہ قدرت چہ ادا داشت کہ شمشاد نداشت
خط سبزاو کہ در موج عرق خوش رنگ داشت ، لشکر بربکی مگر قصد عبور گنگ داشت
یار آں ساعد دل صدچاک را از خویش بند ، ماہئی زور آور آور دام را از پیش برد
تا نوائے بر زدہ داماں بگلستاں رفتی ، رگ گل حاجتے از نشتر فصاد نداشت
بیا کہ بے رخ خوبت گزشت ماہے چند ، زخیرہ است بچشم من از نگاہے چند

Marfat.com

حلاوت سخن ترشئی جینے ہیں — برائے دفع تپ دل سکنجبینے ہیں
کس ندیدم کہ دریں بزم نہ از سر افتاد — زلف ساقی کہ تعلیم سیہ مستاں بود

---

# محمد عمر خاں وہبی

شاہجہاں پور کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ عالم فاضل ہونے کے ساتھ ہی بلند پایہ شاعر و ادیب بھی تھے۔ دہلی و لکھنؤ کے علماء و فضلا اور شعراء وہبی کو ایک باکمال شاعر تسلیم کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ آپ کے دیوان میں اسی ہزار اشعار تھے۔ وہ دیوان اب ناپید ہے دیوان کے علاوہ مثنوی لیلیٰ مجنوں۔ سیر آدم۔ رسالہ قواعد فارسی۔ انشائے وہبی تصنیفات سے تھیں جو طبع نہ ہو سکیں اور برباد ہو گئیں۔ آپ کے شاگردوں میں دیوان دولت رائے مبتہج۔ دیارام۔ مولوی محمد عابد مجروح۔ سمند خاں قادری۔ یگانہ وغیرہ کے نام درج ہیں۔ وہبی نے ۱۲۰۷ھ میں انتقال کیا۔ آپ کے شاگرد مبتہج نے 'عمر خاں بمرد' سے مادہ تاریخ نکالا ہے نمونہ کلام فارسی تاریخ صبیح سے درج کیا جو مولف تاریخ نے تذکرہ سرور سے نقل کیا تھا۔

ہمراہ نکہت گل بوئے حنا می آید — اے صبا طبع پریشانِ تو بے چیزے نیست
و ہمہ زخم دل بلبل بیدل باشد — اے گل ایں جوش نمکداں تو بے چیزے نیست
بوئے داغ جگر از دود دلت می آید — وہبی ایں سینہ سوزاں تو بے چیزے نیست
اے فروغ عارضت برجوش آتش خانہ ہا — جلوۂ حسنت چراغ مشہد پروانہ ہا
دریں دریا کدامی مہر تاباں غوطہ زد یارب — کہ شد چاک گریباں سحر آغوش ساحل ہا
ز مرگ خویش نہ ترسد کسیکہ داغ نوشد — ہراس گریہ کجا طائر کباب کجا
داغ بر دل نالہ بر لب خوں بچشم خود پدید — ہم گلم ہم عندلیبم ہم گلستانم ہنوز

---

Marfat.com

# مولوی سید غلام جیلانی رفعت

آپ کے والد ماجد سید احمد گیلانی نے شاہجہاں پور میں توطن اختیار کیا تھا۔ سید غلام جیلانی رفعت اسی شہر میں پیدا ہوئے اور تعلیم پائی۔ اس وقت ملا محمد حسن فرنگی محلی شاہجہاں پور میں قیام فرما تھے ان سے معقول میں اکتساب علم کیا اور مزید اکتساب علم کے لیے دہلی جاکر مولانا شاہ عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ سے علم دین سیکھا۔ دہلی کے دوران قیام ایرانیوں سے صحبت رہی جس نے فارسی میں زباں داں بنا دیا اور شعرائے دہلی کے فیض صحبت سے شاعری کی طرف مائل ہو گئے۔ آپ کا شمار علماء و فضلاء میں ہوتا تھا اور دور دور تک مشہور تھے۔ حافظ الملک رحمت خاں نے اپنے پاس بلا لیا تھا ان کے واقعہ شہادت تک ان کے ساتھ رہے بعدہٗ والی رام پور نواب فیض اللہ خاں کی دعوت پر رام پور چلے گئے جہاں آپ کا وظیفہ مقرر کر دیا گیا۔ حضرت رفعت کا حافظہ غضب کا تھا جو کچھ پڑھتے یا سنتے ذہن میں محفوظ ہو جاتا تھا۔ مولانا روم کے مطلع پر مطلع موزوں کیا ہے جو قابل داد ہے۔

## مطلع مولانا روم

بے خطا می ہست تیر از شست او ۔۔۔ شست او شاگرد چشم مست او

## مطلع مولانا رفعت

کے تواں جست از صفائے شست او ۔۔۔ قبضہ میگیرد قضا از دست او

جنگ دو جوڑہ کو منظوم کر کے اس کا نام در منظوم رکھا۔ اس جنگ میں خود بھی موجود تھے۔ اس کا ایک شعر ہے۔

بکرسی نشیناں چناں تیغ راند ۔۔۔ کہ نقش شجاعت بکرسی نشاند

یہ جنگ دو جوڑہ کو منظوم کر کے اس کا نام در منظوم رکھا۔ اس جنگ میں خود بھی موجود تھے۔ اس کا ایک شعر ہے۔

برکرسی نشیناں چناں تیغ راند ۔۔۔ کہ نقش شجاعت برکرسی نشاند

یہ جنگ دو جوڑہ انگریزوں کے اشارے پر شجاع الدولہ نواب اودھ کے اور حافظ الملک رحمت خاں کے درمیان ہوئی تھی مولانا کے دو فارسی دیوان رضا لائبریری میں موجود ہیں۔

Marfat.com

### نمونۂ کلام

چکد رنگ نزاکت بسکہ از ہر مصرع موزوں — شود رنگیں ز اوراقش چو گلچیناں انا ملہا
تماشہ کردہ ام وقت عرق افشانی رویت — کہ میگردند گرد ماہ رخسار تو اختر ہا
بہ انداز دگر آں شوخ کافر کیش می آید — خدا حافظ نمکپاش دل صد ریش می آید

### مناجات

بیا ساقی از مئے جدا کن مرا — بدریائے مئے آشنا کن مرا
بہ میخانہ عشق احمد رساں — بیم برلب جام سرور رساں

### در بیان خونریزی

ز امواج طوفاں سیماب خوں — چو کبریت احمر زمیں لالہ گوں

### در صفت جوش بہار

بہار است سودا چو سنبل دمید — بداغ جنوں لالہ و گل دمید
صبا گرتہہ غنچہ را چاک کرد — ہوا گوہر ژالہ بر خاک کرد

### در بیان کثرت لشکر ممدوح

ز جوش خلائق دراں پہن دشت — زمیں موجزن ہمچو سیماب گشت
زمیں راہ وراں منزل و مرحلہ — چو ارض نیشا پور صد زلزلہ
ز جام سم اسپ درجادہا — زمیں داشت سر مستئ بارہا
نئے نیزہا چوں نمایاں شدہ — بیاباں نیستاں شیراں شدہ
بنا شد بعالم چنیں نیستاں — کہ گردد بدوش براں رواں

مولوی سید غلام جیلانی رفعت نے ۲۷ ذالحجہ روز دوشنبہ بعمر اسی سال انتقال فرمایا۔

---

## شیخ احمد خاں عرف ملّا منوں نثار

از روئے تاریخ صبیح ملا منوں نثار محلہ منانی کے ساکن تھے۔ علوم درسیہ سے فراغت حاصل کر کے شعر و سخن کی طرف مائل ہوئے۔ لالہ سب سکھ رائے مسرور سے مشورہ سخن کیا۔ اُستاد

Marfat.com

کے فیض صحبت سے شاعری کا مذاق پیدا ہو گیا۔ تمام عمر اسی میں مشغول رہے۔ طبیعت موزوں پائی تھی نہایت ذہین وطباع تھے۔ زبان ہندی سے بھی بخوبی واقف تھے ہندی اور فارسی دونوں بانوں میں شاعری کرتے تھے۔ ان کے دو دیوان تھے جو تباہ ہو گئے۔ تذکرہ سرور میں مُلّا نثار کے آباؤ اجداد کا ذکر نہیں ہے نہ یہ مذکور ہے کہ کب پیدا ہوئے ان کا کچھ فارسی کلام دستیاب ہوا وہی درج ذیل ہے۔

در گلستاں نے کہ آں خورشید عالمتاب بود     رنگ گلہا چوں چراغان شب، ماہتاب بود
گر نہ بد بخت چمن گُل تاجداری میکند     منصب بلبل کہ در گلشن بزاری میکند
بر سر خاک من آں گل رو خراماں بگذرد     از لب ہر ذرّہ می خیزد صدائے عندلیب

شاہجہاں پور کے کسی پٹھان کا لڑکا دریا میں ڈوب گیا اس کے غم میں مُلّا نثار نے ایک مثنوی لکھی تھی جس کے دو شعر تاریخ صبیح میں یوں درج ہیں۔

بنام آنکہ شد در عشق خود غرق     بذات خویشتن زد اول ایں برق
مصفا چوں درون اھل معنی     یکے گرّا[1] دگر کھنوت[2] یعنی

انتقال ۱۱۷۴ھ میں ہوا حضرت سرور نے آپ کا قطعہ تاریخ لکھا ہے۔

## قطعہ

آہ گوہر سنج معنی در گزشت     آنکہ نامش بود احمد خاں نثار
در غم او ہاتف ایں تاریخ گفت     کرد احمد مولوی جان نثار

---

# دیوان دولت رائے مبتہج

لالہ سب سکھ رائے مسرور کے فرزند تھے شاعری ورثہ میں ملی تھی اور تعلیم و تربیت بھی اپنے لائق والد کی آغوش میں ہوئی تھی اردو فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ خوش گو شاعر تھے ۱۲۱۵ھ میں انتقال ہوا۔ آپ کے فرزند ہت پرشاد سرور نے مصرعہ تاریخ رحلت

---

[1] دریائے گرّا۔ [2] دریائے کھنوت ان دریاؤں کے درمیان شاہجہاں پور آباد ہے۔

Marfat.com

لکھا تھا۔ شد ریختہ سال فوت آں پاک رواں

اشعار مبتہج :-

در ہجر تو دیدہ ام پر آب است
دل خانہ بدوش چوں حباب است

روئے چو گلشن بیاد دارم
ہر اشک بدیدہ ام گلاب است

عمرم گزشت ہائے عبث در دعا مرا
آں بے وفا ندید ز چشم وفا مرا

امشب نگاہ من رگ یاقوت گشتہ است
شاید کہ شد بہ لعل لبش چشم وا مرا

نوشہ می زیبم اندر برات عشق از
تارہائے اشک گلگونم بروئیم سہرہ است

جز عشق تو پرساں زدل زار کہ باشد
جز درد غمت محرم اسرار کہ باشد

جز فرقہ طفلاں دل دیوانہ مارا
در کوچہ و بازار خریدار کہ باشد

نیست ایں رنگ حنائے برکف پائے کسے
فتنہ خون مفت اینجا کہ بر پائے کسے

مبتہج ما بصدقہ دستار
گر خاں سرفراز باید کرد

---

## منشی رام کشن فرحت

منشی رام کشن کالیستھ تھے مگر خاندانی حالات نہ معلوم ہو سکے حضرت مسرور کے شاگرد تھے۔ تذکرہ سرور میں فرحت کو ایک بلند خیال اور باکمال شاعر لکھا ہے۔ صاحب ذوق اور اہل علم وہنر آپ کی قابلیت کو تسلیم کرتے تھے۔ آپ صاحب تصنیف تھے ایک مثنوی مظہر عشق، اور رنگ سودا، اور نیرنگ سودا، بزبان فارسی تصنیف کی تھیں۔ آخرالذکر دونوں تصنیفات فن خوش نویسی سے متعلق تھیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ فن خوشنویسی سے بخوبی واقف تھے مگر اب ان تصانیف کا پتہ نہیں چلتا۔ تینوں کتابیں غیر مطبوعہ تھیں۔ منشی رام کشن فرحت ۱۲۱۴ھ میں راہی ملک عدم ہوئے

### نمونۂ کلام

گلبن خامتش نگر نرگس چشم مست ہم
ساقی دہر را بکف شیشہ یکے وجام دہ

نمیدانم کدامی خوش قدے جا کرد در گلشن
کہ نخل بید مجنوں گشت شمشاد از طپیدن ہا

ز ہستی من دیوانہ تا فشانے ہست
صدائے سلسلہ و نالہ فغانے ہست

Marfat.com

# لالا پران سکھ مشہور

لالا پران سکھ مشہور کا آبائی وطن قصبہ مارہرہ ضلع ایٹہ تھا مگر ازا بتدا تا انتہا تربیت اور پرورش اپنے نانا منشی سب سکھ رائے مسرور شاہ جہانپوری کے گھر اور ان کی آغوش میں ہوئی نانا کے گھر ادبی ماحول نے وہی جوہر ابھار دیئے جو اس گھرانے کے تھے۔ بوجہ محبت اساتذہ و تعلیم فن سخن شعر و شاعری کا شوق درجۂ کمال کو پہنچا پہلے دیوانِ اردو کی ترتیب کی مگر اسی زمانے میں فارسی گوئی کی طرف مڑ گئے اور چند روز میں اچھے خاصے فارسی گو بھی شاعر بن گئے۔ چند اشعار صرف فارسی کے دستیاب ہوئے ہیں۔

چو غنچہ کرد زراز تو پردہ دار مرا — بصد زباں کہ خموشی بود شعار مرا
تظلمے کند و سرمہ در گلو ریزد — بہ طرفہ چشم سیاہ ہے فتاد کار مرا
کدام شب کہ ز بیداد سوز ہجر تو نیست — چو شمع گرم دعا دست انکسار مرا
گرانیٔ بدل از ما مکن۔ مکن اے دوست — سبک بدیدۂ احبابِ روزگار مرا
از آں یگانۂ بیگانہ وار اے مشہور
بود بہ شکوہ نہاں شکوہ صد ہزار مرا

---

# لالہ ہت پرشاد سرور

لالہ ہت پرشاد سرور مشہور شاعر و ادیب عالم و فاضل لالہ سب سکھ رائے مسرور کے پوتے اور لالہ دیوانِ دولت رائے مبتہج کے فرزند دلبند تھے۔ اپنے بزرگوں کی طرح عالم و فاضل، شاعر و ادیب اور مصنف تھے۔ منشی عیوض رائے مسرت سے آپ نے علمی ادبی اور فنی استفادہ کیا استاد کے فیضانِ صحبت نے آپ کو ایک صاحبِ علم اور نام ور شاعر بنا دیا تھا علم ہندی فارسی و تاریخ و نجوم و معمّا میں کامل تھے۔ "شعرائے عجم و ہند" فارسی میں ان کی قابلِ قدر تصنیف ہے جس میں انھوں نے شاہ جہاں پور کے بہت سے شعراء و ادبا و صاحبِ کمال لوگوں کے حالات بھی تحریر کیے ہیں۔ اگر یہ تذکرہ نہ لکھتے تو آج ہم اس شہر کے اربابِ علم و فضل سے بالکل واقف

Marfat.com

نہ ہوتے یہ حضرت سرور کا اپنے شہر پر بہت بڑا احسان ہے۔ سرور ایک کہنہ مشق شاعر تھے۔ تقریباً ساٹھ سال ادبی خدمات انجام دیں۔ انھوں نے بہت سے لوگوں کے نوحے لکھے قطعات تاریخ رحلت موزوں کیے مگر ان کی موت پر کسی نے ان کے لیے قطعہ تاریخ رحلت موزوں نہ کیا جس سے پتہ چلتا کہ وہ کب اس جہانِ فانی سے عالم جاودانی کو سُدھارے۔ سرور نہایت ذہین اور طباع تھے آپ کی تصانیف سے فن ریاضی کے چند رسالے تھے۔ منتخب البدائع۔ دیوانِ فارسی وغیرہ بھی مرتب کی تھی۔ سرور مرزا فاخر مکیں اور مرزا مظہر جان جاناں سے بھی ملے ہیں۔ سرور نے مرزا فاخر مکیں کی خدمت میں ایک رُباعی موزوں کرکے بطور مہمان نوازی کے پیش کرکے داد پائی تھی۔

## رباعی

اےُ ذات تو فاخر بجہاں آمدہ است  اوصاف تو در ورِد زباں آمدہ است
او وز شدی مکیں بعزتِ اینجا  خوش طالع من و مکاں آمدہ است

آپ نے حافظ شیرازی کی غزل پر ہم قافیہ ردیف غزل لکھی ہے جس کا اظہار خود مقطع میں کیا ہے۔

شب عید آمدہ مستاں در میخانہ زدند  ماہ دیدند و نظر بر رُخ پیمانہ زدند
شعلۂ آتش گل سوخت دل بلبل را  آتش شمع اگر در سر پروانہ زدند

اےُ سرور ایں غزلت طرح حزینِ حافظ
کاں دو سلطان سخن نوبت شاہانہ زدند

شب کہ در چشم خیال حسن آں گلپوش بود  خون بُلبل در رگ تار نگہ در جوش بود

اور باکمال نثر نگار کے بارے میں نہ یہ حالات بتا سکے۔ آپ کے ہم مصرعوں میں ہری رام خورم۔ مولوی دوست محمد دوست۔ مہتاب رائے رغبت۔ مہتاب رائے کامل اور مُلا شیر علی عاجز نور اللہ مرقدہٗ بھی تھے۔ اندازاً اسّی سال کی عمر میں انتقال ہوا۔

زلبس بیتابیٔ دل ریزد اشک آتشیں ما  چراغ برق را فانوس گردد آستین ما
عسکر از باغ جہان برگ بہے پیدا کرد  غنچہ شد تنگ دل وحشت زرے پیدا کرد
فامنش پا بچمن جلوۂ شمشادی یافت  سرو شد بندہ ولیکن خط آزادی یافت
رفت دل از من و در زلف گرہگیر نماند  اےجنوں مژدہ کہ دیوانہ بزنجیر نماند
شب کہ در چشم خیال حسن آں گلپوش بود  خون بُلبل در رگ تار نگہ در جوش بود
شب کہ پنہاں در دلم یارے از اں رخسار بود  ہر رگم در سینہ شمع محفل اسرار بود

Marfat.com

اے دل مگو کہ زلف کج وتابدار اوست　　دودے بلند ز آتش رنگ عذار دوست

## مولوی محمد عابد خاں۔ مجروح

مولوی محمد عابد خاں مجروح اپنے زمانے کے فاضل اجل اور عالم اکمل گزرے ہیں۔ فارغ التحصیل ہو کر فطرت نے جوش موزونیت کو ابھارا تو شعر کہنے پر بھی مائل ہو گئے۔ چوں کہ تکمیل فن سخن کے لیے کسی استاد کی ضرورت تھی اس لیے محمد عمر خاں وہبی کے شاگرد ہو گئے جو فاضل جلیل القدر اور بڑے ماہر فن تھے۔ وہ زمانہ شاہجہاں پور کا علم و فضل اور شعر و سخن میں آپ کی ذات پر فخر کر رہا تھا۔ خداداد قابلیت اور فطری لیاقت نے حضرت مجروح کو بہت جلد اس قابل بنا دیا کہ ہم عصروں میں خوش گو سمجھے جانے لگے۔ علاوہ عالم اور شاعر ہونے کے آپ حاذق طبیب بھی تھے۔ مطب جاری تھا۔ آپ کا اور قدنخاں رئیس محلہ ایمن زئی کا زمانہ ایک تھا۔ روایت ہے کہ وزیر ممالک نواب سعادت علی خاں کے علاج آشوب چشم کے لیے مولوی عابد خاں مجروح کو قدنخاں لکھنؤ لے گئے۔ مولوی صاحب نے سُرمہ کا نسخہ تجویز کیا جو بقدر ضرورت بنتا تو وہ چار آنہ میں تیار ہو جاتا مگر خلاف اس کے چار پانچ سیر سُرمہ تیار ہوا اور معترض کو مولوی صاحب نے یہ جواب دیا کہ اہلِ دول کو بجائے دوا کے دُعا سے بہت جلد فائدہ پہنچتا ہے چنانچہ بعد تیاری کے سُرمہ مساکین اور ضرورت مندوں کو تقسیم کیا گیا کچھ سلائی بھر بچا تو اصل مریض کی آنکھوں میں لگا دیا گیا۔ خدا کی شان کہ اتنے ہی میں شفا ہو گئی اور مرض آشوب چشم جو کسی طبیب سے اچھا نہیں ہوا تھا۔ اچھا ہو گیا۔

سال رحلت نہیں معلوم ہوا مگر قیاس غالب یہ ہے کہ تیرہویں صدی کے نصف کے ادھر اُدھر ہوا ہو گا صرف دو شعر دستیاب ہوئے جو درج ذیل ہیں۔

عمر یست کہ در سلسلۂ حسن مریدم　　در گردن من سیلیٔ آں زلف دراز است

در خیال چشم وحشت پیشہ اش جاں دادہ است　　تربت مجروح زیر گنبد آہو کنند

Marfat.com

# منشی عیوض رائے مسرّت

مسرّت کے والد ماجد کا نام لالجی مل تھا نسباً سکسینہ کایستھ اور محلہ مسجد گنج کے رہنے والے تھے۔ آپ بارہویں صدی ہجری کے وسط میں پیدا ہوئے شیخ احمد خاں عرف مُلّا متوں نثار کے شاگرد تھے اور انھیں سے عربی و فارسی کی تعلیم پائی تھی۔ نہایت ذہین اور طباع تھے۔ ابتدائے عمر سے ذہین دیکھ کر استاد نے خاص توجہ صرف کی اور فن شاعری کے نکات اس عمدگی سے سمجھائے کہ شعر کے معائب و محاسن پُورے طور پر ذہن نشین ہو گئے۔ مسرّت ایک بُلند خیال شاعر تھے۔ میدانِ شاعری میں ان سے قبل کوئی اتنا نام ور نہیں ہوا تھا۔ چند دیوان مرتب کیے۔ اساتذہ کے قصائد پر بے مثل شرحیں لکھیں۔ اُمرائے دہلی و لکھنؤ کی شان میں مدحیہ قصائد لکھے۔ سنائی کے قصیدہ کی شرح میں طبیعت کی جولانی کچھ اس طرح دکھائی کہ باکمال نقادان فن حیرت میں ڈوب گئے۔

در روش حسن و ناز ہست بسے خوشنما ۔ غمزہ بطرز ستم عشوہ برنگ جفا

مندرجہ بالا شعر کی شرح میں وہ ندرت و جدّت کا اظہار کیا کہ اس کی مختلف اسلوب تراکیب سے مختلف معنی پیدا ہو گئے اور سو طرح سے اس کا دلائل سے ثبوت بھی دیا۔ مولانا غلام علی آزاد بگرامی حسان الہند مسرّت کو ماہر فن تسلیم کرتے تھے۔ مسرّت نے آزاد بلگرامی کو ایک عریضہ نیاز مندانہ ارسال کیا تھا جس میں مندرج ذیل رباعی بھی ان کی تعریف میں تحریر کی تھی۔

اے ذات تجمع صفات معنی ۔ یعنی بصفات خویش ذات معنی
صورت نگرمت دفتر علم ہنوز ۔ کز خانہ رقم مزوی برات معنی

آزاد نے بھی جواب میں ایک قطعہ بھیجا اور مسرّت کو سخن سنجی کی داد دی۔

## قطعۂ آزاد

کردارشاد بہ اہلِ سخن استادِ سخن ۔ بادشاہ سخن است آنکہ دہد دادِ سخن
تو سخن سنجی و قدر تو سخنور داند ۔ کیست سنجیدہ بمثل تو استادِ سخن

مسرّت نے ہندوستان میں تعلیم و تربیت پائی ایران کی صُورت نہیں دیکھی نہ کسی اہلِ زبان ایرانی سے صحبت رہی مگر ان کے کلام پر اہلِ زبان ہونے کا دعوکا ہوتا ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمایئے۔

ار پیر و جواں شور تمنائے تو برناست ۔ برخیز کہ عالم بہ تماشائے تو برناست

Marfat.com

من سوختم از سوزِ غم عشق تو اوّل — از خانۂ دل آتش سودائے تو برخاست
یک نیزہ بلند از سر عشاق رود خوں — ایں فتنہ کہ از قامت رعنائے تو برخاست
تسبیح بکف دارم و زنار بگردن — ایں سلسلہ از زلف چلیپائے تو برخاست
نالیدن دلہا عجبے نیست مسرت
سوز عجبے از دل شیدائے تو برخاست

نواب جلال الدین مرزا مہدی علی خاں بہادر خلف نواب سعادت علی خاں مسرت کی قابلیت اور سخنوری کے مداح تھے بار بار انھوں نے فن شعر یا حل مطالب اشعار کے متعلق مسرت سے دریافت کیا ہے۔ مرزا نصیر الدولہ بھی مسرت کے قدر داں تھے اور انھوں نے اپنے علاقہ پر ضلع دار مقرر کر دیا تھا۔ چند سال کے بعد یہ ملازمت ترک کر دی تھی۔ نہایت قابل اور صاحبِ کمال ہونے کے باوجود قسمت کے ہیٹے تھے۔ ایک امید کو ایک عریضہ میں تحریر کرتے ہیں جس میں اپنی بے روزگاری کا شکوہ کیا ہے۔

گردش دوراں ز مقصودم جدا افگندہ است — دستگیرم شو کہ گردونم زپا افگندہ است
از تو می باید کہ بازم جا دہی برجائے خویش — از کجا ناسازیٔ بختم کجا افگندہ است

مشہور ہے کہ مسرت کی اٹھائیس تصانیف تھیں اور فارسی کے دیوان میں چالیس ہزار اشعار تھے۔ شرح قصائد سنائی شرح قصائد عرفی، شرح قرآن السورین، شرح دیوان ناصر علی سرہندی، شرح دیوان زلالی۔ شرح مثنوی عبدالجلیل بلگرامی، بہار دانش منظوم۔ آفتاب مسرت۔ دیوان مسرت۔ باغ سلطان عطا شاہ منظوم جس میں سات سو اشعار تھے۔ اس کے علاوہ امرا و شرفا کی مدح میں جو قصائد اور رقعات لکھے ہیں وہ ان سے الگ ہیں۔ مسرت صرف ناظم ہی نہیں تھے وہ ایک بلند مرتبہ ناثر بھی تھے۔ ان کے ایک دوست غلام حسین نے ان کو چار عدد نیشکر بھیجے تھے آپ نے رسید شکریہ لکھی ہے وہ لائق دید ہے۔

در شکر عنایت رباعی شیریں افزا کہ در خامہ تحریر وصفش بہ نیشکر انگشت نما است۔ ایں رباعی شکر ریز کہ شیرۂ جانش پرداختہ اند حلاوت افزائے کام و دہن دعائے ثنا است۔

اے نیشکر تو داد داد دلہا — شیرینیٔ کام و جاں از وشد پیدا
بالا نہ خود شکر ز شیرینیٔ خویش — باہمچو نبات از نباتست نما

مولانا غلام انبیا، مسرت کے ایک دوست تھے انھوں نے تحفتاً مسرت کو آم بھیجے ان کا شکریہ اس طرح کرتے ہیں:

Marfat.com

"مولانا غلام انبیا سلمہٗ اللہ تعالیٰ۔ انبیائے وسلہ کہ در برابر کشش نام شیریں نمی تواں برد وحلاوت ہارا ترشی آمیزش باید شمر و ترشی ایام راز دل ربودہ و تلخ کامی نہانہ بافراموش خاطر نمودہ۔ عرقش آب در شکر آب کہ آنجا کہ منم تراچہ مایہ وشیرہ اش باشیرۂ نبات شکر رنجی خطاب کہ بالذت من تراچہ پایہ در وصف شیرینی اش لب بہ لب می بندد و حوصنت خموشی بر شکر گفتاری می خندد۔

مرزا فاخر مکیں شاہ جہاں پور تشریف لائے مسرت بھی ملاقات کو گئے اور ان کے کمال علمی کے ایسے گرویدہ ہوئے کہ ان کی شان میں قصیدہ لکھ کر بریلی بھیجا جب مرزا فاخر مکیں وہاں موجود تھے۔ مرزا نے اس قصیدہ کی تعریف کی اور جواب میں بلندیٔ فکر اور رسائی طبع کا اعتراف کیا۔ مسرت کے قصیدے کے چند اشعار قارئین کی نذر ہیں۔

اے عزت کمال — کمام تست — ذات سخن بنام تو فاخر ز نام تست
وقعت مکان — خردرا مکیں توئی — بام بلند اوج طبیعت مقام تست
بیت تو کش سجود کند حرف چوں قسم — بیت الحرام علم ز بس احترام تست

مسرت مشکل اشعار و عبارت اور معامیں خاص دلچسپی رکھتے تھے اور ان کو حل کرنے میں مہارت حاصل تھی۔ آپ نے قدسی، ظہوری اور ناصر علی کے دقیق اشعار پر شرحیں تحریر کی ہیں۔ نواب غلام حسین حسین مسرت کے ماہر فن ہونے کا اقرار کرتے تھے مگر ان کا یہ خیال بھی تھا کہ مسرت کو اپنے کمال فن پر ناز بھی تھا۔

مسرت آخری عمر میں مالی پریشانیوں میں مبتلا تھے۔ اکثر روس کو عرضداشتیں بھیجیں مگر خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوا تو مایوسی میں خود کو ملامت کرتے تھے۔

قدر ہنر نماند مسرت دریں جہاں — بیزارم از ہنر چہ ہنر آرزو کنم

آخری دور حیات میں مزاج میں چڑچڑاہٹ پیدا ہوگئی تھی اس کی وجہ معاشی بدحالی اور پیرانہ سالی تھی جب تک نواب عبداللہ خاں شاہ جہاں پور زندہ رہے کفالت کرتے رہے نواب صاحب کے بعد یہ ذریعہ کفالت و قدردانی ختم۔ مسرت کا انتقال ۱۲۳۶ھ میں ہوا۔ ان کے شاگرد دستور نے تاریخ موزوں کی۔

کجا مسرت افصح سواد درد آمیز — بزار در صدسی وششں وبال انگیز
بگذشت مسرت و غمش جاں گسل است — چوں اونہ دگر صاحبِ علم و عمل است
جستم چو سن وفات آواز ہاتف — گفتا کہ شد سخنوراں بے بدل است

Marfat.com

ایک پُر لطف و دلچسپ حکایت منظوم بھی بطور تواضع قارئین پیش کی جاتی ہے۔

شاہ پُر سید از حکیم ہوشمند ٭ کز تو پُرسم در جہاں آواز چند

گفت شاہ ہا از ہمہ آواز ہا ٭ چار آواز آمدہ از بس پسند

قلقل بانگ صراحی چرچر سیخ کباب ٭ چم چم بوس و کنار کشکش شلوار بند

مسرت کے نام ور تلامذہ میوا رام جوہر۔ بہجت بلگرامی۔ ہمت پرشاد سرور۔ خلیفہ سمیع اللہ مولوی فخرالدین احمد دہلوی۔ حکیم محمد شاہ عالم لکھنوی ہیں۔ مسرت کی نسل میں ان کے خاندان کے افراد موجود ہیں۔

---

# مُلّا سیّد شیر علی عاجز

سرور نے اپنے تذکرہ میں مُلّا شیر علی کا کوئی پتہ تحریر نہیں کیا کہ کس خاندان کے تھے اور کس محلے میں رہتے تھے اور کس کے شاگرد تھے۔ کون کون ہم عصر تھا مگر مُلّا صاحب کی توصیف میں ایک رُباعی سرور نے لکھی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مُلّا صاحب کی قابلیت کا ان کو دل سے اعتراف تھا۔

آں شیر علی کہ شیر میدان علوم ٭ پر نگیش زہر سخنور معلوم

من در عجم کہ باچنیں شیرے ہا ٭ چوں گشت دریں جہاں بعاجز موسوم

اس رُباعی کے بعد لکھتے ہیں "کشاف دقائق عقلی و نقلی مُلّا شیر علی عاجز تخلص شیر میداں خوش کلا میست ودر علم طبابت و در عربی و فارسی وقوف تمامی"۔

تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ حضرت شاہ عبدالرزاق بانسوی رحمۃ اللہ علیہ مُلّا صاحب کے جد امجد تھے اور والد بزرگوار کا اسم گرامی سیّد شاہ غلام علی تھا۔ مُلّا صاحب کے مورث تیرھویں صدی کے شروع یا بارہویں صدی کے آخر میں شاہجہانپور وارد ہوئے تھے اور یہیں رہ کر خاندانی طریقہ قادریہ جاری کیا تھا شہر میں سیکڑوں مُرید تھے اور سب لوگ بڑی قدر وعزت کرتے تھے۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد مسند سجادگی کو رونق بخشی اوصاف بالا پر نظر کر کے سمجھ لینا چاہئے کہ مُلّا صاحب صوفی عالم باعمل۔ مجمع کمالات ہوں گے مخزن علوم نقلی وعقلی۔ طبیب حاذق۔ سخنور کامل تھے۔ ہمارے شہر کے حضرت سیّد فتح علی میاں صاحب قدس اللہ سرہٗ یادگار خاندان غوثیہ مُلّا صاحب کے ممتاز

Marfat.com

اور معزز خلیفہ تھے۔ حضرت عاجزؔ کی سکونت گاڑی پورہ میں تھی عیالدار تھے۔ اپنے بعد دو۲ فرزند سید سیادت علی اور سید شجاعت علی چھوڑے۔ بزرگان طریقت میں اکثر حضرات موزوں طبع اور خوش فکر ہوتے رہے ہیں۔ ملّا صاحب بھی عمدہ شاعر تھے۔ مذاق فارسی تھا افسوس آپ کا کلام نہیں ملا۔ ایک شعر دستیاب ہوا ہے اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

سینہ واکردہ باغوشِ من زار بیا
اے مسیحا پے جاں بخشیٔ بیمار بیا

رحلت کا سن قطعیت کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۵۴ھ کے بعد راہی خلد بریں ہوئے۔ مزار سید اسحاق میاں نور اللہ مرقدہٗ کے مزار کے پاس ہے۔

---

# نواب فیض اللہ خاں اُمّیدؔ

نواب فیض اللہ خاں امّیدؔ بانی شاہ جہاں پور۔ نواب بہادر خاں چغتا کی نسل سے ہیں جیسا کہ ذیل کے نسب نامہ سے ظاہر ہے۔

نواب فیض اللہ خاں اُمّیدؔ خلف نواب عبداللہ خاں المخاطب بہ نواب زین الدین خاں صولت جنگ المتوفی ۱۱۹۳ھ بن نواب زین الدین خاں عرف زین خاں (وفات ۱۱۲۴ھ) ابن نواب غیرت خاں المخاطب بہ دلاور خاں (وفات ۱۰ ذی الحجہ ۱۱۰۲ھ بعمر ساٹھ سال) ابن نواب بہادر خاں چغتا۔ نواب فیض اللہ خاں کے والد ماجد آخری والیٔ شاہ جہاں پور تھے اور ان کی بیوی جانی بی بی کے بطن سے ۱۱۴۱ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ عہد محمد شاہی میں سہ ہزار ذات وسہ ہزار سوار کے منصب دار تھے اور خان بہادری کے خطاب سے سرفراز تھے۔ نواب صاحب ممدوح عالم و فاضل تھے شاعری کا شوق تھا۔ طبیعت بھی موزوں پائی تھی۔ آپ کا فارسی دیوان تھا۔ چند مثنویاں بھی لکھی تھیں۔ ایک رسالہ رسم خط میں بزبان فارسی لکھا تھا۔ اب آپ کی تصنیف سے کوئی تحریر دستیاب نہیں ہوئی۔ نہایت صاحب مروت۔ حلیم۔ شجاع۔ خلیق اور ذی حوصلہ امیر تھے۔ اہل کمال اور شعراء کی قدر افزائی فرماتے تھے۔ خود بھی شاعر تھے۔ فن شعر میں احمد خاں نثار اور مرزا مظہر خاں جان جاناں سے مشورہ سخن فرماتے تھے گاہے گاہے اردو میں بھی طبع آزمائی کرتے تھے۔ فارسی کے دو۲ شعر اور اردو کے تین شعر دستیاب ہوئے جو درج کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

### اشعار فارسی

صبا آورد بوئے گُل مگر وقت بہار آمد　　مرا قاصد نوید آورد بنگر کایں نگار آمد

اے جانِ جاں صورت　　مظہر معانی　　ہر ذرّہ نگاہ ہے اے شمس مہربانی

### اشعار اردو

کچھ تو کبھو رحم آنسو واں پر یار　　لوٹتے ہیں زمیں پر بالک

تو دل کو چاہتا ہے کہ باتوں میں لیوے دل　　سودا نہ ہوگا زلف کی اپنی گرہ تو کھول

احوال فراق اے قلم لکھ　　گر بیش نہ لکھ سکے تو کم لکھ

نواب فیض اللہ خاں کے دو بیٹے نواب مصطفیٰ خاں اور نواب مرتضیٰ خاں تھے۔ آپ کا ۱۵ شوال ۱۲۱۷ھ کو انتقال ہوا قطعہ تاریخ وفات نواب احمد خاں نے تحریر کیا تھا۔

چو او بود نواب عالی جناب　　ولے عالمے بود در علم دیں

شدہ زیں جہاں چونکہ او منتقل　　بجنت بریں شد بہ یکدم مکیں

---

# پیرزادہ شمس الدین معروف بہ سعدی میاں سعد

آپ حضرت پیر دستگیر قطب ربانی غوث الصمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ کی اولاد سے ہیں اور محلہ جھنڈا کلاں میں رہتے تھے علاوہ کمالات ظاہری کے آپ نسبت باطنی سے بھی فیضیاب تھے اور طبیب حاذق بھی۔ آپ جب تک زندہ رہے طبابت کا سلسلہ جاری رکھا۔ مسیحا نفسی سے ہزاروں بیمار اچھے ہوئے۔ طالبوں کو باطنی وظاہری دونوں فیض پہنچائے۔ شاہجہانپور کے خاص وعام آپ کی بڑی قدر منزلت کرتے تھے۔ شاعری میں بھی کمال تھا اس لئے آپ کا کلام دور دور تک مشہور اور طرز حقانیت میں نرالا تھا۔ آپ کا اسم گرامی شمس الدین میاں تھا مگر سعدی میاں کے عرف سے مشہور تھے اور اسی عرف کی وجہ سے آپ کا تخلص سعد تھا۔ روایت ہے کہ مظہر کمالات حضرت میرزا جان جاناں مظہر رحمت اللہ علیہ نواب فیض اللہ خاں بہادر اُمید رئیس قلعہ شاہجہاں کے دولت خانہ میں مہمان ہوئے اتفاق سے پیرزادہ شمس الدین بھی شاہجہانپور میں موجود تھے حضرت مرزا صاحب کی تشریف آوری کی خبر پاکر نواب صاحب کے

Marfat.com

دولت کدہ پر پہنچے اور بڑی تمنا و عاجزی سے مرزا صاحب کو اپنے مکان لے آئے اور بڑی تعظیم و تکریم کی چونکہ دو شاعروں کا ملنا مذاق سخن کو بڑھانے والا تھا لہٰذا پیرزادہ صاحب کی فرمائش سے مرزا صاحب نے اپنی غزل پڑھی جو فی البدیہہ معلوم ہوتی ہے چونکہ مقطع میں سعدی میاں کی پیرزادگی کی طرف اشارہ ہے

رفتم از میکدہ اما بدعا میخواھم　　　　کہ ازیں در نروم لغزش مستان مددے

دیر شد کوچہ و بازار خموش افتاداست　　　　شور مجنوں مددے محشر طفلاں مددے

گفت مظہر غزلے نذر جگر گوشہ تو　　　　غوث اعظم مددے قبلۂ پاکاں مددے

سعدی میاں نے ۱۲۰۶ھ میں رحلت فرمائی۔ حکمت پناہ رفت۔ تاریخ ہوئی۔ آپ کے خاندان کے حضرات شاہجہاں پور میں موجود ہیں اور اب تک ان کا قدیمی و خاندانی وقار قایم ہے۔ یہ معلوم نہیں ہوا کہ آپ نے اپنا دیوان بھی مدوّن کیا تھا یا نہیں اور فن سخن میں کس سے مشورہ لیتے تھے۔ جس زمانے میں آپ کی رحلت ہوئی ہے ہم کو اس وقت کا کوئی استاد شاعر شاہجہانپور میں ایسا نہیں ملتا جس سے سعدی میاں صاحب نے مشورہ سخن لیا ہو ——— ۔ بہر حال موزونئ طبیعت جب ایک صفت خلقی و طبعی ہے تو ممکن ہے کہ آپ کی شاعری وہبی ہو یا باہر کے کسی استاد لکھنوی یا دہلی سے استفادہ کیا ہو۔ چند اشعار ملے ہیں وہ ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

تا گزارے بر سر خاک مزارم کردۂ　　　　از قدم داغ تمنّا لالہ زارم کردۂ

علاج دردِ من کے از لب خنداں او آید　　　　بزخمم چوں نمکداں وہم کافور میگردد

نہ راہے در دلم چوں غنچہ نے پیغام از جائے　　　　چہ اُمید شگفتن در بہاراں زیں چمن دارم

عجب درد سر بود ایں زندگانی　　　　چو از سر گزشتم سبکسار گشتم

بخواب عدم راحتے داشتم من　　　　بچشم کشودن گرفتار گشتم

"خوش فکر" سے بھی تاریخ رحلت نکلتی ہے۔
۱۲۰۶

---

## لالہ موتی لال ساقی

حضرت ساقی محلہ تلئیا گھورن کے ساکن اور شاہجہانپور کے قدیمی باشندے تھے۔ آپ

Marfat.com

نسباً کایستھ تھے مگر یہ معلوم نہیں کہ کس سے اکتسابِ علم کیا تھا۔ خاندانی حالات بھی پردۂ خفا میں ہیں۔ تذکرۂ سرور میں ان کے متعلق لکھا ہے کہ "دریں ضعفِ پیری و کبرِ سن نشۂ جوانی اش ہمچناں باقیست در تمہیدِ سخن و تسوید عبارت و ترسیم علم سیاق و سباق ماہر کامل بود" سرور کے اعتبارِ عبارت سے استعدادِ علمی اچھی تھی۔ عمر اچھی پائی تھی۔ طبیعت رنگین تھی۔ ان کا کلام بڑھاپے میں بھی جوانی کے جوش کو ظاہر کرتا ہے۔ بزبان فارسی شعر موزوں کرتے تھے۔ نمونہ کلام ملاحظہ کیجئے۔

میخواستم رسد بکف پائے آں صنم | آں رنگ پان کہ بر لب جاناں رسیدہ ماند
کے رقیب آگہ کند مارا از تشریف صنم | دوستاں بہر شگوں گبری کلاغ دیگر است
ایں مئے و ساغر برائے دیگراں آوردہ اند | از برائے مستیم ساقی ایاغ دیگر است
مکن اسیر قفس چند روز ہائے صیاد | ز غنچہ تا کہ بہ گلزار رنگ و بو دارد
اثر کرد است شاید در دہن ہر خاطرش ساقی | کہ عذر جور پیشیں را کنوں در ہر سخن دارد

---

# نواب غلام حسین خاں حسینؔ

نواب غلام حسین خاں حسینؔ بانی شاہجہاں پور عمدۃ الملک نواب بہادر خاں چھتا کی نسل سے براہِ راست تعلق رکھتے تھے۔ شجرۂ نسب اس طرح ہے نواب غلام حسین خاں خلف نواب شیر داد خاں ابن نواب بدرالدین خاں بن نواب شہاب الدین خاں خلف نواب عبدالغنی خاں ابن نواب بختیار خاں بن عمدۃ الملک نواب بہادر خاں چھتا بافرزی داؤد ذی بانی شہر شاہجہانپور۔ آپ کا سال ولادت ۱۲۰۷ھ کے آس پاس ہو سکتا ہے کہا جاتا ہے کہ عوض رائے مسرتؔ مشہور شاعر شاہجہانپور کا ۱۲۸۳ھ میں جب انتقال ہوا تو نواب غلام حسین خاں کی عمر ۷۶ سال کی تھی اس حساب سے ۱۲۰۷ھ سن ولادت قرار پاتا ہے۔ نواب صاحب کے والد ماجد نواب شیر داد خاں اپنے زمانے کے شجاع لوگوں میں تھے مشہور ہے کہ زور و طاقت میں ان کا ہمسر اس وقت دوسرا نہ تھا۔ قوی ہیکل بھی تھے اور وجیہہ و خوبصورت بھی۔ نواب غلام حسین خاں کی جب ولادت ہوئی تو تختِ دہلی پر شاہ عالم کا چراغ سلطنت ٹمٹما رہا تھا اور ریاست رام پور میں نواب فیض اللہ خاں مسند نشین تھے

Marfat.com

سنہ ۱۲۰۸ھ میں ان کی رحلت کے بعد احمد علی خاں والئ رام پور ہوئے۔ لکھنؤ میں وزیر الممالک نواب آصف الدولہ کا ڈنکا بج رہا تھا اور وہاں داد و دہش اور اہل علم کی قدر دانی ہو رہی تھی روہیلکھنڈ اور دہلی کے رہنے والے لوگ لکھنؤ کی جانب رواں دواں تھے۔ قلعہ شاہجہانپور میں اگرچہ پچھلی سی ثروت و امارت باقی نہیں رہی تھی مگر پھر بھی بہت کچھ تھی۔ معقول زمینداریاں تھیں ہر ایک بے فکری اور فارغ البالی سے بسر کرتا تھا۔ نواب غلام حسین خاں کے بزرگ بھی گھر کے دولت مند تھے۔ شہر کے عمائد اہل قلعہ کی تعظیم کرتے تھے۔ نواب صاحب نے طالب علمی کا زمانہ مکان ہی پر ختم کیا۔ فارسی کی استعداد فاضلانہ تھی۔ عربی میں اگرچہ علامہ نہیں تھے مگر ایسے بھی نہیں تھے کہ معمولی عربی دانوں کے سامنے عاجز ہوں۔ حافظہ اور ذہن بلا کا تھا اس پر قوت گویائی اور حاضر جوابی مشہور ہے کہ نواب صاحب کو جس قدر علمی لیاقت تھی اس سے کہیں زیادہ ان کی تقریر اور حاضر جوابی سے معلوم رہتی تھی یہاں تک کہ منطقی نکات اس خوبی و صفائی سے بتاتے اور سمجھاتے کہ بڑے بڑے عالم قائل ہو جاتے تھے۔ حافظ نثار احمد خاں عرف حافظ بدھن خاں نائب مرحوم جو نواب صاحب کے شاگرد تھے اپنی حیات میں فرماتے تھے کہ نواب صاحب کی لیاقت علمی معمولی سے بھی کم تھی مگر دوسری جانب یہ بھی فرماتے تھے کہ نواب صاحب نے ایک انشاء ہمشکل رسالہ پنج رقعہ کے لکھی تھی بڑی نادر اور نہایت رنگین۔ نکات نثر سے مملو۔ صنائع و بدائع کا دفتر کچھ آسان کچھ دقت پسند۔ اس تالیف انشا سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ نواب صاحب ضرور قابل اور طباع تھے۔ حضرت نائب مرحوم ایک روایت مزید بیان کرتے تھے جو غالباً انھوں نے نواب صاحب ہی سے سُنی ہوگی وہ یہ کہ مسرت نے ایک مرتبہ نواب صاحب کے سامنے یہ شعر پڑھا۔

قلم چوں جلوہ آرائے رقم شد          رقم بالید و ہمدوش قلم شد

نواب صاحب نے شعر میں ترمیم کی کہ بجائے بالید کے برجست ہونا چاہیے۔ چونکہ یہ تصرف رئیسانہ و امیدانہ تھا مسرت کو بمقتضائے وقت سوائے تسلیم کر لینے اور داد تصرف دینے کے چارہ ہی کیا ہو سکتا تھا اس وقت تو اصلاح کی بہت تعریف کی مگر بعد کو اپنا شعر ترمیم نہیں کیا نواب صاحب کے شاگرد ہونے کا صحیح پتہ نہیں چلتا کہ کس کے شاگرد تھے۔ حضرت نائب اس کے بھی راوی تھے کہ نواب غلام حسین خاں حسینؔ نواب فقیر محمد خاں گویا رئیس ملیح آباد کے شاگرد تھے اگرچہ یہ صحیح ہے کہ نواب صاحب اور نواب فقیر محمد خاں گویا میں رسم ملاقات دوستانہ بہت تھی اور نواب صاحب اکثر لکھنؤ یا ملیح آباد جاتے اور حضرت گویا سے ملتے اور ایک ایک

Marfat.com

دو دو ماہ تک مقیم رہتے مگر اس کے باوجود گویاؔ کی قابلیت شاعری اور نواب غلام حسین کی لیاقت سخنوری میں نمایاں فرق ہے۔ یقین نہیں ہوتا کہ نواب صاحب جو استعداد غزل گوئی میں گویاؔ سے بہتر تھے گویاؔ کے شاگرد ہوتے یہ ممکن ہے کہ گویاؔ کے توسط سے شیخ ناسخؔ یا خواجہ وزیر کو اپنا کلام بغرض اصلاح بھیجا ہو یا خود پیش کیا ہو مگر یہ سلسلہ بھی دو چار سال ہی رہا ہوگا۔ کیا عجب کہ عوض رائے مسرتؔ سے جو قلعہ کے حاضر باش تھے کلام فارسی میں نواب صاحب نے اصلاح لی ہو۔ اس وقت سوائے مسرتؔ کے شاہجہاں پور میں اس پایہ اور مرتبے کا کوئی اور فارسی گو شاعر موجود نہیں تھا بہرحال جو کچھ کہا گیا وہ قیاس اور قرینہ پر مبنی ہے۔ نواب صاحب کا امیر گھرانہ تھا۔ زمینداری بھی معقول تھی مگر نوابی کے خرچ آمدنی سے زاید تھے جائداد مکتفی نہ ہوئی۔ ایک حسین و جمیل بریلی کی رہنے والی طوائف منگو جان کی چاہت میں خوب جی کھول کر مال و زر نثار کیا یہاں تک کہ مقروض اور تنگدست ہوگئے۔ اس محبت کے سلسلے میں نواب صاحب کی زندگی کا ایک حصّہ بریلی میں گزرا۔ حافظ رحمت خاں شہید کے خاندان سے بوجہہ رشتہ داری و ہم قومی کے مساوات بھی تھی اس لیے نواب صاحب وہیں ٹھہرتے اور بہت عزت کے ساتھ ہاتھوں ہاتھ لیے جاتے۔ نواب خان بہادر خاں جو رئیس خاندان حافظ الملک کے تھے وہ نواب صاحب کی مدارات میں کوئی بات اٹھا نہیں رکھتے تھے۔ یہ آبائی اعزاز اور اعلیٰ خاندانی کا اثر تھا کہ نواب غلام حسین خاں نے خودداری کو ہاتھ سے نہیں کھویا۔ بیباک اور آزاد شاعر تھے۔ نواب صاحب نے اپنی زبان کو کسی کی مدح سے آلودہ نہیں کیا حالاں کہ لکھنؤ میں غازی الدین حیدر اور نصیر الدین حیدر اور دیگر نامی وگرامی امیر و وزیر موجود تھے۔ نواب یوسف علی خاں والی رامپور جو شاعر تھے اور ناظم تخلص تھا نواب غلام حسین خاں کی بڑی قدر و منزلت کرتے تھے اور آمد و شد کا کا سلسلہ جاری تھا مراسم دوستانہ کے سوا نواب صاحب نے ان کو بھی کبھی ممدوح نہیں بنایا۔ نواب صاحب کے اصراف زندگی امیرانہ تو تھے ہی ریاست آبائی کیوں کر کافی ہوتی آخر کار قرض کے بار میں دبی اور ہاتھ سے جاتی رہی۔ بتایا جاتا ہے کہ نواب صاحب رام پور نے غلام حسین خاں کا ماہانہ مقرر کر دیا تھا مگر یہ بات تحقیق سے پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی۔

نواب غلام حسین بریلی اور دہلی جاتے رہتے تھے۔ لکھنؤ جانے کے مواقع زیادہ ملتے تھے۔ مرغ بازی کا شوق تھا۔ فقیر محمد خاں گویاؔ بھی ہم شوق تھے یہ وہ زمانہ تھا کہ نواب سعادت علی خاں وزیر الممالک کا دور ختم ہو چکا تھا اور غازی الدین حیدر تاجدار اودھ تھے۔ مشاعروں کی گرم بازاری تھی۔ میرؔ۔ مصحفیؔ۔ سوداؔ۔ انشاؔ وغیرہ مر چکے تھے نئے شاعر شہرت کا جھنڈا گاڑ رہے تھے۔

Marfat.com

حسام الملک نواب فقیر محمد خاں گویاؔ سے مراسم دوستانہ تھے جب جاتے نواب غلام حسین خاں نواب گویاؔ کے ساتھ شعر و سخن کے جلسوں میں شریک ہوتے۔ ملیح آباد میں بھی اکثر قیام کرتے تھے۔ وہ کیا زمانہ ہوگا کہ مشاعرے میں ایک طرف شیخ امام بخش ناسخؔ معہ اپنے نامور تلامذہ برقؔ۔ بحرؔ۔ رشکؔ۔ خواجہ وزیرؔ۔ سحرؔ وغیرہ کے اور دوسری طرف خواجہ حیدر علی آتشؔ معہ اپنے قابل شاگردوں رندؔ۔ صباؔ۔ خلیلؔ۔ فروغؔ وغیرہ کے بیٹھتے ہوں گے اور انھیں میں نواب غلام حسین خاں حسینؔ گویاؔ کے ہمراہ شریک صحبت ہو کر لطف اندوز ہوتے ہوں گے۔ اساتذہ لکھنؤ کی صحبت نے حسینؔ صاحب کا شوق گویائی بڑھا دیا اور زباندانی حاصل کر کے اچھے خاصے شاعر بن گئے۔ کلام میں فصاحت آگئی۔ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ نواب غلام حسین خاں حسینؔ نے اپنے استاد کے نام کو پوشیدہ کیوں رکھا۔ جس طرح لکھنؤ والوں سے فن سیکھا تھا فراخدلی سے استاد کا نام بھی ظاہر کیا ہوتا بہر حال نواب صاحب کو ناسخیؔ سمجھ لینا چاہیئے اور یہ بات لکھنؤ میں مشہور بھی ہوئی تھی کہ حسینؔ ناسخؔ کے یا حضرت گویاؔ کے ممتاز شاگرد تھے۔ یہ بات بھی مشہور ہے کہ فقیر محمد خاں گویاؔ تعلق قلبی کی وجہ سے نواب صاحب کے ساتھ سلوک مالی بھی کرتے تھے یہ سلوک برادرانہ تھا نہ کہ امیرانہ۔ حضرت گویاؔ کا انتقال نواب صاحب کی زندگی ہی میں ہوا تھا۔ ایک غزل کے مقطع میں اظہار غم کے بطور کہا تھا۔

زندہ در گور ہوا فرقت گویاؔ میں حسینؔ　　لکھنؤ کو وہ مگر شہر خموشاں سمجھا

نواب صاحب شعرائے لکھنؤ کے بڑے مداح تھے اور انھیں کی روش پر چلنا چاہتے تھے غزلوں میں وہی لکھنؤ کا رنگ ہے۔ اس کے ثبوت میں چند شعر دیکھیے۔

کیا ظریفانہ لکھا بحرؔ نے مصرع یہ حسینؔ　　کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہو کر
یاد رکھنا کہ وہ ریختہ گوئی میں حسینؔ　　ناروا ہے جو قدم بر قدم میرؔ نہ ہو
کیا ہی سنجیدہ لکھا شعر یہ قاسمؔ نے حسینؔ　　دیکھ انصاف سے تو یک دل و یک رو ہو کر
آزمانے کو ہر اک کے کہ ہے کس وزن کا کون　　تول لیتا ہے ترا تیر ترازو ہو کر
اگرچہ نخل سخن کی بہت ہیں فرع حسینؔ　　اصول میرؔ ہی کافی غزل سرا کے لئے
بعد میرؔ و مصحفیؔ اس میں نہیں شک اے حسینؔ　　ناسخؔ و آتشؔ یہ دونوں لکھنؤ کی جان تھے

شاہجہانپور میں جب ۱۸۵۷ء کا غدر برپا ہوا تو قلعہ کے بعض رئیس اہل فوج کی تحریک و شرکت سے باغی بن کر کھڑے ہو گئے۔ نواب غلام حسین خاں بھی شبہ بغاوت میں گرفتار ہوئے مگر صفائی دے کر بری ہو گئے۔ بعد غدر جب کہ لکھنؤ کی حکومت کا خاتمہ ہو چکا تھا اور فقیر محمد خاں گویاؔ

Marfat.com

بھی رحلت فرما چکے تھے۔ نواب صاحب کی زیادہ آمد و رفت رامپور کی طرف رہی۔ نواب غلام حسین کے کثیر تلامذہ تھے مگر ان میں زیادہ نام ور میر امداد علی شاد۔ حافظ نثار احمد خاں نائب۔ رؤف احمد شفا۔ سید محمد محسن عرشی۔ شیخ امید علی ساکن گاڑی پورہ اپنے وطن کے ہر وضیع و شریف کو جوان سے ملتا تھا محبت و عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ہر ایک کے ساتھ ان کا برتاؤ یکساں تھا۔ اعلیٰ قدر و مراتب نواب غلام حسین کی خدمت بھی شیخ صاحب کو کرنا پڑتی تھی۔ یہ آخیر زمانہ تھا کہ ۱۲۸۱ھ میں نواب صاحب نے رحلت فرمائی۔ ان کے شاگرد حضرت نائب نے قطعہ تاریخ رحلت تحریر کیا۔

عیش و سرور سے مجھے نائب فراغ ہے — دل محو درد ہے تو جگر وقف داغ ہے
اندھیر ہے جہاں میں وفات حسین سے — ہاتف پکار تا ہے۔ ہوا گل چراغ ہے
۱۲۸۱ھ
حسین ذی ہمم رفت از جہاں وائے — کہ میدارد عدیلش مثل عنقا
چو از روئے بلد تاریخ جستیم — ندا آمد۔ دریغا وائے و یلا
۱۲۸۱ھ

نواب صاحب اپنے خاندان میں عجیب و غریب انسان تھے۔ نہایت خوش تقریر معاملہ فہم بڑے سحر بیان و سلیم الطبع آپ کی اصابت رائے تمام شہر میں مشہور تھی۔ نواب صاحب کی وجاہت ظاہری بھی قابل دید تھی۔ بہت خوش رو۔ سرخ و سفید رنگ۔ کشیدہ قامت مگر جسامت متوسط تھی وہ بھی نہایت سڈول۔ گول چہرہ۔ فراخ سینہ۔ بڑی بڑی آنکھیں غرض یہ کہ خوبصورت شخص تھے۔ جب ملکۂ وکٹوریہ نے ہندوستان کی حکومت کمپنی بہادر سے اپنے ہاتھ میں لی تو ہندوستان کے معزز خاندانوں کے ارکان پر عنایات شاہانہ مبذول کر کے ان کی عزت افزائی کی تو چند خلعت خیر خواہان سلطنت کے لیے شاہجہاں پور بھی آئے۔ ایک خلعت وائسرائے نے نواب غلام حسین خاں حسین کو بھی پہنایا۔ نواب صاحب کی قبر موضع مصری پور کے آبائی قبرستان میں ہے۔

نواب صاحب کے دو دیوان ایک اردو اور ایک کلام فارسی کا ان کی زندگی ہی میں مرتب ہو گئے تھے مگر ان کی نگہداشت نہیں ہوئی اور غدر کے بعد غائب ہو گئے۔

راقم الحروف نے انتہائی جانفشانی۔ جانکاہی اور تلاش بسیار کے بعد کچھ اردو فارسی کلام دستیاب کر لیا ہے جو بطور نمونہ پیش کیا جا رہا ہے۔ نواب صاحب کی طبیعت جدت آفریں و بلند پرواز واقع ہوئی تھی اسی سبب سے بیشتر اشعار میں ایجاد مضامین کی جھلک نظر آتی ہے۔ عاشقانہ رنگ سے علیحدہ کہیں کہیں فاضلانہ قابلیت سے بھی کام لیا ہے اور کہیں تہذیب و متانت کا خیال ذکر کے ایسے آگے بڑھ گئے ہیں کہ جان صاحب بھی پیچھے رہ گئے۔ نواب صاحب نے

Marfat.com

اپنے کلام کے قدردانوں کو ہر قسم کی لذت چکھائی ہے۔ اس لئے از ہر قسم اشعار پیش خدمت ہیں

## نواب صاحب کی فاضلانہ قادر الکلامی

سپید ایسا ہوا ہے خون سیکا اس زمانہ میں
کہ مہر مادری ہے استعارہ ام صبیاں کا

طائر روح کے اڑنے سے نہ ہوں گے منفک
دل میں ہیں بیضۂ فولاد کے جوہر کردار

دل سے بسم اللہ نکلتی ہے یہاں بے اختیار
ہم سمجھتے ہی نہیں مجرور کو اور جار کو

ممکن کی آنکھ سے ہے یہاں سرسبز وجوب
واجب نہیں ہے عالم امکاں ہے بے خبر

آئینۂ وجوب کا عکس آشنا ہے عشق
امکاں میں اپنے روپ بدلنے لگا ہے عشق

منطقی مظہر ناقص کو اتم سمجھا میں
یہ مقولہ ہے نیا کیف کو کم سمجھا میں

عجب طرح کا تقابل ہے لفظ و معنی میں
زباں کو حال نہیں اور دل کو قال نہیں

زبان حال سے کہتی ہے جنس حیوانی
نصیب نوع بشر فصل اعتدال نہیں

اثر بادۂ گلرنگ عجب ہے کہ یہاں
گنگ گویا شنوا جذر اصم ہوتا ہے

کل مرا اور ہی صحرا میں گزر تھا کہ وہاں
منزل نفی نہ تھی مسلک اثبات نہ تھی

کس نے کیا سوال کہ جس کا جواب دوں
تشبیہ مجھ کو دیتے ہو جذر اصم سے کیوں

---

سواد نامہ ہے یا خوں ہے مجنوں کی رگ جاں کا
قلم ہے کف میں یا ہے نیشتر لیلیٰ کی مژگاں کا

مری جانب نہیں پھرتا ہے منہ اس کا کسی صورت
مقلد بخت برگشتہ ہے کس برگشتہ مژگاں کا

ہمارے دل سے کی قطع نظر اس نے بحمد اللہ
کہ سو آفت سے ہے محفوظ شیشہ طاق نسیاں کا

میں اس کا معتقد ہوں شعر کا جو لطف اٹھاتا ہے
سخن گو سے کہیں بڑھ چڑھ کے رتبہ ہے سخنداں کا

بڑھا جاتا ہے ناقہ قیس مسکیں کب تلک دوڑے
گلا بیٹھے الٰہی اب تو اس ظالم حدی خواں کا

سمجھ لے توڑ ڈالوں گا ابھی میں رشتہ جاں کو
اگر جراح تو نے میرے دل کے زخم کو ٹانکا

عبادت سے مجھے اتنی غرض ہے عہد پیری میں
کہ وقت واپسیں رہ جائے پردہ میرے ایماں کا

---

لگائی مجھ پہ جو تلوار دوستانہ ہوا
حساب پاک بہم دل میں دوستانہ ہوا

طلسم گاہ نہیں ہے جو عالم دنیا
جہاز عمر کا خشکی میں کیوں روانہ ہوا

Marfat.com

رولایا مجھ کو بہت میری بدگمانی نے
ہنسی خوشی سے جو قاصد ادھر روانہ ہوا
لگا کے مہندی وہ کس درجہ باغ باغ ہوئے
وفائے وعدہ کا اچھا انھیں بہانہ ہوا

---

ہمارا دردِ سر ہرگز نہیں صندل سے جانے کا
خدا قایم رکھے پتھر بتوں کے آستانے کا
حسینؔ بے گنہ کی آنکھ کب مقتل میں جھپکے گی
کہ عالم اس نے دیکھا ہے تری تیوری چڑھانے کا

---

حسبِ خواہش کس نے پایا ہے لباس عاریت
غنچہ بے دامن رہا گل بے گریباں رہ گیا
داورِ محشر بھی میرا ماجرا سُن کر حسینؔ
رکھ کے انگشت تاسف زیر دنداں رہ گیا

---

تب میسّر شربت دیدار جانانہ ہوا
جبکہ اپنی عمر کا لبریز پیمانہ ہوا
میری حالت سُن کے لوگوں سے "وہ بولا ناز سے
کیا حسینؔ متقی بھی مجھ پہ دیوانہ ہوا

---

اس کے کوچے میں اگر اپنا کبھی جانا ہوا
آہ بے تاثیر کی صورت پلٹ آنا ہوا
دل جو ناخوش ہو تو دار العیش ہے بیت الحزن
مجھ کو رونا آگیا جب اس کے گھر جانا ہوا

---

ناصحا جیب دری سینہ زنی کرنے دے
ہاتھ اپنا ہے جگر اپنا گریباں اپنا

---

فروغ حسن سے خالی کوئی مکاں نہ رہا
برنگ ماہ تو ہر شب کہاں کہاں نہ رہا

---

رات بولے وہ مرے گھر آکر
اب تو آباد ہوا گھر تیرا
تو ہی منصف ہو کہ ہنگام قسم
غیر کا ہاتھ ہو اور سر تیرا

---

حضرت واعظ عبث تشریف لاتے ہیں حسینؔ
خود تو وہ سمجھے نہیں ہیں مجھ کو سمجھائیں گے کیا

---

درپردہ دل کا یار سے یارانہ ہوگیا
اپنا جو تھا رفیق وہ بے گانہ ہوگیا

Marfat.com

درتک قضا بھی آ کے شب ہجر پھر گئی
اتنا مہیب اپنا سیہ خانہ ہو گیا

---

باغ تھا ساقی تھا مطرب تھا فضا تھی میں نہ تھا
سائباں ابر تھا ٹھنڈی ہوا تھی میں نے دیکھا

---

جب کہا میں نے کہ کیوں جنجال میں ڈالا مجھے
ہنس کے بولے زلف کا فرما جرا تھی میں نہ تھا

---

مجھے نہ کاٹ سکی تیغ تیز اعدا کی
میں اپنی خوئے ملائم سے غرق آہن تھا

---

یاد آتا ہے خراب شب ہجراں ہونا
اشک پرشور سے آنکھوں کا نمکداں ہونا

---

مجھ کو کچھ مشورہ کرنا ہے اسے آج نہ چھیڑ
اے جنوں عقل سے کل دست و گریباں ہونا

---

مغفرت کی کوئی صورت نظر آتی ہی نہیں
ہاں مگر ایک بھروسہ ہے گنہ گاری کا

---

یہ لب سے نالے آئے مسلسل کشش بہت ہیں پڑی ہے ہلچل
لگائے چشم قمر میں کاجل دھواں مری آہ آتشیں کا
وہ رات آنکھوں سے میں نے دیکھا نہیں ہے کچھ فرق اس میں ہمدم
کہ جستہ جستہ جو حال تو نے کہا تھا مجھ سے کہیں کہیں کا
نہ بیٹھو کوٹھے پہ چاندنی میں اتر کے گلیوں کی خاک چھانو
وہ اب نہیں منہ رہا تمہارا جو ماند ہو چاند چودھویں کا
سخن کی تحصیل ہو رہی ہے قلم شب و روز یاں ہے جاری
حسین مجھ کو سخنوراں سے خراج لینا ہے اس زمیں کا

نواب غلام حسین خاں حسین کا اصلی مذاق سخن فارسی گوئی تھا۔ نثر فارسی بھی عمدہ لکھتے تھے۔ نواب صاحب خوش مذاق شاعر تو ضرور تھے مگر بہت کم شعر کہتے تھے تاہم ان کی اس قدر غزلیں ضرور تھیں کہ دیوان مرتب ہو گیا۔ سنا ہے کہ نواب صاحب کی زندگی میں کوئی مسلمان ماسٹر جو خوشنویس بھی تھے مسودات صاف کرنے کو لے گئے اور وہ کل دیوان صاف کر گئے۔ نہ مسودات واپس دیئے نہ صاف شدہ غزلیں البتہ کلام اردو نواب احمد اللہ خاں عرف ہکلے نواب کا جمع کیا ہوا موجود رہا اور حسن اتفاق سے نواب صاحب کا کلام فارسی کچھ ادھر ادھر شاگردوں کے پاس موجود تھا اس سے بھی ایک مجموعہ تیار ہو گیا۔ سنا ہے کہ فارسی کا کلام بشکل دیوان کسی طرح منشی رفعت رفعت مرحوم کے کتب خانہ

Marfat.com

میں پہنچ گیا تھا منشی رفعت علی اور ان کے فرزند منشی والاشان کے بعد کم علم بلکہ بے علم اولاد نے دیوان خانہ جس میں کتب خانہ بھی تھا جب ضروریات کے لیے استعمال کیا تو کل کتابوں کو نکال کر بالاخانے کے سائبان میں ڈھیر کر دیا جو دھوپ بارش بوچھار اور گرد و غبار سے گل سڑ گئیں اور جو صاف ستھری نکلیں وہ ایک پاکستانی کے ہاتھ دو چار سو روپیہ میں فروخت کر دیں۔ وہ کتب خانہ جس میں تقریبًا اسّی فیصد قلمی نسخے تھے اور لاکھوں روپیہ کی مالیت کے ہوتے نااہل ورثار کی ناقدری کا شکار ہو گیا۔

نواب صاحب کے صرف چند فارسی اشعار جس میں سے چند تاریخ صبیح میں بھی درج ہیں یہاں ناظرین کے لیے پیش کرتے ہیں۔

غائب از چشم جہاں باشد جہان کے دوست | یافتم از بے نشا ینہان نشان کوئے دوست

فشاندم دست از دونیا وعقبیٰ | طفیل ہمت مردانہ خویش

بگوش کبر من افسون فقر کار نکرد | وانجاک نشانیدو خاکسار نکرد

نواب احمد علی خاں عرف بھلے نواب جن کا مقبرہ محلہ گوہر پورہ میں مشن اسکول کے مقابل بجانب مشرق موجود ہے صاحب جائیداد تھے۔ چوراسی مواضعات زمینداری میں تھے جو رفتہ رفتہ قرض کی نذر ہو گئے پھر بھی جو کچھ چھوڑا بہت تھا۔ ان کی زوجہ منصب بیگم قابض متصرف تھیں اور لاولد تھیں۔ ان کے انتقال کے بعد وارثان میں نزع پیدا ہوا۔ نواب غلام حسین خاں بھی وارث تھے محمد عبدالرحیم نے اپنی وکالت صرف کی آٹھ سال کے بعد نواب صاحب کے حق میں فیصلہ ہوا مگر افسوس عید ہوئی، ولے شام کو ڈگری کا حال معلوم ہوا تو نواب صاحب اس دنیا سے سدھار چکے تھے۔ نواب ظفر خاں پوتے موجود تھے وہ ڈگری شدہ حصہ ان کو ملا آبائی جائداد تو نواب صاحب خرچ کر چکے تھے لیکن شان نوابی مرتے دم تک نہ گئی چار کہار۔ دو خدمت گار دو باورچی تنگدستی میں بھی خدمت پر مامور رہے۔ دسترخوان وسیع تھا۔ یہ جائداد جو لڑ جھگڑ کر ملی تھی نواب مظفر علی خاں نے صرف بیجا کے ہاتھوں پھونک دی۔

نواب غلام حسین خاں حسینؔ سے متعلق چند روایات حافظ حکیم معشوق علی خاں جوہر رئیس گاڑی پورہ نے تحریری طور پر محفوظ کر لی تھیں ان میں سے چند یہاں پیش کی جاتی ہیں اگرچہ یہ روایات بہت شہرت حاصل کر چکی ہیں جن کے دہرانے کی چنداں ضرورت تو نہیں ہے مگر آنے والی نسلیں ممکن ہے بھلا دیں اس خیال کے ماتحت ضروری ہے کہ معرض تحریر میں لے آئی جائیں اور دستاویزی صورت اختیار کر لیں۔

ایک مرتبہ نواب صاحب لکھنؤ میں موجود تھے خواجہ آتشؔ نے اپنا یہ شعر پڑھا

Marfat.com

چال ہے مجھ نیم جاں کی مُرغ بسمل کی طرح
ہر قدم پر ہے یقیں یاں رہ گیا واں رہ گیا

نواب صاحب نے سُن کر فوراً یہ اعتراض کیا کہ مرغ بسمل کو رفتار سے کیا واسطہ۔ ہاں اس کے لیے تڑپ کی ضرورت ہے۔ کاش یہ شعر یوں ہوتا تو اچھا ہوتا۔

چال ہے مجھ نیم جاں کی مُرغ بسمل کی تڑپ"

ایک لفظ ــــ کے ردو بدل سے شعر میں جان آگئی اور مضمون بھی صحیح ہوگیا۔ اسی طرح حضرت ناسخ کا جب یہ شعر سُنا۔

دے دوپٹہ تو اپنے ململ کا ناتواں ہوں کفن بھی ہو ہلکا

نواب صاحب نے فرمایا دوپٹہ کو اگر تولا جائے تو یقیناً چھٹانک آدھ پاؤ کا نکلے گا۔ کچھ تو وزن ضرور ہوگا جو ناتوانی کے خلاف ہے معشوق کی نزاکت کی طرح عاشق کی ناتوانی بھی ہونا چاہیئے لہٰذا یہ شعر یوں ہو تو بہتر ہے۔

ڈال دے سایہ اپنے آنچل کا" ناتواں ہوں کفن بھی ہو ہلکا

کلیات آتش میں تو حسبِ روایت "مرغِ بسمل کی تڑپ" موجود ہے مگر ناسخ کے دیوان میں ترمیم شدہ نہیں ہے۔ لکھنؤ میں یہ ناسخ کے شعر والی ترمیم نواب غلام حسین خاں حسینؔ کے نام سے مشہور نہیں ہے وہاں کے لوگ اور طریقے سے بیان کرتے ہیں۔ نواب صاحب شیخ ناسخ کا نام بڑی عزت سے لیتے تھے۔ یہ واقعاتِ صحت سے معرّا نظر آتے ہیں۔

نواب صاحب کی ظرافتِ طبعی کے چند لطیفے ذیل میں درج کیے جاتے ہیں ناظرین ذہانت کا اندازہ کرلیں۔ لطیفہ۔ نواب صاحب لکھنؤ میں منشی سید فضل رسول واسطی مرحوم تعلقدار سندیلہ سے بھی کبھی کبھی ملنے جاتے تھے چونکہ منشی صاحب عمدہ شاعر بڑے مہمان نواز اور ملنسار تھے اس لیے نواب صاحب کی بڑی مدارات کرتے تھے تپاک سے ملتے اور قدر و عزّت سے ٹھہراتے۔ شعر و سخن کے چرچے رہتے۔ ایک مرتبہ کوئی شخص میر امام علی نامی منشی صاحب کے ہمراہ تھے انھوں نے بوجہ ناواقفیت موقع پاکر نواب صاحب کا نام دریافت کیا۔ چوں کہ ظرافت کا موقع تھا نواب صاحب نے جواب دے دیا مجھے امام حسین کہتے ہیں میر صاحب جو شیعہ تھے بہت حیرت ہوئی۔ چپ ہو رہے۔ نواب صاحب بولے میر صاحب تعجب کیوں کرتے ہو تم امام علی ہو تو میں امام حسین ہوں۔ اب بھی ایک درجہ

Marfat.com

میرا گھٹا ہوا ہے۔ منشی سید فضل رسول نے سُنا تو ہنسے اور نواب صاحب کی ظرافت آمیز ذہانت کی بڑی داد دی۔

کبھی لکھنؤ بھی عجب آزاد شہر تھا۔ ایک مرتبہ وہاں کے آزاد طبع اور ظریف لوگوں نے نواب صاحب کی ذہانت دیکھنے کے لیے کاغذ پر انگریز کا چہرہ اس کے آگے سورج اس کے آگے (بان) ایک ہتھیار بنا کر پیش کیا اور نواب صاحب سے پوچھا کہ بتلایئے یہ کوئی نام ہے یا شعر ہے یا فقرہ۔ نواب صاحب نے اس کاغذ کو دیکھا ہنسے اور سادگی سے بولے یہ تو صاحب مہربان ہے۔ واہ صاحب کسی نے اچھا روشن فقرہ ایجاد کیا ہے۔ گذشتہ زمانے میں مصری لوگ بھی یوں ہی لکھا کرتے تھے اور اس کا رواج چین میں بھی تھا۔ میں بھی لکھنا جانتا ہوں۔ میرا لکھا ہوا پڑھ دو تو میں جانوں کہ بڑے قابل ہو۔ چنانچہ نواب صاحب نے اسی کاغذ کے ذیل میں ایک حلقہ جس کا منہ کھُلا ہوا تھا قلم سے بنایا اور اس کے آگے لفظ کمر اور کمر کے آگے خون کا لفظ لکھا اور اس کے آگے درخت کی شکل بنا کر اس پہ درخت آگ تحریر کر دیا اور موجودین سے پوچھا کہ حضرات ذرا اس تحریر کو بھی دیکھئے اور فرمایئے کہ یہ کوئی شعر ہے یا فقرہ یا نام یا پہیلی۔ حاضرین کاغذ کو دیر تک دیکھتے رہے مگر کچھ نہ بتلا سکے حتیٰ کہ مکان کو لے گئے اور صبح کو کورے چلے آئے۔ نواب صاحب سے بولے کہ حضرت ہماری سمجھ تو بالکل قاصر ہے اب مہربانی فرما کر آپ ہی اس دقت کو رفع کریں۔ نواب صاحب ہنسے اور بولے کہ بھائی یہ تو بڑا سہل فقرہ ہے۔ میلے ٹھیلے کو جاتے ہو اور نہیں سمجھتے ہو۔ کیا غازی میاں کی برسی کا میلہ کبھی چلتے نہیں دیکھا اگر دیکھا ہو تو یاد کر لو۔ جانے والے یہی تو سہرا کہتے جاتے ہیں۔ بالا میاں دم مدار۔ مستفرین ہنسنے لگے اور نواب صاحب کی ذکاوت اور حاضر جوابی کی داد دینے لگے۔

نواب صاحب لکھنؤ میں تھے اور اس وقت قیام گاہ میں چند اہل سخن بھی بیٹھے تھے۔ نواب صاحب نے خدمت گار سے کہا کہ دیا جلا دو۔ حاضرین سن کر معترض ہوئے کہ حضرت آپ شاعر ہو کر چراغ کو دیا فرماتے ہیں۔ نواب صاحب بولے کہ صاحبو میں ایک قصبہ کا رہنے والا ہوں وہاں کی زبان وضع۔ قطع۔ محاورہ۔ روزمرّہ کوئی مستند نہیں، شاعر ہوں تو کیا ہوا۔ قصباتی زبان کہیں جا سکتی ہے۔ ہاں آپ لوگوں سے زبان سیکھتا ہوں۔ آجائے گی تو ایک دن مستند ہو جاؤں گا۔ مگر یہ تو فرمایئے یہ جو بازار میں ایک چھوٹا سا بکس لکڑی کا بکتا ہے اور اس میں پتلی

Marfat.com

تیلی سلائیاں جن میں مصالح جلنے کا لگا ہوتا ہے اس کو آپ لوگ کیا کہتے ہیں۔ حاضرین سوچ کر بولے اس کو دیا سلائی کہتے ہیں۔ نواب صاحب نے فرمایا یہ کہنا تو زبان کے خلاف ہے "چراغ سلائی" کہنا چاہئے کیوں کہ دیا سلائی ولایتی نام نہیں ہے آپ لوگوں ہی نے رکھا ہے۔ بجائے دیا سلائی کے کوئی اور نام ہو تو بتلائیے۔ حاضرین یہ جواب سن کر نواب صاحب کی خوش مذاقی اور متانت کے قائل ہو گئے۔

---

# قاضی سیّد سرفراز علی سیّدؔ

قاضی سیّد سرفراز علی کے دادا شیخ اللہ داد بعہد اورنگ زیب عالم گیر ترمذ سے وارد ہندوستان ہوئے اور شاہجہانپور میں سکونت اختیار کرلی۔ سیّد سرفراز علی کے والد کا نام سیّد امانت علی تھا اور محلہ قاضی خیل کے ساکن تھے۔ آپ ۱۲۲۷ھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شاہجہانپور میں پائی۔ آپ کے ماموں منشی نیاز علی صاحب بلگرامی نے جو مرادآباد سرکار کمپنی کی طرف سے ڈپٹی کلکٹر تھے آپ کو اعلیٰ تعلیم کے لیے دہلی بھیج دیا وہاں کتب درسیہ کی تعلیم حاصل کی۔ اس وقت استاد ذوقؔ۔ مومن خاں مومنؔ اور مرزا غالبؔ زندہ تھے ان کی صحبت میں شعروشاعری کا مذاق پیدا ہو گیا اور خود بھی شعر کہنے لگے۔ سیّدؔ تخلص اختیار کیا۔ نہایت متشرع اور پابند ارکانِ دین تھے اپنی شاعری کو حمد و نعت تک محدود رکھا اردو فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ مناظرہ میں ماہر تھے عیسائی پادری عمادالدین کی تصنیف 'نیاز نامہ' کا جواب "ہدایت شمامہ" لکھا تھا۔ شاہجہانپور کے قاضی شہر مقرر کیے گئے تھے ۱۸۵۷ء کے غدر کے زمانے میں رئیس بریلی نواب خان بہادر خاں نے سرفراز علی کو اپنی طرف سے شاہجہانپور کا منصف مقرر کر دیا بعد غدر آپ کو اس کی سزا دی گئی اور انڈمان بھیج دیئے گئے۔ انڈمان میں کرنل بروس حاکم اعلیٰ تھا سرفراز علی نے اس کی خواہش پر اس کو فارسی کی تعلیم دی اور اپنا گرویدہ کر لیا۔ انڈمان کے قیدیوں نے کم شرح اجرت کے خلاف بلوہ کیا اور کرنل بروس کا بنگلہ گھیر کر حملہ کی کوشش کی اتفاق سے سیّد صاحب اس وقت بروس کے بنگلے پر موجود تھے بلوائیوں کو سمجھا بجھا کر قابو میں کر لیا اور کرنل بروس کو بچا لیا۔ اس صلہ میں کرنل بروس نے سفارش کر کے رہا کرا دیا اور

Marfat.com

یہ وطن واپس آگئے۔ یہاں آکر درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔ ۱۸۶۵ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول میں عربی کی تعلیم کے لیے درجہ کھولا گیا تو یہ مدرس دوئم مقرر کیے گئے۔ قاضی سرفراز علی کو حضور سرور کائنات سے والہانہ عشق تھا۔ عشق محمدی میں سرشار رہتے تھے میلاد شریف ذوق و شوق سے پڑھتے تھے اور بے خود ہو جاتے تھے۔ ایک بار میلاد خوانی کے دوران کچھ اس طرح کیفیت طاری ہوئی کہ فالج کا اثر ہو گیا۔ چند روز کے بعد ۷ ارجمادی الثانی ۱۲۹۳ھ کو چھیاسٹھ سال کی عمر میں داعی اجل کو لبیک کہا اور محلہ چکلی کے قبرستان میں سپرد خاک کیے گئے۔ جب شاہجہانپور سے سزا بھگتنے کے لیے انڈمان جارہے تھے ایک مناجات لکھی تھی۔ اس مناجات کے دو اشعار درج ذیل ہیں۔

مارا زور مراں دل و جانم فدائے تو — اے مصطفٰی تو شاہ من و من گدائے تو
سید کہ شد اسیر بلا در ہوائے تو — نازو براں اسیری کہ باشد برائے تو

## اشعار غزل

شبیہ یار سے فرقت میں ہمکنار رہا — خزاں میں مجھ کو سدا موسم بہار رہا
شب فراق کو کاٹا خیال ابرو میں — سدا یہ دل سپر زیر ذوالفقار رہا
شعر جب منہ سے بوصف رخ جاناں نکلا — طبق نور لیے خلد سے رضواں نکلا
سنگ اس راہ کے گویا ہوئے مردے کیسے — تو جدھر اس قد موزوں سے خراماں نکلا
چل دیئے حضرت عیسیٰ فلک چارم پر — جب نہ بیمار ترا لائق درماں نکلا

---

# شیخ احمد خاں اظہر

آپ عثمان خاں صاحب کے خاندان سے تھے اور محلہ ترین میں رہتے تھے۔ فارسی میں استعداد عالمانہ تھی۔ حالات سے پتہ چلتا ہے کہ تیرہویں صدی ہجری میں آپ بقید حیات تھے۔ زیادہ حالات زندگی معلوم نہ ہو سکے۔ زبان فارسی میں آپ کا کچھ کلام دستیاب ہوا ہے جس کو مولف تاریخ صبیح نے نقل کر کے پیش کر دیا اور وہی کلام یہاں درج کیا جاتا ہے۔

اے ناظم دیوان سخن از تو ر زبانہا — تو خط بود از نام تو ہر نامۂ جانہا
ہر جا کہ بود شعلہ سوز یقینت — جوں اخگر پژمردہ بخاک اندگمانہا

Marfat.com

درو ادیٔ شقیم سراسیمہ و حیراں ۔۔۔ خضر رہ ما نیست بجز انگ رواہنا
افتاد چو نقش قدم رہ روانیم ۔۔۔ عنقا شدہ در منزل من سنگ نشا نہا
بازار بخرد کہ در و حسن خریدار ۔۔۔ نگرفت متاع زغم سود و زیا نہا

اظہر بہ تنابیت زسر نکتہ اوّل
چوں گنگ کہ از خواب زند طرح بیانہا

تاریخ مطبع کے حوالے سے مولف تاریخ صبیح نے تحریر فرمایا کہ اظہر نے ایک رقعہ شیخ کریم بخش حاکم کیتھر کو لکھا تھا۔

مل جائے بیکساں وماوائے سکلم رکم

کریم بخش ترا بخشش و کرم باید ۔۔۔ کہ اسم پاک تو مبنی بہ بخشش و کرم است
ہزار مرتبہ جاہ و جلال ایزد بخشش ۔۔۔ ترا دہد کہ تو ی ذی سخاوزی ھم است

خادم علی خاں نے چند اشعار لکھ کر حضرت اظہر کو بھیجے تھے۔ اس کے شکریہ میں خط لکھا ہے اس میں ایک رباعی بھی موزوں کر کے بھیجی تھی۔

محفوظ بحفظ جاودانی بادا ۔۔۔ محفوظ بخط کامرانی بادا
ما غمزدہ را چو شاد کردی مسخن ۔۔۔ عالم عالم بشادمانی بادا

قدرت اللہ خاں صاحب عرف قدن خاں رئیس قدن خیل کو آپ ایک خط میں لکھتے ہیں۔

اے قدرت خداست نمایاں بنام تو ۔۔۔ الف وعطا و کام روائیست کام تو

اپنے بھائی مولوی نظام الدین احمد کی بیماری کا سن کر خط میں دعائیہ رباعی لکھی ہے۔

حق شافی حقیقی بخشد ترا شفائے ۔۔۔ سازد بہ ہر مرضہا از فضل خود دوائے
احوال خود چہ گویم از دست برد غمہا ۔۔۔ بر چشم ابر آسا بگذشت ماجرائے

---

# منشی اننت رام خاموش

منشی اننت رام خاموش نسباً کالستھ تھے مگر ان کے والد اور استاد کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ یہ محلہ مسجد گنج کے ساکن تھے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ گنگا رام ایک صاحب کمال صوفی اور درویش کی

Marfat.com

صحبت کے اثر سے صوفی ہو گئے تھے اور تا عمر درویشی میں بسر کی اور محبت الٰہی میں غرق رہے۔ بیجا نامی ایک خوبرو طوائف میں دلچسپی تھی اور اس حد تک گرویدہ ہوئے کہ دیوانگی تک جا پہنچے روحانی قوت کا یہ عالم تھا کہ جو کچھ محبوبہ پر گزرتی ہوبہو بیان کر دیتے۔ قانع اور متوکل تھے۔ ان کی محبوبہ کا انتقال ہو گیا تو ایک نہایت معرکہ کا شعر کہا۔

ہوش من از سر بکار عشق بیجا رفتہ است    ہوش ازیں ویرانہ معمور بیجا رفتہ است

ذیل میں مزید کلام درج کیا جاتا ہے۔

پرکار صفت در انتقال خویشم    سرگشتہ تراز پئے وصال خویشم
آئینہ حیرت خیال خویشم    خاموش زحسن ذوالجلال خویشم

---

زخاموشی بہ تنگ آمد دلم اے نالہ فریادے    زسوز حسن خاکستر شدم اے گریہ امدادے

---

مست چشم پرخماریک پریزادے شدم    پائے بند صد جنوں از سرو آزادے شدم
نالہ را بر سر بام تو رسیدن ندھم    رشک رالذت راہ تو جشیدن ندھم
شکر اللہ کہ سوئے خانۂ معمور وصال    دیگر ایں عاشق بیچارہ گزر پیدا کرد

ان کے بارے میں یہ بھی پتہ نہ چل سکا کہ اس جہان فانی کو کب خیر باد کہا۔

---

## لالہ بساون لال۔ محظوظ

لالہ بساون لال تربیت یافتہ مسرت کے تھے اور حضرت سرور کے چچا زاد بھائی تھے۔ خدا نے آپ کو ذہن رسا اور خیال فلک پیما عطا کیا تھا۔ اپنی طباعی اور متانت کے بدولت فن شعر میں ممتاز سمجھے جاتے تھے۔ آپ کا مکان محلہ مسجد گنج میں تھا اور ذی علم و ہوشیار منشی تھے۔ افسوس کہ عمر نے وفا نہیں کی عین جوانی میں قضا کر گئے۔ دوستوں کو اس جوانمردی کا بڑا غم ہوا کاش زندہ رہ کر عمر طبعی کو پہنچتے تو مسرت کے قائم مقام ہوتے۔ استاد کے تخلص کی معنوی رعایت سے شاگرد کا تخلص محظوظ مقرر ہوا مگر جب بساون لال کو سزاوار نہ ہوا تو مسرت نے تخلص مذکور

Marfat.com

اپنے فرزند ارجمند لچھمی نرائن کو دیدیا۔ غالباً مولوی صبیح الدین میاں نے لچھمی نرائن ہی کو عادن لال (بساون لال) عرفیت دے کر تخلص بھی دیدیا اگرچہ یہ دونوں شاعر الگ الگ ہیں مگر تخلص ایک ہی ہے ۔ بساون لال محظوظ مسرت کے چچازاد بھائی اور لچھمی نرائن محظوظ فرزند تھے۔ خود مسرت نے لالہ بساون لال کی جواں مرگی پر رباعی لکھی ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بساون لال محظوظ اور لچھمی نرائن دو علیحدہ شاعر ہوئے ہیں۔

رباعی

موزوں طبع یک برادرم محظوظ — کہ از دولت علم خاطرش بس محظوظ
در عین جوانی کہ زعالم بگزشت — فریاد و فغاں زیں فلک نا ملحوظ

لالہ بساون لال کا ایک شعر دستیاب ہوا ہے جو تحریر کیا جاتا ہے۔

لئے چہ کردیم کہ دامن بکشیدی ازما — آرمیدی بہ بر غیر رمیدی ازما

---

## لچھمی نرائن محظوظ

شاعر بے مثل عیوض رائے مسرت کے فرزند تھے اور ان کی آغوش میں تربیت پائی اور اپنے والد ہی سے اکتساب علم کیا اپنے والد کی حیات ہی میں شہرت یافتہ ہو چکے تھے۔ مگر تقدیر بھی والد کی سی پائی تھی۔ سرکاری ملازمت پہ تقرر ہو گیا اپنی شوریدسری سے ترک کر دی۔ سب سے بڑا المیہ یہ ہوا کہ مسرت کا علمی ذخیرہ دیوانگی کے ہاتھوں تباہ کر دیا عمر طویل پائی تھی مگر اسی حالت میں قضا آئی۔ چند اشعار بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں جو بزبان فارسی ہیں۔

چشمش بہ قتل عاشقاں باشد تنہا یکطرف — یکسو نگہ خنجر بکف قرگاں صف آرا یکطرف
بہر دل بیچارہ ام دارد نزاعے درمیاں — ہندوی خالش یکطرف زلف چلیپا یکطرف
آں گلعذار سرو قد چوں شد بہ گلشن جلوہ گر — گل شد پشیماں یکطرف سرو قد آرا یکطرف

محظوظ از زلف و رُخ آں دلربا در حیرتم
شب جلوہ دارد یکطرف در جلوہ بیضا یکطرف

زجوش آمد ہولی شدہ ہفت آسماں رنگیں — زمیں رنگیں زماں رنگیں مکیں رنگیں مکاں رنگیں

Marfat.com

مصور گر کشد نقشے ز روئے حیرت انگیزی — جہاد صورت او صورت تصویری گردد
من بدل دارم خیال گلعذار خویش را — در بغل دارم برنگ بو بہار خویش را
مردم سوز غم عشقت نرفت از سینہ ام — کردہ ام از داغ دل شمع مزار خویش را
ہر کہ بجام دل کنند بادہ دلکشائے او — بر سر سنگ می زند جام جہاں نمائے او

---

# منشی نند کنوار۔ نیاز

لالہ نند کنوار۔ نیاز شاہجہانپور کے ذی وقعت اور خوش وقار کایستھوں میں تھے۔ علاوہ خاندانی شرافت و عزت کے آپ خود بھی وجاہت ظاہری میں ضرب المثل اور مشہور تھے۔ صورت کی طرح سیرت بھی قابل تعریف تھی یہ تو ظاہر ہے کہ فارسی اچھی جانتے ہوں گے۔ آپ کو شاعری کا بھی شوق تھا۔ کس کے شاگرد تھے یہ نہیں معلوم۔ مگر لالہ نند کنوار سرور کے زمانے میں موجود تھے۔ کیا عجب ہے کہ انھیں کے تربیت یافتہ ہوں چند شعر بطور نمونہ تحریر کر دیئے ہیں۔

کدامی گلبدن یارب دریں گلشن گزر دارد — کہ شبنم از وداع رنگ گلہا چشم تر دارد
خوں شد برنگ غنچہ بلب گفتگو مرا — وصف دہان تنگ تو شد آرزو مرا
چوں چاک شانہ زخم دلم بہ نمی شود — از تار زلف کیست امید رفو مرا
در انتظار جلوۂ موج خرام تو — دریا ہزار چشم بود از حباب ہا

---

# مولوی قطب الدین طالب

راقم الحروف کو فخر شاہجہانپور حضرت طالب کے حالات زندگی ایک قلمی مخطوطہ میں دستیاب ہوئے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

مولوی محمد قطب الدین خاں صاحب مرحوم و مغفور خلف محمد وزیر خاں صاحب ولد محمد امیر خاں صاحب ابن منان خاں صاحب پسر محمد خاں صاحب بن شاہ بیگ خاں صاحب

Marfat.com

خلف اللہ بخش خاں صاحب مہمند۔ اللہ بخش خاں صاحب زمانۂ آبادی شاہجہانپور میں جو ۱۰۵۶ھ میں آباد ہورہا تھا ولایت کابل سے شاہجہانپور آکر آباد ہوئے تھے۔ وہ اور ان کے بیٹے شاہ بیگ خاں اور ان کے پوتے محمد خاں فنون سپاہ گری میں کامل تھے۔ محمد خاں صاحب کے فرزند مناں خاں صاحب ذی علم و قابل اشخاص میں شمار کیے جاتے تھے۔ مناں خاں کے بیٹے امیر خاں تھے علوم عربی و فارسی کے ماہر تھے ان کے صاحبزادے وزیر خاں عالم متبحر اور علوم متنوعہ کے ماہر خط نسخ، نستعلیق میں یدطولیٰ رکھتے تھے چنانچہ خط نسخ میں ایک دلائل الخیرات شریف ان کے قلم کی لکھی ہوئی جس کا ترجمہ بھی بزبان فارسی خود ہی کیا تھا اور اسے دلائل الخیرات شریف کے بین السطور میں تحریر کیا تھا۔ اس سے ان کی خوشنویسی کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔ دلائل الخیرات شریف کے اختتام پر تاریخ اختتام تحریر یازدھم محرم الحرام ۱۲۴۵ھ مرقوم ہے اور خاتمہ پر محمد وزیر خاں صاحب نے اپنے قلم سے اس کا تحریر کرنا لکھا ہے۔ محمد قطب الدین خاں صاحب نے ان فنون کو اپنے والد سے سیکھا تھا۔ مولوی محمد قطب الدین خاں صاحب ۱۲۰۸ھ مطابق ۱۷۹۳ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ابتدائی تعلیم عربی اپنے والد صاحب سے اور انتہائی تعلیم مولوی محمد بہا الدین صاحب قبلہ مرحوم جو محلہ جھنڈا کلاں ملاخیل کے رہنے والے اور حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ دہلوی کے شاگرد رشید تھے سے حاصل کی اور فارسی کی قابلیت مولوی محمد کاظم خاں صاحب مہمند جو مولوی قطب الدین خاں صاحب کے ہم محلہ تھے اور زبان فارسی کی تحقیق نکات و دقائق میں مرد کامل تھے اور فارسی کو ترکیب نحویہ کا لباس خاص مولوی محمد کاظم خاں صاحب مرحوم نے پہنایا اور اس علم کو مثل دریا کے بہایا ان کے فیضانِ تعلیم سے صدہا اشخاص زبان فارسی کی نحو کے عالم ہو گئے۔ ان سے اچھا جاننے والا ان کے زمانے میں کوئی کم نکلتا اس واسطے مولوی محمد قطب الدین خاں صاحب کی عربی و فارسی کی استعداد عالمانہ تھی۔ عالم با عمل تھے زہد و تقویٰ اور پرہیز گاری کے جادہ سے کبھی قدم باہر نہیں رکھا۔ فن سپہ گری سے خوب واقف تھے۔ ورزش جو آغاز شباب سے شروع کی تھی تادم مرگ ورزش معتدل ترک نہیں ہوئی۔ تمام جسم ان کا پہلوانانہ، راست قامت پورا قد دو گز سے زائد مگر نہایت سڈول تھا۔ نہایت منکسر المزاج اور حلیم کم سخن کبھی بآواز بلند بات کرتے ہوئے نہیں سنا۔ علاوہ علوم فارسی و عربی و نجوم و رمل کے سنسکرت اور بھاشا کے ماہر تھے۔ ملک محمد جائسی کی 'پدماوت'، جو تصوف میں زبان بھاشا میں ہے اور زبان بھاشا بھی سخت بھاشا ہے اس کو اکثر اہلِ مزاق کو پڑھاتے تھے اور اس کے مطالب صوفیہ کے طریقے پر سمجھاتے تھے۔

Marfat.com

جس سے اہلِ مذاق تصوف وجد کے عالم میں آجاتے تھے جس سے معلوم ہوتا تھا کہ تصوف و فقر کے مقامات بھی طے کئے ہوئے ہیں مگر اظہار اس کا کبھی کسی پر نہیں ہونے دیا معاشرت اپنی خاص اہلِ دنیا کی مانند رکھی پختگی وضع یہ تھی کہ پنجشنبہ کو ہمیشہ خط بنوایا۔ ابتدائے عمر میں کچھ مدت ملازمت کا مشغلہ رہا۔ غدر کے بعد سے خانہ نشیں ہو گئے۔ اکثر شرفا شہر اپنے لڑکوں کو مولوی صاحب کی خدمت میں سپرد کرتے تھے۔ مکان پر ان کو تعلیم دیتے تھے۔ محلہ میں منشی محمد علی صاحب ایک بڑے قابل آدمی رہتے تھے ان سے کمال یارانہ تھا ان کے ایک صاحبزادے تھے شیخ اکبر علی۔ منشی محمد علی صاحب کا جب انتقال ہو گیا تو منشی اکبر علی صاحب بہت کم سن تھے۔ وضعداری مقتضی اس کی ہوئی کہ منشی اکبر علی کی تعلیم و تربیت اپنے ذمہ لے لی اور اولاد سے زیادہ ان سے محبت کی۔ مولوی صاحب مرحوم کی تعلیم سے وہ ایک نہایت قابل اور اس زمانے کے لوگوں میں مرد کامل تھے۔ ملازمت سرکار انگریزی اختیار کی اپنی قابلیت کے اعتبار سے ترقیاں پاتے پاتے اس زمانے میں ملازمت کا معراج کمال ہندوستانیوں کے واسطے عہدۂ تحصیلداری تھا چنانچہ مُراد آباد کے تحصیلدار ہو گئے۔ زمانۂ تحصیلداری میں یکایک خبر ان کے انتقال کی آئی جس کا صدمہ مولوی صاحب کو کسی طرح حقیقی اولاد سے کم نہیں ہوا۔ منشی اکبر علی صاحب کی موت کی نسبت متفقہ روایت یہ مشہور ہوئی کہ انھوں نے خودکشی کی اس پر مولوی صاحب کو اور بھی صدمہ تھا کہ خودکشی گناہِ کبیرہ ہے۔ جب کبھی منشی اکبر علی صاحب کا ذکر آتا تو فوراً خاموش ہو جاتے اور کچھ دیر کے بعد ایک آہ سرد بھر کر فرماتے، اکبر علی اللہ تمھاری مغفرت کرے اگر تم نے خودکشی کی ہے تو تم باری تعالیٰ کے سخت گنہگار رہو۔ اب اس سے زیادہ کیا پاس وضع ہوگا کہ منشی اکبر علی صاحب کی دنیاوی اصلاح و تربیت مثل حقیقی بزرگوں کے کی اور مرنے پر عقبیٰ بخیر ہونے کی دُعا کی۔

منشی اکبر علی صاحب کے والد بڑے خوشخط تھے۔ صدہا کتابیں اپنے ہاتھ سے لکھیں چنانچہ جو نسخے منشی اکبر علی کے والد کے لکھے ہوئے منشی اکبر علی کے پاس تھے ان میں سے اکثر کتابیں اکبر علی نے مولوی صاحب کو دی تھیں ان پر مولوی صاحب نے لکھا کہ اکبر علی بن لطف نمود، اکبر علی بن عنایت نمودند، اس سے مولوی صاحب کی تہذیب و متانت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ مولوی صاحب خود بھی بڑے کاتب تھے اور شبانہ روز کا یہی مشغلہ تھا خوشخط تو نہ تھے مگر مالقرا خط کتابی نہایت پاکیزہ تھا۔ صدہا کتابیں مولوی صاحب نے بھی لکھ ڈالیں۔ کتاب کے جلد نہایت عمدہ باندھتے تھے چنانچہ اپنی تمام کتابوں کی جلد اپنے ہاتھ سے باندھا کرتے تھے۔

Marfat.com

شطرنج میں کمال حاصل تھا۔ بہت کم ایسے شاطر ہوں گے۔ مولوی صاحب نے ایک مختصر رسالہ بھی اس فن میں لکھا تھا جس میں بساط شطرنج کا نقشہ اور اس فن کے رموز و دقائق زبان فارسی میں لکھے تھے علم نباتات بہت اچھا جانتے تھے۔

مولوی قطب الدین خاں صاحب کا ۱۶ر شعبان ۱۳۰۵ھ روز یکشنبہ بوقت عشا انتقال ہوا۔ آپ کے دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھیں۔ بڑے صاحبزادے عین عالم شباب قبل از غدر انتقال کر گئے۔ آپ کے چھوٹے صاحبزادے عنایت اللہ خاں صاحب مولوی صاحب کی وفات کے تھوڑے ہی مدت بعد جوانی میں رحلت فرما گئے۔ مولوی صاحب کی اکثر تصنیفات ضائع ہو گئیں صرف ترجمہ 'ہدایت الاعمٰی' تصنیف شیخ حسین کشمیری جس میں شریعت کے موافق طریقت کے تمام مدارج اور مراتب درج ہیں اور یہ کتاب فارسی زبان میں ہے ۱۲۸۶ھ میں حاجی حسن علی صاحب نے مولوی نظام الدین صاحب عرف مُلّا نظام صاحب مرحوم کو جو مشاہیر علمائے شاہجہانپور سے تھے واسطے ترجمے کے دی تھی۔ ملا صاحب نے بوجہ علالت خود مولوی قطب الدین خاں صاحب کو دے کر فرمائش ترجمہ کی فرمائی چنانچہ مولوی صاحب ممدوح نے کمال خوبی سے اور نہایت سلیس اردو میں اس کا ترجمہ فرمایا ہے جو ۱۲۹۰ھ میں مطبع صدیقی بریلی میں طبع ہو کر شائع ہوئی۔ ایک لغات القرآن مولوی صاحب کی تصنیف سے ہے جس میں جو لفظ قرآن کے ڈھونڈھو با محاورہ معنی اس کے ملیں گے مگر یہ لغات طبع نہ ہو سکی۔ کلام اردو فارسی کے مسودات برباد ہو گئے۔ اگر کل کلام موجود ہوتا تو ذخیرہ معقول ہوتا مولوی صاحب کی خدمت میں جب ان کا کوئی شاگرد غزل لے کر اصلاح کے واسطے حاضر ہوتا تو ہر اصلاح کے وجوہ اور جس لفظ کو نکالتے اس کے وجوہ اور جو لفظ شامل کرتے اس کے وجوہ بہت وضاحت سے بیان فرماتے۔ اپنے کلام میں پرانے محاورات کو جوان کے معاصر اکثر استعمال کرتے تھے آپ ان کو ترک کر دیتے تھے۔ فن شاعری کے نکات بڑی خوبی سے بیان فرماتے تھے زبان بھاشا میں بھی نظم فرماتے تھے مگر افسوس کہ اس میں سے کچھ بھی موجود نہیں ہے۔ یہاں ان کا کچھ کلام ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

مولوی قطب الدین خاں صاحب شاعری میں کسی کے شاگرد نہیں تھے اپنی ذاتی لیاقت سے اس فن میں کمال حاصل کیا تھا۔

## غزل

گرم کر دیتا ہے دل کو بے رُخِ جانانہ باغ — ہے ہمارے واسطے گویا کہ آتش خانہ باغ

تیر جاتے ہی ہوا کچھ اور ہی آنکھوں کا رنگ — باغ ویرانہ نظر آتا ہے اور ویرانہ باغ

Marfat.com

سیر گلشن کی نہ خواہش ہے نہ سبزہ کی ہوس — اپنے سینے میں بنا رکھا ہے ہم نے خانہ باغ
سنبل و گل، نرگس و بادام و سیب اس میں ہیں جمع — لکھ دیا میں نے رُخِ دلبر کو بے باکانہ باغ
سیر گلشن کی نہ دو تکلیف ہم کو دوستو — ہم سے میخواروں کو ہے صحن در میخانہ باغ
آہ کیا دن تھے جو یہ ساتوں میسر تھے ہمیں — سبز و شاہد، مطرب و مے ساقی و میخانہ باغ

جب سے دیکھی ہے تمھارے روئے رنگیں کی بہار
بے حقیقت جانتا ہے طالب دیوانہ باغ

## غزل

بے وفائی کے فن میں جو ہیں طاق — حضرت دل اسی کے ہیں مشتاق
تم سا کوئی نظر نہیں آیا — دلربائی میں شہرۂ آفاق
فصل گل کی کسے خوشی، اپنا — زندگی کا حساب ہے بے باق
کیا ہی ہم ہو گئے ہیں زار و نحیف — کیسے ہم تندرست تھے اور چاق

جس کے طالب ہو پاس ہے طالب
کس لئے ڈھونڈھتے ہو تم آفاق

## ریختی

بھاتا ہی نہیں ہم کو یہ گھر بار نگوڑا — جب سے کہ پڑھا عاشق کا طومار نگوڑا
اتنا ہمیں ویرانے کی کچھ سیر کرا لا — بن یار کے دوزخ ہے یہ گلزار نگوڑا
واری، ترے واری تو اسے دیکھ تو آ کر — مدت سے تڑپتا ہے یہ بیمار نگوڑا
معلوم یہ ہوتا ہے کہ عاشق ہے کسی کا — کس درد سے پڑھتا ہے یہ اشعار نگوڑا
جس کے لئے جاتی ہے میری جان پیاری — خواب ہی میں دکھا جائے وہ دیدار نگوڑا
جانا تھا جسے ہم نے وفادار وہ نکلا — بے رحم، ستم گار، دل آزار نگوڑا

طالب کو بُوا تم نے جو چھیڑا ہے بہت سا
مرجائے نہ دہلیز سے سر مار نگوڑا

Marfat.com

# منشی شیخ رفعت علی۔ رفعت

منشی شیخ رفعت علی رفعت خلف منشی امیر علی بن شیخ اچیالے ابن شیخ عبداللہ کے مورثوں کا آبائی وطن ضلع ہردوئی موضع رابھا تھا۔ منشی شیخ عبداللہ رابھا سے ترک سکونت کر کے شاہجہانپور آئے اور محلہ گاڑی پورہ میں قیام کیا۔ معلمی کا پیشہ اختیار کیا اور امراو شرفا شہر کے بچوں کو تعلیم دینے میں عمر بسر کردی۔ تقدیر اچھی تھی شیخ عبداللہ کے پوتے شیخ امیر علی معلمی سے ترقی کرتے ہوئے تحصیلداری کے اعلیٰ عہدے تک پہنچے تھے کہ غدر کا ہنگامہ قیامت خیز اٹھا۔ انگریزوں کی وفاداری کے انعام میں بڑی بڑی جاگیریں ملیں اور تحصیلدار سے ڈپٹی کلکٹر پیلی بھیت ہو گئے۔ منشی رفعت علی کی ولادت پیلی بھیت میں ہوئی تعلیم کا زمانہ شروع ہوا تو اوّلاً آپ نے اپنے والد سے کتب درسیہ فارسی پڑھیں بعدہٗ کوئی بزرگ ایرانی نژاد اتفاق سے کسی مقدمہ میں ماخوذ ہو کر آ گئے اور بعد رہائی شیخ امیر علی کی خواہش پر منشی رفعت علی کو فارسی پڑھانے لگے۔ اس صورت میں کہا جا سکتا ہے کہ رفعت علی نے فارسی کی تکمیل مرزا غالب کی طرح خاص ایرانی کی شاگردی سے کی جس کی زبان مادری فارسی تھی علم عربی کی تکمیل تو نہیں ہو سکی مگر ابتدائی درسی کتابیں پڑھی تھیں اور معمولاً صرف و نحو وغیرہ سے واقف تھے۔ منشی رفعت علی کی طبیعت بڑی ذہین اور مضمون آفریں تھی۔ مکتب سے علیحدہ ہوئے تو شعر کہنے لگے۔ اس مشغلہ کے سامنے ان کو کوئی کام اچھا معلوم ہی نہیں ہوتا تھا تمام عمر رغبت سے یہی کیا اور اسی میں مر گئے۔ آغاز ہی سے ایسا شعر کہا کہ صاحب علم سامعین کو سن سن کر حیرت ہوتی تھی جب مشق سخن بڑھی تو فرید العصر ہوئے اور نزدیک و دور مشہور ہو کر داد سخن پانے لگے۔ شاہجہانپور میں تو کوئی اس زمانے میں فارسی گو استاد موجود نہیں تھا۔ نواب غلام حسین خاں حسین خلد آشیاں ہو چکے تھے۔ منشی رفعت علی کا قیام شاہجہانپور میں تھا جب کبھی پیلی بھیت کو جاتے تو قاضی ممتاز حسین ممتاز سے مل کر لطف صحبت اٹھاتے تھے قاضی صاحب اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ شیخ امیر علی کا ذاتی اعزاز قائم تھا ان کی خیر خواہی دیکھنے والے انگریزی حکام موجود تھے اس لئے منشی رفعت [illegible]ک ملازمت حاصل کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوئی سب سے پہلے ضلع بریلی میں سب انسپکٹر پولیس۔ پھر ہوشنگ آباد میں ڈپٹی کلرک آف دی کورٹ۔ شاہجہانپور میں [illegible]۔ ضلع جونپور میں سر رشتہ داری کلکٹری اور تحصیلدار ضلع گورکھپور میں تحصیلدار اور کچھ دن ڈپٹی کلکٹر رہے مگر یہ سب ملازمتیں چند روزہ تھیں کسی عہدہ

Marfat.com

پر دو تین برس بھی رہنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ باپ کے اعزاز سے عزت یافتہ تھے جہاں گئے تقرر ہو گیا۔ منشی رفعت علی اپنے باپ کے زمانہ دولتمندی میں پیدا ہوئے۔ جب منشی امیر علی کا ۱۸۷۲ء میں انتقال ہوا تو آبائی زمینداری واملاک ومکانات کا حصّہ پایا۔ رفعت علی امارت اور دولت کا لطف اٹھانے لگے۔ امیرانہ ٹھاٹھ سے رہتے اور مشغلۂ سخن گوئی سے جی بہلاتے تھے۔ طبیعت میں ہر قسم کا شوق تھا اچھا کھاتے اور اچھا پہنتے تھے۔ مہمان نوازی اور احباب پرستی طبیعت ثانیہ تھی جو مرتے دم تک ساتھ رہی۔ کلام فارسی پڑھنے کے لئے ایرانی لہجہ کی ضرورت ہوئی تو آپ نے وہی لہجہ گلے میں پیدا کیا۔ مشاعرہ میں جب کوئی غزل لہجۂ ایرانی میں پڑھتے تھے تو سامعین کو بہت اچھا معلوم ہوتا تھا۔ شوق ملازمت سے دستکش ہوکر جب شیخ صاحب وطن میں عزلت گزیں ہوئے تو عیش پسند طبیعت سے بیکار نہ رہا گیا۔ ہر قسم کے عیش وراحت کے سامان جمع کر لئے۔

وطن میں رہ کر دلبستگی کے لئے میونسپلٹی شاہجہانپور کے ممبر اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے سکریٹری بھی ہو گئے۔ آنریری مجسٹریٹ بھی تھے اور ہر کام کو شیخ صاحب نے خوبی اور نیکنامی سے انجام دیا۔ چند سال کے بعد جی بھر گیا اور ان ذمّہ داریوں سے دست کش ہو گئے مگر شاعری تادم مرگ نہیں چھوٹی۔ زمانے کی ضرورتوں کا لحاظ کر کے انگریزی پڑھنے کا شوق پیدا ہوا چنانچہ محنت سے پڑھ لی اور ذہانت سے اتنی قابلیت پیدا کر لی کہ بلا تکلف پڑھ لکھ اور روانی سے بول لیتے تھے۔ منشی جی نہایت خلیق اور فراخدست اور خوش بیان تھے ان کی صحبت نشست ایسی دلچسپ تھی کہ جو شخص اس میں شریک ہوتا خوش ہو جاتا تھا یہاں تک کہ بیٹھنے والے کا وہاں سے اٹھ کر جانے کو جی نہیں چاہتا یہی خواہش رہتی کہ بیٹھے رہو اور باتیں سُنتے جاؤ۔

شعروسخن کے جلسوں میں شریک ہوکر اور حسبِ موقع نظمیں پڑھ کر شیخ صاحب نے اچھی دادِ سخن پائی ہم عصر اساتذہ فارسی گو قریب قریب سبھی آپ کو جانتے اور قدر کرتے تھے منشی خواجہ غلام غوث خاں بیخبر آپ کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ خواجہ عزیزالدین عزیز لکھنوی۔ نواب عبدالعزیز خاں عزیز بریلوی۔ منشی فضل رب عرشی حیدرآبادی۔ حافظ خان محمد خان شہیر بھوپالی مولوی فیض الحسن لاہوری۔ مولوی عبدالغفار خاں نساخ بنگالی۔ آغا سنجر ایرانی۔ مولوی محمد شبلی نعمانی ان سب کے دلوں میں آپ کی شاعری کی قدر و منزلت تھی اور فاضلانہ وقار تھا۔ ۱۸۷۵ء سے ۱۸۸۰ء تک یا کچھ بعد تک شاہجہانپور میں مولوی محمد طاہر عرف موتی میاں کے مکان پر مشاعرے ہوتے رہے ہیں۔ شہر کے تمام شعراء شریک ہوتے اور کبھی کبھی باہر سے بھی آجاتے تھے موتی میاں

Marfat.com

کو منشی رفعت علی سے خصوصیت تھی اسی لئے فارسی کی طرح دے کر وہ منشی صاحب کو بھی شریک کرتے تھے۔ خواجہ عزیز الدین۔ نواب عبدالعزیز خاں۔ قاضی ممتاز حسین بھی خصوصی طور پر بلوائے جاتے تھے غرض یہ کہ مشاعرہ دھوم دھام سے ہوجاتا تھا ان جلسوں میں شیخ صاحب نے اردو میں بھی اپنا کلام سنایا ہے۔ منشی صاحب اپنے مکان پر بھی صحبت مشاعرہ کرتے تھے بارہا ایسا ہوا کہ شعرا ر نامی ہیں سے جب کوئی پہنچا اس کو انھوں نے بمنت روک لیا اور بریلی پیلی بھیت لکھنؤ وغیرہ کو تار دے دیئے شاعر آگئے اور لطف سخن دے کر رخصت ہوگئے۔ مہمانوں کو بڑی کشادہ دلی اور محبت سے کھانا کھلاتے تھے ہر قسم کے اچار مُربّے حلوے۔ چٹنیاں وغیرہ موجود رہتے تھے اور معزز مہمانوں کے روبرو تکلف سے رکھے جاتے تھے۔

شیخ صاحب کو پرانی قلمی کتابوں اور نادر تصانیف کے جمع کرنے کا بے حد شوق تھا۔ اس شوق ہیں انھوں نے بڑا سرمایہ صرف کیا اور جس قیمت اور جس کوشش سے کتاب ملی حاصل کی۔ آپ کا کتب خانہ قابل دید تھا ایسی ایسی نظر فریب خوش خط اور نایاب کتابیں تھیں کہ شاہی کتب خانوں کے سوا اور جگہ نظر نہیں آسکتی تھیں۔ افسوس صد افسوس کہ یہ نادر و نایاب ذخیرۂ کتب ورثار کی جہالت اور بے علمی کا شکار ہوکر بالکل تباہ و برباد ہوگیا۔ منشی صاحب مرض استسقار میں مبتلا ہوکر چند روز ہیں انتقال فرماگئے۔ رحلت ۷ر جولائی ۱۹۰۰ء مطابق ماہ ربیع الاول ۱۳۱۸ھ کو ہوئی وہ دیوان خانہ جو مہمانوں سے بھرا رہتا تھا ان کے مرتے ہی ویران ہوگیا۔

رہنے والے گئے جو سوے عدم
خاک اڑنے لگی مکانوں میں

آپ کی قبر شاہ محمد اسحٰق میاں صاحب قدس اللہ سرہٗ العزیز کے جوار میں جانب مشرق متصل مزار باباگو جر رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

## نمونۂ کلام فارسی منشی رفعت علی رفعت

چشمت بر داز سینہ دل نالہ کناں را — ایں باز بر آواز زند صید نہاں را
عجز از من و جور از تو گرفتند و سرشتند — تا خلق نمودند زمیں را و زماں را
رفعتؔ زدکم تاب و تواں بردنگاہش — ایں دزد تہی کرد ازیں جنس دکاں را

گہ زدل گہ از جگر نشتر بر زند ناسور ما　　　سکۂ مہر آسا بہر کشور زند ناسور ما

از خیال روئے آں حوراست دل باغ ارم　　　غوطہ ہا در چشمۂ کوثر زند ناسور ما

حضرت رفعت مرحوم کو اگرچہ اردو سے کچھ طبعی شوق نہیں تھا اور نہ انھوں نے اِدھر کچھ توجہ فرمائی مگر مولوی محمد طاہر عرف موتی میاں ساکن محلہ خیل خیل کے مکان پر جب مشاعرہ ہوتا تھا تو ارباب محبت کے اصرار پر اردو میں بھی طبع آزمائی کرتے تھے۔ اردو کلام منشی صاحب کی فارسی گوئی کے مقابلے کا ہرگز نہیں ہے مگر ضیافت طبع کے لئے کلام اردو بھی درج کیا جاتا ہے۔

نہ آیا فرق جب تیغِ ستم کی آبداری میں　　　تو پھر اے آہ کیا خوبی ہے تیری شعلہ باری میں

خیال کاکلِ شبرنگ جاناں سے نہیں باقی　　　سرِ مو فرق سر میں اور سپیرے کی پٹاری میں

---

دیکھ سکتے نہیں عدے جگہ انگاروں کے　　　مُنہ پھرے رہتے ہیں اِتنے لئے سوفاروں کے

عدم لب ہے مسی سُرمہ ہے منظور نظر　　　بخت دہنداروں سے اچھے ہیں سیہ کاروں کے

رحم اے نالۂ شب ہجر میں کر انجم پر　　　سونے والے ہیں یہ افلاک کے گہواروں کے

---

دیکھا جب اس گُل کو داغ دل پہ سُرخی آگئی　　　اشرفی قسمت سے پائی دولتِ دیدار میں

قم باذنی حق میں مردوں کے ہے ٹھوکر آپ کی　　　جوہر گفتار پیدا ہو گئے رفتار میں

رفعت صاحب کو اقسام سخن پر عبور تھا۔ اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں ہر صنفِ سخن پر طبع آزمائی کی ہے بخیال طوالت نمونے تحریر نہیں کئے جارہے ورنہ ناظرین فیصلہ کرتے کہ وہ کس مرتبہ کے فن کار تھے۔ نثر نویسی میں بھی منشی صاحب کا بلند مرتبہ تھا ۱۸۹۵ء میں جب کہ شاہجہانپور میں ایجوکیشنل کانفرنس علیگڑھ کا سالانہ جلسہ ہوا تھا ایک خط بزبان فارسی حضرت رفعت مرحوم نے سرسید احمد خاں بہادر مغفور کو بطریق دعوت نامہ جلسہ مذکور لکھ کر بھیجا تھا۔ یہ نامہ ۵ مئی ۱۸۹۵ء کا لکھا ہوا اور مرقع عالم پریس ہردوئی کا چھپا ہوا تھا۔ مولانا محمد شبلی نعمانی کو شیخ رفعت علی سے ارتباط قلبی تھا اور چوں کہ مولانا کی چند تصانیف منظوم بزبان فارسی اس وقت شائع ہو چکی تھیں اور قبولیت عام کی سند پا چکی تھیں اس لئے حضرت رفعت کو خط نویسی میں جس کی پیشی ایک بڑے قابل اور کامل الفہم شخص کے سامنے ہونے والی تھی اپنی پوری قابلیت بالمقابلہ صرف کر دینا پڑی چنانچہ طرزِ تحریر اور وضع عبارت سے وہ خط بلاغت کا گنجینہ تھا۔ منشی صاحب

Marfat.com

کو نثر نویسی پر بھی پورا عبور حاصل تھا۔ ایک مجموعہ نثر کا منقوط۔ غیر منقوط۔ بلا آمیزش الفاظ عربیہ عاری۔ مسجع۔ مقفیٰ۔ مرصع انھوں نے چھوڑا تھا جس کا اب کہیں نشان نہیں ملتا۔

منشی صاحب نے ابتدا میں اپنا کلام اپنے والد منشی امیر علی کو دکھلایا بعدہٗ قاضی ممتاز حسین ممتازؔ سے مشورہ سخن کیا جب مشق سخن میں اضافہ ہوا اور خود اعتمادی پیدا ہوگئی تو خود اساتذہ میں شامل ہوگئے۔ طباع و ذہین تھے۔ اس بات کی کوشش کرتے تھے کہ نظیری و انوری، صائب و علی و غنی وغیرہ کے ہم سخن ہوں۔ یہ ضرور کہنا پڑے گا کہ وہ فخر شاہجہانپور تھے کلام ان کا با معنی اور گراں وزن ہوتا تھا جب ایرانی لہجہ سے پڑھتے تھے تو سامعین کو مزہ حاصل ہو جاتا تھا۔ پر گو بھی بہت تھے قلم اٹھاتے تھے تو دو منزلہ سہ منزلہ چہار منزلہ تک لکھ جاتے تھے۔ مشکل مشکل زمینیں ان کی روانیٔ فکر کے سامنے پانی تھیں۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

---

## منشی سوہن لال حقیر

آپ کے والد ماجد لالہ ہزاری لال ایک صوفی منش بزرگ تھے۔ اس خاندان میں اور بھی درویش ہوئے ہیں۔ ایک عالی خاندان کایستھ تھے اور محلہ مظفر گنج کے باشندہ تھے۔ منشی سوہن لال حقیر فارسی کے عالم تھے عربی کی تعلیم مولوی محی الدین خاں سے حاصل کی تھی۔ قرآن کریم معہ ترجمہ پڑھا تھا اور روزانہ اس کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ شاعری میں کسی کے شاگرد نہیں تھے موزونیٔ طبع اور مشق سے اچھے شاعروں میں شمار تھا۔ کچہری کلکٹری شاہجہانپور میں محافظ دفتر تھے۔ پنشن کے بعد تقریباً بیس سال زندہ رہے۔ حقیر کے جوان فرزند راجہ بہادر ایم۔ اے منصف کے فوت ہو جانے سے غمگین رہتے تھے اپنے بیٹے کا مرثیہ بھی لکھا تھا اواخر ستمبر ۱۹۱۶ء میں انتقال ہوا۔ آپ کے پوتے بابو برجناتھ مختار عدالت و آنریری مجسٹریٹ مشہور مختاروں میں تھے اور اپنے پیشے میں بہت کامیاب تھے۔ مولف تاریخ مطبع نے حقیر کو اردو شاعری میں حافظ بدھن خاں تائب کا شاگرد ہونا لکھا ہے۔

### نمونۂ کلام فارسی

مرگ روز عید و وصل است اے حقیر — کو ز قید آزاد سازد بالیقیں

Marfat.com

آنانکہ خود نماز ادا رو بہ کنند — از آب چشم مردمک آسا وضو کنند

شب شد سحر حقیر چو در انتظار یار — چوں صبح شد زباد صبا گفتگو کنند

اردو کا صرف ایک شعر دستیاب ہوسکا جو مولف تاریخ صبیح نے نقل کیا جس کو یہاں درج کرتا ہوں۔

میں اپنے جرم کے صدقے امید بر آئی — طلب کیا مجھے سرکار نے سزا کے لئے

---

# قاری شیخ بہادر علی قاریؔ

آپ کے والد ماجد کا نام شیخ فقیر محمد محلہ محمد زئی کے ساکن اور فن قرأت میں کامل تھے۔ آپ نے چند رسالے فن قرأت عربی میں لکھے تھے۔ اوائل عمری سے شعر و شاعری کا شوق تھا۔ ابتداء میں حافظ نثار احمد عرف حافظ بدھن خاں تائب اور جناب محمد علی میاں خیالؔ سے مشورہ سخن کیا بعدہٗ سید ضامن علی جلال لکھنوی کے حلقہ تلامذہ میں داخل ہوگئے۔ انتقال کو لگ بھگ سو سال ہو گئے ۱۳۰۳ھ میں رحلت فرمائی وفات سے کچھ قبل احباب نے کہا قاری صاحب اب تو مضمون شاعری کی طرف خیال نہ ہوگا آپ نے آنکھیں کھول دیں اور آبدیدہ ہوکر فرمایا۔

جب تک ہے نسیم دم قاری چمن آرا — گلزار سخن صرف خزاں ہو نہیں سکتا

نمونۂ کلام

بہ بحر غم عبور از کشتیٔ دل می کند اینجا — لب ساحل دم شمشیر قاتل میکند اینجا

ز دریائے کرم لب تشنۂ وصلت کند دوری — کجا خمیازۂ حسرت چو ساحل می کند اینجا

بیا قاریؔ اگر درس از کتاب عشق میخواہی — تلاوت از سر سیپارۂ دل می کند اینجا

---

یار را در بغل خویش کشیدم ہمہ شب — او نما گشت شب قدر کہ عیدم ہمہ شب

در نظر جادر مہتاب شب دیجور است — روئے آں غیرت خورشید ندیدم ہمہ شب

---

گر مسلماں لباس کفر چو شد عار نیست — تار تسبیح ملائک رشتۂ زنار نیست

Marfat.com

معنیٔ ہستی بہ لفظ نیستی دشوار نیست      درخط تقدیر عاشق حرف وصل یار نیست
الحذر از دامِ گیسوئے سیاہش الحذر      دردہان اژدہا رفتن کسے را کار نیست
لن ترانی گفتی و یوسف شدی در مصر حسن      باز میگوئی مرا پیغمبری درکار نیست

---

## کلام اُردو حضرت قاری

جب سے وہ شوخ گیا چھوڑ کے تنہا ہم کو      گھر خوش آتا ہے نہ گلزار نہ صحرا ہم کو
یوں تھم رہے ہیں لختِ جگر آکے آنکھ میں      ستا رہا ہو جیسے مسافر بعید کا

---

مطلع مری غزل کا رُخ یار بن گیا      چوٹی کا شعر طرّہ طرار بن گیا
نقطہ نہیں تھا کوئی عدم کے حروف میں      حیرت ہے کس طرح دہن یار بن گیا

---

سحر کا مُنہ نہ دکھایا تمام عمر مجھے      بُرا ہو ظلمت شام شب جدائی کا

---

جب سے اس کی شوخ چشمی کی تماشائی ہوئی      گردش تقدیر بھی پھرتی ہے چکرائی ہوئی
خانۂ دل کو ہمارے پھونک دے گی ایک دن      اے نگاہ شوق تیری آگ بھڑکائی ہوئی

---

مژدہ اے رند خرابات کہ دخت رز پر      سُنتے ہیں حضرت واعظ کی طبیعت آئی

---

ٹھنڈی سانسیں جو بھریں در پہ تو فرمانے لگے      بند کمرے کو کرو سرد ہوا آتی ہے

---

زیر تربت بھی جوش وحشت ہے      ایک دھجی مرے کفن میں نہیں

---

ان باتوں میں چل جائے گی تلوار کسی دن      ابرو سے رقیبوں کو اشارہ نہیں اچھا

---

اب کوئی دیکھے بگڑنا اس ستم ایجاد کا      قہر تھا آنا زباں پر شکوۂ بیداد کا

---

Marfat.com

حضرت قاری کے شاگردوں میں حافظ فضل احمد فضل۔ سید کمال احمد کمال۔ محمد خیرات نبی اوج فرزند علی شاہ ارجمند۔ سید تصدق حسین تصدق۔ اصغر علی شاہ خیر۔ بنس گوپال دیوانہ۔ شیخ عنایت احمد عنایت عبدالحق بیدار۔ سید امیر احمد صوفی۔ فیض الدین مشتاق اور مظہر الحق مظہر خلف قاری صاحب وغیرہ تھے۔

---

# منشی سید آلِ نبی فگار

سید آل نبی فگار کے اجداد بلگرام کے تھے۔ ان کے والد سید نیاز علی کچہری کلکٹری میں محافظ دفتر تھے اور ان کی شادی قاضی امانت علی کی بہن سے ہوگئی تھی منشی آل نبی فگار کی شادی بھی شاہجہانپور میں ہوجانے سے منشی نیاز علی نے شاہجہانپور میں سکونت اختیار کرلی اور محلہ قاضی خیل میں آباد ہوگئے۔ منشی نیاز علی کے دو فرزند سید واجد علی اور سید آل نبی تھے۔ ان دونوں بیٹوں کو منشی نیاز علی نے غالب کا شاگرد کرا دیا تھا۔ سید واجد علی تحصیلدار ہوگئے تھے مگر تپ دق کے موذی مرض کا شکار ہوکر دہلی میں قضا کر گئے۔ منشی نیاز علی ترقی کرکے ڈپٹی کلکٹر ہوگئے زمانہ غدر میں مراد آباد میں تھے مشہور ہے کہ اپنے مردانے مکان میں نماز پڑھ کر سلام پھیرا تو لوگوں نے مطلع کیا کہ آج اس قدر انگریز قتل کئے گئے آپ نے الحمدللہ فرمایا جاسوسوں نے یہ خبر انگریزوں کو پہنچا دی جس پر بغاوت کا الزام عائد کرکے پھانسی دیدی گئی اور کل جائیداد بحق سرکار ضبط کرلی۔ منشی نیاز علی صاحب پاکیزہ خصلت انسان تھے منشی آل نبی اس کے بعد ریاست گوالیار چلے گئے اور ملازمت کرلی۔ غدر فرو ہونے کے بعد گورنمنٹ کے ملازم ہوگئے سب انسپکٹر پولیس رہے پھر سر رشتہ دار محکمہ بندوبست اور اس کے بعد سررشتہ دار پولیٹکل ایجنٹ چھاؤنی نیا گاؤں ہوگئے۔ ریاست کے دورہ میں بھی سرکاری انتظام پر کچھ مدت کام کیا ملازمت سے سبکدوش ہوکر شاہجہانپور واپس آئے اور اپنے مکانات کو قبضہ غیروں سے خرید کر از سر نو تعمیر کیا کچھ ایام شاہجہانپور رہ کر ریاست حیدرآباد چلے گئے جہاں تعلقدار درجہ دوئم پر مقرر ہوگیا۔ دس سال کے بعد ۱۳۱۱ھ میں حیدرآباد ہی میں آپ کا انتقال ہوگیا اور قبرستان ترب بازار میں سپرد خاک کئے گئے آپ لاولد

Marfat.com

فوت ہوئے تھے۔ لوگوں نے سارا مال و متاع سمیٹ لیا اسی افراتفری میں سارے کاغذات بھی تلف ہو گئے۔ ______ ۔آپ کے بھانجے قاضی سید محمد حسن ماموں کی موت کی خبر سُن کر حیدر آباد گئے مگر سامان پہلے ہی لٹ چکا تھا۔ سید آل نبی فگار نہایت با اخلاق، خوشخو، آسودہ دل اور کم سخن انسان تھے۔ پتنگ بازی اور بٹیر بازی کا شوق تھا۔ لباس رنگین پہنتے تھے۔ شعر و شاعری کے دلدادہ تھے۔ نظم و نثر میں غالب کا رنگ جھلکتا تھا۔

## نمونۂ کلام

گر ایک شب بھی وصل کی لذت نپائے دل ... پھر کس امید پہ کوئی تم سے لگائے دل
ہم اپنا حال آپ ہی کہکر سنائیں گے ... خامہ کا منہ نہیں جو کہے ماجرائے دل
ضبط فغاں فراق میں ممکن نہیں فگار ... جس کو خدا خراب کرے وہ لگائے دل

## متفرق اشعار

مسکرا کر جسے دیکھا اسے تسخیر کیا ... پتلیاں سحر کی رکھتی ہیں تمھاری آنکھیں
آنا کیوں مصر میں کنعاں سے نکل کر یوسف ... جذبۂ شوق زلیخا جو نہ کامل ہوتا
فکر عقبیٰ ہے نہ کچھ خواہش دنیا دل میں ... ہے فقط یار کے ملنے کی تمنا دل میں

---

# شیخ کریم بخش۔ فرقت

شیخ کریم بخش فرقت خلف شیخ خدا بخش محلہ بی بی زئی جوراہ کے ساکن تھے۔ کتب درسی فارسی پڑھے ہوئے تھے۔ شعر گوئی کا شوق تھا صاحب تلامذہ تھے اور خود حافظ نثار احمد خاں تائب سے مشورہ سخن لیا تھا۔ چوڑی سازی اور معلمی کا کام کرتے تھے۔ کلام بقدر دو دیوان تھا مگر چوری ہو گیا۔ ۳۰ ستمبر ۱۸۹۶ء مطابق ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۱۴ھ کو راہی ملک بقا ہوئے۔

## نمونۂ کلام

شوخی نے کرشمہ نے شرارت نے حیا نے ... مارا مجھے ظالم تری ہر طرز ادا نے
پھرتی تھی تری راہ طلب میں نگہ شوق ... بتلایا پتہ شوخیٔ نقش کف پا نے
اے بخت رسا کوچۂ محبوب میں لے چل ... یوں خاک بیابانوں کی کب تک کوئی چھانے

Marfat.com

دیکھی نہ راستی کبھی ترچھی نگاہ میں — وہ بانکپن کی نوک ہے اس کجکلاہ میں
وہ پیار کی نظر جو ملی تھی رقیب سے — اب تک کھٹک رہی ہے ہماری نگاہ میں

---

دل میں محبوب ہیں اقرار خطا کرتے ہیں — آج پھر مجھ سے وہ پیمان وفا کرتے ہیں
کیا ستم ہے کہ گنہگار ٹھہرتے ہیں ہمیں — تیر جب اُن کی نگاہوں کے خطا کرتے ہیں
ڈر یہ ہے مانگ نہ لوں ان کو خدا سے میں کہیں — اس لیئے قطع مرے دست دُعا کرتے ہیں

---

تمہیں نے کیا مرے گھر میں کبھی گزر نہ کیا — خیال نے بھی تو بھولے سے رُخ ادھر نہ کیا
ہمارے دل کی تمنائیں مٹ بھی جائیں گی — حجاب دور شب وصل بھی اگر نہ کیا

---

عشق بُتاں کا دل کو جو کچھ حوصلہ ہوا — پہلے جگر نشانۂ تیر قضا ہوا
مانگی پناہ اہل فلک نے شب فراق — نالہ مرا جو عرش بریں تک رسا ہوا
فرقت مشاعرہ میں ملی آبروئے داد
اپنا کلام بھی گہر بے بہا ہوا

---

# شیخ ستّار بخش راقم

ستّار بخش راقم کے مورث شیخ بدھو اور شیخ مناں حقیقی بھائی تھے اور آبادیٔ شاہجہانپور کے بعد قنوج سے آکر شاہجہانپور کے محلّہ خواجہ فیروز میں بس گئے تھے۔ کاغذ بنانے کا کاروبار کرتے تھے۔ حضرت راقم کے والد ماجد کا نام شیخ پیر بخش تھا آپ معلّم تھے اور طبیعت موزوں پائی تھی شعر کہتے تھے۔ مولوی محمّد کاظم خاں مرحوم کے شاگردوں میں داخل ہوگئے۔ استاد کی رہبری سے اچھا نام پایا۔ ۱۳۱۵ھ مطابق ۱۸۹۷ء میں کانپور میں اپنے فرزند کے گھر ماہ رجب میں وفات پائی۔ خواجہ فیروز میں ان کے گھرانے کے افراد آج بھی موجود ہیں۔

Marfat.com

نمونۂ کلام۔

پایا نہ زمانے میں کسی حورِ لقا نے
بخشا ہے وہ اے یار تجھے حسن خدا نے

بیتاب ہے بے چین ہے وہ کل یہ ہے بیکل
اتنا تو اثر آج دکھایا ہے دُعا نے

گلشن میں کسی گل سے اگر عشق نہیں ہے
بے فائدہ کیوں خاک اڑائی ہے ہوا نے

خواہاں نہ ہوا وصل کا میں شرم سے ہرگز
محروم ہی رکھا مجھے خود میری حیا نے

کعبے میں شیخ اور کلیسا میں برہمن
ابتر بتوں کے عشق میں دونوں کا حال ہے

عشق کرنے مجھ کو وہ کا ہیدہ کر دیا
ہر بال فرطِ ضعف سے تن پر وبال ہے

سینے میں درد لب پہ فغاں دل ہے بیقرار
اب تو فراقِ یار میں جینا محال ہے

راقم بتوں کے عشق میں کھوئیں گے جان و دل
کر دینگے سب نثار جو کچھ پاس مال ہے

---

## حکیم حافظ محمد معشوق علی خاں۔ جوہر

حکیم محمد معشوق علی خاں جوہر شاہجہاں پور کے شریف اور نامور خاندان کی نسل سے جھکنی پٹھان تھے۔ جھکنی گاڑی پورہ آپ ہی کے قبیلے سے مشہور اور نام زد ہے۔ والد ماجد کا نام محمد اصغر علی خاں تھا بوجہ عہدہ نظارت کے ناظر جی بھی مشہور تھے جوہر صاحب کی ابتدائی تعلیم اچھے قاعدے اور سلیقے سے ہوئی تھی۔ پیلی بھیت میں حافظ شوکت علی پسر منشی امیر علی کی صحبت شاہجہانپور میں شوکت علی کے بھائی منشی رفعت علی رفعت خلف منشی امیر علی کی ہم نشینی اور بذلہ سنجی اشرف حسین خاں کی زیر نگرانی اور تربیت یہ چند سلسلے ایسے تھے کہ جن سے جوہر صاحب کو فائدے پہنچے چنانچہ استعداد علمی کے علاوہ معشوق علی خاں تہذیب و آداب نشست و برخاست و طریقہ گفتگو سے بخوبی واقف تھے جس مجلس میں بیٹھتے اپنی خوش بیانی سے اہل محفل کو اپنا گرویدہ بنالیتے طبیب بھی تھے اور مطب جاری تھا مگر اس کو ذریعۂ معاش کبھی نہیں بنایا۔ حضرت جو

Marfat.com

کو ابتدا ہی سے شاعری کا شوق تھا۔ حکیم کلّن خاں وکیل کے مکان میں پریس لگا کر اخبار بھی جاری کیا مگر کامیابی نہیں ہوئی اور وطن سے نکل کر ملازمت کا سلسلہ شروع کیا۔ بہت زمانے تک وطن سے باہر رہے خوب کمایا اور خوب خرچ کیا۔ اوّلاً سر رشتہ تعلیم میں ملازمت کی۔ پھر اودھ میں کسی ریاست میں ملازم ہوئے اور تھوڑے دنوں بعد ہی سبکدوش ہو کر ریاست بھوپال چلے گئے اور وکالت کرنے لگے۔ وہاں سے بیزار ہو کر ریاست حیدر آباد کو چلے گئے۔ اور وکالت کرتے رہے۔ اپنے وطن بھی آتے جاتے رہے۔ اردو کا شعر اچھا کہتے تھے۔ طبیعت رسا اور متین پائی تھی۔ غزل پڑھنے کا طریقہ بھی بہت اچھا تھا۔ قیام بھوپال کے زمانے میں اچھی ناموری حاصل کی وہاں ملک کے بعض مشاہیر علماء فضلاء شعراء موجود تھے ان سے ملنا جلنا مشاعروں میں شریک ہونا۔ علمی جلسوں اور مذاکروں میں گفتگو کرنا۔ مباحث وتحقیق میں حصہ لینا امرا کی صحبت میں بیٹھنا یہ سب کام ایسے تھے کہ جو شہرت کا باعث ہوئے۔ حضرت جوہر کو مرزا غالب دہلوی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ تلامذہ غالب ازمالک رام میں آپ کا ذکر موجود ہے۔ حضرت جوہر نہایت پرگو اور زود گو تھے۔ راقم الحروف نے ان کا مجموعہ قصائد بچشم خود دیکھا ہے۔ تقریباً ہر قصیدے کے خاتمے پر تحریر ہے کہ قصیدہ کہنے میں کس قدر وقت صرف ہوا۔ عام طور پر نصف گھنٹے سے ایک گھنٹے کی مدت میں زیادہ تر قصائد موزوں کیے گئے۔ غزل کہنے کا عجیب انداز تھا۔ مشاعرے میں تشریف فرما ہیں طرحی مشاعرہ ہے شعراء کی غزلیں سن رہے ہیں داد دے رہے ہیں۔ مصرعہ اٹھا رہے ہیں اور ساتھ ہی اپنی غزل بھی موزوں کر رہے ہیں۔ قادر الکلام شاعر تھے۔ تلامذہ کی کثیر تعداد تھی بھوپال یا حیدر آباد سے جب وطن تشریف لائے تو موتی میاں مرحوم کے مکان پر مشاعرے ضرور منعقد ہوتے اور حضرت جوہر حلقہ تلامذہ میں شریک مشاعرہ ہوتے تھے۔ جوہر صاحب کے صاحبزادے حامد علی خاں حامد شاہجہانپوری اورنگ آباد میں لفضلہٖ حیات ہیں وہ بھی اپنے زمانے کے مشہور شاعر ہوئے ہیں۔ راقم نے جوہر صاحب کا شاگرد غالب ہونے کے بارے میں تصدیق کر لی ہے اور خود حضرت حامد نے کتابوں کے حوالے دیئے ہیں جن میں جوہر صاحب کو غالب دہلوی کا شاگرد ہونا تحریر ہے۔

Marfat.com

نمونۂ کلام۔

قیامت سے کیا پھر سامنا کیا
کھلی وہ زلف کا فر ماجرا کیا

کریں عیسیٰ بھی اب فکر دوا کیا
مریض درد فرقت میں رہا کیا

خفا کیوں ہو گئے ہیں بے سبب آپ
سنا کیا آپ نے ہیں نے کہا کیا

ادا نے دے دیا ہے قتل کا حکم
کہے، دیکھیں نگاہ فتنہ زا کیا

یہ چشم سرمگیں اٹھتی نہیں کیوں
بھری ہے کوٹ کر اس میں حیا کیا

خدائی ہو گئی عاشق بتوں کی
خدا جانے کہ دیکھا ان میں کیا کیا

صدائے جنبش عرش آرہی ہے
فلک سے آگے نالہ بڑھ گیا کیا

نہیں آتا جواب نامہ لے کر
کہیں رستے میں قاصد مر گیا کیا

نہیں آتا ہے وہ بت خواب میں بھی
خدایا بخت جو ہر سو گیا کیا

---

# سید امداد علی میاں عرف مُلّا شاد

مُلّا شاد کے اجداد کا اصلی وطن ماوراءالنہر تھا اور خواجہ باقی باللہ کے سلسلہ نسل سے تھے ملا شاد کے والد ماجد سید وارث علی بریلی کے ساکن تھے بسلسلۂ ملازمت شاہجہانپور آئے اور چوکی پولیس سرائے کائیاں پر عرصۂ دراز تک جمعدار رہے۔ نوابان قلعہ سے پُر خلوص تعلقات پیدا ہو گئے اور یہیں مستقلاً سکونت اختیار کر لی۔ مُلّا شاد اسی شہر میں تولد ہوئے اور شاہجہانپور کے اساتذۂ وقت سے اکتساب علم کیا۔ قلعہ میں رئیس زادوں کے اتالیق مقرر ہو گئے۔ نواب غلام حسین حسینؔ کا طوطی بول رہا تھا ان کے قرب نے شعر و شاعری کی طرف مائل کر دیا۔ نواب صاحب کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے۔ علاوہ شعر و سخن آپ درویشی کے رموز سے بھی واقف تھے۔ شاہ نصیر الدین عرف سعدی میاں بلگرامی کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کے شاگردوں اور مریدین کی کثیر تعداد تھی شاعری میں آپ کے بعض شاگرد نامور ہوئے ہیں۔ مشہور شاعر عاقل کانپوری آپ ہی کے شاگرد تھے آپ کا بیشتر کلام ضائع ہو گیا تصنیف و تالیف سے بھی دلچسپی تھی۔ ملفوظ سعدیہ ۱۲۵۵ھ میں

Marfat.com

اپنے مرشد کے حالات میں لکھا تھا۔ آپ کو دو چیزیں بہت مرغوب تھیں پان اور آم۔ لانبا چوڑا بٹوا ساتھ رکھتے تھے جس میں پان اور اس کے مصالحے کے علاوہ فصل میں آم بھی رکھتے تھے۔ ایک مثنوی بھی آم کی تعریف میں تصنیف کی تھی۔ نواب غلام حسین کے انتقال کے بعد شاعری ترک کر دی تھی۔ ملا شاد نہایت پر مذاق نیک مزاج اور صاف باطن بزرگ تھے۔ فن تاریخ گوئی میں مہارت حاصل تھی۔ بتاریخ ۲۵ ذی الحجہ ۱۲۹۶ھ کو عالم جاودانی کے سفر پر روانہ ہو گئے محلہ سنری میں سید بھیک صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے قرب میں مدفون ہوئے۔ سید احمد علی میاں اور سید محمود علی میاں آپ کے دو بیٹے تھے اخبار 'المیزان' جاری کیا تھا۔ ملا صاحب کا قطعہ تاریخ وفات منشی کریم الدین بریلوی نے لکھا تھا۔

## قطعہ

میر امداد علی شاد از جہاں — کرد چوں در باغ جنت انتقال
بہر تاریخ وصال او کریم — گفت بست و پنج از ذالحجہ سال

آپ کا ایک مطلع بہت شہرت یافتہ ہے منشی منیر کو خاص طور پر پسند آیا تھا۔

قسمت زلف میں ہے بوس و کنار عارض
آہ کیا مفت میں لٹتی ہے بہار عارض

## نمونۂ کلام

شاد کو دفن کر چلے جانا — غم دوں میں تری بلا بیٹھے
یہ مجھ میں تجھ میں فرق ہے قاتل کہ آب تیغ — میرے گلے گلے ہے تو تیری کمر کمر

## مثنوی

اللہ کی حمد نعت احمد — کیا کوئی لکھے کہ ہے یہ بے حد
دہلی کے محاورہ کہاں ہیں — کہنے کو برائے نام یاں ہیں
مقبول حسن جوان خوش رو — خوش طینت و خوش بیاں خوشخو
اک آفت جاں پہ مبتلا تھا — جینے سے بھی تنگ آگیا تھا
اس شوخ کا ہے وہ قد و قامت — قدموں پہ گرے ہے آ قیامت
وصف کمر و دہن لکھوں کیا — میں راہ عدم کو طے کروں کیا
چھوڑ اس کو گیا کسی کے ہمراہ — لب پر رہے اس کے نالہ و آہ

Marfat.com

چاہا کہ پھر آئے پر نہ آیا | اس بت نے بتایا اس کو بتّا
فرہاد نے سر پہ تیشہ مارا | اور ماتھے پہ اس نے یاں تپنچہ
اللہ یہ مجاز کی حقیقت | سہنی پڑی ہائے کیا مصیبت
مہندی کے جگر میں خوں بھرا ہے | سر سنگ پہ مارے تو بجا ہے
لکھوں اس غم کی کیا کہانی | پتّہ پتّہ ہے زعفرانی

---

# یونس خاں یونسؔ

یونس خاں یونسؔ متمول اور زمیندار خاندان کے تھے مگر زمینداری تعیش میں گنوادی تنگدستی اور افلاس میں عمر کا آخری زمانہ گزرا۔ محلّہ تارین بہادر گنج کے ساکن تھے۔ طبیعت باغ و بہار تھی اور مزاج میں انکسار تھا۔ شعر و شاعری سے شغف تھا۔ نواب غلام حسین حُسینی کے شاگرد تھے تمسخر پسند بھی تھے۔ کسی شاعر سے ناراض ہو گئے مشاعرہ میں غزل کا مقطع حریف پر چوٹ کرتے ہوئے پڑھا جو سامنے موجود تھا۔

جو حاسد آج کچھ بولا تو یونس اس سے پوچھوں گا
کہ مشفق آپ کیا طرز سخن بینگن سمجھتے ہیں

نمونۂ کلام۔

قیدی ہوا یہ دل مرا اس زلف کی لٹ کا | ابتر ہی رہا میں اور اس پہ بلا قہر و غضب
شانہ کا جھٹکا۔ بس مر ہی گیا

نہ رسم کفر کی سمجھے نہ راہ دیں کے ہوئے | اسیر سلسلۂ زلف عنبریں کے ہوئے
نہیں نہیں نہیں اس نے جو ہنستے ہنستے کہا | یہ لطف تھا کہ دلا ہم اسی نہیں کے ہوئے

انتقال ۱۸۵۷ء کے پُر آشوب زمانے کے کچھ مدت بعد ہوا۔ آپ کے مزید ذاتی اور خاندانی حالات کا پتہ نہیں چلتا۔ نواب محمد خاں نے تذکرۃ الاحباب میں اس سے زیادہ حال نہیں دیا۔

---

Marfat.com

# لالہ لکھپت رائے عاقل

آپ قوم کے کالیستھ اور رنگ محلہ کے رہنے والے تھے۔ علم فارسی بہت اچھا تھا۔ اکثر منتہی طلبا سبق لینے کو آیا کرتے تھے۔ چنانچہ شیخ امیر علی مرحوم ساکن محلہ گاڑی پورہ نے جو پیلی بھیت میں تحصیلدار و ڈپٹی کلکٹر کے عہدہ پر فائز ہوئے لالا لکھپت رائے عاقل سے چند کتب فارسی کی پڑھی تھیں۔ عاقل کا اور رائے کشن سہائے فرحت کا زمانہ ایک تھا۔ فن شعر میں نواب غلام حسین خاں حسین کے شاگرد تھے۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے اور کچھ نثری تصانیف بھی تھیں مگر اب کسی تخلیق کا پتہ نہیں چلتا۔ رائے کشن فرحت نے آئین انگریزی کتاب منظوم لکھی تھی اس میں عاقل نے تاریخ لکھی تھی وہ بطور نمونہ کلام درج کی جاتی ہے۔ ان کا انتقال ۱۸۵۷ء سے کچھ قبل یا کچھ بعد ہوا۔ مشہور ہے کہ تاریخ گوئی میں ملکہ حاصل تھا۔

جب ہوا ختم نسخۂ دلکش
فکر تاریخ کی گئی فی الحال
نسخۂ بے نظیر سے چالیس
دور کر کے کہو کہ ہے یہ سال

---

# خان زادہ ملک مینڈو خاں خاںؔ

خان زادہ ملک مینڈو خاں خاں نجیب الطرفین خاندان سے تھے۔ نواب بہادر خاں بانی شاہجہانپور کے چچا نیک نام خاں کے پوتے اور خان زادہ سیف اللہ خاں صاحب ساکن محلہ بجلی پورہ کے خلف الصدق تھے۔ فاضل اجل مولانا عبدالجبار خاں صاحب سے اکتساب علم کیا تھا استعداد علمی فاضلانہ تھی۔ اوائل عمری سے شعر و سخن سے دلچسپی تھی۔ اردو فارسی دونوں زبانوں کے شاعر تھے مگر مشورہ سخن کس سے کرتے تھے یہ پتہ نہیں لگتا۔ "سید محمد علی میاں خیال شاہجہانپوری نے اپنی حیات میں یکبار یہ ذکر کیا کہ ملک مینڈو خاں ایک روز میرے والد سے ملاقات کو تشریف لائے میں مولوی بھینگا خاں سے دیوان غنی کا سبق لے رہا تھا مجھ سے پکار کر کہا کہ صاحبزادہ کتاب لے کر آؤ۔ جب میں کتاب لے کر

Marfat.com

ان کے پاس گیا تو کہا کہ اس میں سے کوئی غزل پڑھو، میں نے ایک غزل کے دو تین شعر پڑھے، کہا کہ ترجمہ کرو۔ جب ترجمہ سن چکے، کہا اب کتاب ہم کو دو اور جو کچھ ہم بیان کریں اس کو غور سے سنو۔ اس کے بعد ایک شعر پڑھ کر پہلے لغوی معنی پھر ترکیب نحوی پھر اصطلاحات و محاورات و کنایات واستعارات بیان کر کے اس کے مطالب و نکات بیان کرنا شروع کیے ان کی تقریر میری فہم سے بہت بلند ہو گئی میرے والد اور بھائی ولی میاں وابو میاں سب ان کی تقریر سن کر متحیر تھے بار بار داد تحقیق دے رہے تھے چند شعر اس طرح بیان کر چکے تو مجھ سے کہا بیٹا جاؤ اب ہمارا دماغ ہلنے لگا آگے طاقت نہیں تقریر ختم ہونے پر میرے والد نے کہا خان زادہ صاحب آپ نے اس دیوان کا بہت غور سے مطالعہ کیا ہے تو قسم کھا کر کہا کہ جس دن پڑھنا ختم ہوا کبھی کھول کر نہیں دیکھا یہ اس علامہ کا فیض ہے جو مولوی شریف صاحب کے مکتب کے گوشہ میں میٹھی نیند سو رہا ہے یہ سب اس کی تقریر تھی جو میں نے نقل کر دی اس کے بعد رو کر اور غمگین آواز سے کہا کہ میاں صاحب آسمان سینکڑوں برس چکر لگائے گا تب بھی شاہجہانپور کو ایسا علامہ نصیب نہ ہوگا" (تاریخ مطبع)

ملک مینڈو خاں خاں نے اپنی حیات میں بہت کہا مگر سب برباد ہو گیا۔ خان کے نوجوان بیٹے کا انتقال ہو جانے کے سبب خان کا دماغی توازن قدرے بگڑ گیا تھا۔ آپ کے چند شعر جو تاریخ صبیح میں درج ہیں نقل کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ کلام دستیاب نہیں ہوتا۔

فصلِ گُل ہیں وہی فریاد وہی نالہ ہے — کچھ نہ مرہم سے ہوا زخم جگر آلا ہے
اے پری چشم سیاہ و رُخ تاباں ہے دلیل — دھوپ وہ پڑتی ہے جس سے کہ بدن کالا ہے
ہاتھ آہستہ سے سینے پہ مرے رکھیو جان — دل نہیں پہلو میں اک پھوٹا ہوا چھالا ہے

---

جلوۂ حسن پری ناز پہ آمادہ تھا — نقش آہنگ معانی ورق سادہ تھا

خان شاعری میں کس کے شاگرد تھے یہ نہیں معلوم ہو سکا نہ یہ پتہ چلتا ہے کہ خود ان کے شاگرد کون تھے۔ اپنے آبائی قبرستان میں مدفون ہیں۔

---

Marfat.com

# حافظ سیّد حبیب الحق حبیب

ڈاکٹر قمر رئیس اور مولف کتاب ہذا کے حقیقی نانا مولوی حافظ سیّد حبیب الحق حبیب ابنِ مولوی حافظ سیّد زین الحق ابن مولوی سیّد فیض الحق محلّہ سدی خیل عرف محلّہ بارہ دری میں رہتے تھے۔ مولانا عبدالعلیم عرف بابا صاحب جن کا مزار محلّہ بازید خیل میں بجانب جنوب مسجد جامع ٹیڑھے نیم کے نیچے واقع ہے آپ کے مورث تھے اور وہی بعہد اورنگ زیب عالمگیر شاہجہانپور میں بذریعہ خطابت و امامت عید گاہ آئے تھے عیدگاہ کی خطبہ خوانی آپ کے خاندان میں بطور وراثت چلی آئی تھی جو مولوی حافظ سیّد حبیب الحق تک رہی۔ عالمگیر اور محمّد شاہ شاہان ہندوستان کا عطیہ وجہ معاش بھی حاصل تھا موضع 'پراجھرسہ' اور عقب عیدگاہ اور دیگر مواضع میں چک اور بازیافت نیز معافیات موجود تھیں جس کی آمدنی سے عید گاہ کا خطیب اپنے اوقات گزاری کرتا تھا مگر جملہ املاک رفتہ رفتہ تلف ہوگئیں باقی ماندہ کو مولوی حبیب الحق نے فروخت کر دیا اور خود اپنی سسرال واقع محلّہ مہند جلال نگر میں اُٹھ آئے مولانا زین الحق معلّم تھے اس لئے حضرت مولوی حافظ حبیب الحق نے اولاً اپنے والد ہی سے تعلیم حاصل کی۔ جب ہوشیار ہوئے تو مختلف علوم کے اکتساب کے لئے دوسرے معلّموں کے پاس گئے۔ بعد کچھ مدّت مدّرار دو میں جو سرکاری تھا پڑھتے رہے اس زمانہ میں مدارس میں کوئی درجہ مڈل کا نہیں تھا گو تعلیم اعلیٰ درجہ کی دی جاتی تھی۔ طلبا صرف نارمل اسکول کی سند حاصل کرنے کو چلے جاتے تھے۔ چنانچہ حضرت حبیب نے بھی نارمل اسکول میں تعلیم پاکر سند پانے میں کامیابی حاصل کر لی اور سر رشتہ تعلیم میں ایک مدرسے کے مدرس ہو گئے۔ مولوی زین الحق کو اپنی شرافت نسبی پر بڑا ناز تھا۔ بعد ملازمت کے مولوی حبیب الحق کی شادی ملک علی بہادر خاں روہیلہ پٹھان ساکن تارین جلال نگر کی دختر سے ہوگئی ۱۸۸۳ء میں مولوی صاحب موصوف گورکھپور چلے گئے اور محکمہ بندوبست میں ملازمت کر لی۔ پیمائش۔ ریاضی اور علم مساحت میں ماہر تھے۔ باوجود ناواقفیت کار بندوبست کوئی دقت پیش نہیں آئی۔ حبیب صاحب کو شاعری کا شوق پہلے ہی سے تھا مگر گورکھپور پہنچ کر اپنے صیغہ کے ملازم احباب جوہر طبیعت اور پُر مذاق و قابلیت کے لوگ مجتمع تھے شعر گوئی کا مذاق از سرِ نو پیدا ہوا اور گلدستہ 'پیام یار' لکھنؤ میں غزلیں بھیجنے لگے۔ جنوری ۱۸۸۷ء کے پیام یار میں ان کی غزل

Marfat.com

حضرت امیرمینائی کی شاگردی میں چھپی ہے گویا ان کو حضرت امیرمینائی سے شرف تلمذ حاصل تھا اور بہت کچھ استفادہ کر چکے تھے مگر ۱۸۸۷ء میں ابوالاعجاز منشی احسان علی خاں۔ احسان شاہجہانپوری بھی گورکھپور بسلسلہ ملازمت پہنچ گئے۔ حضرت احسان کا شمار اساتذہ وقت میں ہوتا تھا۔ مولوی حافظ حبیب الحق اور حضرت احسان میں روز بروز تعلقات بڑھتے گئے اور دونوں ایک دوسرے سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ حضرت احسان نے حضرت حبیب کی موت کے بعد جو شعر کہا ہے، اس سے دونوں کے درمیان خلوص و محبت کا بھرپور اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

جب سے حبیب چھوٹ گئے لطف وطن گیا     ہر شکل غم مرقع عالم میں بن گیا

آخر کار اس محبت و تعلق سے مغلوب ہوکر حضرت حبیب نے باجازت حضرت امیرمینائی حضرت احسان سے مشورہ سخن لینا شروع کر دیا۔ ۱۸۸۹ء میں سید حبیب الحق صاحب گورکھپور کی ملازمت ترک کر کے راجہ صاحب جونپور کی سرکار میں ملازم ہوگئے۔ راجہ صاحب کے ہمراہ سفر پنجاب کا کیا اور پرستش گاہ ہنود کانگڑہ و جوالامکھی نیز بہت سے دیگر مقامات کی سیر کی اور عجیب و غریب مقامات دیکھے مگر چند سال بعد اس ملازمت سے بھی مستعفی ہوگئے اور وطن واپس آگئے۔ مولوی زین الحق بقید حیات تھے۔ انھوں نے اپنے بیٹے مولوی حبیب الحق کا دوسرا نکاح ملک عظمت اللہ خاں مہند ساکن محلہ مہند جلال نگر کی دختر سے کرا دیا کیوں کہ مزاجی نااتفاقی کی بنیاد پر زوجہ اول سے علیحدگی ہو چکی تھی مولوی صاحب بعد نکاح گوشہ نشین ہوگئے اور وطن ہی میں معاشی مسائل بھی مہیا ہوگئے۔ ۲۸ دسمبر ۱۸۹۱ء کو مولوی زین الحق نے رحلت فرمائی۔ مولوی زین الحق صاحب مرحوم نہایت منکسر خلیق علم دوست اور نیک دل بزرگ تھے شہر کے وضیع و شریف مرحوم کا انتہائی احترام و پاس و لحاظ کرتے تھے۔ حضرت مولانا زین الحق کے سید حبیب الحق کے علاوہ تین فرزند اور بھی تھے سب سے بڑے حمید الحق ان کے بعد سید محمود الحق اور سب سے چھوٹے سید عتیق الحق تھے۔ سید حمید الحق بعد شادی عین عالم جوانی میں رحلت فرما گئے۔ سید محمود الحق قصبہ ردولی ضلع بارہ بنکی میں ایک مدرسے کے مدرس اول تھے بعدہٗ رنگون چلے گئے جہاں ایک تدریسی ادارہ غالباً آج بھی ان کے نام سے جاری ہے سید محمود الحق کے صرف ایک فرزند سید تلمیذ الحق تھے جو رنگوں کے ایک کالج میں لکچرر تھے۔ سید محمود الحق ریاضی، حساب اور سیاحت میں کمال رکھتے تھے۔ سید عتیق الحق نے سرکار ریاست بلرام پور میں ملازمت کر لی تھی اور شادی کر کے توطن اختیار کر لیا۔ راقم الحروف

Marfat.com

نے اپنے نانا سید حبیب الحق کے ان سب سے چھوٹے بھائی کو قصداً بلرام پور جاکر دیکھا اور ملاقات کی۔ ان کے صاحبزادے سید شفیق الحق بلرام پور میں چند سال قبل تک بقید حیات تھے۔ جولائی ۱۹۸۳ء میں راہی ملک عدم ہوئے۔ اولاد موجود ہے۔

سید حبیب الحق کے والد رحلت فرما چکے تھے، والدہ زندہ تھیں شغل شاعری بہت ذوق وشوق سے جاری تھا شہر میں جہاں مشاعرہ ہوتا حضرت حبیب ضرور شریک ہوتے۔ اپنے مکان پر بھی مشاعرہ کراتے تھے۔ آپ کا کلام بہت صاف اور دلچسپ ہوتا تھا۔ عمدہ صحبت اور خداداد کا اثر تھا کہ حضرت حافظ احمد حسین خاں قدس اللہ سرہ العزیز کے دست حق پرست پر خاندان چشتیہ پر بیعت کی اس وقت صوفیانہ جوش نے منقبت آئمہ ومدحت بزرگان سلسلہ کی طرف متوجہ کیا چنانچہ احباب کی فرمائشوں اور طبعی ذوق نے قوّالی کی دھن کی غزلیں تیار کرائیں ان کو خوشگلو قوالوں نے جلسہ سماع میں گاکر سامعین کو بہت محظوظ کیا اور کیفیت قلبی ایسی بڑھائی کہ اکثر کو وجد آگیا۔ اسی شوق میں اجمیر شریف کی حاضری اور خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی آستانبوسی کا ارادہ کیا۔ اس کے لئے مجموعہ غزلیات کا تیار کیا اور 'معین القلوب' نام رکھا۔ پوربی زبان جوایک موثر اور پیاری زبان بھاکا کی یادگار ہے حبیب الحق صاحب کی زبان پر تھی اس میں بھی خامہ فرسائی کی۔ الغرض ردیف وار غزلیں اور ٹھمریاں خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی منقبت میں لکھیں۔

بسبب تعلقات اور گورکھپور کے قدیم احباب کی خواہش پر ۲۴ دسمبر ۱۹۰۱ء حضرت احسان شاہجہانپوری کے ساتھ گورکھپور گئے اور کئی سال کے بچھڑے ہوئے احباب سے ملے۔ کچھ روز رہ کر گورکھپور سے اعظم گڑھ اور قصبہ محمد آباد تشریف لے گئے جہاں ڈاکٹر عبدالغفور مظہر کے مہمان ہوئے۔ ۶ جنوری ۱۹۰۲ء کو بعافیت تمام وطن واپس تشریف لائے۔ آپ کو ریاست گوالیار کا محرم دیکھنے کا بہت شوق تھا وہاں کے احباب خصوصاً قاضی عزیزالدین رخشاں شریف زادہ قصبہ جیور ضلع بلند شہر کے تقاضے اور بلاوے پر ۷ اپریل ۱۹۰۳ء مطابق ۸ محرم ۱۳۲۱ھ حضرت احسان کے ہمراہ بقصد گوالیار روانہ ہوئے اور گوالیار میں پہنچ کر نیا بازار میں حضرت احسان کے مہمان ہوئے محرم کا سامان اور انتظام دیکھا۔ مجلسوں میں شرکت کی۔ گوالیار میں محرم بڑے حسن عقیدت سے منایا جاتا تھا۔ ریاست لاکھوں روپیہ اس پر صرف کرتی تھی۔ محتاجوں کو پلاؤ۔ بریانی روزمرہ عشرہ تک کھلایا جاتا اور خیرات ہوتی تھی۔ مرہٹے روسا تک اس موقع پر فراخ دلی سے خرچ کرتے

Marfat.com

تھے۔ احباب گوالیار نے ان ہر دو حضرات کے اعزاز میں ایک شاندار مشاعرہ منعقد کیا جو حکیم اصغر علی فرخ آبادی کے مکان پر ہوا جس میں ان شاہجہانپوری شعراء کے قدیمی دوست قاضی مقصود حسین حیرت شاہجہانپوری بھی موجود تھے۔ مشاعرہ کی طرح یہ تھی (محرم دیکھنے کے واسطے احسان آئے ہیں) سید حبیب الحق صاحب نے اپنی غزل پڑھی اور خوب خوب داد پائی۔ گوالیار سے ۱۴ اپریل ۱۹۰۳ء کو شاہجہانپور واپس پہنچ گئے۔ سید حبیب الحق کو سیاحی کا اس قدر شوق پیدا ہوگیا تھا کہ ان کے لیے گھر بیٹھنا مشکل ہوگیا اور وہ پورنیہ۔ مونگیر اور چھپرا صوبہ بہار کی سیاحت کے لئے چلے گئے اور اس سفر سے واپس آگئے۔ دوسری بار پھر گئے مگر اس بار ادھر کی مرطوب آب وہوا نے عناصر طبعی میں اختلاف ڈال دیا۔ سخت بیمار ہوکر شاہجہانپور واپس آئے مگر بڑی تکلیف ودقت سے وطن تک پہنچے۔ ڈاکٹری اور یونانی علاج کیا گیا بہت دوڑ دھوپ ہوئی لیکن مرض تشخیص میں نہ آیا اور نہ کوئی دوا کارگر ہوئی۔ پانچ چھ روز شدید تکلیف وکرب میں مبتلا رہے بالآخر ۱۹ اکتوبر ۱۹۰۴ء مطابق ۹ شعبان ۱۳۲۲ھ کو اللہ اللہ کرتے جنت نصیب ہوئے۔ مرحوم نے ایک فرزند جس کا تاریخی نام اختصاص الحق تھا اور چار لڑکیاں یادگار چھوڑیں مگر خدا کو نسل ذکور قائم رکھنا منظور نہیں تھا اس لئے چندماہ کے بعد لڑکے کا انتقال ہوگیا اور نابالغ لڑکیاں جب جوان ہوئیں تو ان میں سے پہلی لڑکی امینہ بیگم کی شادی بابو تجمل حسین خاں ساکن جلال نگر سے اور دوسری لڑکی مختار بیگم کی شادی مولوی عبدالعلی مختار خاں ساکن احمد پور نیاز پور سے ہوگئی۔ تیسری لڑکی طاعون کی نذر ہوگئی چوتھی لڑکی صغریٰ بیگم کی شادی حکمت اللہ خاں ساکن تلہر سے ہوئی۔ سید حبیب الحق مرحوم کو زندگی میں اس بات کی بڑی تمنا تھی کہ بعد مرنے کے مرزا حاجی قلندر صاحب علیہ رحمۃ کے پاس دفن ہوں جس کا احاطہ عیدگاہ سے ملا ہوا اتر کو سیڑھیوں کے پاس ہے۔ الغرض کچھ اس آرزو کا خیال کرکے کچھ خطابت عیدگاہ کا تعلق سمجھ کر حاضرین تعزیت کی یہی رائے قرار پائی کہ اسی جگہ کے قریب انتظام دفن کا کیا جائے۔ چنانچہ احاطہ مذکور کی دیوار شمالی کے نیچے باہر کو پختہ قبر سے پچھم کو ملی ہوئی مولوی حافظ سید حبیب الحق حبیب خطیب عیدگاہ وامام جامع مسجد کی قبر ہے۔ مرحوم کو ریاضی وہندسہ ومساحت میں بہت مہارت تھی فارسی میں بھی قابلیت اچھی تھی فن شعر میں بھی بہت کچھ معلومات تھیں دیوان اردو مکمل ہوگیا تھا مگر بعد وفات کے پتہ نہیں چلا کہ کیا ہوا۔ معلوم ہوا کہ آخری سفر صوبہ بہار میں ہمراہ تھا دیگر سامان کے ساتھ پورنیہ یا مونگیر میں کسی جگہ کسی کے پاس رہ گیا۔ سید

Marfat.com

حبیب الحق مرحوم نہایت متواضع و مہمان نواز و احباب پرست انسان تھے اپنے ملنے والوں کا مثل عزیزوں کے خیال رہتا تھا اسی وجہ سے مرحوم نے باوجودیکہ بہت کمایا مگر کچھ نہیں رکھا سب خرچ کر دیا۔ مرحوم کی طبیعت بہت رواں تھی اور فن شعر کے مناسب۔ کلام صاف اور عاشقانہ ہوتا تھا۔ مضامین اچھوتے ہوتے تھے جدت بھی تھی اور آمد بھی۔ دیوان غائب ہے ورنہ انتخاب کلام پیش کیا جاتا گلدستوں میں جہاں تک راقم الحروف کو نانا مرحوم کا کلام مل سکا انتخاب کر کے ضیافت طبع ناظرین کے لئے لکھدیا۔

صبر میرا کبھی تسکین کا پہلو نہ ہوا ۔۔۔ درد میں دل کو دبا لینے کا قابو نہ ہوا
جام توبہ کی طرح ٹوٹ گئے محفل میں ۔۔۔ ہاتھ ساقی کا مرے واسطے جلّو نہ ہوا
روتے روتے یونہی کمبخت نکلتا اک روز ۔۔۔ میرا ارمان مری آنکھ کا آنسو نہ ہوا
جام پر جام پیئے ہم نے مئے الفت کے ۔۔۔ ایک جرعہ بھی کبھی حلق میں اُچھو نہ ہوا
وصل کی شب میں بھی در پردہ "رہا عیش وصال ۔۔۔ آنکھ کے سامنے آئینہ زانو نہ ہوا
نہ سُنی داور محشر نے ستم کی فریاد ۔۔۔ حشر کے روز بھی جھگڑا مرا یکسو نہ ہوا

---

تو بھی نہ سامنے گئی کیوں اے نگاہِ یاس ۔۔۔ سو بار وہ رقیب سے آنکھیں لڑا چکے
جوبن کو دیکھتے ہیں وہ سینہ ابھار کر ۔۔۔ کہتے ہیں ہم بھی اپنی جوانی پر آ چکے
اب آہ دل میں درد محبت نہیں رہا ۔۔۔ اٹھتا تھا جو کبھی ہم اُسے بھی دبا چکے
بے پردگی سکھائے گی آمد شباب کی ۔۔۔ محرم میں تم نمود جوانی چھپا چکے

محفل میں ان کی، صبر و خرد ہیں کہاں حبیب
تم جس کو ساتھ لائے تھے پہلے وہ جا چکے

وہ شب وعدہ جو آئے تو یہ بولے ہنس کر ۔۔۔ آج کیا ہے کہ شب ہجر ترے گھر میں نہیں

---

بہار عشق دکھلا دی ترے خنجر نے اے قاتل ۔۔۔ بدن پر زخم ترچھے پڑ گئے ہیں بدھیاں ہو کر
ہیں صدقے اس رعایت کے سمجھ کر عاشق گیسو ۔۔۔ بلائیں پاؤں پڑنے آئیں بھی تو بیڑیاں ہو کر
ستانا سیکھتے ہو تم تو یہ ترکیب اچھی ہے ۔۔۔ کہ آ بیٹھو ہمارے سینے میں درد نہاں ہو کر
نہ کام آئیں فسوں گفتاریاں وقت سخن اس سے ۔۔۔ حبیب ایسی تھیں چپ لگ گئی جادو بیاں ہو کر

---

Marfat.com

کیا ہوا ضعف سے گرتے ہیں جو چلنے والے ٹھوکریں کھا کے سنبھلتے ہیں سنبھلنے والے
ڈھنگ در پردہ ستانے کا نکالا کیا کیا دل میں بیٹھے ہیں کلیجہ مرا ملنے والے
نشۂ مئے میں مجھے دست سبو نے تھاما یوں سنبھل جاتے ہیں گرنے سے سنبھلنے والے
غم گیا دل سے تو ہر درد نے راحت پائی اب تو بے خوف ٹہلتے ہیں ٹہلنے والے
روک رکھا ہے خلش کے لئے ان کو شبِ ہجر تیرے پیکاں نہیں دل سے نکلنے والے
راستہ بند کیا کثرتِ غم نے ایسا رک رہے دل کے سب ارمان نکلنے والے

چلدئے ہم طرفِ ملکِ عدم آج حبیب
رہ گئے دیکھ کے منہ ساتھ میں چلنے والے

دیکھو بے قدر سمجھ کر نہ انھیں پھینکو تم میری حسرت بھی ہے کمہلائے ہوئے ہاروں میں
مرگ گلچیں کی گلستاں میں خوشی ہے شاید بلبلیں پھول لئے پھرتی ہیں منقاروں میں

---

مٹ گیا کوچۂ سفاک میں ارماں کس کا خاک پر لوٹ رہا ہے تن بیجاں کس کا
ناوک جور کو کس کے نہ جگہ دی ہم نے خون میں ڈوب کے نکلا نہیں پیکاں کس کا
دل مضطر ہی نہ پہلو میں نہ سینے میں جگر اے غم یار بناؤں تجھے مہماں کس کا
قتل سے میرے مکرتا ہے تو کیوں اے قاتل تھا ابھی خون میں تر خنجر براں کس کا

چرخ پر دیکھ کے مہتاب کو کہتا ہوں حبیب
داغ دل آج ہوا ہے یہ نمایاں کس کا

برا ہو عشق کا اچھا بنا دیا مجذوب تمام عمر نہ سمجھے وہ گفتگو میری
مجھے نہ منع کر آنے سے بزم میں ساقی کہ راہ دیکھتے ہیں ساغر سبو میری
شہید مجھ سا نہیں دوسرا زمانے میں ہوئی ہے خون تمنا سے شست و شو میری
بگڑ بگڑ کے رگڑ تیغ ناز اے قاتل لہو نہ دے گی کہاں تک رگ گلو میری

---

بلائیں لیتا ہے رہ رہ کے نقش پا کس کی ادائیں کرتی ہے رفتار فتنہ زا کس کی
خطا اس کو دے کے جو قاصد نے کچھ کہا تو کہا سنا رہا ہے تو یہ مجھ کو التجا کس کی
یہ مانا ذکر نہ تھا میرے قتل کرنے کا قضا سے کرتی تھی شورہ ابھی ادا کس کی

Marfat.com

بیان زلف پریرو سنا کے اے ناصح — لگائے جاتا ہے تو میرے سر بلا کس کی
جگر بھی دل بھی ہے تیر نگاہ کا طالب — یہ دیکھنا ہے کہ مقبول ہو دعا کس کی

---

وعدہ ہی سن کے بے خودئ شوق بڑھ گئی — ہوگا شب وصال میں اس دل کا حال کیا
عاشق کی چھیڑ کا ہے گلہ کیا ملال کیا — ایسی تو روز ہوتی ہے اس کا خیال کیا

---

ناوک ناز دلربا کیوں ہو — مجھ پہ یہ جور بے خطا کیوں ہو
جس سے مطلب غرض نہیں کوئی — لطف اس پہ ہو یا جفا، کیوں ہو
آہ و فریاد نارسا ہی سہی — میری تقدیر نارسا کیوں ہو
جس کو وہ کوستے رہیں دن رات — ایسے بیمار کو شفا کیوں ہو

دست بستہ حبیب آیا ہے
بے سبب اس سے تم خفا کیوں ہو

بتو اب تو آنے دو اپنی محفل میں ہم کو — اگر تم نہ بولو گے دیکھا کریں گے
کسی سے کہیں گے نہ اپنی طلب ہم — تمھیں سے تمھاری تمنا کریں گے

---

کہتے ہیں وہ آسماں سے ہم نے — سیکھا ہے چلن ستمگری کا
خلوت میں اڑاؤ جام پہ جام — ڈر اس میں حبیب کیا کسی کا

---

ہمارے دل کو لیا ہے تو پاس ہی رکھئے — وہ کام کیجئے آئندہ اعتبار رہے
وہ مجھ کو دیکھ کے دیوانہ۔ کوستے ہیں تبھی — خدا کرے ترے سر پہ جنوں سوار رہے

---

آتا جاتا ہے اسی راہ سے دل میں غم یار — بے خودی دیدہ عاشق کو کھلا رہنے دے
تیری آنکھوں میں نہ کھٹکونگا وہ لاغر ہوں میں — اے صنم اپنی نگاہوں میں پڑا رہنے دے

---

وعدہ وصل تو وفا نہ ہوا — اور کہتے ہو ہم سے کیا نہ ہوا

Marfat.com

اس کو کہتے ہیں بیکسیٔ فراق　　درد بھی میرا آشنا نہ ہوا
وہ نہ ہم کو ملے نہ ہم ان کو　　حشر کے دن بھی فیصلا نہ ہوا
نارسائی سی نارسائی ہے　　آہ کیا بخت بھی رسا نہ ہوا
ایک بوسے کی کیا لڑائی تھی　　آج تک جس کا فیصلا نہ ہوا
ایسے دل کو سلام ہے میرا　　جو میرا ہو کے بھی میرا نہ ہوا
جب مزہ ہوگا حشر ہیں او بُت　　تیری جانب اگر خُدا نہ ہوا
حال تم نے حبیب کا بھی سُنا
سوئے ملکِ عدم روا نہ ہوا

پیامبر کی زباں بن کے ساتھ ہیں بھی چلا　　کہاں تک اس سے بیاں شرح آرزو ہوتی

---

کبھی نہ ایک جگہ مثل دود آہ رہے　　تلاش یار ہیں کیا کیا نہ ہم تباہ رہے
ہلا ہے آج ہی اظہار درد کا موقع　　خموش کس لئے محشر ہیں داد خواہ رہے

---

میرا حال کہنا جو اے نامہ بر تو　　زرا پہلے ان کی نظر دیکھ لینا
شب انتظار اپنا شغل اور کیا ہو　　اِدھر دیکھ لینا اُدھر دیکھ لینا

---

کہنے لگے وہ سن کے مری داستان غم　　تیرے معاملے سے ہمیں واسطا نہیں

---

دیکھو نظر اٹھا کے تم اک بار اور بھی　　ناز و ادا کا دیکھ لیں ہم پیار اور بھی
میدانِ حشر ہیں نہ کسی سے ہوں شرمسار　　اتنا کرم ہوائے مرے ستار اور بھی
ساقی سبھی نکال کے خم سے نہ صرف کر　　نیت لگائے بیٹھے ہیں میخوار اور بھی

---

خُلد کی پروا نہ شوق حور تھا　　میری نظروں کو وہی منظور تھا
اب تو آنکھوں سے لہو بہنے لگا　　پہلے اس سے دل ہی ہیں ناسور تھا
چٹکیاں لیں ہوں گی یاد غیر نے　　چھیڑتا میں ؟ یہ مرا مقدور تھا!

Marfat.com

ہے بڑی عمر آپ کی خود آ گئے ۔۔۔ آپ ہی کا اس گھڑی مذکور تھا

---

وفائے یار سے طرزِ جفا نکلتی ہے ۔۔۔ یہی ادا ہے تو پھر کیا ادا نکلتی ہے

---

اب تو وفورِ ضعف سے دیکھو یہ حال ہے ۔۔۔ دردِ جگر کو بیٹھ کے اٹھنا محال ہے

---

فیضِ ساقی سے جو ہیں شغلِ مئے وحدت میں غرق ۔۔۔ ہوش آتا ہی نہیں کچھ ایسی کیفیت میں غرق
عشق میں گزری ہے جو مجھ پہ اب ان کا ذکر کیا ۔۔۔ آپ اتنا رنج کیوں کرتے ہیں میں راحت میں غرق
مدعی کو سامنے بٹھلا کے دیکھا آئینہ ۔۔۔ آپ کی اس سادگی سے میں بڑی حیرت میں غرق
تم سے دینا ہے تو دنیا میں تمہیں زندہ رہو ۔۔۔ مجھ کو مرنے دو اگر مر جانے کی حسرت میں ہوں

---

میکشوں کو جو ذرا پی کے ندامت آئی ۔۔۔ اینڈتی جھومتی اللہ کی رحمت آئی
عمر بھر ہم کو اسی بات کا افسوس رہا ۔۔۔ تیرے آنے کی طرح دل میں نہ حسرت آئی

---

دیکھا وہ نور ہم نے تری جلوہ گاہ میں ۔۔۔ جو آسماں کو بھی نہ ملا مہر و ماہ میں

---

جی بہلنے کے یہی شغل رہا کرتے ہیں ۔۔۔ تیری تصویر سے ہنس بول لیا کرتے ہیں
ایک دن وہ تھا کہ جینے کی تمنائیں تھیں ۔۔۔ اب وہی ہم ہیں کہ مرنے کی دعا کرتے ہیں

---

## رائے کرشن سہائے فرحت

رائے کرشن سہائے فرحت کے حالات مولف تاریخ صبیح نے بہت تفصیل سے تحریر کیے

Marfat.com

ہیں جو دلچسپ بھی ہیں اور لائق توجہ بھی۔ فرحت صاحب کے بزرگ بدایوں کے ساکن تھے اور عہد مغلیہ میں سرکاری عہدوں پر فائز تھے۔ شہنشاہ ہندوستان جہاں گیر کے عہد میں فرحت کے جد امجد رائے تیج پال قانون گو تھے۔ کسی سبب سے شاہی عتاب میں آ گئے بتقاضائے غیرت اور تحفظ ننگ و ناموس کی خاطر گھر کے سبھی افراد کو قتل کر کے بنگال کی طرف فرار ہو گئے۔ اتفاق سے قتل عام سے رائے جے رام داس بچ گئے تھے جن سے تیج پال کی نسل چل نکلی۔ رائے جے رام داس کے فرزند نواب زین الدین خاں رئیس شاہجہانپور کی سرکار میں دیوان مقرر ہو گئے۔ رائے گنیش رائے دیوان ہو کر یہیں کے ہو رہے اور شاہجہانپور میں توطن اختیار کر لیا۔ رائے گنیش رائے کے پوتے رائے بختاور سنگھ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی سرکار میں ملازم تھے اور مرہٹوں کی جنگ میں یہ بھی حافظ الملک کے ساتھ تھے۔ بعد جنگ یہ جلال آباد کے چکلہ دار مقرر ہوئے اور اسی عہدہ پر حافظ الملک کی زندگی تک برقرار رہے۔ جب روہیلکھنڈ نواب شجاع الدولہ والئ اودھ کے ممالک ڈوسہ میں شامل کر لیا گیا تو نواب اودھ کی طرف سے بھی رائے بختاور سنگھ اپنے عہدہ پر اسی طرح برقرار رہے۔ نواب سعادت علی خاں کے عہد میں جب شاہ جہاں پور سرکار کمپنی نے اپنے قبضے میں لے لیا تو رائے بختاور سنگھ سبکدوش ہو کر گوشہ نشین ہو گئے ان کے فرزند رائے سنگھ ندھان علاقہ ٹھاکر دوارائے کمپنی کی طرف سے عہدہ دہ یک تحصیلداری پر سرفراز ہوئے رائے سنگھ ندھان تدبر، لیاقت اور شجاعت میں مثل اپنے بزرگوں کے تھے امیر خاں ایک رئیس نے جب ان کے تحصیل کے مکان پر حملہ کر کے خزانہ وغیرہ لوٹنا چاہا تو رائے سنگھ ندھان نے بے جگری سے مقابلہ کیا اور بڑی تدبیر سے خزانے کو لٹنے سے بچا لیا اس خدمت اور وفاداری کے صلہ میں کمپنی سرکار نے ۳ر جون ۱۸۰۳ء خلعت وخطاب سے نوازا اور تاحیات اضلاع مراد آباد، بریلی اور شاہجہانپور کے تحصیلدار رہے۔ دوران ملازمت ۱۲۳۲ء جلال آباد میں انتقال ہوا۔ ضلع کلکٹر نے حسن خدمات اور وفاداری کے انعام کے طور پر رائے بختاور سنگھ کے بیٹے رائے کرشن سہائے فرحت کو تحصیلدار کے عہدے پر تقرر کر دیا۔ رائے کرشن سہائے فرحت زندگی بھر شاہجہانپور کی تحصیلداری پر قائم رہے۔ مولوی صبیح الدین میاں نے تاریخ مطبع کے حوالے سے لکھا ہے کہ مسٹر بلر، کلکٹر شاہجہانپور نے کسی سنگین قصور پر فرحت کو برخاست کر دیا تھا مگر جب ان کی معصومیت اور بے قصوری کا یقین ہو گیا تو ریزیڈنٹ لکھنؤ اور نواب

Marfat.com

مہدی علی خاں وزیر سے سفارش کر کے اودھ میں چکلہ داری پر تقرر کرا دیا تھا ایک مدت تک محمدی و بہرائچ کے چکلہ دار رہے اور جب اودھ کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا تو یہ بھی علیحدہ ہو کر گوشہ نشین ہو گئے۔ فرحت کو شعر و سخن سے دلچسپی تھی نواب غلام حسین خاں حسین کے حلقہ تلامذہ میں تھے۔ نثر نگاری کا شوق بھی تھا۔ قصہ لیلاوتی بزبان فارسی نظم کیا ایک لغت 'تالیف فرحتی' نامی تیار کی تھی اس میں لغات عجیب و غریب داخل کئے۔ محاورات میں ایک کتاب 'بدیع الانشا' ترتیب دی تھی۔ قصہ 'گل بکاولی' مثنوی میر حسن کی بحر میں نظم کر کے 'سوز عشق' نام رکھا تھا۔ مولوی صبیح الدین میاں بحوالہ تاریخ مطبع راوی ہیں کہ سوز عشق کو بغرض اصلاح نواب غلام حسین حسین کی خدمت میں پیش کیا۔ نواب صاحب نے بعد اصلاح ایک قصیدہ تصنیف کر کے اس پر لگا دیا جس کا ہر شعر مثنوی کے داستان کا عنوان بن گیا۔ فرحت نے اپنا دیوان بھی ترتیب دیا تھا جس میں اردو فارسی کا کلام تھا جس کا نام دیوان رعنا رکھا تھا۔ فرحت خود لکھتے ہیں کہ مجھ کو بچپن سے شعر و شاعری کا شوق تھا چنانچہ آغاز شعور سے ۱۲۶۴ھ تک کہ عمر کا چالیسواں سال تھا تصنیف و تالیف کا اتفاق ہوا اور یہ ارادہ کیا کہ شاعری ترک کر کے اب دل و دماغ کو آرام اور خیالات و افکار سے نجات دینا چاہئے مگر مثنوی سوز عشق طبع ہو کر مشہور ہو چکی تھی حتیٰ کہ بلر صاحب کلکٹر ضلع اور 'تھارن ہل صاحب' جنٹ مجسٹریٹ کہ علم و ہنر کے قدر دان اور جوہر قابلیت کے فرد تھے مثنوی مذکور کی اشاعت سے واقف ہوئے ان دونوں صاحبوں نے ایک دن کمال لطف و مہربانی فرمایا اگر کوئی کتاب شعر تواریخ شاہان ہند ما فیہ و متضمن حالات آئین و دستور و خراج ہند و کیفیت پیداوار آراضی و ضوابط نظم و نسق ملک و انتظام عدالت وغیرہ تیار ہو جائے تو یقیناً ملک کو بہت مفید ہو چنانچہ اس تحریک سے بحکم المامور ایک کتاب جس میں قواعد مالی و ملکی سرکار انگریزی کے) شروع کی اور عہد سلطنت خاقان اکبر اعظم سے مختصر حالات سلاطین مغلیہ کے شروع کر کے شب و روز کی محنت و سرگرمی سے تالیف کی اور اس کا نام 'آئین انگریزی' رکھا۔' فرحت کو ۱۸۵۷ء کے پر آشوب دور کے خاتمے پر خیر خواہی اور وفاداری کے صلہ میں ضلع بہرائچ میں جائیداد عطا ہوئی تھی۔ تمام زندگی عیش و آرام میں بسر کی غدر کے دس بارہ سال بعد وفات پائی۔ ان کے بھائی منشی ہر سہائے کلکٹری شاہجہانپور میں سررشتہ دار تھے۔ فرحت کا کل کلام مطبوعہ و غیر مطبوعہ اب ناپید ہے۔ صرف وہ اشعار جو آئین انگریزی میں حمد کے طور پر مثنوی میں موجود تھے لکھے جاتے ہیں۔ واقعی یہ امر کس قدر

Marfat.com

افسوس ناک ہے کہ اولاد کے ہوتے ہوئے سارا سرمایہ ادب جسے فرحت نے ساری عمر میں اکٹھا کیا تھا ناقدری کی نذر ہو گیا اور تلف ہونے سے کوئی نہ بچا سکا۔ اولاد نے ان کی جائیداد سے فائدہ اٹھایا عیش و آرام پایا لیکن وہ بیش بہا اور انمول ادبی خزانہ جسے فرحت صاحب چھوڑ کر گئے اس کی حفاظت نہ کر سکی۔

فرحت کی مثل اور بھی شاعر گزرے جن کا ادبی سرمایہ تباہ و برباد ہو گیا۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

## حمد

ہر ایک ذرہ اسی سے ہوا تابدار — اسی سے یہ دریا ہوا آبدار
شفق کا بنا کر کے رنگ عجیب — کیا دامن آسماں کے نصیب
ہر اک شاخ گل اس گلستاں کی — ہوئی ذکر خوان اس کے احسان کی
ولیکن بشر کی یہ طاقت کہاں — کہ کھولے وہ اس کی ثنا میں زباں
اسی رہ میں پائے خرد لنگ ہے — سخن کا یہاں قافیہ تنگ ہے
ملک ذکر میں اس کے خاموش ہیں — فلک بھی تو از حد فراموش ہیں

یہ منزل تو فرحت سمجھ کر کے دور
درازی کو کوتاہ کر اب ضرور

حضرت رائے کرشن سہائے فرحت شاہجہانپوری کے خاندان میں اب کوئی ایسا فرد نہیں ہے جو فرحت کے کلام کی نشان دہی کرتا جس سے مزید تلاش و جستجو میں مدد ملتی۔ یہ چند اشعار بھی منشی احسان علی خاں احسان کے طفیل دستیاب ہو گئے جنکو آئین انگریزی کا ایک قلمی نسخہ مل گیا تھا وہ بھی اب غائب ہو گیا۔

---

# سید محمد محسن میاں عرشی

آپ کے والد ماجد کا نام خلیفہ سید احمد صاحب تھا محلہ لکرا خورد کے باشندہ تھے۔ ۱۷ / جمادی الاول ۱۲۳۶ھ کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے پائی۔ آپ کے والد اور دادا خلیفہ جی

Marfat.com

فارسی میں دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ عرشی کی استعداد علمی معقول تھی۔ اردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے طبیعت رسا پائی تھی۔ نواب غلام حسین خاں حسین کے تلامذہ میں تھے۔ عین عالم جوانی بعمر ۳۰ سال مجنون ہو گئے جنونی حالت پندرہ سال قائم رہی اور اسی عالم میں دنیا کو خیرباد کہا۔ دیوانگی کی وجہ سے کلام برباد ہو گیا۔ ایک بار نواب غلام قادر خاں نے قلعہ میں مشاعرہ کرایا باہر کے شعراء بھی بلائے گئے تھے۔ طرح نہایت مشکل تھی۔ مشاعرہ میں عرشی نے اپنی باری پر غزل پڑھی جب یہ شعر پڑھا تو حاضرین مشاعرہ پر کیفیت طاری ہو گئی۔ نواب غلام قادر خاں نے بڑھ کر عرشی کے ہاتھوں کو فرط جذبات سے مغلوب ہو کر بوسہ دیا۔

ایڑیاں بسمل نے رگڑیں تو یہ بولا بدگماں — پاؤں بھی کاٹو کہ ہے اس کی رگ جاں پاؤں میں

اسی غزل کا ایک اور شعر ہے

جذب شوق دشت سے یوں پھاندتے ہیں ہم اسیر — چھو نہیں سکتی کبھی دیوار زنداں پاؤں میں

نہ مرا غم میں ماہرویوں کے — سنکھیا آسماں نے کھا دیکھی

مزے تو بوسہ رخسار دلربا کے لئے — رولا کے خواہ لئے ہم نے یا ہنسا کے لئے

چلی تھی سوئے فلک پر شہاب ثاقب نے — قدم لپک کے مری آہ نارسا کے لئے

ایڑیاں قیس نے رگڑیں تو بنا جادۂ دشت — تھک گئے پاؤں تو اس کو یہ چلن یاد آیا

خم کے خم آج ساقیا ڈھل کا — کس کو معلوم حال ہے کل کا

ہلال عید کہا میں نے ایک دن جو اسے — تو مجھ سے وہ ستم ایجاد سال بھر نہ ملا

تیری رفتار تیز کے آگے — برق کے پاؤں میں عنا دیکھی

ناز سے غیر کو اس نے جو پلٹ کر دیکھا — اس سے روشن ہے کہ سیدھی مری تقدیر نہیں

کھائی اٹھکیلی سے ٹھوکر حشر پر حرف آگیا — وہ بھی قد اپنی رعنائی سے رسوا ہو گیا

مرا کمال مجھے باعث زوال ہوا — بڑھا تو بدر بنا گھٹ کے پھر ہلال ہوا

سید محمد محسن میاں عرشی لگ بھگ ۱۲۸۱ھ میں فوت ہوئے۔ عرشی کی نسل میں لوگ اسی محلے میں آباد ہیں۔ والد اور دادا کا پیشہ معلمی تھا۔ نہایت نیک اور بابرکت بزرگ تھے مشہور ہے کہ ان کا کوئی شاگرد بدنصیب نہیں ہوا۔

Marfat.com

# حافظ نثار احمد خاں عرف حافظ بدھن خاں تائبؔ

۱۲۵۳ھ میں پیدا ہوئے شیر خوار ہی تھے کہ چیچک کے موذی مرض میں مبتلا ہوگئے اور بصارت جاتی رہی مگر علم وفضل میں یکتائے زمانہ ہوئے دیگر بچوں کی مانند آپ بھی مدرسہ جایا کرتے تھے اور وہاں جو کچھ پڑھایا جاتا صرف سن کر ذہن نشین کرلیا کرتے تھے اپنے مضبوط حافظے کی بدولت قرآن کریم مولوی قاری محسن میاں سے حفظ کیا اور عربی فارسی کی تحصیل مولوی سید محمد حسین سے کی تھی نیز فقہ کی کتب درسیہ مولوی عبد الرحمٰن خاں سے پڑھی تھیں۔ شاعری میں نواب غلام حسین خاں حسینؔ کے شاگرد تھے۔ آپ کی تصنیف میں تین مولود شریف منظوم۔ ایک نثر فارسی موسوم بہ 'شہد عشرت'، چند رسالے اردو میں۔ ایک فارسی میں اور ایک عربی میں صرف ونحو میں اور شرح میزان منطق عربی میں اور ایک نا تمام کتاب مرقعہ حجت ایقان فلسفہ وحکمت میں لکھی تھی۔ صرف ونحو میں حافظ بدھن کی معلومات وسیع تھیں مگر افسوس کہ ساری تصنیفات بلا طبع کے رہیں۔ آپ ایک کہنہ مشق بلند خیال شاعر تھے۔ انتہائی زود گو بھی تھے۔ اپنی بلند خیالی اور دقت معنی میں غالب ثانی تھے۔ آپ کے دو دیوانے اردو اور ایک فارسی کا تھا مگر یہ سب بھی زیور طباعت سے محروم رہا۔

حضرت جلال لکھنوی ایک بار شاہجہانپور تشریف لائے تھے ایک نشست میں جلال صاحب نے اپنی غزل پڑھی حافظ بدھن خاں تائب اس نشست میں خود بھی موجود تھے جلال صاحب کے ایک شعر پر برسر عام ترکیب نحوی کا اعتراض جڑ دیا۔ پڑھے لکھے لوگ حافظ تائب سے گھبراتے تھے کہ کہیں کوئی نکتہ نہ دریافت کرلیں بصارت نہ ہونے سے مطالعہ سے محروم تھے ورنہ ان کا ثانی ملنا مشکل تھا۔ آپ نے اپنی ولادت کا قطعہ موزوں کیا تھا جس کی ندرت لائق دید ہے۔

## قطعہ

میں جو پیدا ہوا خدا کی شان — نام پایا نثار احمد خاں
تین لفظیں ہیں پہلے ہے بے پا — ثانی بے سر ہے تیسری بیجان

## نمونۂ کلام اردو

معدلات میں ہے فقر سہلات میں ملک — طاقت اثر شہ پسند سے فریاد
رہائی قید سے تائب پس فنا بھی نہیں — رسن ہے تار کفن پائے بند سے فریاد

---

Marfat.com

انکی دہان زخم میں دیتا ہے بڑھ کے تبر — کیا قہر ہے لبوں سے نکلنا سوال کا
تائبؔ سخن سے دل کا علاقہ نہ جائے گا — واجب میں ہو سکے گا نہ دخل انتقال کا

## غزل تائبؔ

خلق کو تلپٹ کرے ظلم اس ستم ایجاد کا — کان پھوڑے حشر کے غوغا مری فریاد کا
ساکنان کوئے جاناں کیا کریں لے کر بہشت — جنتی خواہاں نہ ہوگا گلشن شداد کا
بھول کر بھی آ نہیں سکتی کبھی یاد خدا — خود فراموشوں میں یہ عالم بتوں کی یاد کا
کاٹتے ہیں کچے ڈورے سے یہ اپنی بیڑیاں — پا بجولاں نام بھی لیتے نہیں حداد کا
اشک کی موجیں فلک پر ہیں بجائے کہکشاں — پانی پانی ہو گیا گھر چرخ کی بنیاد کا
اسیران بلا مجبور یا مختار بیٹھے ہیں — کڑی مشکل اٹھا کر موت سے دو چار بیٹھے ہیں
بنے دشمن برائے عاشقان زار بیٹھے ہیں — کمر باندھے ہوئے کھینچے ہوئے تلوار بیٹھے ہیں
کوئی کہہ دے خبر جا کر یہ اس رشک مسیحا سے — کہ دم توڑے تمھارے منتظر بیمار بیٹھے ہیں
کسی کونے میں دوزخ کے کوئی طفل برہمن ہے — کہ شعلے آگ کے پہنے ہوئے زنار بیٹھے ہیں
چلے کوئی۔ کوئی چکر لگائے ہم کو کیا ہم تو — جہاں بیٹھے برنگ نقطۂ پرکار بیٹھے ہیں
قیامت ہے نہیں اٹھتے وہ خواب استراحت سے — ہزاروں نالشی آئے سر دربار بیٹھے ہیں
جو ہوتا ہے وہی کرتے ہیں۔ ہم کچھ بھی نہیں کرتے — کراماً کاتبین تھامے قلم بے کار بیٹھے ہیں

تائبؔ بتاریخ ۵ر نومبر ۱۹۲۴ء کو ہیضہ میں مبتلا ہو کر فوت ہوئے اور تارین رنگین چوپال کے قبرستان میں مدفون ہوئے۔

---

# مولوی سخاوت حسین سخاؔ تلہری

اصل نام مولوی عبد الرحیم عرف مولوی سخاوت حسین صدیقی تلہری تھا والد ماجد کا نام مولوی شیخ مظفر حسین صدیقی تلہری تھا مولوی شیخ سخاوت حسین سخا کے دادا قدوۃ العلماء زبدۃ الفضلا حضرت مولانا نذیر الدین احمد صدیقی مرحوم کی شخصیت بھی بڑی قابل قدر اور لائق احترام رہی ہے وہ اپنے عہد کے ایک متبحر عالم دین اور ایک صاحب نسبت بزرگ ہوئے ہیں جنھوں نے دہلی

Marfat.com

جاکر رئیس المفسرین خاتم المحدثین حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ العزیز سے علوم دینی میں باقاعدہ استفادہ کیا تھا اور حضرت محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ میں ان کا شمار ہوتا تھا مولوی سخاوت حسین سخاؔ تلہر میں پیدا ہوئے اور تلہر ہی میں نشوونما پائی۔ تاریخ ولادت وسن کا صحیح علم نہیں ہے تخمیناً ساٹھ سال کی عمر میں ۱۹۲۸ء میں انتقال فرمایا۔ غالباً ۱۸۶۸ء میں ولادت ہوئی ہوگی۔ صغر سنی میں والد محترم کا انتقال ہو گیا تھا اس لیے اپنے بڑے بھائی مولوی عبدالعزیز صدیقی اور اپنے حقیقی ماموں مولوی صلاح الدین کے ظل عاطفت میں پرورش ہوئی اس دور میں عام طور پر عربی و فارسی کی تعلیم کا چرچا تھا تمام مدارس و مکاتب اسی تعلیم کی آواز سے گونج رہے تھے۔ مولوی شیخ مظفر حسین صاحب نے اولاد ذکور میں دو لڑکے اور اناث میں ایک لڑکی چھوڑی۔ مولوی سخاوت حسین سخا نے درجہ مڈل تک ابتدائی تعلیم تلہر میں حاصل کی۔ جب مولانا کے شباب کا دور شروع ہوا تو ان کو علم دین حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا اس مقصد کے حاصل کرنے کے لیے تلہر کا قیام ترک کر کے ضلع مرادآباد کا رخ کیا تحصیل حسن پور میں اس وقت ایک عربی اسلامی ادارہ 'مدرسہ عربیہ قادریہ' کے نام سے مشہور تھا۔ وہاں اپنا داخلہ کرایا۔ درسگاہ کے مدرسین میں مولوی احمدالدین صاحب صرف ونحو کی تعلیم کے لیے بڑے قابل اور اپنے فن میں ماہر تسلیم کیے جاتے تھے۔ مولوی صاحب نے باقاعدہ مولوی احمدالدین سے صرف ونحو کی تعلیم حاصل کی اور اس علم میں مہارت حاصل کر لی۔ مولوی سخاوت حسین کو نحو میں کافیہ ابن حاجب ازبر یاد تھا اور صرف میں 'فصول اکبری' وغیرہ کتابیں بھی زبانی یاد تھیں صرف ونحو ومعانی و بیان کی کتابوں سے فراغت حاصل کر کے انھوں نے عربی ادبیات کی تعلیم ماہرفن اساتذہ سے حاصل کی۔ بعدہٗ معقولات کی تمام درسی کتابوں کو جو درس نظامی میں داخل نصاب تھیں معقولات (فلسفہ و منطق) کے اساتذہ سے بڑی محنت کے ساتھ پڑھا۔ محمد بشیر میاں خلیفہ حضرت محمد شیر جی میاں پیلی بھیتی مدرس قادریہ حسن پور میں مولوی سخا صاحب کے ہم درس و ہم سبق تھے۔ معقولات کی تعلیم سے فراغت پاکر انھوں نے اپنی تمام تر توجہ منقولات یعنی حدیث، تفسیر، فقہ، فرائض وغیرہ کی تعلیم پر مبذول کر دی تھی دوران تعلیم میں قال اللہ قال الرسول کے سوا ان کا دوسرا مشغلہ نہ تھا۔ اس عہد میں حدیث کی تعلیم کے لیے شیخ الحدیث حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کی ملک میں بڑی شہرت تھی اور حضرت شیخ الحدیث مدرسہ اسلامیہ عربیہ میرٹھ اندرکوٹ میں تعلیم دیا کرتے تھے چنانچہ مولوی سخاوت حسین بھی دورۂ حدیث

Marfat.com

کے لئے وہاں گئے اور جمادی الاولیٰ ۱۳۲۱ھ مدرسۂ اسلامیہ میرٹھ اندرکوٹ سے حدیث میں سند فراغت حاصل کی۔

تلہر میں خانوادۂ صدیقی کا ذریعہ معاش وہ املاک وجاگیریں تھیں جو خاندان کے ذی علم افراد کو سلاطین مغلیہ جہانگیر سے لے کر سلطان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے اپنے عہد میں عطا فرمائی تھیں اس کے علاوہ خاندان کا مخصوص پیشہ معلمی تھا اس دور میں معلمی کے پیشہ کو بڑی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں قصبہ تلہر میں ایک درسگاہ گلشن فیض قائم کی گئی تھی اس درسگاہ میں بلا امتیاز مذہب و ملت بچے تعلیم حاصل کیا کرتے تھے عام طور پر فارسی عربی اور اردو کا رواج تھا اسی گلشن فیض سے بعد فراغت تعلیم مولوی سخاوت حسین سخاؔ منسلک ہو گئے اور ان کا تقرر مدرس دوم کی حیثیت سے ہوا۔ صدر مدرس مولوی مقصود علی صاحب کے انتقال کے بعد وہ صدر مدرس ہو گئے جو عرصہ دراز تک نہایت مستعدی وجانفشانی سے تعلیم خدمات انجام دیتے رہے۔ مولانا سخاوت حسین سخاؔ کے دم سے تلہر میں لوگوں کو بڑا فیض پہنچا۔ ان کی ذات ستودہ صفات مرجع امام رہی ان کی تمام زندگی درس وتدریس میں گزری۔ اپنی وفات سے چند سال قبل بسلسلۂ ملازمت وہ تلہر سے باہر بھی رہے۔ ان کا قیام اتالیق کی حیثیت سے شیروانی خاندان کے ایک رئیس جناب حاجی یوسف علی خاں صاحب شیروانی کے یہاں بھی رہا وہ ان کے بچوں کو دینی تعلیم دیا کرتے تھے۔ زندگی کے آخری دور یعنی ۱۹۲۱ء میں قاضی نصیر الدین حیدر رئیس اعظم قاضی ٹولہ بدیمی کی دعوت اور ان کے شدید اصرار پر وہ بریلی تشریف لے گئے۔ قاضی صاحب نے مولانا صاحب کو اپنی عالی شان کوٹھی کا ایک کمرہ قیام کے لیے دے دیا تھا اور اپنے صاحبزادگان فصیح الدین، صبیح الدین وانیس الدین کی تعلیم پر مامور فرما دیا تھا جہاں ایک سال رہنے کے بعد وہ تلہر واپس آ گئے۔ حضرت مولانا کا حلقۂ درس کافی وسیع تھا جس میں بلا امتیاز مذہب وملت سنی شیعہ وغیرہ سب ہی شامل و داخل تھے۔ حلقۂ تلامذہ میں وہ اپنے حسن اخلاق اور عدم تشدد کی بنا پر بہت مقبول تھے۔

زمانہ طالب علمی میں حضرت سخاؔ کو شاعری کا شوق بھی پیدا ہو گیا تھا اس عہد میں شعر و شاعری کا ہر جگہ عام طور پر چرچا رہا کرتا تھا۔ حضرت سخاؔ جس خاندان میں پیدا ہوئے وہ اہلِ علم وفضل کا گہوارہ تھا اور جس گھر میں انھوں نے آنکھ کھولی وہاں مذاکرات علمیہ کا شب و روز دور دورہ رہتا تھا سب سے زیادہ قریب ان کے حقیقی ماموں مولوی خلیل الدین صاحب راضی تھے جو فن شاعری

Marfat.com

ہیں استادانہ حیثیت رکھتے تھے اور خاندان صدیقی کے ذی علم فرد خیال کیے جاتے تھے یہ حضرت امیر مینائی سے شرف تلمذ رکھتے تھے۔ راضی صاحب کی تحریک پر حضرت سخاؔ نے شعر کہنا شروع کر دیا اس وقت حضرت احسان شاہجہانپوری کی ادارت میں ایک رسالہ' پیام یار' نکلا کرتا تھا جس میں طرحی غزلیں شائع ہوا کرتی تھیں اس میں حضرت راضی اور حضرت سخاؔ کی غزلیں بھی شائع ہوتی تھیں۔ مولانا کی شعر و شاعری کا سلسلہ زیادہ عرصہ تک نہیں قائم رہ سکا۔ کیوں کہ ان کے استاد محترم حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری نے اپنے شاگرد رشید حضرت سخاؔ تلہری کو شاعری کرنے سے منع فرما دیا تھا۔ لائق شاگرد نے استاد محترم کی نصیحت پر پورے طور پر عمل کیا اور شاعری بالکل ترک کر دی۔ حضرت شیخ الحدیث کی ممانعت شعر گوئی سے پہلے حضرت سخاؔ نے جو کچھ فرمایا وہ بھی زیادہ نہیں ہے۔ اس کا نمونہ تبرکاً درج کیا جاتا ہے تاکہ قارئین یہ قیاس کر سکیں کہ اگر وہ مشق سخن جاری رکھتے تو کس مرتبہ کے شاعر ہوتے۔

نمونۂ کلام حضرت مولانا سخاوت حسین سخاؔ تلہری۔

مصیبت شمع پر جو کچھ گزرتی ہے سحر تک ہے — یہ دل ہی ہے کہ جو بجھتا نہیں دن رات جلتا ہے
کیوں لطف نہ آئے وہاں گلشن سے زیادہ — محبوب کے کوچے کی ہوا اور ہی کچھ ہے
ٹکرانے کے سر سے نہیں ہوتا کوئی زاہد — سچ پوچھیے تو یاد خدا اور ہی کچھ ہے
ہم جان گئے مُنہ سے کہو یا نہ کہو کچھ — اب رنگ طبیعت کا سخاؔ اور ہی کچھ ہے

منفرق شعر

کہتی ہوئی گئی ہے مرے دل سے آرزو
اللہ پھر کبھی نہ دکھائے یہ گھر مجھے

ایک تاریخی قصیدہ جو قیصر ہند جارج پنجم کے ورود ہند ۱۹۱۱ء کے موقع پر لکھا تھا اس کے کچھ اشعار نمونتاً درج کیے جاتے ہیں۔

چمن دہر میں کیا طرفہ بہار آئی ہے — جس کا یہ گنبد خضرا بھی تماشائی ہے
فرطِ شادی سے ہوئے غنچوں کے وا بند قبا — گل کترتی ہوئی کیا تازہ فضا آئی ہے
آنکھیں نرگس نے بچھائی ہیں سر رہ اپنی — کس کی آمد کی خبر باد صبا لائی ہے
وہ نوا سنجیٔ مرغان چمن کا عالم — جز ترنم نہ کسی بات کی شنوائی ہے
سرو در باغ بیک جائے ستادست نگر — جارج پنجم کی جو آمد کی خبر پائی ہے

Marfat.com

جلوۂ روشنی کثرت مصباح نہ پوچھ
بزم انجم ہے کہ گردوں سے اُتر آئی ہے

عدل سے اس کے برابر ہیں قوی اور ضعیف
مشرب ثور و اسد دہر میں یکجائی ہے

تیغ بتاں سے سوا ہے نظر قہر اس کی
اک اشارے میں عدو شاہ کا جوزائی ہے

زیست حاصل ہوئی پھر تخنگہ دہلی کو
اس کے قدموں میں یہ اعجاز مسیحائی ہے

ختم کرتا ہوں دُعا پر یہ قصیدہ اپنا
اے خدا تجھ سے تمنائے پذیرائی ہے

باغ عالم رہے سرسبز قدم سے اس کے
آج پھلدار ہے وہ شاخ جو مُرجھائی ہے

جارج پنجم کا رہے دہر میں سکہ جاری
اسی مقصد کا سچا دل سے تمنائی ہے

# منشی احسان علی خاں۔ احسان

منشی احسان علی خاں خلف منشی قاسم علی خاں شاہجہانپوری حضرت شاہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے خلیفہ جلال الدین بخاری کی نسل سے ہیں ۱۲۷۶ھ میں بمقام اوٹا ضلع بریلی پیدا ہوئے ۱۸۵۷ء کے سیلاب میں بہہ کر شاہجہانپور چلے آئے اور یہیں کی مستقل سکونت اختیار کرلی۔ اسی شہر میں ان کی تعلیم و تربیت ہوئی اور پرورش پائی۔ سولہ سال کی عمر سے شعر و سخن کا شوق پیدا ہوگیا تھا۔ استادوقت حافظ نثار احمد خاں تائب کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور مشق سخن سے صاف اور دلچسپ شعر موزوں کرنے لگے کچھ مدت بعد جب نواب حیدر علی خاں حیدر ابن نواب قادر علی خاں کو درس دینے کے سلسلے میں سید ضامن علی جلال لکھنوی شاہجہانپور تشریف لائے تو ان کی شاگردی قبول کرلی اور ایک مدت تک حضرت جلال لکھنوی کے ممتاز شاگردوں میں رہے۔ آخری دور میں دکن جاکر حضرت داغ دہلوی کے بھی شاگرد ہوئے تھے۔ جولائی ۱۸۹۶ء سے ایک گلدستہ 'ارمغان' جاری کیا جو دسمبر ۱۸۹۹ء میں بند کردیا ارمغان کے ساتھ رسالہ 'تشبیہ یار' بھی جاری کیا تھا جو فن تشبیہ پر تھا ۱۸۸۶ء میں محکمۂ بندوبست گورکھپور میں ملازم ہوئے۔ گرداوری منصرمی اور پیشکاری کے فرائض ادا کئے ۱۸۹۰ء میں سند مختاری حاصل کرکے وطن آکر عدالت فوجداری کلکٹری میں مختاری شروع کردی آخیر زندگی تک یہی وسیلہ معاش قائم رہا۔ بریلی شاہجہانپور و دور و نزدیک کے نومشق شعرا کثیر تعداد میں آپ سے مشورۂ سخن لیتے تھے عربی کی لیاقت بقدر ضرورت اور فارسی کی زبردست

Marfat.com

استعداد تھی۔ غزل گوئی کی طرف زیادہ مائل تھے۔ تاریخ گوئی میں مہارت تھی دیگر اصنافِ سخن میں بھی طبع آزمائی کی قصیدے بھی تصنیف کئے اور اس وقت کے والیان ریاست کی مدح سرائی کی۔ نواب صاحب منگھ ولی کی تعریف میں ایک قصیدہ نام نہاد مناظرہ حسن وعشق نہایت نفیس وپر مضمون لکھا تھا۔ ایک دیوان خمکدۂ خیال زندگی میں طبع ہو چکا تھا شاہجہانپور کی تاریخ بھی لکھی تھی جو ناتمام رہ گئی۔ اس تاریخ کا پتہ نہیں چلتا کہ کہاں غائب ہوگئی اور کس کے پاس ہے یا نذر وقت ہوگئی۔ سُنا ہے کہ شاہجہانپور کی تاریخ کی ابتدا پیدائش حضرت آدم سے کی گئی تھی اور بہت تفصیل سے معلومات تحریر کی تھیں محلہ مہند جلال نگر میں سکونت تھی۔ ۲۲ ربیع الاول ۱۲۹۲ھ کو بروز پنجشنبہ حافظ جعفر خاں ابن غلام امام خاں ابن محمد یوسف خاں قوم افغان چمکنی ساکن محلہ کاڑی پورہ کی دختر کے ساتھ شادی ہوئی۔ آپ کے فرزند آل نبی ارمانؔ بھی شاعر اور احسان صاحب اپنے والد کے شاگرد تھے۔ حضرت احسان بیسویں صدی کی تیسری دہائی میں رحلت فرما گئے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمایئے۔

دم بھر ادھر لڑی تو گھڑی بھر اُدھر لڑی
مقتل میں جو لکھا تری تیغ نظر لڑی

احسان شوق دید کا حیرت کا ہے سلوک
اس بت سے جلوہ گاہ میں پہروں نظر لڑی

وعدے کی شب جو بیٹھ رہے وہ عدو کے گھر
کیا کیا فلک سے آہ مری رات بھر لڑی

دل مرا کشتہ ہوا ہے خنجر بیداد کا
قتل گہہ میں کیجئے جلسہ مبارک باد کا

آج بھی رہ جائے گی کیا دل میں حسرت قتل کی
دم چرائے لیتا ہے خنجر مرے جلاد کا

کیا کہوں نقش ونگار یار کی تعریف میں
حور کی تصویر میں ہے رنگ آدم زاد کا

باقی اِک آرزو نہ رہی دل میں ہائے دل
وہ لوٹ لے گئے مری دولت سرائے دل

سُنتا ہوں میں مذاق محبت نہیں انھیں
جب دل لگی نہ ہو تو کوئی کیا لگائے دل

احسان ضبط وصبر کرو شکر حق کے ساتھ
تقدیر میں یہی ہے کہ صدمے اٹھائے دل

تم کیوں مرے گھر آئے کچھ اس کی بھی خبر ہے
نالوں کی کشش ہے یہ دُعاؤں کا اثر ہے

عشاق کو دکھائی ہے جادو کا تماشہ
ہم جانتے ہیں آنکھ تری شعبدہ گر ہے

مجرم وہ محبت کا ہے کیا اس کا تعجب
احسان فرشتہ نہیں اے جان بشر ہے

ڈاکٹر قمر رئیس کو انڈیا آفس لندن میں ڈاکٹر مرزا محمد ہادی رسوا کے ناول "شریف زادہ" طبع ۱۹۰۵ء، شاہ اودھ پریس لکھنؤ کے آخر میں احسان علی خاں احسانؔ کی یہ غزل ملی:

عشق سے فرصت نہ ملی دل کو سنبھلنے کے لئے

Marfat.com

مجھ پہ آفت بھی جو آئی تو نہ ٹلنے کے لئے
میرے سمجھانے سے یہ اور زخود رفتہ ہوئی
آپ ہی کہیے طبیعت سے سنبھلنے کے لئے
اے غم و یاس یہ کیا بھیڑ لگا رکھی ہے
راہ دو دل سے تمنا کو نکلنے کے لئے
پاؤں رکھتا ہی نہیں فرش زمیں پر مغرور
دو قدم کون کہے ناز سے چلنے کے لئے
یہ تمنا ہے کہ لپٹائے رہیں ہم احسانؔ
یار آغوش میں گھبرائے نکلنے کے لئے

---

# نواب محمد جمیل الدین خاں۔ یاسؔ

نواب محمد جمیل الدین خاں یاسؔ خلف نواب ممتاز الدین خاں نواب بہادر خاں کی اولاد میں ہیں۔ فطرتاً ذہین و ذکی اور نہایت سلیم الطبع پیدا ہوئے تھے۔ ابتدائی تعلیم امرا کے لاڈلے اور کھلاڑی بچوں کی طرح ہوئی۔ معمولی لیاقت تھی مگر بسبب ذہانت شاعری میں تھوڑی سی محنت سے اچھا شعر کہنے لگے تھے۔ ابوالاعجاز احسانؔ شاہجہانپوری سے مشورہ سخن لیتے تھے۔ طبیعت معنی آفریں اور عاشقانہ پسند تھی۔ عین جوانی میں ۹ محرم ۱۳۰۰ھ کو انتقال ہوگیا۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔ نوجوان بیوہ اپنے پیچھے چھوڑی۔

نمونۂ کلام

اہل نجوم دیتے ہیں مژدہ وصال کا
کرتا ہوں شکر طالع فرخندہ خال کا
برپا کریں گے حشر کا ہنگامہ ایک دن
ہم جانتے ہیں حال حسینوں کی چال کا
ہنس بول کے گزار دو شب عیش وصل کی
موقع خوشی میں آج نہ ڈھونڈھو ملال کا

---

گھر میں بیٹھا ہوں آہیں کرتا ہوں
دم تری عاشقی کا بھرتا ہوں

Marfat.com

دم لبوں پر ہے شدتِ غم سے — دیکھ اب کوئی دم میں مرتا ہوں
شکوے اس بت کے میں کروں کیونکر — یاسؔ قہرِ خدا سے ڈرتا ہوں

---

چمن میں پھر نظر آتے ہیں پھول جام بکف — خدا کا شکر کہ پھر موسم بہار آیا
وہ رکھ کے ہاتھ سرِ مدعی پہ کہتے ہیں — مری قسم کا تجھے اب تو اعتبار آیا

---

یہ تصور ہے وہ گویا پاس ہے — اس سے اچھا کون سا وسواس ہے
غیر سے بچنے کو لب پر رات دن — اب قل آعوذ بربِ النّاس ہے
غم نہیں وہ بت کرے لاکھوں ستم — یاسؔ کو لطفِ خدا کی آس ہے

---

# محمد وصی علی خاں وصیؔ

محمد وصی علی خاں وصی ابن ملک شیر علی خاں ساکن محلہ امین زئی تھے۔ تعلیم معمولی تھی مگر شعر و سخن کا شوق تھا۔ طبیعت موزوں پائی تھی۔ منشی احسان علی خاں احسانؔ کے شاگرد تھے۔ عالم جوانی ہی میں بتاریخ ۲۰ رجمادی الثانی ۱۳۱۳ھ کو والدین کو داغ مفارقت دے گئے۔

## نمونۂ کلام

پوچھتے کیا ہو بلا آئی کہ آفت آئی — گھر میں اک جان کی دشمن شب فرقت آئی
تو بھی اچھا ہے ترا حسن بھی اچھا لیکن — ہم بھی اچھے ہیں جو اچھے پہ طبیعت آئی
ہو اگر حشر خرامی سے تجھے بھی انکار — تیری ٹھوکر تو یہ کہتی ہے قیامت آئی
کس بناوٹ سے شب وصل وہ بولے ہم سے — اے وصیؔ۔ تجھ پہ ہماری بھی طبیعت آئی

---

قاصد کو بھلایا اثر آہ رسا نے — دھوکے سے عدو کے مجھے آیا ہے بلانے
تا صبح کوئی کام شب وصل نہ نکلا — بے خود مجھے رکھا نگہہ ہوش رُبا نے

---

Marfat.com

تم ناز سے چلو گے جو میدانِ حشر میں
محشر بھی بول اٹھے گا قیامت کی چال ہے
کیوں کر بتائیں دل کی جو حالت ہے آجکل
ہم خود نہیں سمجھتے ہیں کچھ ایسا حال ہے
اب کیا اُٹھیں گے بسترِ غم سے کبھی وصی
وہ ضعف ہے کہ آنکھ اٹھانا محال ہے

---

دل کی خواہش ہے کہ پہلو سے نکالا ہوتا
رہگزر میں کسی معشوق کے ڈالا ہوتا
دل کے جانے کا نہ ہوتا ہمیں ایسا افسوس
ناز سے اس کو اگر ہم نے نہ پالا ہوتا

---

# حکیم احمد حسین خاں۔ دانش

حضرت احمد حسین خاں دانش خلف محمد حسین خاں ابن حضرت عباس خاں مونس متانی پٹھان تھے۔ ابتدائی تعلیم مدرسوں میں حاصل کی۔ فارسی پڑھ کر طب کا شوق ہوا۔ ضروری معلومات حاصل کر کے شاہ عبدالرحیم کی مسجد میں بیٹھ کر مطب کرنے لگے اور ساتھ ہی معلمی بھی۔ شاعری کا شوق تھا۔ حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگرد ہو کر مشورہ سخن کرنے لگے۔ ۱۸۸۶ء میں تلاش معاش میں گورکھپور کا سفر کیا مگر کوئی وسیلہ نہ پیدا ہوا۔ کچھ دنوں بعد اپنی سسرال فیروز آباد ضلع آگرہ چلے گئے جہاں میونسپلٹی میں محرری پر تقرر ہو گیا۔ جوان ہی تھے کہ انیسویں صدی کی آخری دہائی میں انتقال ہو گیا۔

## نمونۂ کلام

کہوں میں اس سے دل کا مدعا کیا
جو جھنجھلا کر کہے تو نے کہا کیا
اشاروں میں بھی شانِ دلربائی
اسے سمجھے کوئی دل کے سوا کیا
خدا چاہے گا جھیلیں گے اسے بھی
شبِ فرقت ہے اے گردوں بلا کیا
نہیں سنتا کسی کی جب وہ ظالم
ہماری آرزو کیا۔ مدعا کیا

Marfat.com

بند رہتی ہیں شب و روز ہماری آنکھیں — راہ پاتے نہیں وہ دل سے نکلنے کے لئے
شمع کی طرح ہیں میرے جگر و دل دونوں — ایک جلنے کے لئے ایک پگھلنے کے لئے

---

الم میں درد میں آہ و بکا میں — پڑا ہے ایک دل کس کس بلا میں

---

جو لوگ محبت کے گنہگار تھے دانش — میدانِ قیامت میں وہی بے خطر آئے

---

حسرتیں ہیں کہ تمنائیں ہیں ہم دیکھیں گے — مجھ سے کہتے ہیں دیئے جاؤ ذرا دل اپنا

---

# عظمت علی ارشاد

عظمت علی ارشاد کا آبائی وطن شاہ آباد ضلع ہردوئی تھا مگر ان کے والد بسلسلہ ملازمت دہلی میں رہتے تھے اور دہلی ہی میں رحمت علی نے شادی کر لی تھی ان سے عظمت علی پیدا ہوئے۔ رحمت علی اور ان کی بیوی کا جب انتقال ہو گیا تو عظمت علی کے چچا کرامت علی جو ڈاکٹر تھے عظمت علی کی پرورش کرتے رہے۔ کرامت علی ملازمت سے سبکدوشی کے بعد راجہ نرائن سنگھ رئیس پرور عظمت علی کو لے کر پرور چلے گئے جہاں رئیس پرور نے ایک شفاخانہ کھولا تھا۔ جس میں کرامت علی اور عظمت علی کو ملازم کر لیا تھا۔ پرور ہی میں ۱۵ مئی ۱۸۹۶ء شب پنجشنبہ یکم ذالحجہ ۱۳۱۳ء زہر کھا کر راہی ملک عدم ہوئے۔ کہتے ہیں کسی پر عاشق تھے اس کی بے رخی برداشت نہ کر سکے اور جان دے دی۔ جب تک دہلی میں رہے حضرت راسخ سے مشورہ سخن لیا۔ شاہجہانپور آئے تو حضرت احسان سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ مذاق سخن اچھا تھا۔

نمونۂ کلام۔

نگہ ملتے ہی لے لیا میرے دل کو — قیامت تھا ان کا ادھر دیکھ لینا
پیئے سیر گل جاتے ہو کیوں چمن میں — ہمارا ہی زخم جگر دیکھ لینا

---

Marfat.com

بیخود وہ بنانے کو ادھر دیکھ رہے ہیں ہم دور سے شوخیٔ نظر دیکھ رہے ہیں
خالی نظر آتا ہے جو قاتل کا نمکداں ہنس ہنس کے اسے زخم جگر دیکھ رہے ہیں
وحشی تو شب غم میں نہیں ہو گئے ارشاد اٹھ اٹھ کے گریبان سے دیکھ رہے ہیں

---

لب پر اس شوخ کا گلا بھی ہے شکوہ بخت نارسا بھی ہے
بے وفائی کریں گے وہ کب تک ظلم کی ان کی انتہا بھی ہے

---

اب خوشی زندگی کی کیا ارشاد جان جانے ہیں کچھ رہا بھی ہے

---

# میر فضل علی فضلؔ

میر فضل علی فضلؔ کی سکونت محلہ گاڑی پورہ کی تھی۔ کب ولادت ہوئی اس کے بارے میں معلوم نہ ہو سکا آپ چونکہ نواب غلام حسین خاں حسین کے شاگرد تھے اس لیے غدر ۱۸۵۷ء سے بہت پہلے پیدا ہوئے ہوں گے۔ فضلؔ کے متعلق مشہور ہے کہ نہایت ذہین تھے اور علم و فضل میں بھی ممتاز تھے۔ نواب غلام حسین کی معیت میں جب لکھنؤ تشریف لے گئے تو ناسخؔ نے دوران ملاقات اپنی ایک تازہ بتازہ غزل سنائی جس کا ایک شعر یوں تھا۔

ایک سے بچ جائے گر کوئی تو کاٹے دوسرا
دونوں زلفیں دونوں گالوں پر ہیں جوڑا سانپ کا

میر فضل علی نے غزل سن کر اسی وقت ایک شعر موزوں کر کے سنا دیا جس کی تعریف ناسخؔ اور نواب غلام حسین نے فرمائی:

دونوں زلفیں دونوں ابرو چار ہیں موزی بہم ایک ہے بچھو کا جوڑا ایک جوڑا سانپ کا

حکیم معشوق علی خاں صاحب جوہرؔ شاگرد غالبؔ نے مولوی صبیح الدین میاں صاحب سے فرمایا کہ فضلؔ نے فسانۂ عجائب کو گلزار نسیم کی بحر و وزن پر منظوم کیا تھا اور عجیب صنعت و قابلیت سے لکھا تھا اس فسانہ میں انجمن آرا یا ملکہ مہر نگار کا سراپا انوکھے طریقے سے نظم کیا تھا۔ فضل صاحب

Marfat.com

بسلسلہ ملازمت ریاست گوالیار رہے اور پھر جے پور کو چلے گئے وہیں انتقال ہوا ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کا انتقال لکھنؤ میں ہوا سال رحلت کا پتہ نہیں۔ آپ کے ایک صاحبزادے سید محمد حسین یحییٰ شاعر تھے اور ریاست رام پور میں ملازم تھے۔

یہ شوق دید کہ پتھرا کے رہ گئیں آنکھیں
ہمیں تو مر کے بھی اس بت کا انتظار رہا

نوک مژگاں پہ تماشہ ہے مرے اشکوں کا
سامنے دار بھی ہے آنکھوں میں منصور بھی ہے

بزم میں مطرب و ساقی بھی ہے انگور بھی ہے
میکشو مژدہ خم و ساغر بلور بھی ہے

ہے یہ کس آرام جاں کا قصہ راحت فزا
لکھتے لکھتے ہوگئیں میری قلم پر انگلیاں

---

# سیّد شریف الحسن۔ فوق

سید شریف الحسن فوق خلف سید محمد اسحاق صاحب حضرت غوث الاعظم شیخ محمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی اولاد میں تھے۔ باپ کے ناز پر وردہ تھے۔ اردو فارسی اور عربی کی استعداد اوسط درجہ کی تھی۔ سید محمد علی میاں خیال سے عربی پڑھی تھی۔ کلام میں بھی انھیں سے مشورہ لیا مگر بعد میں حضرت جلال لکھنوی کے شاگرد ہوئے اور مشورہ سخن لیتے رہے۔ انگریزی سے ناواقف تھے حیدر آباد جاکر وکالت کا امتحان دیا اور وہاں رہکر وکالت کا پیشہ اختیار کر لیا۔ ترقی کا زمانہ آیا ہی تھا کہ یکا یک نومبر سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۰ھ کو روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ عین عالم جوانی تھا۔ نہایت خوبصورت اور وجیہہ تھے۔

نمونۂ کلام

دل صد چاک کسی کا نہ ہو جب تک شانہ
ان کے گیسو نہیں مشاطہ سنورنے والے

تنگ لطف شہیدان محبت پہ ذرا
او مرے خون سے محشر میں مکرنے والے

پھر اُسی خنجر ابرو کا اشارہ ہو جائے
جمع ہیں در پہ ترے سیکڑوں مرنے والے

جان دی فوق نے فرقت میں بقول استاد
ڈھونڈھ لیتے ہیں بہانہ کوئی مرنے والے

---

دیکھ لیں چال یار کی واعظ
منتظر ہیں عبث قیامت کے

Marfat.com

حالت کہوں میں کیا دل پر اضطراب کی
خود بھی خراب میری بھی مٹی خراب کی
تیرے لبوں میں یار مزہ ہے شراب کا
میرے دل برشتہ میں لذّت کباب کی
اس بت کو ہے سکوت سوال رقیب پر
لو اب خدا نے میری دعا مستجاب کی
شاید سمجھ کے غیر کا نامہ لکھیں جواب
قاصد مجھے، اُمید ہے خط کے جواب کی

---

# سیّد محمّد علی میاں۔ خیالؔ

شاہجہانپور میں بہت واجب التعظیم، نہایت صحیح النسب اور حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ سے ایک خاندان محلہ جھنڈا کلاں میں آباد ہے۔ اس خاندان کے ایک بزرگ حکیم سیّد اکبر علی میاں مرحوم و مغفور کے فرزند اصغر جناب سیّد محمد علی میاں تھے۔ اللہ تعالیٰ نے دولت مند کیا تھا۔ شفیق والدین نے بہت ناز و نعمت سے پرورش کیا رسم مکتب کے بعد پڑھنے لکھنے میں مشغول ہوئے۔ نہایت ذہین و طباع تھے اور شوقِ علم بھی بیحد تھا اس لئے برابر پڑھتے رہے۔ طبیعت کبھی اچاٹ نہیں ہوئی۔ علماء و فضلاء سے فارسی پڑھی۔ عربی پڑھی طب پڑھی۔ دماغ فلسفیانہ پایا تھا۔ منطق نہایت ذوق و شوق اور کمال کوشش و محنت سے پڑھی علاوہ اس کے قوت تقریر بہت زیادہ تھی۔ ہمیشہ اپنے ہم عمروں اور ہم سبقوں میں ممتاز رہے مگر جو کچھ پڑھا شاہجہاں پور ہی میں پڑھا۔ تعلیم کا زمانہ ہی تھا کہ شاعری کا شوق پیدا ہو گیا۔ شعر موزوں کرنے لگے موتی میاں مرحوم کے مکان میں مشاعرہ ہوتا تھا وہاں جانے لگے۔ سخن فہمی کی قوت ابتدا ہی سے اچھی تھی مضامین کی جدّت کو خوب سمجھتے تھے چنانچہ منیرؔ شکوہ آبادی اور غالبؔ و مومنؔ ہر وقت زبان پر تھے کلام ان کا دل سے پسند تھا اور خود بھی انھیں اساتذہ کے رنگ میں غزل لکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ عالم خیال سے ڈھونڈھ کر خیالؔ تخلص لائے اور اسی کو اختیار کیا۔ مولوی علیم الدّین مرحوم سے منقول و معقول اور مولوی نورالدّین سے بھی معقول پڑھ کر جب فارغ ہوئے تو خود طلباء کو درس دینے لگے۔ صبح کو یہ شغل ہوتا تھا جو آتا اس کو محبت اور شوق سے پڑھاتے اس کے بعد آزاد تھے۔ دوستوں سے ملتے اور سیر و تفریح سے جی بہلاتے فن موسیقی سے بھی دلچسپی تھی۔ حضرت جب پڑھ کر مدرسے سے مکان کو آتے تھے تو راستے میں ایک

Marfat.com

ستار نواز برہمن کے پاس بیٹھتے اور کچھ دیر ستار بجا کر مکان کو واپس آتے تھے گو بعد کو یہ شوق کسی وجہ سے جاتا رہا مگر خوش الحانی کا ذوق دل سے کبھی نہیں گیا۔ اچھا گانا سنا کر بیتاب ہو گئے۔ حضرت خیالؔ بڑے رنگین خیال اور آزاد منش آدمی تھے آپ کشیدہ قامت تھے شگفتہ اور گول چہرہ، فراخ سینہ تھا۔ سر پر چھوٹے چھوٹے بال جن کو نہایت خوبصورت بیل کی دو پلّی ٹوپی سے چھپائے رہتے۔ خشخشی داڑھی۔ لباس میں ڈھیلا پاجامہ جس میں تقریباً آٹھ انگل کی خوبصورت گوٹ لگی ہوئی۔ چھ کلیا انگرکھا اس کے نیچے کرتا مگر شاہجہانپور والوں کی طرح نہ کندھے پر رومال اور نہ ہاتھ میں پانوں کی ڈبیا اور بٹوا۔ وضع جسمانی و لباسی میں مولانا خیال فرد تھے باوجود ذی علم ہونے کے ٹخنے سے اونچا پاجامہ پسند نہیں تھا۔ لکھنؤ کے خوش وضع اور خوش لباس حضرات کی تقلید پیش نظر تھی تمام عمر ایک ہی وضع سے ختم کر دی۔ موسم سرما میں سرمائی کپڑوں کے پہننے کا بوجھ بھی طبیعت نے کبھی گوارا نہیں کیا سردی میں گرمی کے لباس کا استعمال انھیں کا کام تھا۔ آزادی کا یہ حال تھا کہ کبھی نہ گھر کا کام دیکھا نہ کاروبار زمینداری کی طرف توجہ کی نہ اہل برادری اور اپنے گھر کی شادی و غمی سے سروکار رکھا۔ بے فکری کا یہ عالم کہ گھر سے نکلے پاس کوڑی نہیں۔ سامان سفر ساتھ نہیں نہ سفر کا ارادہ دوستوں نے ہاتھ پکڑا زبردستی ریل پر بٹھایا اور لکھنؤ جا اتارا۔ مولانا خیال کو اس کا خیال بھی نہیں کہ گھر والے پریشان ہوں گے چار پانچ روز دوستوں کے ساتھ تفریح کی اور گھر کو واپس چلے آئے۔ ایسا واقعہ چند بار ہوا۔ گھر والے سمجھ جاتے تھے۔ انتہا سے زیادہ آزادی کا اثر سمجھا جائے یا رنگین مزاج احباب کی صحبت کا رنگ خیال کیا جائے کہ مولانا خیالؔ کو حضرت غالبؔ کی طرح میگساری کا شوق بھی تھا۔ سنا ہے موضع رانبھا کے رہنے والے سید ہادی حسن معلّی کے سلسلے میں آئے اور مولانا خیالؔ کے مکان میں قیام کیا۔ مولانا ہادی حسن تحت اللفظ مرثیہ بھی پڑھتے تھے اور خوش لباس بھی تھے اہل لکھنؤ کی وضع پر داڑھی بھی کتری ہوئی رکھتے تھے۔ شعر گو بھی تھے ہادی تخلص تھا مگر شرابخور بھی تھے ابتدا میں جب مولانا خیالؔ کا ان سے یارانہ ہوا تو حضرت ہادیؔ نے اپنے رنگ میں رنگ لیا وضع بھی اپنی سی بنا دی اور میخواری بھی سکھا دی۔ زندگی بھر ساتھ رہا اور پیتے پلاتے رہے۔ مشہور ہے کہ ہادی حسن نے اپنی صحبت میں اکثر دوستوں کو شرابی بنا دیا۔ آدمی بظاہر نیک طبیعت اور خلیق تھے۔ ہادی صاحب کا ۲۵ر اگست ۱۸۹۲ء بعارضہ وجع الصدر انتقال ہوا۔ حضرت خیالؔ ان تمام مشغلوں کے باوجود پابند صوم وصلوٰۃ تھے دیکھنے والوں نے دیکھا کہ رنڈی کے گھر میں تفریحاً

Marfat.com

بیٹھے ہیں باد منو ہیں نماز کا وقت آگیا فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور کسی گوشہ میں رومال بچھا کر نماز ادا کرلی مزاج ایسا ہنسمکھ اور مرنجا مرنج کہ کسی سے کبھی سخت بات نہیں کی نہ کسی سے شر کیا دوسرے کا غصہ ہمیشہ ہنس کر ٹال دیا۔ ہر شخص مولانا کا لحاظ و پاس کرتا اور تعظیم سے پیش آتا تھا۔ مشاعرہ میں ایسی عمدہ ترکیب اور خوش ادائی سے غزل پڑھتے تھے کہ سارا جلسہ بے تاب ہو جاتا تھا۔ اور اس کثرت سے داد ملتی تھی کہ جھولیاں بھر لیتے تھے اس طرح پڑھنے سے رنگ غزل بہت خوشنما ہو جاتا تھا ؛ مولانا نے اساتذہ کے دواوین فارسی اور اردو بہت دیکھے تھے اس لیے ان کو سیکڑوں شعر چیدہ چیدہ یاد تھے۔ فارسی گوئی کی طرف توجہ نہیں کی ورنہ فارسی کی علمی قابلیت ایسی تھی کہ بہت عمدہ فارسی گو شاعر ہوتے۔ سخن فہمی کا مادہ طبیعت میں اچھا تھا شعر کا حسن و قبح خوب سمجھتے تھے وہ جتنے اچھے سخنور تھے اس سے کہیں اچھے سخن فہم تھے۔ ابتدا میں دو چار غزلیں مولانا نثار احمد خاں تائب کو دکھائیں اور مشورہ سخن لیا مگر اس زمانے میں ہوا دوسری تھی محمد علی خاں وفا فرخ آبادی اور منیر شکوہ آبادی کی جدت کلام پر لوگ مٹے ہوئے تھے۔ حضرت تائب کا مشورہ مولانا کو ناپسند ہوا اس کے بعد خود رو شاعر بن گئے جو کچھ کہتے مشاعروں میں پڑھتے۔ داد سخن پاتے مجال کس کی تھی کہ ایک منطقی اور ذی علم شخص کے سامنے زبان اعتراض کھولتا بعد رحلت نواب کلب علی خاں والیٔ رامپور حضرت امیر احمد ترک تعلق کر کے لکھنؤ میں رہنے لگے تھے اسی زمانے میں مولانا خیال لکھنؤ پہنچے اور حضرت امیر سے ملے اور کچھ ایسے پسند آئے کہ مولانا خیال نے شاہجہانپور واپس آکر حضرت امیر کی شاگردی کا اعلان کر دیا۔

مولانا خیال بڑے بذلہ سنج و خوش تقریر و ظریف و حاضر جواب تھے۔ اچھے اچھے علماء و فضلاء شعراء سے ملے تھے ذی علم و ذکی تھے اور علم سینے میں محفوظ تھا اپنے ہم عصروں میں شاعر بھی اچھے تھے نازک خیالی اور جدت کے عاشق تھے۔ مولانا خیال جس طرح عجیب و غریب حالات کے انسان تھے اسی طرح ان کی موت بھی عجیب حالات میں واقع ہوئی۔ محلہ رنگین چوپال میں ۲۰ جنوری ۱۹۰۸ء کو اتوار کے دن حسب معمول مشاعرہ تھا مولانا خیال بھی شریک مشاعرہ ہوئے۔ مشاعرہ شروع ہوا۔ شعراء نے غزلیں پڑھیں آخر میں نوبت مولانا خیال کی آئی غزل پڑھی مطلع تھا

آئی تھی شب ہجر کے پردے میں قضا بھی ظالم یہ تصور ترا دم بھر کو ہٹا بھی

مولانا خیال نے غزل ختم کی اور خوب داد پائی اس کے بعد اور سب سے آخر حضرت

Marfat.com

تائبؔ نے غزل شروع کی ہنوز ایک مطلع پڑھا تھا اور دوسرا مطلع پڑھ رہے تھے۔

دوڑی ہوئی آئی سوئے مقتل ہے قضا بھی
قاتل ہے چلا کھینچے ہوئے تیغ ادا بھی

یکایک مولانا خیال کے سینے سے ایک دردناک آواز نکلی اور اُف کر کے ایک طرف کو جھکتے چلے گئے۔ اجل نے ایک پل کی مہلت نہیں دی اور روح پرواز کر گئی۔ تمام مشاعرہ میں کہرام پڑ گیا۔ جیتی جاگتی تصویر خاک میں مل گئی۔ دوسرے دن سپرد خاک کیے گئے۔ خدا جنت نصیب کرے' مولانا خیالؔ کا دل ہمیشہ خلوص و محبت اور انسانیت سے لبریز رہتا تھا۔ بلا کے فیّاض اور فراخ دل تھے اپنے در سے کسی ضرورت مند کو محروم نہیں جانے دیتے تھے۔ جس کو جس چیز کی ضرورت پیش آئی بخندہ پیشانی، عجز کے ساتھ نذر کر دی۔ ان کی آزادی میں کبھی کوئی چیز حائل نہیں ہوئی۔ مولانا ممدوح کے بڑے بھائی سید محمد ولی میاں زندہ تھے وہ بعد انتقال اپنے والد سید اکبر علی میاں کاروبار خانہ داری اور انتظام ذمہ داری باختیار خود کرنے لگے تھے اور پہلے سے بھی مختار تھے اس زمانے میں مولانا سید محمد علی میاں ہر باؤ سے بالکل سبکدوشی اور آزاد تھے لیکن جب اٹھارہ محرم ۱۳۱۹ھ مطابق ۸ مئی ۱۹۰۱ء بروز بدھ ان کا انتقال ہو گیا تو مولانا خیال اپنی تنہائی سے گھبرا گئے اور تردد میں پڑ گئے کہ آزادی مقید ہو گئی اور پاؤں میں زنجیر پڑ گئی۔ گھر میں پاؤں توڑ کر کس طرح بیٹھ گئے اور خانگی جھگڑے کیوں کر طے ہوں گے مگر واہ رے زندہ دل کہ آزادی کی آن بان نہیں چھوڑی نقصان برداشت کیا اس طرح چلنا پھرنا ملنا جُلنا شطرنج گنجفہ چوسر تاش شاعری احباب کی صحبت کا لُطف اٹھانا قایم رہا۔ خُدا کے فضل و کرم سے اولاد جوان ہو گئی تھی وہ سب کام کرتی تھی اور مولانا صاحب کی برائے نام نگرانی تھی۔ سید محمد ولی میاں بھی بڑے خوش مزاج اور مہمان نواز و دانشمند و منتظم شخص تھے ان کی ذات ہم عصروں میں غنیمت تھی گو جوانی دیوانی کے جوش میں ابتداً تو سب کچھ کیا آخر میں توبہ کر کے ایسے بیٹے کہ بالکل ثقہ بن گئے۔

حضرت خیالؔ کے فرزند سید محمد نبی میاں نے اپنی زندگی نہایت احتیاط اور وقار سے گزاری اب ان کے پوتے سید محمد ممتاز علی میاں حیات ہیں (خدا تادیر زندہ رکھے شہر کی آبرو ہیں) ذی علم اور صاحبِ ذوق ہیں یقین ہے کہ مولانا سید محمد علی میاں خیال مرحوم کے مرتبہ دیوان سے جوان کی تحویل میں ہے انتخاب کر کے ایک مجموعہ زیور طباعت سے آراستہ فرمانے میں مزید تاخیر نہ ہونے دیں گے تاکہ عاشقان کلام خیالؔ شاد کام ہوں۔

Marfat.com

اب قارئینِ حضرت خیال مرحوم کے کلام سے لطف اندوز ہوں۔

نظر اس شان سے اس شوخ کی صورت آئی — میرا کیا ذکر ہے حیرت کو بھی حیرت آئی
ناتوانی بھی ہوئی قوتِ بازو لیکن — مجھ میں ہستی سے گزرنے کی نہ طاقت آئی
پہلے اپنے بت پندار کو توڑا ہوتا — تجھ کو زاہد نہ کبھی طرز عبادت آئی
دمبدم عشق میں حالت متغیر ہے خیالؔ — چہرے سے ایک گئی دوسری رنگت آئی

---

دیکھا نہیں دل کی طرف اس جان ادا نے — مشکل ہوئی گر دیکھ لیا آ کے قضا نے
حق یہ ہے جو ایمان کی پوچھے کوئی ہم سے — آپ اس بُتِ کافر کو بنایا ہے خدا نے
یوں نکلی خیالؔ آرزوے دل کہ نہ نکلی — پردے ہی میں رکھا شبِ وصل اس کو حیا نے

---

دل بیٹھتی ہے لغزش پا کا یہ حال ہے — ظالم کی بے پیئے ہوئے مستانہ چال ہے
مشاطگیٔ رحمتِ حق کا خیال ہے — کیا ہے گناہگار اگر بال بال ہے
حل ہو چکا ہے پیرِ مغاں سے یہ مسئلہ — حاجت کے وقت خونِ بطِ مئے حلال ہے
زاہد بھی آ کے عشق کا اعجاز دیکھ لے — بت مجھ سے بولتے ہیں یہ میرا کمال ہے

اس وجہ سے یہ رنگ طبیعت ہے اے خیالؔ
معشوق وہ ملا ہے جو نازک خیال ہے

ہیں تیرے نقش پا کی بدولت نگاہ میں — محشر سے لاکھ فتنۂ خوابیدہ راہ میں
زخمی تو دل ہے زخم مگر بے نشاں ہیں سب — عنقا کے پر ہیں آپ کے تیر نگاہ میں

---

حشر کرتے ہیں وہ یا اس سے سوا کرتے ہیں — دیکھیے شوخیٔ رفتار سے کیا کرتے ہیں
زخم دل جان گئے ہوں گے کوئی راز کی بات — کہ یہ رونے کے عوض خوب ہنسا کرتے ہیں

---

وصال کی جو اشاروں میں گفتگو ہوتی — تمھیں کہو، مجھے مرنے کی آرزو ہوتی
ترے وصال میں جیتا فراق میں مرتا — یہ آرزو جو نہ ہوتی وہ آرزو ہوتی
فشارِ ضعف سے اتنا لہو بدن میں نہیں — خیالؔ تیغ جو قاتل کی سرخرو ہوتی

Marfat.com

# سیّد مُنوّر علی سحاب

سید منور علی سحاب خلف اصغر علی ساکن محلہ تلیا گھورن ایک غریب گھرانے کے تھے اس سے عمدہ تعلیم حاصل نہ کرسکے اردو فارسی کی ابتدائی تعلیم کے بعد سلسلہ تعلیم منقطع ہوگیا۔ نہایت ذہین و طباع تھے۔ آغاز شباب کا زمانہ آیا تو مادہ موزونیت نے جو دل و دماغ میں فطرت کی طرف سے ودیعت تھا اپنا کام شروع کر دیا۔ شاہجہانپور میں بہادر علی قاری اور کریم بخش فرقت کی وجہ سے مشاعرے ہوتے رہتے تھے۔ شاعری کا چرچا تھا۔ منوّر علی کی طبیعت بھی غزل گوئی کی طرف مائل ہوئی۔ غزل کہہ کر حضرت فرقتؔ سے مشورہ سخن لیا اور مشاعرے میں پڑھی۔ تھوڑے دنوں بعد حضرت فرقتؔ کے بجائے حضرت احسان سے مشورہ سخن لینے لگے اور سحابؔ تخلص قرار پایا۔ بہت جلد احسان صاحب کے ہونہار شاگردوں میں گنے جانے لگے۔ باوجود کم علمی کلام بہت صاف اور دلچسپ ہوتا تھا مگر منوّر علی سحاب عمر بہت کم لے کر آئے تھے۔ ایک ہونہار اور دُنیائے سخن میں نام پیدا کرنے والا جوان العمر شاعر مبتلائے ہیضہ ہوکر بروز جمعرات ۳ دسمبر ۱۹۰۸ء مطابق ۲۲ ذی قعد ۱۳۲۶ھ اس دنیائے فانی کو چھوڑ کر راہی ملک بقا ہوا۔

نمونۂ کلام

وہ دل رہے جو بھرتا ہے دم تیری چاہ کا
میں بھی دُعا طلب ہوں تیرے خیر خواہ کا

لغزش ہوئی نہ دل کو کچھ اظہار درد میں
مجھ سے بیان چست ہے میرے گواہ کا

وہ آگئے جو پرسش غم کو شب فراق
چوما اثر نے دوڑ کے منہ میری آہ کا

---

آوارہ گھر سے صورت بوئے چمن ہوا
جوش جنوں میں یوں میں غریب الوطن ہوا

آنکھیں بھی تو اٹھا نہ سکا روبروئے یار
کیسا خفیف آج مرا بانکپن ہوا

---

نہ ٹالو آج تم مجھکو ہنسی میں
کہ میں اک آرزو لایا ہوں جی میں

تکبّر سے نہ دیکھو آرسی میں
وہ مُنہ پر کہہ نہ دے کچھ دل لگی میں

سحاب ایمان اپنا کھو نہ دینا
کسی کافر ادا کی دوستی میں

---

Marfat.com

قضا کا کام کرے جو، وہ ہے ادا کس کی ——— وہ مجھ سے پوچھے تو کہہ دوں ترے سوا کس کی
مرے جنازے کے جو ساتھ ہیں وہ دیکھ تو لیں ——— یہ پیچھے پیچھے ہے حسرت برہنہ پا کس کی

---

## بابو راجہ بہادر احقر

بابو راجہ بہادر احقر ایم۔ اے (فارسی) خلف منشی سوہن لال حقیر قوم کے کھرؔوا کایستھ اور محلّہ مظفر گنج کے قدیمی رہنے والے تھے۔ ان کی ولادت ۱۸۰۹ء میں ہوئی تھی۔ اپنے ہم عمروں میں حسین و خوبرو اور نازک اندام و کشیدہ قامت تھے۔ شاہجہانپور گورنمنٹ اسکول سے انٹرینس پاس کر کے لکھنؤ سے ایم اے کیا اور منصفی کے لئے منتخب کر لئے گئے ادبی مذاق بہت صاف ستھرا تھا۔ قابل اور لائق باپ کی لائق اولاد تھے۔ شعر و شاعری سے بھی رغبت تھی خود بھی شعر موزوں کرتے تھے۔ حکیم حافظ معشوق علی خاں جوہر شاگرد غالب سے قصائد خاقانی اور حدیقہ حکیم ثنائی کے مطالب وغیرہ حل کئے تھے کیوں کہ ایم اے کے کورس میں اسی مرتبہ کی مشکل اور دقت پسند کتابیں شامل تھیں۔ احقر نہایت ہونہار اور باپ کے اکلوتے بھی۔ اس وقت تک شاہجہانپور میں کسی نے ایم۔ اے کی ڈگری نہیں پائی تھی وہ پہلے شخص تھے افسوس کہ قضا نے جلدی کی اور بعمر ۲۶ سال والدین کو داغ مفارقت دے گئے۔ موتی میاں کے یہاں ایک مشاعرے میں وہ بھی شریک تھے اور اپنی غزل پڑھی تھی جس کا ایک شعر دستیاب ہوا ہے جو ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

گردن نہ ہلے کہیں تہہ تیغ
احقر یہی وقت امتحاں ہے

---

## لالہ یگانہ

محمد عمر خاں ہبی کے شاگرد اور اسی نام سے مشہور تھے۔ ۱۲۰۸ھ میں انتقال ہوا۔ فارسی میں شعر کہتے تھے حضرت سرور سے بھی استفادہ کیا۔ یہ معلوم نہ ہوسکا کہ کس خاندان سے

Marfat.com

تعلق تھا۔ کب پیدا ہوئے اور ان کا اصل نام کیا تھا سرور نے اپنے تذکرہ میں زیادہ حال تحریر نہیں کیا ہے کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

از بہر دیدن تو سراپا نظارہ ام      ہم شبنم و ہم آئینہ ام ہم ستارہ ام

---

ازبسکہ حسین اند ہمہ اہل زمانہ      در کیسہ ماہی بگذارند درم را

---

دشنام زلعل لب جاناں مزہ دارد      ترشی سیاں شکرستاں مزہ دارد

---

دیدم چو ترا اشک فرو ریخت ز چشم      گردید برائے تو گہر بار نگاہم

---

ہر نگاہِ چشم جادوئے کہ افسوں کار داشت      یاد آیا میکہ زلف پیچ و تاب یار داشت

---

کسیکہ در کو بہار عالم چو لالہ داغے بکام دارد
مدام از سرخروئی خود شراب گلگوں بجام دارد

---

# نواب کرامت اللہ خاں ۔ کرامت

نواب کرامت اللہ خاں ابنِ نواب ارادت اللہ خاں خلف حافظ الملک نواب حافظ رحمت خاں شہید نے اپنی ننہال میں پرورش پائی۔ نواب عبداللہ خاں آخری والی شاہجہانپور نانا تھے۔ جنگ دوجوڑہ جس میں وزیر الملک نواب شجاع الدولہ کے مقابلے میں حافظ رحمت خاں کو شہادت و شکست نصیب ہوئی اور خاندان تباہ و برباد ہو کر تتر بتر ہو گیا تھا۔ نواب ارادت اللہ خاں اپنی سسرال چلے آئے تھے اور یہیں کی خاک کا پیوند ہو گئے۔ قلعہ اس زمانے میں شعر و سخن کا مرکز تھا شاہجہانپور کے سخنوروں کی آمد و رفت رہتی اور مجلسیں منعقد ہوتیں اور گاہے گاہے لکھنؤ دہلی کے نامور شعراء بھی مدعو کیے جاتے تھے۔ اسی ماحول میں

Marfat.com

نواب کرامت اللہ خاں کرامتؔ سن شعور کو پہنچے شعر و شاعری کا شوق پیدا ہو گیا۔ شعر موزوں کرنے لگے۔ اُردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے مگر کل کلام بزمانۂ غدر ۱۸۵۷ء تلف ہو گیا۔ فارسی کا ایک شعر دستیاب ہوا ہے جو نذرِ قارئین ہے۔

جاں بُرد نہ تنہا ز من آں آفت جانے
شد جاں بجہاں کشتۂ آں جان جہانے

---

# شیخ عنایت حسین۔ عنایت

شیخ عنایت حسین عنایتؔ خلف شیخ عبد الجبار محلہ کارٹی پورہ کے رہنے والے تھے۔ فارسی کی استعداد اچھی تھی فوج سے پنشن یافتہ تھے۔ نہایت متین و مہذب اور خوش گفتار آدمی تھے۔ شعر کہتے تھے مگر یہ نہیں معلوم کس سے اکتساب فن کیا۔ اس دور میں مولوی کاظم علی کا شہرہ تھا ممکن ہے انھیں سے مشورہ سخن لیا ہو ۱۸۵۷ء کے بعد آخیر تیرھویں صدی ہجری میں انتقال ہوا۔ چند اشعار دستیاب ہوئے جو نقل کیے جاتے ہیں۔

ناتوانی کے سبب آپس میں دونوں مل گئے
رنگ رو میرا تمھاری زعفرانی چوڑیاں

خنجر بکف پھر تو نہیں ہے مضائقہ
پھبتی نہیں ہے تم پہ ابھی بالے پن میں تیغ

کیا خوشگوار ذائقہ آب تیغ تھا
مشتاق ہو کے زخم نے رکھ لی دہن میں تیغ

---

# منشی سیوارام جوہر

منشی سیوارام جوہرؔ عیوض رائے مسرتؔ کے شاگرد تھے نسبًا کائستھ اور محلہ رنگ محل کے باشندے تھے۔ ابتدائی تعلیم کے دوران کسی بات سے استاد سے خفا ہو کر کلکتے چلے گئے تھے اور وہیں تکملۂ علم کیا مگر جب شاہجہانپور واپس آئے تو استاد اس درمیان سفر آخرت کر چکے تھے۔ جوہر کو استاد کے انتقال کا بے حد غم ہوا۔ گوشہ نشینی اختیار کر لی۔ تصنیف و تالیف

Marfat.com

میں مصروف رہے۔ 'دلیل الترکیب'، 'جوہر الترکیب' اِملائے جوہری اور جواہر التعلیم آپ کی تصنیفات سے ہیں یہ تصنیفات عنقا ہوگئیں۔ شاعر بلند مرتبہ تھے۔ اولاد موجود نہیں ہے۔ چند اشعار جو دستیاب ہو سکے درج ذیل ہیں۔

ابیات در خاتمۂ کتاب جواہر الترکیب

بعد فن نحو خواں فن معانی و بیاں — تاشوی بالغ بہر یک طرز لے عالی مقام

کاملاں اصلاح مخمس منصفاں تحسیں کنند — عرض دارد جوہر بے جوہر اکنوں از کدام

طالباں راحق ز نظم کامیاب فیض کن — تا دعائے شاں مرا از رحمت سازد بکام

سال ہجرت یکہزار و دو صد افزوں سی و پنج — عہد ظل اللہ اکبر شاہ کردم اختتام

منشی سیوارام جوہر نے جواہر الترکیب کا ۱۲۳۵ھ میں اختتام کیا۔ اس کے بعد کب تک حیات رہے اور کب راہی ملک عدم ہوئے تواریخ خاموش ہیں۔

---

# منشی امین خاں امینؔ

منشی محمد امین خاں صاحب امینؔ شاہجہاں پور کے باشندہ اور مہتمم رسالہ ارمغان شاہجہانپور کے شاگرد تھے نمونۂ کلام بابت ماہ اپریل ۱۸۹۷ء سے نقل کر کے ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ مزید حالات معلوم نہ ہو سکے۔

طعنے دینے لگے اس بت سے جو الفت دیکھی — غیر تو غیر ہیں اپنوں کی یہ حالت دیکھی

عشق میں رنج سہے ہجر کی آفت دیکھی — دل نے جو ہم کو دکھائی وہ مصیبت دیکھی

دیکھ کر میری طرف غیر سے فرماتے ہیں — آپ عاشق ہیں مرے، آپ کی صورت دیکھی،

حسن محبوب کی تعریف تو ممکن ہی نہیں — مختصر یہ ہے کہ اک نور کی صورت دیکھی

ٹالنے سے نہیں ٹلتی ہے الہٰی توبہ — تیری ثابت قدمی اے شب فرقت دیکھی

جو مرے دل پہ گزرتی ہے وہ تم کیا جانو — تم کبھی آئے مرے گھر مری حالت دیکھی

دل سے جائے گی کبھی ان کی محبت نہ امینؔ
جو نہ بھولے گی کبھی ہم کو وہ صورت دیکھی

Marfat.com

# سید احمد شاہ مُشیر

سید احمد شاہ مُشیر شاہجہانپور کے رہنے والے اور حضرت حَسن بریلوی کے تلامذہ میں تھے۔ نمونۂ کلام رسالہ 'بہار بے خزاں' بریلی بابت نومبر ۱۹۰۳ء سے نقل کیا جاتا ہے۔

وہاں بزم عدو میں ان کی چوٹی گندھنے والی ہے
یہاں حسرت نے پھانسی گردنِ عاشق میں ڈالی ہے

کسی نے زلف پیچاں کھول کر شانوں پہ ڈالی ہے
خبر ہے عاشقوں کو آج پھانسی ہونے والی ہے

لڑکپن جانیوالا ہے جوانی آنے والی ہے
ابھرنے والے جوبن نے عجب سج دھج نکالی ہے

میری بالیں پہ میری حسرتیں مل مل کے روتی ہیں
اجل تسکین دیتی ہے کہ صحت ہونیوالی ہے

سوال وصل پر منہ پھیر کر جھنجھلا کے فرمایا
ارے کمبخت تو نے کیوں ہماری جان کھالی ہے

لہو جب پی چکا سوزِ جدائی خون کا پیاسا
زباں تب ہاتھ بھر کی تیغ فرقت نے نکالی ہے

مُشیر خستہ کے مرقد پہ وہ رو رو کے کہتے ہیں
اسیر قیدِ تنہائی ترا اللہ والی ہے

---

# محمّد ریاض الرضا خاں فروغ

والد کا نام احمد رضا خاں تھا۔ نسباً علیزئی پٹھان۔ اعلیٰ خاندان اور شرفائے شہر سے تھے۔ محلۂ علیزئی میں سکونت تھی۔ شاعری سے بے حد شوق تھا۔ ہجو گوئی میں آپ کو سودا کا مرتبہ حاصل تھا ایک دیوان 'نگاہ فروغ' ۱۳۱۴ھ میں طبع ہو چکا تھا۔ قصبہ شاہ آباد ضلع ہردوئی میں نانہال تھی اور وہیں ۱۴ مارچ ۱۹۱۴ء کو آپ نے رحلت فرمائی۔ اپنے نانہالی قبرستان میں مدفون ہوئے۔ آپ کے انتقال کے بعد کہتے ہیں کوئی صاحب آپ کا کلام اٹھا لے گئے جس کا پتہ نہ لگ سکا 'تاریخ صبیح' میں صرف ایک شعر تحریر ہے۔ راقم الحروف نے اپنی بساط بھر مزید کلام حاصل کرنے کی ازحد کوشش کی مگر ناکام رہا مجبوراً اسی ایک شعر کو تبرک سمجھ کر درج ذیل کرتا ہے۔

شعر۔ طپش سے بڑھا اور بھی حسن یار
کنہیا بنے وہ جو سوئے نلا گئے

Marfat.com

# منشی ہری رام خورم

تذکرہ سرور سے اس قدر پتہ چلتا ہے کہ منشی ہریرام خورم محلہ گاڑی پورہ کے باشندہ تھے۔ پیشہ طبابت تھا اور لالہ ہت پرشاد سرور کے تلامذہ میں تھے۔ شعروسخن کا شوق دیوانگی کی حد تک تھا۔ خاندانی و دیگر ذاتی حالات کا پتہ نہیں چلتا۔ دو شعر مولوی صبیح الدین میاں مولف تاریخ صبیح نے خورم کے لکھے ہیں وہی یہاں درج کیے جاتے ہیں ان کے علاوہ کلام دستیاب نہیں ہوا۔

الٰہی گوہر گوش جہاں کن داستانم را — بہ بحر لفظ و معنی آشنا گرداں زبانم را

آں لب جاں بخش را آلودۂ صہبا مکن — خون مشتاقاں خود برگردن مینا مکن

---

# منشی دیارام دانا

قوم کے کایستھ باشندہ شاہجہانپور تھے۔ فن شعر میں لالہ سب سکھ رائے مسرور کے ممتاز اور قابل شاگرد تھے۔ یگانہ فرحت۔ وہبی۔ نثار۔ سرور۔ اظہر۔ ساقی۔ مجروح۔ خورم۔ مسرت وغیرہ جن کا زمانۂ حیات یکے بعد دیگرے ختم ہوا ہے ایک وقت میں دیارام کے ہم صحبت و ہم جلسہ رہے تھے۔ سخنوران ہم عصر کی ہم نشینی کا اثر کسی طباع اور ذہین انسان کے واسطے کیا ہو سکتا تھا۔ مسرور کی فیض تربیت نے اور شعراء کی ہم آہنگی نے دیارام کو اچھا خاصہ رنگین ادا اور پاکیزہ خیال شاعر بنا دیا۔ دانا نے میرزا مظہر جان جاناں نور اللہ مرقدہٗ۔ نواب میر جملہ ترخاں خاں بہادر مفتوں اور فاخر مکیں سے نامور اور ماہرین فن استادوں کی زیارت کی تھی۔ دانا نے اپنا دیوان یقیناً مکمل کیا ہوگا مگر وہ غالباً زمانے کی دستبرد سے نہ بچا اور تلف ہو گیا۔ غالباً وہ کسی رجواڑے میں منشی تھے اپنے دیوان سرکار کی خدمت میں جو اشعار بھیجے تھے ان شعروں میں سے فارسی کا ایک شعر دستیاب ہوا ہے جو پیش خدمت ہے۔

تحت تسلیمے کہ بود مستمندان است و بس
از من مسکین نیاز و نذر دیوان است و بس

Marfat.com

# مولوی دوست محمد خاں

مولوی دوست محمد خاں کے حالات میں سرمد نے اپنے تذکرہ میں بہت اختصار سے کام لیا۔ جس سے نہ مولوی صاحب کے خاندان کا پتہ چلتا ہے نہ یہ کہ کس سے اکتساب علم کیا البتہ ان کی علمیت اور قابلیت کے متعلق تحریر کیا ہے کہ آپ عالم و فاضل تھے اور درس و تدریس کا شوق تھا۔ شرح گلستاں و شرح ثنائی وعرضی آپ کی تصنیفات سے ہیں۔ مسرت نے مطلع دیوان ثنائی کی شرح میں چالیس معنی لکھ کر آپ کو بھیجے تھے اور ایک قطعہ بھی ساتھ میں تحریر کیا تھا۔ مولوی دوست محمد خاں نے اس کی داد دی تھی اور مسرت کی لیاقت کو تسلیم کیا تھا جواباً ایک قطعہ اور ایک رباعی موزوں کر کے مسرت کو بھیجی تھی۔ اس قطعہ رباعی کے علاوہ آپ کا کلام دستیاب نہیں ہوا۔ سرور نے مولوی صاحب کا تخلص بھی تذکرہ میں نہیں تحریر کیا۔ رباعی پر غور کرنے سے رسا تخلص معلوم ہوتا ہے۔

رباعی

اے دل تو سخن خوشنوائی گفتے — گفتی ورسا تر از رسائی گفتے
گرگفت بیک روش ثنا چہل بیت — چہل معنی بہ یک بیت ثنائی گفتے

قطعہ

اے آنکہ رسا تر از رسائی — رائی نہ کہ بلکہ عین رائی
در مدح توصد قصیدہ گفتے — گر زندہ شدے دگر ثنائی

---

# منشی پدم سکھ فائز

شاہجہانپوری کالیستھ تھے محمد عمر خاں وہبی سے جو شاہجہانپور میں ایک ذی تعلیم وہمہ داں سخنور اور فخر استاد شاعر گزرے ہیں فن شعر وسخن کا استفادہ کیا ہے۔ علم فارسی اچھا جانتے تھے۔ یہ قابل صحبت اور عمدہ تعلیم کا اثر تھا کہ فارسی کا شعر اچھا کہتے تھے مگر افسوس کہ فائز نوجوانی میں انتقال کر گئے لالہ پدم سکھ فائز کی وفات کا زمانہ معلوم نہیں ہوا۔ محلہ مسجد گنج

Marfat.com

کے رہنے والے تھے۔ غالباً بارہویں صدی کے آخر میں گزرے ہیں۔ چند شعر جو دستیاب ہوئے لکھے جاتے ہیں۔

گر کنم فائز خیالِ چیدۂ گلگون او — دود آہم بر ہوا رنگ شفق پیدا کند
در آب ز عکس تو عجب جلوہ گری بود — امواج بدریا ہمہ چوں بال پری بود
یک قطرہ ز خونِ دل لختِ لختِ ماست — آں رنگِ پان کہ بر لب جاناں رسیدہ ماند
جوشِ خون جگرم لالہ صفت موجزن است — لختِ دل رنگِ گل و سینہ برنگ چمن است

---

# فدا "دی سلیو آف لو"

فدا صاحب کا پورا نام کیا تھا یہ نہیں معلوم مگر یہ اپنے نام یا تخلص کے ساتھ 'دی سلیو آف لو' لکھتے تھے۔ محکمۂ پولیس میں سب انسپکٹر تھے اور شاہجہانپور کے متوطن تھے۔

کلام رسالہ زبان اردو بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔

یہاں دل میں لیئے ہم شوق وصل یار بیٹھے ہیں — وہاں غصہ میں وہ کھینچے ہوئے تلوار بیٹھے ہیں
دل عشاق کو کچھ تو تسلی دو کہ چین آئے — جگر تھامے ہوئے ہاتھوں سے سب اے یار بیٹھے ہیں
تمہارا حُسن غالب حسن یوسف پر ہے اس پر بھی — کہ تم پردہ نشیں ہو وہ سر بازار بیٹھے ہیں
بہار آتے ہی شوق مے پرستی کھینچ لایا ہے — جو میخانے کے گرد آ کے بادہ خوار بیٹھے ہیں
رقیبوں سے نہیں اچھی محبت کی یہ سرگرمی — مرے پہلو میں آجائیں وہاں بیکار بیٹھے ہیں
مسیحا درد فرقت سے لبوں پر جان آئی ہے — لگائے آسرا تیرا ترے بیمار بیٹھے ہیں
اٹھاؤ گے نہ رندوں کو تو محفل سے نہ اٹھیں گے — جہاں بیٹھے ہیں جم کر یہ خدائی خوار بیٹھے ہیں

حسینان جہاں اک بوسۂ لب پر اسے لے لیں
فدا ہم بیچنے کو دل سر بازار بیٹھے ہیں

---

Marfat.com

# بابو محمد احسن خاں ۔ احسن

بابو محمد احسن خاں صاحب شاہجہانپوری کا کلام رسالہ اردو زبان بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء میں دستیاب ہوا ہے اس رسالے کے مہتمم صاحب منشی سید حسین احمد صاحب ارمان اور مرتب نواب ناظم علی خاں ہجر تھے ۔ پتہ نہیں چلتا ہے کہ یہ کس گھرانے کے تھے اور کس محلے کے ساکن تھے ۔ نمونۂ کلام حاضر خدمت ہے ۔

یہ کس کا سر قلم کرنے کو تیار بیٹھے ہیں ۔۔۔ کہ محفل میں دھرے زانو پہ وہ تلوار بیٹھے ہیں
کسی دن خاک میں مل جائیں گے فرشِ زمیں ہو کر ۔۔۔ ترے در پر مسیحا سب ترے بیمار بیٹھے ہیں
پڑا اپکا یہاں تک میکشی کا شیخ صاحب کو ۔۔۔ کہ آخر رہن رکھ کر جبہ و دستار بیٹھے ہیں
گھٹا اٹھی ہے کیسی جھوم کر کیسی بہار آئی ۔۔۔ درِ میخانہ پر کیسے ڈٹے مےخوار بیٹھے ہیں
یہ اپنا اپنا ساقی ظرف ہے جو تیری محفل میں ۔۔۔ بہت ہشیار بیٹھے ہیں بہت سرشار بیٹھے ہیں
کسی دن آکے بیماروں کی حالت تو ذرا دیکھو ۔۔۔ کہ دم آنکھوں میں ہے اور طالب دیدار بیٹھے ہیں
دکھائیں تو کوئی جوہر وہ اپنی تیغ ابرو کا ۔۔۔ یہاں تو جان دینے کے لیے تیار بیٹھے ہیں

قضا صنا جستجوئے یار کا احسن یہ ہے ہم سے
کہ رکھے ہاتھ پہ ہاتھ آپ کیوں بیکار بیٹھے ہیں

---

# منشی محمد عزیز اللہ خاں ۔ اثر ۔ کٹروی

منشی محمد عزیز اللہ خاں صاحب اثر قصبہ میراں پور کٹرہ ضلع شاہجہانپور کے ساکن تھے ۔ آپ کو حضرت ناظم لکھنوی سے شرف تلمذ حاصل تھا ۔ نمونۂ کلام رسالہ زبان اردو بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء سے لیا گیا ہے ۔ مزید حالات پر پردہ ہے ۔

طبیعت آگئی ہے اک بت نوخیز پر اپنی ۔۔۔ اسی باعث گلے میں ڈال کر زنار بیٹھے ہیں
تمھیں تو مشق ناوک افگنی اک کھیل ہے گویا ۔۔۔ یہاں تو ایک دل پر سیکڑوں سوفار بیٹھے ہیں
وہ ظالم بے طرح بگڑا ، یہ پوچھا تھا کہیں میں نے ۔۔۔ مری جاں آپکے پہلو میں کیوں اغیار بیٹھے ہیں

Marfat.com

اثر کیا پوچھتے ہو کیا سُنائیں حال ہم اپنا
اجل کے منتظر ہیں زیست سے بیزار بیٹھے ہیں

---

# منشی عطاء اللہ عطاؔ

منشی عطاء اللہ صاحب المتخلص بہ عطا شاہجہانپور کے رہنے والے اور حضرت طاہر فرخ آبادی کے شاگرد تھے۔ زیادہ حال معلوم نہیں۔ نمونۂ کلام رسالہ 'زبان اردو' بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء سے نقل کیا جاتا ہے۔

کہیں کیا ایک حسرت سے کھڑے ہیں ہم سرِ محفل
قریب یار بزم ناز میں اغیار بیٹھے ہیں
تصور ہے کسی پردہ نشیں کا خانۂ دل میں
کلیجہ سے لگائے ہم شبیہ یار بیٹھے ہیں
مرے سینے سے نکلیں بھی تو نکلیں کس طرح قاتل
جگر میں آرزو ہو کر ترے سو خار بیٹھے ہیں
دل شیدا کو بہلاتے ہیں یادِ چشم جاناں میں
کہیں کیا کیوں قریب نرگس بیمار بیٹھے ہیں
تصور میں نہ آئے تھے کسی دن ابروؤں والے
اب آئے ہیں تو کھینچ کر صورت تلوار بیٹھے ہیں

عطا قابو میں آئے گا نہ یہ بھی مثل جاناں کے
بغل میں ہم دل پُر غم لیے بیکار بیٹھے ہیں

---

# مُنشی حشمتُ اللہ خاں حشمت

رسالہ زبان اردو شاہجہانپور بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء سے منشی حشمتُ اللہ خاں صاحب حشمت کا کلام نقل کیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ حالات معلوم نہیں بجز اس کے کہ وہ شاہجہانپور کے باشندہ تھے۔

کچھ ایسے نشۂ اُلفت میں ہم سرشار بیٹھے ہیں
کہ جیسے پی کے مے میخانے میں میخوار بیٹھے ہیں
تمھاری طرح وہ بھی ناز معشوقانہ کرتی ہے
اجل آتی نہیں ہم جان سے بیزار بیٹھے ہیں

Marfat.com

ہمیں تو خواب کا آنا بھی آنا ہو گیا ان کا
شب وعدہ کہاں کی نیند ہم بیدار بیٹھے ہیں

نما معلوم کس کا قتل ہے مدِ نظر ان کو
وہ اپنے سامنے رکھے ہوئے تلوار بیٹھے ہیں

---

# رائے اجودھیا پرشاد زیبا

رائے اجودھیا پرشاد زیبا رؤسائے شہر سے تھے۔ شعر و شاعری کا شوق تھا۔ ابوالاعجاز منشی احسان علی خاں احسان کے شاگرد تھے۔ مزید حالات دستیاب نہیں ہوئے چند اشعار کے علاوہ کلام نہ ملا۔

ترچھی نظریں بھی حسینوں کی غضب ہیں زیبا
چوٹ کھا کر کبھی دل کو نہ سنبھلتے دیکھا

زیبا نگہ چشم حقیقت سے جو دیکھا
بتخانوں میں قدرت کے تماشے نظر آئے

ہجر میں یوں ہو قصہ خوانیٔ غم
جس کو وہ بُت تو کیا زمانہ سُنے

شکر ہے آج آبلے دل کے
روئے تلوار سے گلے مل کے

---

# منشی اسرار حسن خاں اسرار

منشی اسرار حسن خاں رئیس شاہجہانپور تھے۔ شعر و شاعری سے دلچسپی تھی اور نواب ناظم علی خاں ہجر شاہجہانپوری اڈیٹر زبان اردو کے شاگرد تھے۔ باقی حالات پردۂ خفا میں ہیں۔ زبان اردو بابت ماہ جنوری سنہ ۱۹۱۰ء سے کلام منقول ہے۔

انھیں جب دیکھیے آمادہ پیکار بیٹھے ہیں
کبھی خنجر کبھی کھینچے ہوئے تلوار بیٹھے ہیں

کہیں کیا خیر جو ہم پر گزرتی ہے گزرتی ہے
بس اتنا ہی سمجھ لو جان سے بیزار بیٹھے ہیں

جناب شیخ میخانے میں مجمع سا مجمع ہے
جدھر دیکھو ادھر میخوار ہی میخوار بیٹھے ہیں

دل رشک آشنا کو اب تسلی ہو نہیں سکتی
قیامت ہے انھیں گھیرے ہوئے اغیار بیٹھے ہیں

وہی ہم تھے کہ نفرت تھی ہمیں اسرار الفت سے
وہی ہم ہیں کہ اب محو خیال یار بیٹھے ہیں

Marfat.com

# منشی سخاوت علی خاں۔ سخاؔ

منشی سخاوت علی خاں صاحب المتخلص بہ سخاؔ شاہجہانپور کے قدیمی باشندہ تھے۔ شعر و شاعری سے نہایت لگاؤ تھا۔ خاندانی حالات بتانے والا کوئی موجود نہیں ہے۔

آپ کا کلام رسالہ زبان اردو بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء سے نقل کیا جاتا ہے۔

مدینہ کی ہوس ہے ہند سے بیزار بیٹھے ہیں
چلو اے قافلہ والو کہ ہم تیار بیٹھے ہیں

نہ وہ طوفِ حرم ہے اب نہ ہے وہ سیر میخانہ
کسی کی راہ میں مدت سے ہم بیکار بیٹھے ہیں

مریں اس در پہ آ کر کہہ دو یہ فرہاد و مجنوں سے
عبث دونوں میانِ وادیٔ کہسار بیٹھے ہیں

نہ اک پہلو بٹھایا بیقراری نے شبِ فرقت
ہزاروں بار بیٹھے ہیں ہزاروں بار بیٹھے ہیں

زباں تک بھی نہیں آئی ابھی تو بات مطلب کی
خدا جانے وہ کیوں روٹھے ہوئے بیزار بیٹھے ہیں

کہا یوسف انھیں میں نے تو وہ غصہ سے یوں بولے
کہ ہم پردہ نشیں ہیں وہ سرِ بازار بیٹھے ہیں

گدایانِ محبت کیا کریں گے چترِ شاہی کو
ترے کوچے میں زیرِ سایۂ دیوار بیٹھے ہیں

---

# لالہ مہتاب رائے رغبت

آپ مشہور شاعر منشی عیوض رائے مسرت کے حقیقی بھانجے تھے۔ ماموں کے زیر تعلیم و تربیت رہے جس سے استعداد علمی اچھی ہو گئی تھی۔ انشا پرداز بھی تھے۔ تذکرہ سرور میں سرورؔ نے ان کی لیاقت اور علمی قابلیت کی تعریف کی ہے۔ مزید خاندانی حالات نیز سن ولادت و رحلت کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔ ان کا صرف ایک شعر دستیاب ہو سکا۔

نے مطلبی نخواہم نے ہیچکار خود را
گرم پئے بنگاہ ہے داماں مار خود را

---

Marfat.com

# محمد حسن علی خاں حسن

جناب محمد حسن علی خاں صاحب حسن باشندۂ شاہجہانپور اور حضرت حیدر کے شاگرد تھے۔ نواب حیدر علی خاں صاحب حیدر حضرت جلال لکھنوی کے شاگرد تھے اور صاحب تلامذہ تھے حضرت حسن شاہجہانپوری کا نمونۂ کلام رسالہ 'زبان اُردو' بابت ماہ مارچ ۱۹۱۱ء کو شاہجہانپور سے زیر ادارت نواب ناظم علی خاں ہجر شائع ہوتا تھا نقل کیا گیا ہے۔ خاندانی و ذاتی حالات پردۂ خفا میں ہیں۔

ملت میں جس کی خون مسلماں حلال ہو — دشمن کا بھی نہ اس بت کافر پہ آئے دل
بالیدگی خزاں میں ہو جوشِ جنوں کو کیا — فصل بہار لے گئی نشو و نمائے دل
سمجھا دیا ہے عشق کی آتش ہے پُر غضب — اب بھی اگر نہ مانے تو دوزخ میں جائے دل
رسوا ہوا ذلیل ہوا خاک میں ملا — اس کی یہی سزا تھی اُدھر اور جائے دل
داغ فراق و ہم زخم جگر بنا — ہو جائے درد ہجر ہی یارب دوائے دل

# منشی محمد فرحت اللہ خاں فرحت تلہری

منشی محمد فرحت اللہ خاں صاحب فرحت قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور کے ساکن تھے۔ اساتذۂ وقت میں گنے جاتے تھے۔ صاحب تلامذہ تھے۔ نمونۂ کلام 'زبان اردو' بابت ماہ مئی و جون ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔

بجلی ہے نہ شعلہ نہ چھلاوہ نہ شرر ہے — پھر کیوں دل بیتاب تپاں آٹھ پہر ہے
اللہ رے مرے رشک مسیحا کو منا لا — ناصح تری باتوں میں تو جادو کا اثر ہے
میں شوق میں بیتاب ہوں وہ شرم سے مضطر — تسکین شب وصل اِدھر ہے نہ اُدھر ہے
کیوں ناوک دل دوز کو کھینچا مرے دل سے — آئے چارہ گر اب حال مرا نوع دگر ہے

ہر ایک ہوتا ہے گمانِ نفخ صُور
فرحت ترے نالوں میں قیامت کا اثر ہے

Marfat.com

## مولوی احمد خاں احمدؔ

خمخانۂ جاوید تصنیف لالہ سری رام دہلوی میں آپ کے بارے میں تحریر ہے کہ عالم متبحر اور خوش تقریر بزرگ تھے۔ مدتوں حافظ رحمت خاں کی رفاقت میں رہے۔ فارسی دیوان مرتب ہو گیا تھا مگر وہ مسودہ تباہ ہو گیا۔ ریختہ میں بھی گاہے گاہے فکر کیا کرتے تھے۔ حضرت احمد کا اس سے زیادہ حال دستیاب نہ ہو سکا۔ ایک مختصر غزل پیشِ خدمت قارئین ہے۔

کیوں نہ ہووے دل مرا نخچیر زلف ۔۔۔ عاشقاں کی قید ہے زنجیر زلف
مار ڈالے چاہنے والوں کو وہ ۔۔۔ دیکھی ہم نے کچھ عجب تاثیر زلف
مصحف خوبی کا کرتی ہے بیاں ۔۔۔ حسن معنی کی لکھے تحقیر زلف
کیا پریشانی میں ڈالا دل کو آج ۔۔۔ میں نجانوں کس نے کی تقریر زلف

دشت مجنوں کا مجھے احمدؔ ہے شوق
دل پہ میرے ہے مگر تاثیر زلف

---

## امام الدین خاں ناظرؔ

امام الدین خاں ناظر کے بارے میں نواب محبت خاں نے اپنی یادداشت تذکرۃ الاحباب میں صرف ان کا نام تحریر کیا ہے دیگر خاندانی اور ذاتی حالات درج نہیں ہیں۔ ایک اردو غزل دستیاب ہو سکی۔ جو یہاں درج کی جاتی ہے۔

دخل دے کر بزم خلوت میں ہر اک دمساز کو ۔۔۔ مت سبک فرمائیے یوں قدر حسن ناز کو
سرو بالا تجھ میں جو انداز ہے رفتار کی ۔۔۔ کبک کیا جانے ہیں اس رفتار کے انداز کو
یوں تو اے صیاد اب مطلق مری پروا نہ کر ۔۔۔ مرغ پر بستہ بھی ہوتے ہیں کہیں پرواز کو
راز عشق آخر مرا آفاق میں افشا کیا ۔۔۔ کیا کہوں میں اشک باراں قطرہ دمساز کو
کل دوا ہو چشم ناظر اے مرے دام میں ۔۔۔ آکے کیسا رم سن کر تری رفتار کو

اس غزل کا مقطع ناقابلِ فہم ہے جس طرح تحریر ہے نقل کر دیا غالباً تاریخ صحیح کے موقعہ

Marfat.com

نے بھی اس کو اسی طرح تذکرۃ الاحباب میں دیکھا ہو یا کاتب نے غلط نقل کیا ہو۔

---

## منشی مقصود علی خاں مقصود

منشی مقصود علی خاں صاحب مقصود شاہجہانپور کے متوطن تھے اور شعرائے شاہجہانپور میں شمار ہوتے تھے نمونۂ کلام ایک بہت پرانے گلدستہ سے نقل کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ 'بہار بے خزاں' بریلی سے نکلتا تھا۔

گرائیں بجلیاں رنگین تبسم نے دل و جاں پر
نمک ذوق خلش نے خوب چھڑکا زخم پنہاں پر

جلانے والا پروانوں کا کوئی اور تھا لیکن
رہے گا حشر تک الزام اس کا شمع سوزاں پر

بدل دی دل کی دنیا زلف برہم کے تصور نے
چڑھایا رنگ وحشت نے خیالات پریشاں پر

گنہگاروں کے حق میں مرحبا باران رحمت تھے
جو مژگاں سے گرے اشک ندامت فرد عصیاں پر

زمانہ رو رہا ہے وہ زمانے سے نرالے ہیں
کہ آتی ہے ہنسی ان کو مرے حال پریشاں پر

نگاہیں داور محشر کی پڑتی ہیں بصد حیرت
ادھر قاتل کے چہرے پر ادھر قاتل کے داماں پر

انہیں ذروں میں ہیں خاک دل مرحوم کے ذرے
کرم کرنا ذرا موج ہوا ریگ بیاباں پر

خزاں کے آتے ہی مقصود کچھ ایسی ہوا بدلی
کہ پانی پھر گیا یکبارگی رنگ گلستاں پر

---

## ہدایت اللہ ہدایت

آپ نسباً شیخ محلہ مہندرف کے ساکن تھے۔ استعداد علمی معمولی تھی مگر صحبت یافتہ تھے طبیعت موزوں پائی تھی مشورہ سخن کے لیے اساتذہ وقت میں کسی سے تخصیص نہیں تھی جس سے جی چاہا کر لیا ۱۹۴۰ء میں بعمر ستر سال انتقال ہوا کلام بہت تھا مگر تلف ہو گیا۔ بدقت جو کلام دستیاب ہو سکا درج ذیل ہے۔

Marfat.com

یہ کیا سبب ہے کہ پہلی سی اب وہ بات نہیں
نگاہ مہر نہیں ہے وہ التفات نہیں

مری خودی کا مری بے خودی کا کیا کہنا
میں ہوش میں ہوں مگر ہوش ایسی بات نہیں

اسے حیات تو کیا موت سے کریں تعبیر
وہ زندگی جو رہین غم حیات نہیں

فسانۂ غم الفت کو کوئی کیا جانے
ذرا سی بات ہے لیکن ذرا سی بات نہیں

کچھ ایسی بدلی ہدایت فضا زمانے کی
سکوں میں گزری ہو کوئی بھی ایسی رات نہیں

کچھ رُخ بدل کے کہدیا کچھ بے رخی کے ساتھ
شامل ہے دوستی بھی تری دشمنی کے ساتھ

اپنے پرائے چھوڑ چلے سب خوشی کے ساتھ
ہوتا ہے یہ معاملہ ہر آدمی کے ساتھ

پوچھیں جو حال دل تو یہ کہہ دینا نامہ بر
ہاں، در دیں کی تو ہے لیکن کمی کے ساتھ

جینا کہاں کا مرنا بھی مشکل ہے اب ہمیں
ایسے سلوک کرتا ہے کوئی کسی کے ساتھ

اب سب ملیں گے ہمدم و دمساز و غمگسار
دیکھے گئے ہو آج ہدایت کسی کے ساتھ

---

Marfat.com

# بیسویں صدی کے شعراء

Marfat.com

# اعتبار الملک نظامُ الشعراء حکیم مولوی ضمیر حسن خاں۔ دلؔ

نظام الشعراء اعتبار الملک حکیم مولوی ضمیر حسن خاں دلؔ ابنِ احمد حسن خاں صاحب ابن حکیم مولوی قدرت علی خاں صاحب ابن مولوی عزیز الدین خاں صاحب ابن شیخ غلام سرور خاں صاحب ابنِ شیخ وارث خاں صاحب خلف شیخ حکیم الدین خاں صاحب بن شیخ واصل خاں صاحب بن شاہ قاسم سلیمانی کے مختصر خاندانی حالات یہ ہیں کہ شاہ واصل عرف بابا صاحب سے نواب عمدۃ الملک بہادر خاں چغتا نے اپنی بیٹی خدیجہ بیگم کا عقد سنہ ۱۰۳۸ھ میں کر کے جہیز میں بارہ مواضعات دیئے تھے۔ آبادیٔ شاہجہانپور کے وقت جب نواب بہادر خاں کا خاندان نوآباد شہر میں سکونت کے لیے آیا تو شاہ واصل بمعہ اپنی شریکِ حیات کے ہمراہ تشریف لائے تھے آپ نے قلب شہر سے بجانب مغرب اور دریائے گرّا کے مشرقی حصہ پہ اپنا سکونتی مکان تعمیر کروایا۔ یہ پر فضا مقام لکرا کے نام سے مشہور ہوا۔ خدیجہ بیگم کا جب کچھ مدت بعد انتقال ہو گیا تو

Marfat.com

شاہ واصل نے کابل جاکر دو عقد کیے۔ ایک زوجہ سے شیخ حکیم الدین تولد ہوئے اور انھیں کی اولاد میں مولوی حکیم ضمیر حسن خاں دلؔ ہیں۔ ۱۸۷۵ء میں حضرت دل کی ولادت ہوئی۔ بچپن ہی میں سایۂ پدری سے محروم ہو گئے ان کی والدہ بچوں کو لے کر اپنے برادر حقیقی کے مکان واقع محلہ ہاتھی تھان میں اٹھ آئیں۔ حضرت دلؔ کی تعلیم و تربیت کا بندوبست ماموں نے کیا۔ حسب رواج قدیم ابتدائی تعلیم ایک معلم رکھ کر گھر میں کرائی۔ فارسی پڑھ کر درس نظامی کی معقول و منقول کی کتابیں فاضل اساتذہ سے پڑھیں۔ فن طب مولوی حکیم محمد صاحب شاہ جہاں پوری تلمیذ حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں دہلوی سے سیکھا بعد میں حکیم بشیر اللہ خاں قد نخیل سے بھی استفادہ کیا۔ فن شعر میں حضرت امیر مینائی کے شاگرد ہو گئے۔ کچھ ہی دنوں میں اپنی فطری صلاحیت کے سبب شاگردان رشید میں شمار کیے جانے لگے شاعری اور آپ کے مزاج میں قدرتی مناسبت تھی، مشق سخن اور استاد کی توجہ سے نکھرتی چلی گئی۔ ہندوستان کے رسائل و جرائد اور گلدستوں میں کلام پہلے بھی چھپتا تھا مدیران کے طلب و تقاضوں نے حضرت دلؔ کے نام و کلام کو ملک کے گوشہ گوشہ تک پہنچا دیا۔ ہر عظیم الشان مشاعرے میں شرکت کے دعوت نامے آنے لگے اور آپ کی ذات ادبی و شعری اجتماعات کے لیے ایک ضرورت بن گئی۔ رفتہ رفتہ شاگردوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا یہاں تک کہ ملک کے ہر حصہ کے کچھ نہ کچھ شعراء آپ کے کمالات سے مستفیض ہونے لگے۔ تلامذہ دل کی طویل فہرست ہے۔ حضرت دل نہایت متین و سنجیدہ مہذب و شائستہ انسان تھے۔ انکساری طبیعت کا خاصہ بن چکی تھی لیکن ساتھ ہی بے حد خوددار اور غیرت مند بھی تھے۔ امیروں کی مجلس ہو یا کم حیثیت لوگوں کی محفل آپ کو اپنی عزت و توقیر کا ہمیشہ خیال رہتا تھا۔ غرباء مساکین کے ساتھ بڑی شفقت و محبت کا سلوک کرتے تھے۔ وراثت میں زمینداری پائی تھی۔ زمیندار اپنی رعایا کے ساتھ عمومی طور پر سخت گیر تھے لگان اور بقایا لگان کی وصولیابی کے سلسلے میں تشدد پر بھی اتر آتے لیکن حضرت دلؔ کی آسامیوں کو شاید ہی کبھی شکایت کا موقع ملا ہو اور سختی کا شکار ہوئے ہوں حضرت دلؔ کو جس پہلو سے بھی میزان انسانیت پر تولیے پورے اتریں گے۔ آپ صرف بلند پایہ ناظم ہی نہیں ناثر بھی تھے۔ لاتعداد خطوط اور مفید مضامین لکھنے کے علاوہ دو ناول 'درد دل' اور 'دل سوز' تصنیف فرمائے تھے جو شائع ہو کر مقبول ہوئے۔ دل صاحب نے تقریباً ساٹھ سال ادب کی خدمت کی بحیثیت شاعر آپ کا مقام بہت ارفع و اعلیٰ تھا۔ اپنی حیات میں شرفاء شہر کے روبرو عزیز شاگرد حضرت عابد حسین عابدؔ کو شاہجہانپور میں اپنا

Marfat.com

جانشین مقرر فرما دیا تھا جناب عابد کے مقابلہ کوئی دوسرا شاگرد جانشینی کا اہل نہیں تھا۔ آپ کے دو صاحبزادے جناب شبیر حسن خاں ایڈوکیٹ اور جناب شفیق حسن خاں شفیق مینائی وارث خاندان ہوئے دل صاحب ایک طویل مدت تک صاحب فراش رہ کر ۱۹۵۹ء میں راہی ملک بقا ہوئے۔ چھوٹے صاحبزادے شفیق مینائی کی صحت خراب تھی ہر ممکنہ معالجے کے باوجود صحت بحال نہیں ہوئی۔ تپ دق کے مرض میں مبتلا تھے۔ حضرت دل کو شفیق کی بیماری نے قلبی دکھ پہنچائے۔ خود شفیق مینائی بھی والد کی رحلت کے بعد ۶ رمئی ۱۹۷۶ء کو اللہ کو پیارے ہو گئے۔ حضرت دل کا دولت خانہ دہلی اور لکھنؤ دونوں مکاتب فکر کے مقتدر شعراء کی آمد و رفت کا مرکز تھا اس وقت شاید ہی ایسا کوئی نمایاں شاعر ہو جو شاہجہانپور آکر حضرت دل سے ملاقات کیے بغیر واپس چلا گیا ہو۔ حضرت دل نے تقریباً ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی لیکن غزل آپ کی سب سے زیادہ محبوب صنف تھی اور غزل گوئی میں اپنا منفرد مقام رکھتے تھے پاکیزگی، صفائی، بلند خیالی، بے ساختگی اور سادگی آپ کے کلام کی ایسی خصوصیات ہیں جو بیک وقت کسی ایک شاعر میں نظر آنا ناممکن تو نہیں لیکن مشکل ضرور ہے۔

## کلام حضرتِ دل

غزل کے اشعار ملاحظہ فرمایئے:

بہلا رہے ہیں اپنی طبیعت خزاں نصیب
دامن پہ کھینچ کھینچ کے نقشہ بہار کا

---

وہم باطل تھا مگر وہ منظر عیش و نشاط
پہلوئے عاشق میں ہنگام سحر کوئی نہ تھا

---

کوچہ یار میں مٹنا مگر اک شان کے ساتھ
خاک ہونا تو محبت کا نشاں ہو جانا

---

یہ بھیگی رات یہ ٹھنڈا سماں یہ کیف بہار
یہ کوئی وقت ہے پہلو سے اٹھ کے جانے کا

---

ہائے وہ دل کہ جس نے بے سمجھے
تیرے وعدے کا اعتبار کیا
وقت رخصت تسلیاں دے کر
اور بھی تم نے بے قرار کیا
تیرے مشتاق اور منظر حشر
کس قیامت کا انتظار کیا

Marfat.com

یاد ہے ہاں یاد ہے طرزِ نگاہِ مست یار — ایک نازک پنکھڑی سے پارہ پارہ دل ہوا
چلتے چلتے کس نظر سے اس نے دیکھا کیا کہوں — دل کے افسانے میں اک ٹکڑا نیا شامل ہوا

---

اس کی ہمت اب اگر پامال کر ڈالے کوئی — خاک ہو جانا محبت میں ہمارا کام تھا

---

معمورِ تجلی ہو تحیر کا اثر آج — آئینہ بنا دے مجھے اے ذوقِ نظر آج

---

حضورِ یار شکووں کا تو کیا ذکر — گراں ہے مدعا اے دل زباں پر

---

کیا جانے کس خیال سے چھوڑا بحالِ زار — مجھ پر بڑا کرم ہے مرے چارہ ساز کا

---

وہ اپنے مجرموں کو دیکھ کر منہ پھیر لیتے ہیں — اگر اے دل انھیں منظور ہونا ہے سزا دینا

---

نیا منظر دکھاتا ہے ہمیشہ جوشِ غم میرا — طریقِ عشق میں پہلا قدم ہے ہر قدم میرا

---

خاموش دلِ زار تہِ خنجرِ قاتل — شکووں کا ہے یہ وقت کہ تسلیم و رضا کا

---

نارسائی کا سبب کیا ہے یہی جوشِ طلب — بڑھ گئے ہم اس قدر آگے کہ رہبر رہ گیا

---

مصیبت سے ادھر جوشِ طلب بڑھتا ہی جاتا ہے — ادھر منزل کا مایوسی کی حد تک دور ہو جانا

---

رہنما کی کیا ضرورت عشق کامل چاہیے — دل جہاں تڑپے سمجھ لینا یہی ہے کوئے دوست

---

کب تک شبِ غم کوئی بدلتا رہے پہلو — تسکین کی صورت نہ ادھر ہے نہ ادھر آج

---

Marfat.com

کوچۂ عشق میں ہر ذرّہ دل ہے پامال　　جو وفادار ہیں مٹ کر بھی وفا کرتے ہیں

---

اٹھے تو محو تمنا ملے تو غرق نیاز　　نگاہ شوق کو فکر مآل کار نہ ہو

---

قرباں، ہوکے آج کسی کی نگاہ شوق　　زینت فزائے حسن خداداد ہوگئی

---

کہیے تو کہدیں عرش بریں کو مقام دوست　　ہمت مگر کچھ اور ہے اپنے خیال کی

---

دب نہیں سکتا ہے اب غنچوں کا جوش انبساط　　رک نہیں سکتی ہے ہونٹوں پر ہنسی آئی ہوئی

---

کہاں کا لطف مجھ پہ غنچہ و گل نے غضب ڈھایا　　بہار آئی تو شاخیں جھک گئیں میرے نشیمن کی

---

جھگڑا تو روز ٹھوکریں کھانے کا مٹ گیا؟　　اچّھا ہوا کہ خاک نشیں خاک ہوگئے

---

## روشن علی خاں۔ روشن وارثی

روشن علی خاں روشن وارثی خلف جناب مقصود علی خاں ساکن محلہ ترا ہی کی ولادت فروری ۱۸۷۵ء میں ہوئی گھر میں تعلیم پوری کر کے موضع بھرگواں جاکر ایک مولوی صاحب سے فارسی کی تکمیل کی۔ درجہ آٹھ تک انگریزی پڑھی اور مضامین بھی پڑھے لیکن انگریزی اردو نیز فارسی میں ہمیشہ ممتاز رہے شاعری میں غالب دہلوی کے کسی شاگرد کے شاگرد تھے۔ حضرت روشن کے تلامذہ میں فخر عالم سیوہاروی اور سیّد عنایت علی ساکن (کندرکی) ضلع مرادآباد مشہور شاعر گزرے ہیں۔ جون ۱۹۵۸ء میں رحلت فرمائی۔ نمونۂ کلام۔

ہم نے جس دم جھک کے ان کے پاؤں پر سر رکھ دیا　　مسکرا کر ہاتھ سے قاتل نے خنجر رکھ دیا

بار ہجراں اے فلک کیا تو نے دل پر رکھ دیا　　شیشۂ نازک پہ اک بھاری سا پتھر رکھ دیا

Marfat.com

کھیل کے دن ہیں لڑکپن ہے انھیں کیا دل کی قدر — دیکھا بھالا الٹا پلٹا اور مسل کر رکھ دیا
ہو گئے رسوائے عالم رازِ الفت کھل گیا — آہ نے جو کچھ کہ تھا دنیا کے منہ پر رکھ دیا
جب کہا میں نے قسم کھاؤ پھر بھی آئیں گے — مسکرا کر ہاتھ اس نے میرے سر پر رکھ دیا

ہائے روشنؔ کو جو یاد آئی وہ چشم مست ناز
رو کے بیچارے نے آہستہ سے ساغر رکھ دیا

تری نگاہ نے پہلو وہ بے رخی کے لیے — اٹھی نہ عرصۂ محشر میں بھی کسی کے لئے
جناب خضر رہ میکدہ بنا دیتے — خدا نے آپ کو بھیجا ہے رہبری کے لئے
خدا گواہ ہے توبہ پہ بھی یہ کافر دل — مچل مچل گیا اکثر یہ میکشی کے لئے
ابھی سے دیر و حرم ترک کردئے روشنؔ — ابھی سے ہو گئے دیوانہ کس پری کے لئے

---

# سید حسین احمد میاں۔ بیباکؔ

محلہ جھنڈا کلاں میں ایک خاندان مبارک نشان حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب ربانی شیخ محمد عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا آباد ہے۔ اسی خاندان کی آپ یادگار تھے۔ آپ کے وارثوں میں عرصہ سے سلسلۂ پیری و مریدی کا چلا آتا تھا چنانچہ آپ کے والد بزرگوار سید تجمل حسین عرف جمن میاں صاحب مسند سجادگی پر رونق افروز رہے۔ حضرت بیباکؔ کی تعلیم اچھی ہوئی تھی۔ عربی و فارسی کی عمدہ قابلیت حاصل کی طبیعت نہایت ذکی و رسا پائی تھی اسی وجہ سے فن شعر میں ترقی کر کے لکھنؤ و دہلی میں نامور ہو گئے تھے۔ قوت مکالمہ و مناظرہ بھی اچھی پائی تھی۔ ابتدا میں آپ نے مشورہ سخن سید محمد علی میاں خیالؔ سے کیا بعدہٗ جب مشق ہو گئی تو آپ نواب مرزا خاں داغؔ کے شاگردوں میں داخل ہو گئے مگر دہلی کے رنگ خصوصاً غالبؔ و مومنؔ کی غزل گوئی سے بہت متاثر رہے۔ اس لئے آپ کے کلام میں زبان لکھنؤ کی اور خیال و مضامین مومنؔ و غالبؔ کے نظر آتے ہیں۔ دہلی سے لکھنؤ تک جو دھوم دھام سے مشاعرے ہوتے تھے ان میں آپ بطور خاص مدعو کئے جاتے تھے۔ آپ شاگردان مرزا داغؔ میں امتیاز کے حامل تھے۔ آپ نے اپنی حیات میں دیوان ترتیب دے دیا تھا مگر قضا نے طباعت کی مہلت نہ دی۔ آج بھی ناقدری کا شکار ہے اور ورثاء سے توجہ کا طلبگار

Marfat.com

ہے آپ کے اشعار بطور نمونہ کلام ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

کوچۂ یار سے دشوار ہے لانا دل کا — اک قیامت کا اٹھانا ہے اٹھانا دل کا
وائے اے بیکسیٔ عشق کہ وہ بھی نہ رہا — صبر مرحوم تھا اک دوست پرانا دل کا
پہلے بیتاب کیا آنکھ ملا کر شب وصل — پھر ہنسے دیکھ کے قابو میں نہ آنا دل کا
کہہ نہ دیں شکوۂ غم پر وہ کہیں اے بیباکؔ — آج سے چھوڑ دیا ہم نے ستانا دل کا

حوصلہ مجھ پر نہ کر تو اے فلک بیداد کا — دیکھنے والا ہوں چشم خاناں برباد کا
دی ہے بندے کو اگر اللہ نے عقل سلیم — ایک نظارہ ہے کافی عالم ایجاد کا
بوئے اشک آنے لگی مجھ کو شبیہہ یار سے — ساتھ اس کے دل بھی شاید کھنچ گیا بہزاد کا

وہی آنکھیں دکھا دینا وہی غصہ میں بھر جانا — یہ تم نے عرصۂ محشر کو بھی کیا اپنا گھر جانا
کسی کی جستجوئے وصل کچھ کہنے کو ہے مجھ سے — ذرا اے درد دم لینا ذرا اے دل ٹھہر جانا
محبت میں کچھ ایسی زندگی دشوار ہے ہم کو — نوید جانفزا بھی کوئی سن لینا تو ڈر جانا
اسی کے جاننے کے ہم تو اے بیباک قائل ہیں — دم اقرار جس نے اس کا انداز نظر جانا

وہ حال مرا ہجر میں دیکھا ہے قضا نے — روتی ہوئی جاتی ہے مسیحا کو بلانے
اے چرخ نشاں قبر عدو کا تو مٹا دے — سنتا ہوں کہ جائیں گے وہ مُردوں کو جلانے
دشمن کو وہ اللہ دکھائے نہ سنائے — جو حال مرے دل کا کیا تیری جفا نے

دیکھو تو حسن و عشق میں الفت کمال ہے — میرے لئے وہ زلف بھی آشفتہ حال ہے
جانے دے خار دشت کہ روتے ہیں آبلے — کیا چھیڑنے کا لطف جب ان کا یہ حال ہے
ناخوش دعائے وصل پہ ہوتے ہو کس لئے — تم سے نہیں سوال خدا سے سوال ہے

دم آخر غضب تھا دیکھنا حسرت سے بسمل کا — چھٹا پڑتا ہے خنجر جی بھر آتا ہے قاتل کا
نہ پوچھو جب سے ہم آوارۂ دشت محبت ہیں — یہ آنکھیں پھوٹ جائیں جو اگر دیکھا ہو منزل کا

Marfat.com

رفتہ رفتہ بیقراری عشق میں خو ہو گئی
درد رہتے رہتے میرے دل کے اندر رہ گیا

کیا مشیت ہے تری یارب کہ عشق دوست میں
دل گیا لیکن پھکنے کے لئے سر رہ گیا

لذت کش جفا دل دیوانہ ہو گیا
بے لطف درد عشق کا افسانہ ہو گیا

دل میں جو ایک قطرۂ خوں تھا مدار زیست
وہ بھی نیاز حسرت پیمانہ ہو گیا

اپنی بھی دل کے ہاتھ سے مٹی ہوئی خراب
کی اس قدر وفا کہ وہ بیگانہ ہو گیا

جان عزیز راہ وفا میں نکل گئی
اب جل کے وہ کشا کش سعی عمل گئی

شوخی تو دیکھئے کہ دم عرض مدعا
وہ بات کی کہ یاس و تمنا میں چل گئی

بھولوں گا یہ صبا کا نہ احسان عمر بھر
جب آئی منہ سے خاک در دوست مل گئی

یہ جان لو وہ عشق میں بے موت مر گیا
درماں سے جس مریض کی حالت سنبھل گئی

جانانہ ہم نے جان کا جانا بھی عشق میں
اک آہ تھی کہ منہ سے ہمارے نکل گئی

بیباک قتل ہو کے ہوا بھی تو یہ ہوا
اک دو گھڑی کو اپنی طبیعت سنبھل گئی

جاتے ہی ترے جان نکل جائے گی غم سے
یہ دیکھ کے کس طرح رہا جائے گا ہم سے

یہ حال ہے دل کا کہ جو لکھتا ہوں خط شوق
بہتا ہے لہو صفحۂ کاغذ پہ قلم سے

جی تو یہ کہتا ہے کہ حضرت بیباک کے اسی طرح ہزاروں اشعار لکھتا چلا جاؤں مگر کتاب کی ضخامت بڑھ جانے کے خیال سے جبر کرتا ہوں۔ حضرت بیباک بتاریخ ۱۹ ء راہی ملک بقا ہوئے اور شاہجہانپور ایسے باکمال شاعر سے محروم ہو گیا۔

# نواب ناظم علی خاں ہجر غوریہ خیل

نواب ناظم علی خاں ہجر کا براہ راست تعلق بانیان شاہجہانپور سے تھا جیسا کہ ذیل کے نسب نامہ سے ثابت ہے۔ نواب ناظم علی خاں بھی نواب خادم علی خاں ابن نواب اشرف خاں خلف نواب

Marfat.com

محبت خاں ابن نواب فیض علی خاں ابن نواب صالح محمد خاں ابن نواب مرتضیٰ خاں ابن نواب فتح محمد خاں ابن نواب دلیر خاں - والدہ نواب ناظم علی خاں ہجر بنت نواب زین العابدین خاں عرف عیدو خاں ابن نواب مہتاب خاں خلف نواب بدرالدین خاں ابن نواب شہاب الدین خاں ابن نواب عبدالغنی خاں ابن نواب بختیار خاں بن نواب بہادر خاں چغتا داؤدزی غوریہ خیل ، اس طرح آپ خالص نوابین شاہجہانپور کی اولاد اور نسل سے تھے۔ نواب دلیر خاں آپ کے جد اعلیٰ نے شاہجہانپور کی سکونت ترک کرکے بیس میل دور بجانب جنوب و مشرق شاہ آباد بسایا تھا جو اب ضلع ہردوئی کا مشہور قصبہ ہے اور جہاں آج بھی اصلی نسلی پٹھان کثیر تعداد میں رہتے ہیں آپ کے بزرگوں میں سے کسی نے شاہ آباد کی سکونت ترک کر دی تھی اور شاہجہانپور میں نواب بہادر خاں کے عالی شان قلعہ کے جانب مشرق مکان تعمیر کرکے رہائش اختیار کی تھی یہ مقام اب بالائے قلعہ کہلاتا ہے۔

نواب ناظم علی خاں ہجر کی استعداد علمی واجبی تھی لیکن خداوند کریم نے شاعرانہ صلاحیت وافر عطا کی تھی۔ آپ اوائل عمری سے شعر کہنے لگے تھے۔ نواب مرزا داغ سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ حضرت ہجر نے ۱۹۱۰ء میں ایک گلدستہ جاری کیا جس کا نام زبان اردو رکھا تھا اس رسالے میں مقامی اور بیرونی شعرا کا طرحی کلام شائع ہوا کرتا تھا۔ لیکن چند سال کے بعد رسالہ کی اشاعت بند کرکے بمبئی چلے گئے جہاں مختصر سی علالت کے بعد ۲۰ر جون ۱۹۱۴ء کو رحلت فرما گئے اپنی موت سے کچھ دن قبل آپ نے ایک شعر میں اپنی کیفیت یوں بیان فرمائی تھی۔

اے ہجر وقت ٹل نہیں سکتا ہے موت کا
لیکن یہ دیکھنا ہے کہ مٹی کہاں کی ہے

یہ شعر دور دور مشہور ہو گیا تھا۔ جناب ہجر کا بعمر چونتیس ۳۴ سال میں عالم جوانی میں انتقال کر جانے سے شاہجہانپور اپنے ایک ممتاز شاعر سے محروم ہو گیا تھا۔ شاہجہانپور اور بیرون شہر میں آپ کے کثیر شاگرد تھے۔ خود نہایت خوش گو اور پرگو شاعر تھے۔ ہندوستان کے دیگر شہروں کے بڑے بڑے مشاعروں میں مدعو کئے جاتے تھے۔ اہل ذوق آپ کا ادب و احترام کرتے تھے اور کلام دلچسپی سے پڑھتے اور سنتے تھے۔ آپ کا دیوان طبع ہو چکا تھا مگر اب دستیاب نہیں ہوتا صرف غزل سے آپ کو فطری لگاؤ تھا لیکن دیگر اصناف سخن میں بھی طبع آزمائی کی ہے۔ تلاش بسیار کے بعد جو کچھ کلام حاصل ہوا ہے بخیال تحفظ کل درج کرتا ہوں۔ یہ شاہجہانپور کی بدنصیبی ہے کہ اس کے

Marfat.com

بہت سے قادر الکلام شعراء کا کلام محفوظ نہ رہا اور بعض شعراء کا تو ایک شعر بھی دستیاب نہیں ہوتا۔ اتفاقاً ایک نظم بھی ہاتھ آگئی جو بمبئی سے نکلنے والے ایک رسالے 'غنچۂ جاوید' میں شائع ہوئی تھی۔ یہ رسالہ سید کاظم حسین جدت لکھنوی کے اہتمام سے شائع ہوتا تھا۔ ہجر صاحب نے یہ نظم 'غنچۂ جاوید' کے سالانہ جلسے کے لئے کہی تھی۔ نظم میں طبیعت کی جولانی لائق دید ہے۔

## غزل ۔۱

زبانی ان کو یہ پیغام اے بادِ صبا دینا
کسی دن خواب ہی میں چاند سی صورت دکھا دینا

پڑا ہے غش میں کتنی دیر سے کوئی سرِ محفل
ذرا تکلیف کرنا اپنے دامن کو ہوا دینا

وہ اک تم ہو وفا پر بھی جفا جوئی ستمگاری
وہ اک ہم ہیں جفا پر بھی دُعا کرنا دعا دینا

وہ حال لذت تعزیر پوچھیں گے تو کہہ دوں گا
کسی کی ہو خطا لیکن مجھی کو تم سزا دینا

ادھر یہ ہے کہ میں کہتا ہوں میری آرزو سُن لو
ادھر یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں سن لیں گے سنا دینا

کسی کی اس ادا میں کچھ ستم ہے کچھ لگاوٹ ہے
کہ میرا نام لکھنا اور پھر لکھ کر مٹا دینا

لیا ہے ساتھ یہ سمجھا بجھا کر آج ناصح کو
انھیں بجھا بجھا کر میرے سینے سے لگا دینا

ہماری حسرتوں کی پردہ داری ہو تو کیوں کر ہو
کوئی پوچھے نہیں حالِ دلِ مضطر سُنا دینا

کسی کی یہ ادائے ہجر تڑپا دینے والی ہے
سوالِ وصل سُننا اور سُن کر مسکرا دینا

## غزل ۔۲

عہدِ طفلی جا چکا اب ہے شباب آیا ہوا
کہہ رہا ہے صاف جوبن ان کا گدرایا ہوا

ایک بوسہ دے رہے تھے شوق سے وہ لیکے دل
مُفت کی حجت میں اب وہ بھی گیا آیا ہوا

دید کے قابل کسی کا حال تھا صبحِ وصال
گُفتگو جھینپی ہوئی انداز شرمایا ہوا

نیند آنے کا بہانہ شام ہی سے وصل میں
یہ تو فقرہ ہے کسی اچھے کا سمجھایا ہوا

ہو چکی بس انتہائے شرمِ الفت ہو چکی
خواب میں بھی کوئی آیا ہے تو شرمایا ہوا

شیخ جی ایسے میں بھی وہ چیز ناجائز ہے کیا
فصلِ گُل آئی ہوئی ہے ابر ہے چھایا ہوا

دیکھ کر میرا دل افسردہ وہ کہنے لگے
پھول اچھا تھا اگر ہوتا نہ مُرجھایا ہوا

ہائے کیا جانے پڑی ہے کیا مصیبت ہجر پر
پھر رہا ہے ہر طرف بیچارہ گھبرایا ہوا

Marfat.com

## غزل ۳

دے کے دل ان کو ہوئی ہے اب یہ مشکل اور بھی — روٹھے جاتے ہیں کہ لیں گے ہم کوئی دل اور بھی
پہلے دیکھا آئینہ پھر مجھ سے فرمانے لگے — کیا ہمارا ہے کوئی مد مقابل اور بھی
ٹوٹ کر پہلو میں میرے رہ گئے پیکان تیر — مل گئے ان کی عنایت سے کئی دل اور بھی
عشق میں ایسا مزہ پایا کہ اب کہتا ہوں میں — دوسرے پہلو میں ہوتا دوسرا دل اور بھی
بانکپن میں یہ بھی یکتا شوخیوں میں وہ بھی فرد — لے اڑی قاتل کو میرے تیغ قاتل اور بھی
تم نے رکھا تھا تسلی کے لئے سینے پہ ہاتھ — بڑھ گئی لیکن میری بیتابئ دل اور بھی

دے رہا ہے عشق میں کوئی اپنے دامن کی ہوا
کیوں نہ اب ہو جائیں ہم اے ہجر غافل اور بھی

## غزل ۴

طبیعت ہی میری مجھ پر محبت کی بلا لائی — جو آئی بھی تو کیا آئی جو لائی بھی تو کیا لائی
عجب انداز سیکھے ہیں تیری چتون نے اے ظالم — کسی کا دل اڑا لائی کسی کا دل چرا لائی
تمنا اپنی اپنی لائی ہے دونوں کو مقتل میں — انھیں شوق ستم لایا مجھے میری قضا لائی
زمانے بھر میں چرچے ہیں تری خلوت نشینی کے — تجھے پردے سے باہر کھینچ کر تیری حیا لائی
میری چشم تصور نے کیا کیا کام کیا کہنا — عدو کی گود سے اس کو اڑا لائی اٹھا لائی
وہ کہنا دیکھ کر مقتل میں مجھ کو میرے قاتل کا — یہاں تم آپ سے آئے ہو یا تم کو قضا لائی
یہ چوری تو نہیں تیری نظر کی سینہ زوری ہے — لڑی جس کی نظر سے بس اسی کا دل اڑا لائی

غضب کا چلبلا پن ہجر ہے تیری طبیعت میں
خدا جانے یہ کس سفاک کی شوخی چرا لائی

## غزل ۵

یارب کسی کو عشق کسی کا کبھی نہ ہو — دشمن بھی ہو تو اس کو غم عاشقی نہ ہو
مانگو دعائے وصل تو کہتا ہے وہ حسیں — مقبول یہ دعا مرے یارب کبھی نہ ہو
ہر وقت اک مذاق ہمیں معشوق چاہیے — پہلو میں ہوں نہ آپ تو کیا درد بھی نہ ہو
حسرت ٹپک رہی ہے ہمارے بیان سے — وہ بات ہی نہیں جو محبت بھری نہ ہو
کروٹ بدل کے آپ نہ سوئیں شب وصال — جب لطف ہے ملا ہوا سینے سے سینہ ہو

Marfat.com

وہ آرزو ہی کیا جو مٹانے سے مٹ سکے　　وہ درد ہی نہیں جو کبھی ہو کبھی نہ ہو

کینا وہ ان کا ہنس کے سوال وصال پر　　سب دل لگی ہو ہم سے یہی دل لگی نہ ہو

کرتے ہو سب سے مئے کی بُرائی جناب ہجر
ایسے ہی ہو اگر تو بھلے آدمی نہ ہو

غزل ۶

دل میرا ان کی زلف شکن در شکن میں ہے　　ہے کس چمن کا پھول مگر کس چمن میں ہے

سوز تپ دروں نے جلایا ہے اس قدر　　بس ایک مشت خاک میرے پیرہن میں ہے

کچھ حال دل کہا نہ گیا ان کے رو برو　　کس کام کی زبان ہمارے دہن میں ہے

بے خود ہیں سب کسی کو کسی کی خبر نہیں　　اک دوسرا جہان تری انجمن میں ہے

ہنسنے کی بات کیا ہے دم وعدۂ وصال　　ظاہر ہوا فریب تمھارے سخن میں ہے

رہ رہ کے یاد آتے ہیں اے ہجر ہم وطن
ہم ہیں سفر میں دھیان ہمارا وطن میں ہے

---

## مظہر علی خاں صاحب۔ آبر۔ شہباز نگری

منشی مظہر علی خاں صاحب آبر کے والد ماجد کا نام خان فضل احمد خاں تھا۔ شہر کے عین متصل قصبہ شہباز نگر کے ساکن تھے آپ کا خاندان تموّل و اثر میں ممتاز تھا۔ آبر صاحب کی ابتدائی تعلیم حسب رواج شرفا گھر میں ایک مولوی سے ہوئی بعدہٗ شہر کے مدرسہ عربیہ میں اکتساب علوم عربی و فارسی کیا۔ انیسویں صدی کی آٹھویں دہائی میں آپ کی ولادت ہوئی تھی اور سنہ ۱۹۵۰ء کے اواخر میں ایک دیوار کے گرنے اور اس میں دب جانے سے موت واقع ہوئی۔ آپ نے اپنے اکلوتے جوان العمر بیٹے اطہر علی خاں کی موت کے بعد گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔ خاندان کے لوگ پاکستان ہجرت کر گئے مگر آپ نے اپنا آبائی مکان جو بیگھوں پر پھیلا ہوا تھا چھوڑنا گوارا نہ کیا۔ آج نہ وہ وسیع حویلی ہے نہ ان کا پائیں باغ۔ اس آراضی پر کاشت ہوتی ہے۔ حضرت آبر

Marfat.com

کو شعروشاعری کا اوائل عمری سے شوق تھا۔ حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگرد تھے۔
آپ کا کلام تلف ہوگیا جو بہت تھا نمونہ کلام۔

غزل

آج وہ وعدہ شکن مہمان ہے ۔۔۔ سارے گھر میں عیش کا سامان ہے
میں یہ کہتا ہوں کہ دل قربان ہے ۔۔۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ تو نادان ہے
بس، یہی نا، جان میری جائے گی ۔۔۔ وہ نہ آئیں اور کیا نقصان ہے
زندگی سے تنگ ہوں میں اے اجل ۔۔۔ وہ رہیں زندہ جنھیں ارمان ہے
تیز خنجر کر کے مقتل کو چلے ۔۔۔ آج کس کے قتل کا سامان ہے
رات دن ہے بارشِ لطف وکرم ۔۔۔ ابرؔ پر اللہ کا احسان ہے

کہتے ہیں منصف سخنور بھی یہ ابرؔ
کاملِ فنِّ سخن احسان ہے

---

## انوری جہاں بیگم حجاب

آخری والیٔ شاہجہانپور نواب عبداللہ خاں چغتا صولت جنگ کے باتدبیر دیوان یٰسین خاں کی پرپوتی اور مولوی عنایت اللہ خاں صاحب ساکن محلہ دیوان جوگراج کی نامور دختر انوری جہان بیگم حجاب ۱۸۸۰ء کے آس پاس تولد ہوئیں۔ بچپن کا زمانہ تھا کہ چیچک کا عارضہ لاحق ہوگیا اور دونوں آنکھوں کی بصارت سے محروم ہوگئیں لیکن اس سانحہ سے قبل فارسی کے فاضل استاد مولوی نواب غلام حیدر خاں سے بوستان اور سکندر نامہ پڑھ رہی تھیں نابینا ہوجانے کے بادجود تعلیم جاری رکھی سن کر حافظہ میں محفوظ کرلیتی تھیں۔ آنکھوں کی بصارت سے محروم کر کے خداوند کریم نے غضب کا حافظہ اور بلا کی ذہانت بخش دی تھی۔ اہلِ علم کی صحبت سے استفادہ کرتی رہیں شاعری کا مادہ طبیعت میں پہلے سے موجود تھا۔ شعر موزوں کرنے لگیں پہلے منشی احسان علی خاں صاحب احسان سے مشورہ سخن لیا بعد میں حضرت جلالؔ لکھنوی کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوگئیں۔ مشق سے پُرگوئی اور زودگوئی پیدا ہوگئی۔ شاہجہانپور کے باہر دوسرے

Marfat.com

شہروں میں بھی آپ نے مشاعروں کی شرکت فرمائی اور خوب خوب داد پائی۔ منتظمین مشاعرہ حجاب صاحبہ کو نہایت ادب و احترام سے لے جایا کرتے تھے اور پردہ کا انتہائی اہتمام کیا جاتا تھا ان کی اپنی رہائش گاہ پر روزانہ شعراء شہر اور گاہے گاہے غیر مقامی شعراء بھی تشریف لاتے۔ گھنٹوں شعر و سخن کی صحبتیں جاری رہتیں نہایت متواضع اور مہمان نواز واقع ہوئی تھیں دونوں وقت اس قدر کھانا تیار کیا جاتا تھا کہ دو چار مہمان کھالیں۔ کسی دن کوئی مہمان نہ موجود ہوتا تو غیر استعمالی کھانا غرباء کو تقسیم کروادیا جاتا تھا۔ زندگی کے کسی حصہ میں آپ نے ازدواجی زندگی بھی گزاری۔ مسمیٰ شفیع اللہ خاں ساکن تارین بہادر گنج سے عقد کرلیا تھا مگر کچھ عرصے بعد شفیع اللہ خاں ایک روز اس طرح غائب ہوگئے کہ آئندہ کبھی ان کا پتہ نہ چلا کہ کہاں چلے گئے اور کن تاریکیوں میں کھو گئے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

حجاب نے اپنی زندگی میں بقدر کئی دیوان ذخیرۂ شاعری تیار کر لیا تھا مگر بعد وفات تلف ہوگیا یا لوگوں نے غائب کر دیا۔ گلدستوں میں جو شائع ہوا وہی اب سرمایہ ہے۔ نعت کہنے پر قدرت حاصل تھی اور شعر نہایت پر اثر موزوں کرتی تھیں۔ آپ کی ایک نعت کا بہت مشہور مطلع ہے۔

محمد مصطفےٰ کا غم ہے جی میں
کہیں میں مر نہ جاؤں اس خوشی میں

حجاب کا حلقۂ تلامذہ بھی وسیع تھا۔ فن شعر سے واقف تھیں اکثر اساتذۂ وقت سے تبادلۂ خیال ہوتا رہتا تھا۔ ہندوستان کے بیشتر مشاہیر شعراء آپ سے شرف ملاقات حاصل کرنے تشریف لائے اور حجاب کی جودت طبع اور سخن گوئی نیز سخن فہمی سے بہت متاثر ہوئے۔ حجاب نے اوسط عمر پائی تھی۔ بیسویں صدی کی چوتھی دہائی میں آپ کا انتقال ہوا۔ نمونۂ کلام گلدستوں سے نقل کیا گیا ہے۔

## کلام حجاب

از ارمغاں بابت ماہ اپریل ۱۸۹۶ء

ان حسینوں میں ستانے ہی کی عادت دیکھی — جھوٹ ہے جو کوئی کہتا ہے محبت دیکھی
اس نے ہر بات پہ اصرار کیے ہیں کیا کیا — آپ نے منہ مرے دل کی شب خلوت دیکھی
قامت یار کا آیا جو تصور مجھ کو — قد آدم مری آنکھوں نے قیامت دیکھی
جن میں تھا شوق کا گھر ہم نے انھیں آنکھوں میں — حشر کے دن ترے دیدار کی حسرت دیکھی

Marfat.com

از ارمغاں بابت ماہ مئی ۱۸۹۷ء

لطف حق معراج میں پیہم رہے
عرش پر جب تک شہ عالم رہے

کیا کوئی پیماں شکن آنے کو تھا
آپ سے باہر جو شب بھر ہم رہے

دی تسلی تو نے جتنی وصل میں
بے قرار اتنے ہی اے بت ہم رہے

خواب میں اکثر شب غم اے حجاب
ہمکنار ان سے سحر تک ہم رہے

ارمغاں بابت ماہ فروری ۱۸۹۸ء

آئینہ رکھ کر وہ مصروف خود آرائی بھی ہے
کیا تماشا ہے کہ پھر دعوائے یکتائی بھی ہے

میرے بانکے کی چڑھی جاتی ہیں ناحق تیوریاں
بات مطلب کی ابھی لب تک کہیں آئی بھی ہے

اس کی بے پروائیوں سے ناامید اے دل نہ ہو
کچھ تغافل ہے کچھ اس کو خوف رسوائی بھی ہے

قاتل عاشق فقط ناز خموشی ہی نہیں
ہائے اک چلتی چھری انداز گویائی بھی ہے

مانگ بیٹھوں چلبلی آنکھوں کا بوسہ کس طرح
کچھ مری اس شوخ چتون سے شناسائی بھی ہے

تم کو دل دینا ہے تو دے دو مگر دیکھو حجاب
ہم بتائے دیتے ہیں وہ شوخ ہرجائی بھی ہے

---

# منشی شیخ علی اختر۔ اختر

منشی علی اختر کے والد کا نام منشی اکبر علی تھا۔ محلہ بہمند گڑھی کے ساکن تھے ان کی سکونت قدیم سے شاہجہانپور کی تھی۔ منشی علی اختر کچہری میں محافظ دفتر تھے۔ آپ کو صنعت و حرفت سے بہت شوق تھا صنعت و حرفت پر ایک کتاب بہار قلم المعروف بہ ضیاء اختر لکھی تھی لیکن طبع نہ ہوسکی۔ تعزیہ بنانے میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ آپ کے ہاتھ کا بنایا ہوا ایک تعزیہ دہلی کی ۱۹۲۵ء کی نمائش میں بہت پسند کیا گیا تھا۔ اور انعام میں سونے کا تمغہ عطا کیا گیا تھا۔ جناب اختر کو شعر و شاعری کا شوق اوائل عمری سے تھا نواب مرزا داغ دہلوی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔

نمونۂ کلام

ہوا احسان گردن پر مری ریگ بیاباں کا
پڑا تھا بے کفن لاشہ میرا اس نے مگر ڈھانکا

نہ جا اے دل کہ ہے پر خوف رستہ زلف پیچاں کا
خطر ہے جان سے بھی بڑھ کے اس میں دین و ایماں کا

Marfat.com

ابھی آپس میں دونوں کا فردِ دیندار مل جائیں ۔۔۔ اگر کھل جائے کچھ بھی بھید اس کے رازِ پنہاں کا
نہ پوچھا ایک دن بھی حال تو نے لے کے دل میرا ۔۔۔ یہی ہوتا ہے کیا پاس اے ستمگر اپنے مہماں کا
اسیری میں تری صیاد رہ کر وہ مزہ پایا ۔۔۔ نہیں ہے شوق اب دل میں مرے سیرِ گلستاں کا
ہمارے سر میں سودا ہے ہمارے دل کو وحشت ہے ۔۔۔ کہ لکھنے بیٹھے ہیں ہم وصف اس زلفِ پریشاں کا
الجھ پڑتے ہیں وحشت میں نہیں سنتے ذرا میری ۔۔۔ چکا دیں آج جھگڑا آپ ہی دست و گریباں کا
گھٹا ہے ۔ باغ ہے وہ گلبدن ہے اور مے بھی ہے ۔۔۔ بس اب اللہ بیلی ہے ہمارے دین و ایماں کا

میسر ہر گھڑی ہے دید کیا بیدار بختی ہے
مقدر رشک کے قابل ہے اختر اس کے درباں کا

---

۱۱

# منشی سیّد منظور علی ارشاد

منشی سیّد منظور علی صاحب ارشاد شاہجہانپوری حضرت مرزا داغ دہلوی کے شاگرد تھے ۔ ان کے گھرانے میں ایسا کوئی وجود نہیں ہے جس سے حضرت ارشاد کے حالات زندگی کا کچھ پتہ مل سکے ۔ ان کا کلام رسالہ "زبان اردو" بابت ماہ جنوری ۱۹۱۰ء میں شائع ہوا ہے جو نقل کیا جاتا ہے ۔ اس رسالہ میں عام طور پر طرحی کلام شائع ہوا کرتا تھا ۔

جدھر دیکھو انھیں کے طالبِ دیدار بیٹھے ہیں ۔۔۔ کہیں دس بیس بیٹھے ہیں کہیں دو چار بیٹھے ہیں
یہ آنا کوئی آنا ہے یہ ملنا کوئی ملنا ہے ۔۔۔ وہ آئے ہیں مگر مجھ سے الگ بیزار بیٹھے ہیں
خوشی ہے دید کے قابل مرے شوقِ شہادت کی ۔۔۔ سنا ہے جب سے وہ خنجر بکف تیار بیٹھے ہیں
کسی دن تو جھروکے میں نظر آئے گی وہ صورت ۔۔۔ اسی اُمید میں جم کر پسِ دیوار بیٹھے ہیں
ہمیں تو بے خودی نے کر دیا ہے آپ سے باہر ۔۔۔ خدا کی شان ہے ہم بے پیے سرشار بیٹھے ہیں
مرے گھر کی تباہی کا سبب رونا ہوا میرا ۔۔۔ یکایک مسمسا کر سب در و دیوار بیٹھے ہیں

مرا دل خود بخود ارشاد کچھ بیٹھا سا جاتا ہے
سنا ہے جب سے ان کی بزم میں اغیار بیٹھے ہیں

---

Marfat.com

# پنڈت جگموہن ناتھ رینہ شوق

شوق صاحب کے والد کا نام پنڈت وشیشور ناتھ رینہ تھا۔ آپ کا خاندان کشمیری برہمنوں میں معزز شمار ہوتا ہے۔ آپ کے جدامجد پنڈت شیو ناتھ رینہ غفور خاں والیٔ ریاست جاورہ کے یہاں دیوان تھے۔ حکام انگریزی میں بھی اچھا رسوخ تھا۔ شوق صاحب ۱۸۹۰ء میں ڈپٹی کلکٹر کے معزز عہدے پر سرفراز کیے گئے جو اس وقت ہندوستانیوں کے لیے سول میں سب سے بڑا عہدہ تھا۔ بعد پنشن محلہ گوہر پورہ میں قیام فرما ہوئے نوجوانی سے شعر وسخن کا شوق تھا۔ سب سے پہلے حضرت امیر مینائی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا پھر کچھ عرصے بعد حضرت نوح مچھلی شہری سے مشورہ سخن کرنے لگے۔ طبیعت رسا اور رنگین پائی تھی۔ آپ نے اردو فارسی پر احسان فرمایا، ایک تذکرہ کشمیری پنڈتوں کا شائع فرمایا جو ان زبانوں میں شاعری کرتے تھے شوق صاحب تاحیات شعر وشاعری میں مشغول رہے۔ آپ نے نشستوں اور مشاعروں کے لیے ایک عریض و وسیع مشاعرہ گاہ تعمیر کروائی جس میں پابندی کے ساتھ ہر اتوار کو بوقت صبح نشست اور ہر ماہ کے آخری سنیچر کو شب میں عام مشاعرہ منعقد کرواتے تھے اور تقریباً ہر سال بڑے پیمانے پر کل ہند سطح کے مشاعرے اپنے صرفے سے کراتے تھے۔ یہ کل ہند سطح کے مشاعرے دو دو تین تین دن تک جاری رہتے تھے انتہائی وضع دار تھے۔ طبیعت میں خلوص، انکسار، محبت اور خوش اخلاقی بدرجہ اتم تھی جس سے ملتے جھک کر ملتے اور اس کے مرتبے کو ملحوظ رکھتے تھے۔ آپ نے طویل عمر پائی اور آزادیٔ ہند سے کچھ قبل اس جہان فانی سے عالم جاودانی کو سدھارے۔ ان کے پوتے اور پرپوتے مرکزی گورنمنٹ میں بلند عہدوں پر فائز ہیں۔

نمونۂ کلام

اے ضعف توڑ سکتے جو اشکوں کے تار کو
ہم روک لیتے گریۂ بے اختیار کو

بخشا عروج، حق نے یہ مجھ خاکسار کو
رشک فلک بنا دیا مشت غبار کو

مدفن یہی نہ ہو کسی ناکام کا حضور
پاس آکے دیکھ لیجئے سنگ مزار کو

اے دل وہ آرہے ہیں یہ ہے وقت امتحاں
گھبرا کے کھو نہ بیٹھنا صبر و قرار کو

پیکان تیر کو تو جگر نے چھپا لیا
اب دیکھنا ہے آپ کے خنجر کے وار کو

یہ کچھ نہ پوچھ کون ہے اور اس کو کیا ہوا
اے خاک گور لیلے غریب الدیار کو

Marfat.com

اک گوشۂ لحد میں پڑا رہنے دو اُسے — کیا فائدہ اڑانے سے مشت غبار کو
چلنے لگے عدم سے تو کچھ آگیا خیال — لے آئے ساتھ ہستی ناپائیدار کو
لے دے کے اب تو اک یہی ہمدم ہے اپنے ساتھ — بھڑکا نہ دیجیے گا دل پر شرار کو
یاد وطن کی طرح رہی بے کسی بھی ساتھ — چھوڑا نہ تا بمرگ غریب الدیار کو
دیکھیں نظر بھی پڑتی ہے اس پر کسی کی شوق
بیٹھے ہیں ہم لئے دل امیدار کو
میں تو اس سے اک دل مظلوم ہی مانگا کیا — کاتب روز ازل کیا جانے کیا لکھا کیا

---

بوقت امتحاں اے دل رہے کچھ پاس خودداری — کہیں سر پائے قاتل پر نہ گھبرانے میں رکھ دینا

---

میکدہ چھوڑتے تو چھوڑ دیا — اب ٹھکانہ نظر نہیں آتا
کسی پہلو اجل نہیں ٹلتی — کچھ بہانہ نظر نہیں آتا
شوق کس رنگ میں ہو تم ڈوبے — کیا زمانہ نظر نہیں آتا

---

حسرتیں کہتی تھیں کیوں کر پاؤں پھیلائیں گے ہم — وسعت دل کو جو دیکھا وہ بھی حیراں ہوگئیں

---

سب پوچھتے ہیں شہر خموشاں میں کون ہو — حیراں ہیں کیا بتائیں مسافر کہاں کے ہیں

---

ہونا تھا جو وہ ہوگیا اس کا گلہ نہیں ذرا — دل پہ جو کچھ گزر گئی اس کی تمھیں خبر نہیں

---

پڑی ہیں پاؤں میں مستوں میں موج مے کی زنجیریں — اسیر بے خودی سب ہیں یہ ہے تعزیر میخانہ

---

شکست توبہ کی بنیاد تا برسوں رہے قائم — ہماری خاک ہوگی شامل تعمیر میخانہ

---

اٹھوائیے شوق اب تم کر چکے ہو خم پہ خم خالی — تمھاری کوئی ملکیت نہیں جاگیر میخانہ

Marfat.com

## سید تصدق حسین قرارؔ

سید تصدق حسین قرار شرفائے شہر سے تھے۔ حضرت امیر احمد امیر مینائی لکھنوی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ پختہ گو اور اساتذہ شہر میں شمار ہوتا تھا۔ نمونۂ کلام۔

ادھر سینہ اٹھائے وہ لئے تلوار بیٹھے ہیں
اُدھر ہم سر جھکائے جان سے بیزار بیٹھے ہیں

مٹایا دل تو کیا پایا جو ہاتھ آیا تو یہ آیا
کہ اب وہ ہاتھ رکھے ہاتھ پہ بیکار بیٹھے ہیں

بتوں کی راہ میں یہ ضعف یارب تو ہی یاور ہے
ہزاروں بار اٹھے ہیں ہزاروں بار بیٹھے ہیں

اُدھر انداز نخوت ہے ادھر جوشش محبت ہے
وہ گھر میں اپنے بیٹھے ہم پس دیوار بیٹھے ہیں

قرار اٹھو یہ موقع ہے گلے سے اب تو لپٹا لو
کہ وہ مست جوانی ہیں بہت سرشار بیٹھے ہیں

---

## مولوی عبدالحکیم سیفؔ

آپ کے والد ماجد کا نام سید عبدالرحیم تھا۔ آپ شاہجہانپور کے قدیمی باشندے تھے۔ مشہور متبحر عالم مجدالدین احمد عرف مولوی مدن جو جید جامع معقول و منقول تھے اور جن کو نواب سعادت علی خاں والیٔ اودھ نے حاکم عدالت العالیہ لکھنؤ مقرر کیا تھا کی نسل سے تھے۔ انہی مولوی مدن کی تعریف میں انشاء اللہ خاں انشا نے کہا تھا۔

ہزار شیخ نے ڈاڑھی بڑھائی سن کی سی
مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی

مولوی عبدالحکیم کی استعداد عربی بقدر ضرورت تھی مگر فارسی کے عالم تھے۔ سن شعور ہی سے سخن گوئی کا شوق پیدا ہوا اور سولہ ۱۶ برس کی عمر میں حضرت جلال لکھنوی کے شاگرد ہو گئے۔ تکمیل فن میں عمر کا ایک بڑا حصہ صرف کیا اور طویل عرصے تک لکھنؤ میں قیام کیا۔ استاد کی خدمت میں شب و روز حاضر رہتے اور ادبی نکات کو نقش دل بناتے۔ کچھ ہی مدت میں حشو و زوائد اور بے تکی بلند پروازی سے کلام پاک ہو گیا ۲۸ رمئی ۱۹۰۹ء کو جلال مرحوم نے آپ کو اپنے ارشد تلامذہ اور افضل شاگردوں میں شمار کرنے کا اعلان کیا اور سند مرحمت فرمائی۔ حضرت سیف کثیر التعداد تلامذہ کے استاد تھے۔

Marfat.com

حضرت جلال کے بعد بہت سے شاگرد حضرت سیف کو اپنا کلام دکھاتے اور مشورۂ سخن کرتے تھے۔
حضرت سیف کا انتقال ۱۹۱۰ء میں گھریلو تنازعات کے سلسلے میں قتل کیے جانے سے ہوا۔ آپ نے اپنے پیچھے کلام کا بہت بڑا ذخیرہ چھوڑا تھا مگر ورثار کی عدم توجہی سے تلف ہو گیا۔ جہاں جہاں سے جس قدر دستیاب ہو سکا پیش قارئین ہے۔ نمونۂ کلام سیف

ادھر بالیں سے اُٹھ کر وہ کسی کا اپنے گھر جانا
ادھر بیمار غم کا کھینچ کر اک آہ مر جانا

---

دل میرا اس رشک یوسف کے لیے دیوانہ تھا
دو جہاں جس کی خریداری کا اک پیمانہ تھا

---

ہائے پھر دل میں کسی کی یاد نے لیں چٹکیاں
پھر خیال آ کر کسی کا مجھ کو تڑپانے لگا

---

کیا اسے میری شب غم کی مصیبت کا خیال
دن چڑھے تک جو دولائی تان کر سویا کیا

---

ہم کو جلایا رات بھر سوزِ جگر نے کیا کیا
اس سے لگی نہ بجھ سکی دیدۂ تر نے کیا کیا
ہجر کی سختیاں تو کچھ میرے ہی دل سے پوچھئے
شام الم نے کیا کیا غم کی سحر نے کیا کیا
شمع لحد ہوئی جو گل بلبلوں نے کیا ہجوم
سیف نیا اک گل کھلا بادِ سحر نے کیا کیا

---

ان کے آنچل کی ہوا نے یہ کیا طرفہ اثر
ناتوانِ عشق کو اب روز غش آنے لگا

---

بھلا کیوں ابر رحمت نے اٹھائی اس قدر زحمت
برسنے کے لیے کافی تھی حسرت میرے مدفن پر

---

کیا ترا اس میں بگڑتا تھا بتا تو اے فلک
دو گھڑی کو شاد ہو جاتا جو اک ناشاد دل

---

شق ہوا جاتا ہے سینہ بس ہٹاؤ اپنا ہاتھ
اب تسلی تم اگر دو گے تو مر جائیں گے ہم
آ رہے ہیں میری تربت پر وہ یہ کہتے ہوئے
آج چل کر اپنے روٹھے کو منا لائیں گے ہم
کون ایسی ناز برداری کرے گا آپ کی
کیجیے گا یاد، جب دنیا سے اٹھ جائیں گے ہم

Marfat.com

طور پر چلنے کی تم نے اے حکیم اچھی کہی — کچھ تم آئے دیکھ کر کچھ جاکے دیکھ آئیں گے ہم

---

بس اب آنسو پوچھ ڈالو کوئی روتا ہے بھلا — وقت رخصت چاہیے ہے تم کو سمجھانا ہمیں

شب غم کی اذیت میں مجھے راحت ملی کیسی
تڑپ ہر مرتبہ کروٹ بدلواتی رہی کیسی
یہ میری آہ سوزاں کا ہوا الٹا اثر کیسا
الٰہی بیٹھے بیٹھے آگ دل میں لگ گئی کیسی
نسیم صبح سے سن کر پیام اس غیرت گل کا
کھلی جاتی ہے میرے دل کی پژمردہ کلی کیسی
بتاؤ سیفؔ آخر کہہ دیا کیا آکے قاصد نے
یہ تم پر بیٹھے بیٹھے مردنی سی چھا گئی کیسی

خدنگ نظر۔ امرتسر مئی ۱۹۰۴ء

بے محل تسکیں سے کچھ ہوگا حاصل اور بھی
بس یہی نا خوب تڑپے گا مرا دل اور بھی
نیم جانی نے کیا ہے مجھ کو بسمل اور بھی
تیرے صدقے ایک پورا ہاتھ قاتل اور بھی
میرا نالہ عرش تک کیوں جاتے جاتے رک گیا
اس کو طے کرتا ہے ایسی ایک منزل اور بھی
وہ بھی دن ہوگا کہ نکلے گی ہمارے دل کی پھانس
یہ تمنا تو کیے دیتی ہے بسمل اور بھی
سیفؔ کیا تنہا تمھیں ہو دل سے مداح جلالؔ
ان کی استادی کے تو لاکھوں ہیں قائل اور بھی

خدنگ نظر۔ امرتسر جون ۱۹۰۴ء

Marfat.com

# حکیم مولوی سلامت اللہ خاں قادری رضوی۔ سلامت

حضرت سلامت اللہ خاں سلامت کے والد ماجد کا نام حشمت اللہ خاں تھا۔ سکونت محلہ رنگین چوپال کی تھی۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ مدرسہ میں حسب رواج قدیم اردو فارسی اور عربی اساتذہ مدرسہ سے پڑھی۔ حکمت کی سند حاصل کر کے طبابت کو بطور پیشہ اختیار کیا۔ شعر و شاعری کا بچپن سے شوق تھا۔ طبیعت موزوں پائی تھی۔ حافظ نثار احمد خاں عرف حافظ بدھن خاں تائب کا شہرہ تھا اور وقت کے علامہ تھے۔ قادر الکلام اساتذہ میں گنے جاتے تھے حضرت سلامت تائب صاحب کے شاگردوں میں شامل ہو گئے۔ فن شاعری میں تائب صاحب کی رہبری نے سونے پر سہاگے کا کام کیا آپ کا شمار استاد کے ارشد تلامذہ میں تھا۔ ایک مجموعہ کلام شعلۂ طور جس کا تاریخی نام تحریر سلامت ۱۳۲۹ھ ہے طبع ہو چکا ہے اس انتخاب کلام میں غزلیات مثنویاں۔ منظوم خطوط۔ قطعات۔ قصائد اور نعتیں ہیں حضرت سلامت بہایت خوش اخلاق۔ خوش طبع اور منکسر المزاج انسان تھے۔ شہرت کے کبھی طالب نہیں ہوئے۔ آپ کا بیشتر کلام عدم توجہی کے سبب ضائع ہو گیا۔ احباب کے اصرار پر جو ضائع و برباد ہونے سے بچ گیا تھا وہ کلام یکجا کر کے طبع کرا دیا ورنہ یہ بھی تباہ ہو جاتا۔ حضرت سلامت کے جانشین مجسم حکیم احمد علی خاں وفا ہیں جن کے تین دیوان طبع ہو کر خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ سلامت صاحب کے اور بھی بہت سے شاگرد ہیں جو اب تک اپنے استاد کا نام روشن کئے ہوئے ہیں۔ حکیم سلامت اللہ خاں صاحب جہاں بحیثیت شاعر ایک منفرد مقام رکھتے تھے بحیثیت طبیب بھی آپ کا دور دور شہرہ تھا اور اپنے فن میں کمال حاصل تھا۔ غربا و مساکین کے ساتھ خاص مروّت و محبت اور ہمدردی سے پیش آتے تھے۔ آپ کا انتقال ۵ نومبر ۱۹۶۸ء میں ہوا۔

## نمونۂ کلام حضرت سلامت

دمِ آخر خدا کی یاد میں جی سے گزر جانا
حقیقت میں یہ جینا ہے جسے کہتے ہیں مر جانا

جو کچھ بولوں بگڑتے ہیں جو رو تا ہوں تو ہنستے ہیں
کسی کا مشغلہ ٹھیرا مرا جی سے گزر جانا

خفا مجھ سے اگر تو ہو تو میں کس کا رہوں ہو کر
قیامت ہے مرے پیارے ترے دل سے اتر جانا

کوئی بیدل کوئی بے سر کوئی بے جاں پڑے ہوں گے
پتہ یہ اس کے گھر کا ہے اسی پہ نامہ بر جانا

نسیم صبح اتنی ہے ہماری التجا تجھ سے
سلام شوق کہہ دینا اگر اس بت کے گھر جانا

Marfat.com

سلامت آرزو یہ ہے جناب کبریائی سے
کہ عشق احمدی میں ہو میسّر ہم کو مر جانا

---

سیکڑوں پردوں میں رہ کر آج بے پردہ ہوا
بیٹھے بیٹھے حسن کو خود عشق کا چسکا ہوا

ظلمت شبہائے فرقت زلف کا سودا ہوا
بڑھتے بڑھتے قامت آہ رسا طوبیٰ ہوا

کھا کے بل وہ کاکل مشکیں بنی طوق گلو
حلقۂ زلف معنبّر کان کا بالا ہوا

دور بین معرفت کا آنکھ میں چشمہ لگا
پی کے صہبائے محبت میں جو متوالا ہوا

میں سلامت صوفیوں میں پیشتر مشہور تھا
اب تو بندہ ہو گیا ہوں دختر خمار کا

---

## نواب حیدر علی خاں، حیدرؔ

نواب حیدر علی خاں حیدر نواب قادر علی خاں رئیس قلعہ کی تیسری بیوی کے بطن سے تولد ہوئے۔ ۱۸۵۷ء کے دور میں بوجہ الزام بغاوت جب کل جائیداد نواب قادر علی خاں کی ضبط ہوئی تو سرکار نے ازراہِ عنایت خورد ونوش و پرورش کے لئے تین مواضعات پنتھی۔ پنچولی اور سربانگ پور ضبطی سے واگزاشت کر کے حوالہ کر دیئے مگر قلعہ کے ساتھ جب رہائشی مکانات بھی زمین کے برابر کرا دیئے گئے تو خورد محل (والدہ نواب حیدر علی خاں) نے معہ فرزندوں کے 'پنتھی' میں مکانات تعمیر کرا کر سکونت اختیار کر لی۔ چند سال کے بعد تینوں بھائیوں جعفر علی خاں، اصغر علی خاں اور حیدر علی خاں نے جائیداد تقسیم کر لی۔ پنچولی حیدر علی خاں کو موضع پنتھی جعفر علی خاں اور سربانگ پور اصغر علی کے حصہ میں آیا۔ حیدر علی خاں نے پنچولی اور اصغر علی خاں نے سربانگ پور بوجہ قرضہ کے فروخت کر ڈالا۔ جب حیدر علی خاں قابل تعلیم کے ہوئے تو معلم رکھ کر مکان ہی پر پڑھنے لگے۔ طبیعت موزوں لے کر پیدا ہوئے تھے شاعری کا بھی شوق ہوا حافظ نثار احمد خاں تائب کے شاگرد ہوئے ان کو پنتھی میں ملازم رکھ کر کچھ زمانہ تک پڑھا اور عروض کی کتابیں دیکھیں، کلام میں اصلاح لی۔ دو تین سال رہ کر حافظ نثار احمد خاں تائب پنتھی سے شہر کو چلے آئے۔ کثرت مشق اور اساتذہ لکھنؤ و دہلی کے

Marfat.com

کلام نے دوسرا استاد ڈھونڈھنے کی تحریک کی چنانچہ جعفر علی خاں لکھنؤ کو بھیجے گئے وہ نواب احمد حسین خاں جوش کو لے آئے جو حضرت امیر مرحوم کے کہنہ مشق شاگرد اور نواب محبت خاں ابن حافظ رحمت خاں شہید کی اولاد میں تھے۔ قریب ایک ماہ وہ مقیم رہے مگر ان کی قابلیت پسند نہیں آئی اس لئے واپس کر دیا۔ دوسری مرتبہ جعفر علی خاں سید ضامن علی جلال لکھنوی کو لے آئے ان کی لیاقت استادانہ بہت پسند آئی لہذا بلا حجت نواب حیدر علی خاں شاگرد ہو گئے اور حضرت تائب سے قطع تعلق کر لیا۔ کچھ ہی عرصے میں یہ اچھے خاصے شاعر ہو گئے۔ ریاست سروہی میں تحصیلداری پر مامور ہوئے۔ بڑے خلیق و مہمان نواز انسان تھے کلام بہت تھا۔ گلدستوں میں چھپتا تھا۔ آپ کے شاگرد شاہجہانپور اور بیرون شاہجہانپور بھی کافی تعداد میں تھے۔ نمونہ کلام کے لطور کچھ اشعار درج ذیل ہیں۔

امتحاں اور کا لو ہم نہیں ڈرنے والے　　تم نے شاید ابھی دیکھے نہیں مرنے والے
خون میں ڈوب کے اس تیغ کے جوہر چمکے　　یوں نہا دھو کر نکھرتے ہیں نکھرنے والے
ایک الزام مجسم ہیں تمھارے بیمار　　لئے مرتے ہیں مسیحا کو بھی مرنے والے

---

بھلا توڑے تو آ کر محتسب مینا و ساغر کو　　دکان مے لگا کر ہم سر بازار بیٹھے ہیں
ترے کوچے میں کل بیتابی دل کا یہ عالم تھا　　بسان گرد ہم اُٹھ اُٹھ کے سَو سَو بار بیٹھے ہیں

---

شوخی پہ آئیں وہ تو شرارت پہ آئے دل　　اپنا بھی رنگ بزم طرب میں جمائے دل
اُن کا شب وصال یہ شوخی سے پوچھنا　　حیدر کہو کچھ اور بھی ہے مدعائے دل

---

رخصت کی گھڑی شام جوانی کی سحر ہے　　اب آنکھ میں سرمے کی جگہ گرد سفر ہے
کس طرح نہ ہو جان سے قربان ہوں اس پر　　دل دے کے خریدا ہے یہ وہ درد جگر ہے
دل میں وہ جگہ دیں گے نہ اپنے کبھی حیدر　　کانوں سے یہ سُنتے رہو تم آپ کا گھر ہے

---

Marfat.com

# حاجی میر تحمل حسین صاحب تحملؔ تلمیذ حضرت تائبؔ

حاجی میر تحمل حسین صاحب تحملؔ قصبہ خداگنج سے منسلک موضع جلال پور ضلع شاہجہانپور کے رہنے والے تھے مگر آپ کی زندگی کا بیشتر حصہ بمبئی میں گزرا۔ آپ شاہجہانپور کے مشہور شاعر جناب حافظ نثار احمد خاں تائبؔ کے شاگرد تھے اس سے زیادہ حالات کا پتہ نہیں لگایا جاسکا۔ نمونۂ کلام رسالہ جلوۂ یار میرٹھ بابت ماہ فروری ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔

بآسانی تمنا وصل کی کیا دل سے نکلے گی
بڑی الجھن بڑی دقت بڑی مشکل سے نکلے گی

صدائے اُف نہ مقتل میں لب بسمل سے نکلے گی
ہوائے روح پرور دامن قاتل سے نکلے گی

بُرا کرتے ہو دیکھو کر رہے ہو حجت پیہم
نئی پھر بات کوئی بحث لاطائل سے نکلے گی

حصول مدعا کے واسطے ہے شرط قسمت بھی
نہ کوئی بات اپنی سعی لاحاصل سے نکلے گی

ہمارے دل میں تم ہو گے تمہارے دل میں ہم ہوں گے
یہ صورت دیکھ لینا الفت کامل سے نکلے گی

جہاں ٹھہریں گے ہم تو ہو گا آغوش تصور میں
ہماری منزل مقصود ہر منزل سے نکلے گی

ہم ان سے پا کے موقع حشر میں کچھ کہنے والے ہیں
مگر کاہے کو خلقت اس بھری محفل سے نکلے گی

شکست عہد و پیماں ظلم بیجا ہی سہی لیکن
دعا پھر بھی ہمارے ٹوٹے پھوٹے دل سے نکلے گی

بسی ہے اے تحملؔ ایسی تصویر اپنی آنکھوں میں
کہ عالم کے مرقع میں بڑی مشکل سے نکلے گی

---

# ملک حشمت اللہ خاں قیسؔ

ملک حشمت اللہ خاں قیسؔ ابن ملک ہدایت اللہ خاں ساکن محلہ خلیل شرقی ۱۰ر فروری ۱۸۸۷ء کو پیدا ہوئے۔ خاندانی تمول تھا۔ باپ دادا زمیندار تھے ناز و نعم میں پرورش پائی۔ حسب رواج معمولی سے گھر پر ابتدائی تعلیم ہوئی۔ انگریزی اسکول میں انٹرینس تک پڑھا۔ فوٹوگرافی کا بچپن سے شوق تھا شوق کی تکمیل کے لئے اسی فن کو پیشہ بنا لیا۔ اردو فارسی سے اچھی واقفیت تھی طبیعت میں شاعری کا مادہ موجود تھا۔ شعر موزوں کرنے لگے اور نواب ناظم علی خاں ہجرؔ کے شاگردوں میں شامل ہو گئے۔

Marfat.com

۱۲ فروری ۱۹۷۲ء کو اس دارِ فانی سے عالمِ جاودانی کو سدھار گئے۔

نمونۂ کلام

کیا مبارک تیری بے ہوشی دلِ بیمار تھی
تیرے رُخ پر جب ہوائے دامنِ دلدار تھی
ہجر کی ایک ایک ساعت کاٹنی دشوار تھی
میری ہر ہر سانس میرے واسطے تلوار تھی

---

ارمان ترے ہیں کوئی بیگانہ نہیں ہے
اب خانۂ دل خیر سے ویرانہ نہیں ہے
ہنس ہنس کے جو تم پوچھتے ہو رازِ محبت
دیوانہ اب اتنا دلِ دیوانہ نہیں ہے

---

کسی کے رحم و کرم کا امیدوار نہ ہو
گناہ یہ بھی ہے زاہد گناہ گار نہ ہو
قسم نہ عذرِ تغافل پہ کھایئے میری
جو اعتبار بھی ہوتا ہو اعتبار نہ ہو

---

جھٹک کے ہاتھ سے دامن وہ مسکرا کے چلے
دل و جگر پہ مرے بجلیاں گرا کے چلے
گرے وہ ٹھوکریں کھا کر جو سر اٹھا کے چلے
بشر کو چاہیے گردن ذرا جھکا کے چلے

---

# منشی عابد حسین عابدؔ مینائی

آپ کے والد کا نام احمد بخش قریشی تھا فوج میں غلّے کے ٹھیکیدار تھے۔ آبائی وطن شاہجہانپور ہے۔ حضرت عابد ۱۸۹۰ء میں پیدا ہوئے۔ مدرسۂ امداد الاسلام میرٹھ سے فارسی کی سند لی اور مدرسہ عین العلوم شاہجہانپور سے عربی میں تکملا کیا ۱۹۱۵ء سے آغاز شعر گوئی ہوا اور اسی وقت سے اعتبار الملک حضرت دلؔ شاہجہانپوری کے حلقۂ تلامذہ میں شامل ہو گئے۔ استادِ محترم کی زندگی تک خود کو ان کے سایۂ شفقت سے بے نیاز نہیں رکھا اپنی ذاتی قابلیت اور ذہانت کی وجہ سے بہت جلد فارغ التحصیل ہو چکے تھے اور کثیر تعداد میں شعراء خود ان سے فیض حاصل کرتے تھے مگر اس کے باوجود اپنے استاد محترم کی زندگی میں حضرت عابدؔ نے اپنے آپ کو استاد کے مفید مشوروں کا دست نگر سمجھا ۱۹۵۵ء میں مقامی شعراء ادباء معززین شہر کی موجودگی میں حضرت دلؔ نے عابدؔ صاحب کو اپنا

Marfat.com

جانشین مقرر کر دیا۔ عابد صاحب کے ہم عصر شعراء حضرت اسعد شاہجہانپوری حضرت کوکب شاہجہانپوری اصغر علی خاں صاحب اصغر شاہجہانپوری اور جناب عبدالسمیع خاں نکہت شاہجہانپوری وغیرہ ہم تھے۔ حضرت عابد کے دو مجموعے طبع ہو چکے ہیں۔ اور اہل نظر سے داد تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ اپنی آخری عمر میں ذہنی توازن میں فرق آجانے سے واہی تباہی گشت کرتے رہتے تھے۔ ۲۴ر جون ۱۹۶۹ء کو بیٹھے بیٹھے گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور پھر یہ پتہ نہ چل سکا کہ ان کا کیا حشر ہوا۔ ان کے اکلوتے فرزند حضرت حامد مینائی باپ کی واپسی کا انتظار کرتے کرتے تھک کر قبر میں جا سوئے۔ حضرت عابد نے اپنی زندگی میں اپنا بہت سا کلام خود ضائع کر دیا۔ اصناف سخن میں غزل اور رباعی کی طرف میلان خاطر زیادہ تھا فردوس جمالی' مجموعہ رباعیات اور 'فردوس خیال' انتخاب غزلیات ہے۔

بقول جناب شبیر حسن خاں صاحب ایڈوکیٹ ان کے کلام سے بہتوں کا بھلا ہوا اور وہ اسے کار ثواب سمجھ کر لٹاتے رہے۔ عابد صاحب کے شاگردوں کی کثیر تعداد ہے جو ہندوستان اور پاکستان میں پھیلے ہوئے ہیں۔ عابد صاحب کی زندگی میں پورا شاہجہانپور مشاعرہ گاہ تھا۔ آج یہاں کل وہاں روز کسی نہ کسی محلے اور علاقے میں ان کے دم سے مشاعرے ہوتے تھے ان کے جاتے ہی گویا ہر طرف سناٹا چھا گیا شاید ایسا کوئی مرد میدان شعر و سخن نہ تھا جو ان کی جگہ پر کر سکتا۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

نمونۂ کلام (رباعیات)

قسمت میں تری فکر رسا ہے کہ نہیں
دل کو کوئی احساس ملا ہے کہ نہیں
یہ چاند یہ تارے یہ فضائے رنگیں
یہ وہم ہے کیوں تجھ کو خدا ہے کہ نہیں

---

روداد محبت نہ کہو تم عابد
بیگانۂ تسکیں دل مایوس سہی
اچھا یہ ہے خاموش رہو تم عابد
جذبات کی رو میں نہ بہو تم عابد

---

عابد رخ پرواز بدل دوں، توبہ
احباب کا اعزاز تو ہے نظروں میں
میں اپنی تگ و تاز بدل دوں، توبہ
گفتار کا انداز بدل دوں، توبہ

---

Marfat.com

خوش ہوں کہ ملے آج سہارے مجھ کو — پیغام سکوں دے گئے دھارے مجھ کو
ساحل کی حقیقت ہے مری نظروں میں — ساحل سے نہ اب کوئی پکارے مجھ کو

بیگانوں میں ہمراز نکل آتے ہیں
کچھ مونس و دمساز نکل آتے ہیں
مایوس نہ ہو اے دل آشفتہ نصیب
انداز سے انداز نکل آتے ہیں

---

پروائے کرم ہے نہ تمنائے کرم
ہوتا دل مایوس پہ کچھ اور ستم
ناکامیٔ پیہم نے بدل دی فطرت
عابدؔ مرے ہر غم میں ہے اک لذتِ غم

---

تحریر سے تحریر بدلنا ہے مجھے
تصویر سے تصویر بدلنا ہے مجھے
اک زندگیٔ نو کا طلب گار ہوں میں
زنجیر سے زنجیر بدلنا ہے مجھے

---

ناکام ابھی تک ہے تری سعی عمل — جینا ہے اگر تجھ کو تو انداز بدل
احساس حقیقت نہیں اب تک تجھ کو — اس عالم رنگ و بو سے اور آگے چل

---

آشنا ہے ترے جلووں کی حقیقت سے نظر — کیوں نہ اک موج تبسم ہو مرے ہونٹوں پر
لب نازک پہ تبسم کا یہ دلکش انداز — جیسے کوثر سے اٹھی ہو کوئی موج کوثر
کبھی دنیائے تسلی کبھی اک نشتر جاں — کوئی سمجھا نہ ابھی تک ترا انداز نظر
شکوۂ غم ہے نہ بربادیٔ دل کا ہے ملال — کیوں ہے شرمندہ بیداد وہ معصوم نظر
جلوے بے تاب تماشہ تبسم ہے فضا — آج شاید ہے ترا نام مرے ہونٹوں پر

Marfat.com

ہوس بادہ پرستی ہے ابھی تک دل میں　　بعد توبہ بھی مرے لب پہ ہے ساغر ساغر
کس سے افسانۂ ناکامیٔ تقدیر کہوں　　نوحہ بن جاتا ہے نغمہ بھی مرے ہونٹوں پر
عظمت میکدہ پوچھے کوئی مجھ سے عابدؔ
پینے آتا ہے یہاں شیخ حرم چھپ چھپ کر

---

رعنائی جمال کا دل رازداں کہاں　　یہ داستان شوق ابھی داستاں کہاں
مجھ سا چمن میں اب کوئی آتش بیاں کہاں　　کچھ ہم مذاق تو ہیں مگر ہم زباں کہاں
برباد ہو کے اور سکوں مل گیا مجھے　　جب آشیاں نہیں تو غم آشیاں کہاں
کچھ اور حادثے بھی ہیں کچھ اور غم بھی ہیں　　مرنا رہ وفا میں حد امتحاں کہاں
گزرا ہوں آستان حرم سے تو بارہا　　جس کی مجھے تلاش ہے وہ آستاں کہاں
کس سے کہوں فسانۂ سوز و گداز دل　　کچھ غم گسار تو ہیں مگر رازداں کہاں
شامل مری نوا میں نوائے سروش ہے
عابدؔ یہ طرز خاص یہ کیف بیاں کہاں

---

## فرید الشعراء سید ظہور احمد وحشی

سید ظہور احمد وحشیؔ کے والد ماجد کا نام سید احمد اللہ تھا۔ اصل وطن بخارا تھا جہاں سے اس خاندان کے جد امجد حضرت سید عابد صاحب قدس اللہ سرہٗ دور مغلیہ میں وارد ہندوستان ہوئے اور چتلی قبر پرانی دہلی میں قیام فرمایا۔ جب افراد خاندان میں اضافہ ہوا تو ادھر ادھر شہروں میں منتقل ہو گئے۔ سید احمد اللہ ذی علم اور صاحب فضیلت تھے۔ اپنے بیٹے کی تعلیم پر توجہ خاص مبذول کی کچھ خداداد ذہانت اور شوق اکتساب علم اور کچھ والد محترم کی نگرانی و تربیت ابتدائی تعلیم کے بعد ندوۃ العلماء، لکھنؤ بھیج دیئے گئے۔ فارسی اور عربی میں غیر معمولی مہارت حاصل کر لی ۱۹۰۲ء میں جبکہ وحشی صاحب کی عمر بارہ سال کی تھی ان کے عروضی اور عربی داں ہونے کا شہرہ ہو چکا تھا اتفاق سے اسی سال بدایوں کے ایک سن رسیدہ عروضی جو عالم ادیب اور شاعر بھی تھے دارالعلوم میں تشریف لائے

Marfat.com

انھوں نے حضرت وحشی کا امتحان لیا چند عربی اشعار کی تقطیع اور زحافات دریافت کئے جس کا جواب بے تامل دیا گیا۔ وہ بزرگ حیرت زدہ رہ گئے انھوں نے بار بار امتحان لیا اور ہر بار ان کی حیرت میں اضافہ ہوا انھوں نے وہ واقعات اخبار 'وکیل' امرت سر' اور 'کرزن گزٹ' دہلی میں شائع کئے کہ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں بارہ سال کی عمر کا ایک لڑکا ایسا زبردست عروضی ہے' حضرت وحشی نے عربی زبان میں شعر موزوں کرنا شروع کر دیئے۔ حضرت مولانا سید عبدالحئی نائب ناظم ندوہ کے ایک عربی قصیدے کی بحر و زمین میں خود ایک نعتیہ قصیدہ تصنیف کیا جس کی وہاں کے علماء نے بے حد تعریف کی۔ ہر تقریب کے موقع پر حضرت وحشی سے بزبان عربی سپاس نامہ یا اشعار لکھوائے جاتے تھے۔ دارالعلوم وحشی صاحب کے بعض احباب مثلاً مولوی تجمل حسین انیق، مولوی رکن الدین دانا سہسرامی۔ مولوی مصطفےٰ حسین صاحب مصطفیٰ ملیح آبادی۔ مولوی محمد احمد صاحب تلہری (شاہجہانپوری) مولوی احمد حسین صاحب لکھنوی وغیرہ اردو میں شعر کہتے تھے۔ حضرت وحشی کو اردو شاعری کی بالکل مشق نہ تھی ان احباب نے مشاعرہ منعقد کیا۔ طرح تھی =

ہائے بے نور پڑی ہے مری تربت کیسی۔ وحشی صاحب کو بھی غزل کہنے پر مجبور کیا وحشی صاحب نے باوجود اردو میں غزل گوئی کی مشق نہ ہونے کے ایک غزل تصنیف کی جس کا ایک شعر دستیاب ہوا ہے

میں شب و روز تجھیں یاد کیا کرتا ہوں
اور کیا جانئے ہوتی ہے محبت کیسی

وحشی صاحب کی عربی شاعری کا یہ زور تھا کہ بات بات میں شعر کہتے تھے۔ ان کے اساتذہ اردو مضامین کو عربی میں وحشی صاحب سے ترجمہ کراتے تھے۔ اگرچہ ان کی عمر کا تیرہواں سال تھا مگر عربی زبان کی ان بحور میں شعر کہتے تھے جن کو ہزاروں عربی داں اشخاص صحیح وزن کے ساتھ پڑھ بھی نہیں سکتے تھے اور جن میں عروض کی کامل واقفیت کے بغیر ایک مصرع بھی صحیح طور پر موزوں نہیں کیا جا سکتا۔ دارالعلوم سے فراغت کے بعد وحشی صاحب لاہور چلے گئے اور وہاں کی صحبتوں سے متاثر ہو کر اردو شاعری کا رُخ کیا اور مولانا رومی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور کے مشورے سے وحشی تخلص اختیار کر لیا۔ اسی دوران فخر پنجاب شیخ سید عبدالقادر سے جو اس وقت انگریزی اخبار 'آبزرور' اور اردو رسالہ 'مخزن' کے اڈیٹر تھے ملاقات ہوگئی۔ شیخ صاحب اسلامیہ کالج کے پروفیسر بھی تھے۔ شیخ صاحب وحشی صاحب سے بہت محبت سے پیش آئے اور ایک دن دورانِ ملاقات وحشی صاحب سے فرمایا کہ وہ مشق شاعری کے بجائے مضمون نویسی کی مشق کریں۔ شیخ صاحب

Marfat.com

عنوان دے کر مضمون لکھوانے لگے۔ وحشی صاحب دو سال لاہور میں رہے اس دوران ہزار ہا صفحات نثر کے لکھ ڈالے لیکن شعر ایک بھی نہیں کہا چوں کہ جذبات دل جوانی کی منزل میں تھے شاعرانہ تخیل اپنا ایک صحیح موزوں اور ادبی ذوق اپنی رعنائیوں کے مظاہرے کے لئے ایک عملی میدان کا طالب تھا۔ ۱۹۰۶ء میں وحشی صاحب کانپور تشریف لے گئے اور کچھ دن وہاں رہنے کا اتفاق ہوا وہاں حکیم الطاف احمد آزاد انصاری سے ملاقات ہوئی۔ حکیم آزاد اردو کے مقبول شاعر تھے۔ حکیم آزاد کی ملاقات اور ترغیبات نے وحشی صاحب کے ذوق خوابیدہ کو بیدار کر دیا اور مشق سخن کرنے لگے اس وقت وحشی صاحب کی عمر تقریباً ۱۶ اور ۱۷ ارکی تھی اور اس دور میں جو اشعار انھوں نے موزوں فرمائے ان میں سے چند بطور نمونہ درج کرتا ہوں۔ ناظرین قیاس کر سکتے ہیں کہ جو شخص ۱۱ سال کی عمر میں زبان عربی میں قصیدہ کہہ چکا تھا وہ کس قدر ذہین طباع اور جدت طراز ہوگا۔

کثرت غم سے یہ حالت ہوگئی ۔۔۔ بات کرنی بھی قیامت ہوگئی

نہ وہ آرزو ہے نہ حسرت ہے اب ۔۔۔ خدا جانے کیا دل کی حالت ہے اب

کیا یہ سچ ہے کہ حشر میں واعظ ۔۔۔ آشنا ہوگا آشنا کے ساتھ

تپک ہوتی ہے مرہم سے زیادہ ۔۔۔ یہ کس انداز کا زخم جگر ہے

دوا ہو چکی اور دعا ہو چکی ۔۔۔ دل مبتلا ہو شفا ہو چکی

کانپور میں صحبتوں کا لطف اٹھا کر وحشی صاحب گورکھپور چلے گئے اور وہاں کچھ مدت رہنے کا اتفاق ہوا۔ مولوی سید سبحان اللہ صاحب رئیس اعظم کے دولت کدے پہ قیام رہا۔ موصوف اعلیٰ درجہ کے سخن فہم تھے۔ اسی زمانے میں مولوی احسان اللہ صاحب عباسی وکیل۔ منشی قطب الدین صاحب اور مولوی عبدالرحمٰن صاحب ادھمی صاحب سے ملاقات رہی اور شعر و سخن کا چرچا جاری رہا۔ ۱۹۰۸ء میں چند روز کے لئے پھر کانپور آ گئے اور وہاں سے بمبئی تشریف لے گئے۔ بمبئی سے اپنے وطن شاہجہانپور واپس آ گئے۔ چونکہ طالب علمی سے اب تک کا زمانہ دیگر اضلاع میں گزرا تھا اس لئے وطن کے اہل سخن حضرت وحشی کے شاعرانہ جوہروں سے ناواقف تھے۔ شاہجہانپور میں شعر و شاعری کا چرچا تھا آئے دن مشاعرے ہوتے رہتے تھے مگر وحشی صاحب کو شریک ہونے کا موقع نصیب نہیں ہوا مگر اپنی شعر گوئی سے احباب کی ضرورتیں ضرور رفع کرتے رہتے تھے۔ اکثر شادی کے رقعے۔ خطوط اور درخواستیں نظم میں لکھیں۔ شعرائے شاہجہانپور کو جب معلوم ہوا کہ آپ بھی شاعر ہیں تو اکثر مشاعروں میں مدعو کئے گئے۔ جہاں آپ نے طرحی غزلیں پڑھ کر داد سخن حاصل کی۔ فرصت

Marfat.com

کے اوقات میں انگریزی ادب سے بھی استفادہ کرتے رہے اور اس حد تک زبان سیکھ لی کہ اس زبان کی شاعری کا لطف محسوس ہونے لگا۔ آپ ہندی نہیں جانتے تھے مگر اس زبان کی شاعری پڑھوا کر سنتے تھے اور ہندی اشعار کا ترجمہ کروا کر لطف اٹھاتے تھے۔ آپ فرماتے تھے کہ ہر زبان کی شاعری جداگانہ انداز رکھتی ہے ان کے خیال میں اردو شاعری سب سے کم درجہ رکھتی ہے تخئیل کی نزاکت اور بلند پروازی میں فارسی کا درجہ سب سے بلند ہے۔ ہندی میں جذبات و کیفیات کی فراوانی ہے انگریزی اور عربی میں سادگی و صداقت ہے۔ جس طرح زبان اردو، ہندی۔ فارسی عربی، ترکی اور انگریزی وغیرہ زبانوں سے مرکب ہے اردو شاعری بھی ہندی فارسی اور عربی تخئیل سے مستفاد ہے۔ وہ فرماتے تھے کہ کوئی شاعر اور کوئی نثر نگار اس وقت تک صحیح اردو نہ بول سکتا ہے اور نہ لکھ سکتا ہے جب تک وہ عربی فارسی سے بقدر ضرورت واقف نہ ہو۔ حضرت وحشی ۱۹۱۵ء تک بطور شاعر معروف و مقبول ہو چکے تھے اور اپنی عظمت کا سکہ دلوں پر بٹھا چکے تھے۔ شاہجہانپور سے آپ دہلی تشریف لے گئے اور وہاں عرصہ تک قیام رہا۔ دہلی میں قیام کے دوران آپ ہندوستان کے بیشتر کل ہند سطح کے مشاعروں میں شریک ہوتے رہے۔ شرفا، وامراء اور شعراء دہلی حضرت وحشی کے مدح سرا تھے اور احترام کرتے تھے۔ حکیم اجمل خاں صاحب اوقات فرصت میں آپ کو خصوصی طور پر بلواتے اور لطف کلام اٹھاتے تھے۔ اگر کوئی والئی ریاست سخن فہم و سخن داں آپ کا مہمان ہوتا تو وحشی صاحب ضرور طلب کئے جاتے تھے۔ حضرت حسن نظامی مرحوم تو گویا وحشی صاحب کے عاشق تھے۔ ۱۹۱۵ء میں روزنامہ 'زمانہ' کے مدیر کی حیثیت سے آپ کلکتہ گئے مگر آب و ہوا کی ناموافقت سے دو ماہ بعد ہی واپسی کے لئے مجبور ہو گئے اور شاہجہانپور ٹھہرتے ہوئے دہلی چلے گئے۔

۱۹۲۳ء میں حضرت خواجہ حسن نظامی۔ بھیا احسان الحق اور بعض دیگر لائق لوگوں نے ایک اعلان شائع کیا کہ حضرت امیر خسروؒ کے عرس میں ایک بزم مشاعرہ 'بزم خسروی' کے نام سے منعقد ہوگی۔ بزم خسروی کی خصوصیت یہ ہوگی کہ حضرت امیر خسرو کا فارسی کلام اردو میں بصورت ترجمہ کر کے پڑھا جائے گا۔ ہر شاعر کا کلام سات مشاہیر کے بورڈ میں پیش ہوگا جسے اول نمبر قرار دیا جائے گا اسے 'فرید الشعراء' دوسرے نمبر والے کو 'نظام الشعراء' اور تیسرے نمبر والے کو 'امیر الشعراء' خطاب دیا جائے گا۔ اس اسکیم میں چند روز بعد اتنا اور اضافہ ہوا کہ اردو میں طرحی غزلیں بھی ہوں گی اور وہ بھی بورڈ کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ تاریخ متعینہ پر مشاعرہ ہوا جس میں بیرونجات کے شعراء کے علاوہ دہلی کے حضرت سائل۔ آزاد انصاری۔ حضرت قوی۔ حضرت جری۔ حضرت منتظر حضرت وحی کاکوروی وغیرہم۔ عمائدین

Marfat.com

شہر، امرأ و شرفا موجود تھے۔ حضرت وحشی نے اپنی باری پر اپنا کلام پیش کیا اور اس کے بعد ہر شاعر کا کلام برائے انتخاب بورڈ کے روبرو پیش ہوا جس نے فرید الشعرا کا خطاب حضرت وحشی کو دیدیا یہ ایک بڑا اعزاز تھا۔ نمونے کے طور پر طرحی غزل کے چند اشعار بھی پیش ہیں۔

تا چند دل سے دولت پنہاں نکالیئے  آساں نہیں کہ حسرت مژگاں نکالیئے
طے کر چکا ہے درد جگر اپنی منزلیں  بے سود ہے کہ اب کوئی ارماں نکالیئے
الجھے ہوئے ہیں تار نفس ہیں جنوں کے ہاتھ  فرصت کہاں کہ تار گریباں نکالیئے
سمجھے نہ شان عفو و کرم جس کو سوء ظن  وہ صورت تلافیٔ عصیاں نکالیئے

جولانگہ حیات نہیں در خور جنوں
وحشی اب اور کوئی بیاباں نکالیئے

ایک بار خواجہ حسن نظامی کے یہاں بہار کے ایک نامور شاعر مولانا شفق مقیم تھے۔ مولانا شفق کے شاگرد شمس صاحب بھی آتے جاتے تھے۔ خواجہ صاحب نے وحشی صاحب کو ٹیلیفون کیا کہ تانگہ بھیج رہا ہوں دوپہر کا کھانا ساتھ کھایئے۔ وحشی صاحب پہنچے تو دیکھا کہ خواجہ صاحب۔ مولانا شفق۔ جناب شمس اور ایک خوبصورت جوان عورت جو متناسب اعضاء اور گداز بدن کی بنا پر ایک ملکہ معلوم ہوتی تھی موجود تھی۔ وحشی صاحب کو اس نظارے سے متاثر دیکھ کر خواجہ صاحب نے فوراً بتا دیا کہ یہ دہلی کی مشہور رقاصہ و مطربہ 'خورشید' ہیں۔ کھانے سے فارغ ہو کر محفل شعر و سخن گرمائی اور کلام سنائسنایا گیا۔ حضرت وحشی نے برجستہ ایک قطعہ پیش کیا ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے حاضر ہے

وہ ارباب تماشہ جن کی آنکھوں میں بصیرت ہے  عجب کیا ہے کہ اس کاشانہ کو چرخ بریں سمجھیں
جہاں یار ب شفق ہو، شمس ہو خورشید تاباں ہو  کوئی سمجھائے ہم کو ہم اسے کیوں کر زمیں سمجھیں

وہ ایک باکمال شاعر ہونے کے علاوہ بہترین نثار بھی تھے۔ مرحوم نے دہلی سے رسالہ تجلی۔ رسالہ روزگار۔ اخبار فاران روزنامہ اور فاران ہفتہ وار جاری کیا۔ دہلی میں تجلی پریس قائم کیا۔ آپ تقریباً پانچسو کتابوں کے مصنف اور مترجم تھے۔ چوں کہ فن حکمت حکیم مفتی سلیم اللہ صاحب جو بڑے فاضل اور لائق طبیعت تھے حاصل کیا تھا اس لئے اس علم و فن پر بھی آپ کی تصانیف ہیں۔ پینتالیس سال تصنیف و تالیف میں صرف کر کے ۱۳ مارچ ۱۹۴۳ء کو حرکت قلب بند ہو جانے سے دہلی میں انتقال فرما گئے۔ مرحوم انگریزی۔ اردو۔ فارسی۔ عربی اور ہندی زبانوں میں اعلیٰ قابلیت رکھتے تھے اور ان زبانوں میں تحریر و تقریر میں ملکہ حاصل کر لیا تھا۔ آپ کی قبر درگاہ خواجہ نظام الدین اولیاء کے پھاٹک کے قریب جانب اتر لائبریری

Marfat.com

خواجہ حسن نظامی میں ہے۔ رحلت کے وقت عمر تقریبًا باون سال تھی آپ کی اولاد میں سید حسن اختر، سید حسین زاہد اور ایک دختر عطیہ بیگم تھی عطیہ بیگم کا انتقال مرحوم کی حیات میں ہو گیا تھا نواسہ سید محمد احمد موجود ہے سید حسن اختر حیات ہیں دوسرے صاحبزادے سید حسین زاہد پاکستان ہجرت کر گئے جہاں ان کا انتقال ہو گیا حضرت وحشی کی زندگی کا بیشتر حصہ بیرون وطن گزرا اور ادبی مشاغل پیش نظر رہے۔ راقم الحروف کو مرحوم کے حالات ان کے فرزند سید حسن اختر سے حاصل ہوئے اور کلام بھی دستیاب ہو گیا۔ بطور نمونہ وہی کلام پیش کیا جاتا ہے جو خود صاحب تصنیف نے انتخاب کر کے اپنی سوانح طلسم افکار میں درج کیا ہے۔ مولانا مرحوم کی تصنیف 'طلسم افکار' جو ایک طرح سے سوانحی خاکہ ہے نظروں سے گزرا ہے۔

خندہ زن ہے تپ الفت جو دوا کرتے ہیں　　مسکراتی ہے مشیت جو دعا کرتے ہیں

---

تمھیں ہنگامۂ جوش تمنا کی خبر کیا ہے　　مرے پہلو سے تم اٹھتے تو اک محشر بپا ہوتا

---

وہ آئیں گے سحر کو یہ اے نامہ بر درست　　لیکن مریض غم کو امید سحر کہاں

---

اک برق تو دیکھی کہ سراپردہ سے چمکی　　زنہار کسی کا رخ تاباں نہیں دیکھا

---

اب اے ہجوم شوق تری کیا صلاح ہے　　پوچھا ہے اُس نے حال دل بیقرار کا
تھی وہ ادائے عذر ستم اور بھی ستم　　عالم نہ پوچھئے نگہ شرمسار کا

---

دل کو خوشی بہت ہے نوید وصال کی　　اس وقت یاد آئے نہ یارب مآل کی
پھر کوئی مست ناز ہوا رونما خواب　　پھر انجمن ہے گرم ہمارے خیال کی
احساس کچھ ہوا نہ ترے لطف عام کو　　حالانکہ بن گیا کوئی صورت سوال کی

---

کانپ اٹھا مرے پہلو میں دل دور اندیش　　جب نمایاں تری چتون سے محبت دیکھی
ہائے وہ مجھ سے شب وعدہ تصور کے فریب　　کہ جدھر آنکھ اٹھائی تری صورت دیکھی

---

Marfat.com

شاید اب اس کی بارگہ ناز سے قریب | مجھ میں قدم اٹھانے کی طاقت نہیں رہی
کیا انتظارِ مرگ میں بیٹھا ہوں مطمئن | گویا اب اور کوئی مصیبت نہیں رہی

---

شاید غبارِ غم کا یہی اک علاج ہے | کچھ دیر رو لیئے تو طبیعت سنبھل گئی

---

نعش اک خون میں ڈوبی ہوئی آتی ہے نظر | ہم جو اندیشۂ انجام وفا کرتے ہیں
دلِ غمدیدۂ انجام لرز جاتا ہے | اب جو دو شخص بہم عہد وفا کرتے ہیں

---

## محمد علی حسین خاں برق

حضرت برق کے والد کا نام محمد فخرالدین خاں تھا۔ آپ اہلِ افاغنہ میں سے تھے اور شرفاؤ امراءِ شہر میں شمار تھا محلہ خواجہ فیروز کے ساکن تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد افغانستان سے آکر آباد ہو گئے تھے۔ نوابین شاہجہانپور نے جاگیریں عطا فرمائیں۔ آپ کو بارہ سال کی عمر سے شاعری کا شوق پیدا ہو گیا۔ پہلے مولوی ستار بخش راقم شاہجہانپوری سے اصلاح لیتے رہے پھر منشی احسان علی خاں احسان کے شاگرد ہوئے پھر کچھ عرصے بعد رامپور جاکر منشی امیر احمد مینائی سے استفادہ کیا۔ طبیعت چلبلی اور شوخ پائی تھی۔ نثر بھی اچھی لکھتے تھے۔ آپ کے چار تخلص تھے شوخ۔ طرار۔ بیقرار اور برق۔ جو تخلص بآسانی موزوں ہو جاتا وہی لکھ دیتے مگر زیادہ تر برق پسند تھا۔ ۱۹۳۶ء میں ایک قاتل کی گولی کا شکار ہوئے جبکہ اپنی خوبصورت، وسیع اور شاندار کوٹھی کے سائباں میں محوِ خواب تھے۔ میونسپلٹی کی ممبری کے لیئے الکشن لڑنا آپ کا محبوب مشغلہ تھا اور اس مشغلہ پر کثیر رقم صرف کرتے تھے۔ عمر بھر کنوارے رہے آپ کے دوسرے بھائی فدا حسین خاں صاحب نے ترکِ سکونت کر کے ریاست حیدر آباد میں توطن اختیار کر لیا تھا۔ بوقت رحلت عمر تقریباً ساٹھ سال تھی۔ ذخیرۂ کلام کل کا کل تلف ہو گیا۔

چشمِ جاناں سے تصور میں دلِ زار ملا | خوب دل کھول کے بیمار سے بیمار ملا
آپ فرماتے ہیں عشاق بہت سے دیکھے | یہ تو کہیے کوئی ہم سا بھی وفادار ملا

Marfat.com

ہم فقیروں کو نہیں ظل ہما سے مطلب — پڑ رہے یار کا جب سایۂ دیوار ملا

---

عالم کو فراموش کیا یاد میں جس کی — بھولے سے بھی لیتا نہیں وہ نام ہمارا

---

پوچھتے کیا ہو ماجرائے فراق — ہو نہ دشمن بھی مبتلائے فراق

---

ہو گیا ہنگامۂ محشر بپا — چال یہ اے ماہ رو اچھی نہیں

---

جل گیا طور ہوئے حضرت موسیٰ بے ہوش — تو ہی اے برق بتا دے یہ شرر کس کا ہے

---

ان منتوں پہ بھی وہی عادت جفا کی ہے — ظالم ترے مزاج میں ضد کس بلا کی ہے
غنچے چمن میں دیکھ کے بلبل کو ہنس پڑے — اس میں بھی دل لگی کوئی باد صبا کی ہے

---

## حاجی محمد عتیق اللہ خاں۔ آذر

الحاج عتیق اللہ خاں آذر خلف جناب رفعت اللہ خاں ساکن محلہ تارین ٹکلی کی ولادت ۱۸ر جولائی ۱۸۹۹ء کو ہوئی۔ آپ کے جد امجد دریا خاں باڑوزئی تاجک تھے اور ننھیالی خاندان دیوان داد خاں مہمند زئی ازبک سے جا ملتی ہے۔ ابتدائی تعلیم حسب رواج قدیم گھر میں ہوئی اردو فارسی سے واقفیت حاصل کر کے شملہ میں مزید اکتساب علم کیا۔ بچپن سے شوق شاعری پیدا ہو گیا تھا۔ شہر کے ممتاز شاعر و استاد وقت حضرت اصغر علی خاں اصغرؔ سے مشورہ سخن کیا۔ نمونۂ کلام ذیل میں درج ہے

دفور غم سے سب روئیں گے تجھ کو ڈوبنے والے — صدائے نالہ برسوں آئے گی بہتے ساحل سے
ہٹا دے سرحد ادراک سے جوش جنوں مجھ کو — لپٹ جاؤں میں شوق قتل میں شمشیر قاتل سے
مرا حال زبوں پہنچا ہے شاید آخری حد تک — صدائے آہ آج آتی نہیں سوئے ہوئے دل سے

---

Marfat.com

رحمت سے تیری کم ہیں ابھی تک مرے گناہ　　　پوری ہو یہ کبھی تو مکمل حساب ہو

---

بے اثر ہے آہ، بلبل ہم نے یہ مانا مگر　　　زرد کیوں اے باغباں پھولوں کی رنگت ہوگئی

---

## مولوی سیّد شرف الدّین میاں یاسؔ

مولوی شرف الدّین میاں یاسؔ کے والد ماجد سیّد حافظ نظام الدّین میاں ریاست ٹونک میں ملازم تھے اور دادا سید عبدالرزاق کی سسرال بھی ٹونک میں تھی۔ حضرت یاسؔ ٹونک میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد صرف و نحو، فقہ و حدیث کا علم مولوی امام الدین سے حاصل کیا۔ منشی فاضل کا امتحان ۱۹۰۷ء میں پاس کیا اور فارسی کی تکمیل مولوی حکیم سعید احمد ساکن ٹونک سے کی۔ بزمانۂ ترکِ موالات اسلامیہ اسکول اٹاوہ میں فارسی کے مدرس تھے کچھ مدت بعد اٹاوہ سے دہلی کے جامعہ ملیہ چلے گئے اور وہاں پروفیسر ہو گئے۔ آپ کو شعر و شاعری کا شوق بھی تھا اردو میں یاسؔ اور فارسی میں افصحیؔ تخلص فرماتے تھے۔ آپ کا ایک اردو کا دیوان جس کا نام 'تسخیر یاس' تھا مرتب ہو چکا تھا۔ آپ کی تصانیف سے ایک کتاب فن شعر میں ۱۳۳۴ھ میں یاس عظیم آبادی کے "چراغ سخن" کے مقابلے میں لکھی گئی جس کا تاریخی نام ترازوئے سخن رکھا۔ آپ حضرت ظہیرؔ دہلوی کے شاگرد تھے۔ شعرائے باکمال آپ کے مضمون آفرینی بلند خیالی اور مذاق سلیم کے مدّاح تھے۔ آپ نہایت پاکیزہ طینت، خوش اخلاق اور دیندار بزرگ تھے۔ چوں کہ آپ کا اصل وطن شاہجہانپور تھا اس لئے تذکرہ میں آپ کو شامل کیا ورنہ آپ کی تمام عمر شاہجہانپور کے باہر گزری۔ گاہے گاہے وطن بھی تشریف لاتے تھے آپ کے دوران قیام شعر و شاعری کی مجلسیں جگہ جگہ ہوتی رہتی تھیں۔ بیرونی مشاعروں میں بھی شریک ہوتے تھے اور خوب داد پاتے تھے۔ مولوی صبیح الدین میاں مولف تاریخ صبیح نے آپ کا کلام جس قدر تاریخ صبیح میں درج کیا ہے وہ حضرت یاسؔ کی قادر الکلامی اور مضمون آفرینی کا آئینہ دار ہے۔ افسوس کہ ایسے شیریں کلام اور باکمال شاعر اپنے وطن سے دور رہے اور اہل وطن ان سے استفادہ نہ کر سکے۔

Marfat.com

نمونۂ کلام حضرت یاسؔ

پاس وفائے غیر سے مجھ سے وفا نہ کی — یہ خوب جانتا ہوں کہ تو بے وفا نہیں
میں اور شکوہ تیری جفا کا بجائے شکر — کیا التفاتِ خاص کی اس میں ادا نہیں
دل سے تری جفا کا ہے ہر وقت عذر خواہ — تیری طرح خیال ترا بے وفا نہیں
ہیں اک وفا کے ہونے سے مجھ میں ہزار عیب — سو خوبیاں ہیں تجھ میں اگر اک وفا نہیں
یوں بھی کبھی جو شانِ غیوری ہو مقتضی — اب تک تو پائے غیر پہ یہ سر جھکا نہیں

---

تم نہ کو سو آپ کو ایسی ہنسی اچھی نہیں — کوئی اچھی ہے گھڑی کوئی گھڑی اچھی نہیں
صدقے عیش دو جہاں قربان عمر جاوداں — تیرے غم کے سامنے کوئی خوشی اچھی نہیں

---

کیوں شادماں نہ ہوں کہ نوید وصال ہے — کہتے ہیں وہ کہ ہجر میں جینا محال ہے
دل محو یار دوست ہے لب صرف ذکر دوست — خود رفتگی عجب ہے عجب حال قال ہے
آپے سے کھو دیا مجھے یہ لطف ہے ترا — میں تجھ میں مٹ گیا ہوں یہ میرا کمال ہے
کیا دوں فریب آنکھ کو سمجھاؤں دل کو کیا — تیری کوئی شبیہ نہ کوئی مثال ہے
ہیں شوخیاں وہاں تو یہاں بیقراریاں — جو ان کا حال ہے وہی میرا بھی حال ہے
بے نقد داغ عشق سے معمور گنج دل — تیرا فقیر، تیرے کرم سے نہال ہے
غیرت نے اور سعی طلب کو بڑھا دیا — ظالم یہ کیوں کیا تیرا ملنا محال ہے

اے یاسؔ آرزوئیں تو سب دے چکیں جواب
اب میں ہوں اور مرا دل حسرت مآل ہے

---

## فقیر محمد خاں فقیرؔ

آپ کے جد امجد نے شاہجہانپور آباد ہونے کے ابتدائی زمانہ میں آکر سکونت اختیار کی تھی۔ آپ کے والد کا نام غلام محمد خاں تھا قلعہ نواب بہادر خاں کے جانب شمال و مشرق محلہ رنگ محلہ میں مکان تھا۔

Marfat.com

صاحب تمول تھے مگر جائیداد و دولت اسراف بیجا کی نذر ہوگئی آخری زمانۂ زندگی مفلوک الحالی میں گزرا۔ شاعری سے شغف تھا منشی اسمٰعیل منیرؔ کے شاگرد تھے۔ ایک دیوان اردو طبع ہو چکا تھا۔ آپ کی تصنیف میں دیوان کے علاوہ اندر سبھا اور ایک مثنوی تھی مگر ان میں سے کسی کا پتہ نہیں چلتا نہ دستیاب ہیں آپ نے عمر اچھی پائی تھی بعد غدر رحلت فرمائی۔

نمونۂ کلام

غزل

سیج پھولوں کی سجی عیش کی نوبت آئی ۔۔۔ کیا دولہن بن کے ترے وصل کی نوبت آئی

ہم بھی آئینہ ہیں تم صاف ہو جب تک ہم سے ۔۔۔ مُنہ نہ دیکھیں گے اگر دل میں کدورت آئی

روشنی کرتے ہو کیوں وہ تو سدھارے سرِ شام ۔۔۔ آگ کمرے میں لگا دو شبِ فرقت آئی

اے فقیرؔ اس سے لڑی آنکھ خدا خیر کرے
جس کی آنکھوں میں نہ بھولے سے مروّت آئی

## مولوی حمیدالزماں خاں صاحب۔ حمیدؔ

مولوی حمیدالزماں صاحب اُستاد نظام دکن مولوی مسیح الزماں خاں کے منجھلے بیٹے تھے جو نیک نفس۔ ذی اخلاق متحمل اور متین انسان تھے۔ انگریزی میں انٹرینس پاس تھے فارسی میں پوری استعداد اور عربی میں فارغ التحصیل تھے۔ آپ کی عمر کا بیشتر حصہ حیدرآباد دکن میں گزرا۔ نہایت لائق اور قابل انسان ہونے کی سند ۸ صفر المظفر ۱۳۲۵ھ کو ان کے استاد جناب مولوی ابونعیم میر عبدالکریم صاحب علوی ہزاروی نے جو ایک نہایت مقدس پرہیزگار جید عالم تھے عطا فرمائی تھی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بعد حمد و ثنا کے واضح ہو کہ دینی بھائی مولوی حمیدالزماں خاں ابن مولانا یا مفضل مولوی مسیح الزماں خاں صاحب استاد نظام دکن بالقابہ نے مجھ سے اکثر کتب متعینۂ درس سلسلۂ نظامی نہایت تحقیق اور غایت تدقین سے پڑھی ہیں اور وہ جوان صالح ذکی ہیں، صاحب فہم ہیں اور رائے صمیم و عقل سلیم رکھتے ہیں جب وہ علم تفسیر و حدیث و فقہ و اصول و علم معانی و ادب و کلام اور ضروریات فلسفہ سے فارغ ہوئے تو مجھ سے انھوں نے ان علوم کی روایت کی اجازت طلب کی جیسا کہ میں اپنے اساتذۂ کرام شیخ

Marfat.com

محمود حسن دیوبندی و رئیس الفلاسفہ مولانا عبدالحق خیرآبادی و صدر الفضلا فضل حق رامپوری وغیرہم سے جن کا سلسلہ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی و حضرت شاہ اسحٰق صاحب تک پہنچتا ہے روایت کرتا ہوں اور میں نے ان کو اس بات کا اہل پایا تو میں نے ان کو اجازت دی اور میں ان کو تقویٰ ظاہری و باطنی کی وصیت کرتا ہوں اور اس بات کی ہدایت کرتا ہوں کہ وہ اپنے اساتذہ کو دعاؤں میں نہ بھولیں۔

مولوی حمیدالزماں خاں کو آنریبل سی۔ اسٹوارٹ ولسن کے سی آئی ای ڈائرکٹر جنرل پوسٹ آفس انڈیا نے مولوی صاحب کے خیال سے بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ محکمۂ پوسٹ آفس نامزد کیا تھا۔ مولوی حمیدالزماں خاں صاحب کو شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی اردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر موزوں کرتے تھے فارسی کی طرف طبیعت زیادہ مائل تھی۔ ان کے فارسی اور اردو کے کچھ اشعار درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

الا اے بستہ در فتراک زلف غیرت دلہا ۔۔۔ نگر گز ہجر بر عاشق چہ افتادست مشکلہا
نمی یابم نشان لیلیٰ خود وائے بر قسمت ۔۔۔ بسے چوں قیس بر دیدم ز حسرت گرد محملہا
چہ آفت یا الٰہی در پس دیوار او بارد ۔۔۔ کہ ما صبح و مسا بینیم ہر سو رقص بسملہا
گہے در دیدہ، می آید گہے در دل کند جائے ۔۔۔ بت ما را خداوندا نمودی طرفہ منزلہا

حمیدؔ از وصل دلدار تو فردا میشود حاصل
چرا در فکر افروزی ذرع الدنیا داہلہا

---

کون سی جا تھی جہاں جلوۂ دلدار نہ تھا ۔۔۔ پر نہ سوجھا تجھے زاہد کہ تو میخوار نہ تھا
نگہ مست صنم کا یہ رہا ہے عالم ۔۔۔ اُٹھ گئی آنکھ تو کوسوں کوئی ہشیار نہ تھا
درد تھا ٹیس تھی سوزش تھی تپس تھی دل میں ۔۔۔ شب ہجراں میں فقط ایک ہی غمخوار نہ تھا
حسب پیمان ازل آئے مگر حشر کے دن ۔۔۔ عذر تھا یہ کہ سنورتا تھا میں تیار نہ تھا
بار تھا خواب میں عشاق تھے یا امن و اماں ۔۔۔ چشم بیمار تھی اور فتنہ بیدار نہ تھا

نردباں آہ رسا کی تھی میسّر جو حمیدؔ
بام تک اس کے پہنچنا تجھے دشوار نہ تھا

آپ کی تصانیف سے ارمغان حمید۔ فغان حمید۔ سید سہیل۔ نثار زر بر پائے پیغمبر اور مصباح الادب ہیں

Marfat.com

# شہید اشفاق اللہ خاں حسرت وارثی

## سرِ خاکِ شہیدے برگہائے لالہ می پاشم

شہر شاہجہانپور کے وضیع، شریف، نجیب الطرفین اور زمیندار خاندان کے سربراہ جناب شفیق اللہ خاں ساکن محلہ ایمن زئی کے نامور فرزند اشفاق اللہ خاں ۲۲ راکتوبر ۱۹۰۰ئ کو عدم سے وجود میں آئے۔ ابتدائی تعلیم حسب رواج قدیم گھر میں حاصل کی۔ قرآن کریم، اردو فارسی سے فراغت حاصل کرکے دیگر مضامین کی تعلیم کے لئے مشن ہائی اسکول میں داخل ہو گئے۔ اسی ادارہ میں مشہور انقلابی رہنما جناب رام پرشاد بسمل بھی زیر تعلیم تھے۔ ہم خیالی نے رسمی تعلقات کو گہری محبت میں تبدیل کر دیا اور دونوں یک جان و دو قالب کا نمونہ بن گئے غلامی سے نجات پانے کا خیال ذہن و دل کی گہرائیوں میں اتر کر بیچین کرنے لگا۔ اشفاق اللہ خاں انقلابی گروہ کے سرگرم ممبر بن گئے اور حکومت کے خلاف کارروائیوں میں اہم کردار ادا کرنے لگے۔ کارروائیوں کو عملی شکل دینے کے لئے بعض حالات میں روپیہ کی ضرورت بھی آپڑتی تھی۔ طے کیا گیا کہ حکومت کا خزانہ لوٹ کر ضرورتیں پوری کی جائیں۔ ۹ راگست ۲۵ئ کو کاکوری اسٹیشن کے قریب ٹرین روک کر خزانہ لوٹ لیا گیا جس میں اشفاق اللہ خاں نے بہت اہم کام انجام دیا۔ اس واقعہ نے حکومت کو بوکھلا دیا اور مجرموں کی زور و شور سے تلاش کی جانے لگی۔ اشفاق اللہ خاں ایک عزیز قریب کی سازش سے دہلی میں گرفتار کر لئے گئے دو سال مقدمہ چلا اور ۱۹ ر دسمبر ۱۹۲۷ئ کو پھانسی پر لٹکا دیئے گئے۔

اشفاق اللہ خاں کا دل وطن کی محبت سے لبریز تھا اپنے جذبات کی ترجمانی کے لئے شاعری کو ذریعہ اظہار بنایا اور گاہے گاہے اشعار موزوں کرنے لگے۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کس قدر کلام تھا مگر جو اشعار دستیاب ہو سکے وہ قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش کر دیئے ہیں۔ ان اشعار سے شہید کی دلی کیفیات کا بخوبی جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ فنی اعتبار سے ان اشعار کو پرکھنے کے بجائے جذبات کو دیکھئے اور داد دیجئے۔

جسے فنا وہ سمجھ رہے ہیں بقا کا ہے راز اسی میں مضمر
نہیں مٹائے سے مٹ سکیں گے وہ لاکھ ہم کو مٹا رہے ہیں

Marfat.com

کہاں گیا کوہ نور میرا۔ کدھر گئی ہائے میری دولت
وہ سب کا سب لوٹ کر کے الٹا ہم ہی کو ڈاکو بتا رہے ہیں
خوش حسرت خموش حسرت اگر ہے جذبہ وطن کا دل میں
سزا کو پہنچیں گے اپنی بے شک جو آج ہم کو پھنسا رہے ہیں

پھانسی سے قبل جب اشفاق اللہ خاں سے آخری آرزو اور وصیت دریافت کی گئی تو اس وقت بھی آپ نے جس آرزو کا اظہار کیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کس قدر وطن کی محبت سے سرشار تھے اور خاک وطن سے کتنا پیار تھا۔

کچھ آرزو نہیں ہے۔ ہے آرزو تو یہ ہے — رکھ دے کوئی ذرا سی خاک وطن کفن میں

---

بزدلوں کو ہی سدا موت سے ڈرتے دیکھا — گو کہ سو بار انہیں روز ہی مرتے دیکھا
موت سے ویر کو ہم نے نہیں ڈرتے دیکھا — تختۂ موت پہ بھی کھیل ہی کرتے دیکھا

---

موت کو جب ایک بار آنا ہے تو ڈرنا کیا ہے — ہم سدا کھیل ہی سمجھا کیے ڈرنا کیا ہے

---

نہاں ر. تما سے مایوس نہ ہو حسرت — کب تک نہ خبر لیں گے یاران وطن میری

---

وہ جرم آرزو پہ جس قدر چاہیں سزا دے لیں — مجھے خود خواہش تعزیر ہے ملزم ہوں اقراری
یونہی لکھا تھا قسمت میں چمن پیرائے عالم نے — کہ فصل گل میں گلشن چھوٹ کر ہے قید زنداں کی

---

جنون حب وطن کا مزہ شباب میں ہے — لہو میں پھر یہ روانی رہے رہے نہ رہے
وطن ہمیشہ رہے شاد کام اور آزاد — ہمارا کیا ہے اگر ہم رہے رہے نہ رہے

---

ایک آخری شعر اور ملاحظہ کیجیے۔

تنگ آکر ہم بھی ان کے ظلم سے بیداد سے
چل دیئے خلد عدم زندانِ فیض آباد سے

Marfat.com

اشفاق اللہ خاں کو فیض آباد کی جیل میں پھانسی دی گئی تھی۔

---

## نواب نیاز الدین خاں نیاز

نواب نیاز الدین خاں کے والد ماجد کا نام نواب امتیاز الدین خاں تھا۔ یہ خاندان نواب غیرت خان چغتا ابن نواب بہادر خاں چغتا بانی شاہجہانپور کی نسل سے براہِ راست تعلق رکھتا ہے۔ نواب امتیاز الدین خاں کے والد نے بوجہ قرابت محلہ ککرا کلاں میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ نواب نیاز الدین خاں نہایت بااخلاق سنجیدہ اور خوش اطوار تھے۔ علمی وادبی مزاق رکھتے تھے شعروشاعری کا شوق پیدا ہوا تو ابوالاعجاز منشی احسان علی خاں احسان کے شاگردوں میں شامل ہوگئے۔ آپ نے اپنا دیوان مرتب کرلیا تھا مگر اب اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ یہ بھی نہ معلوم ہوسکا کہ آپ کی ولادت کب ہوئی اور کس سن میں انتقال ہوا مگر اتنا کہا جاسکتا ہے کہ وہ ۱۹۳۰ء کے بعد اس عالم فانی سے عالم جاودانی کو سدھارے کثیر الاولاد تھے لیکن اولاد سے آرام نہیں پہنچا۔ آپ نے اپنے استاد احسان صاحب کو تاریخ شاہجہانپور تیار کرنے میں بہت مدد دی تھی اور ڈپٹی مطیع اللہ خاں صاحب کو بھی جو کچھ سرمایۂ معلومات آپ کی تحویل میں تھا بغرض تیاری تاریخ شاہجہانپور عنایت کر دیا تھا مگر بدقسمتی سے ہر دو تواریخ طبع نہ ہوسکیں۔ مولوی صبیح الدین میاں نے تاریخ صبیح لکھنے میں آپ کا تعاون حاصل کیا اور بچا ہوا جس قدر سرمایۂ معلومات تھا وہ نواب صاحب نے پیش کر دیا۔

نمونۂ کلام نواب نیاز الدین خاں نیاز

ہوا سیراب خنجر ذبح کرکے مجھ کو قاتل کا
بہت مدت سے پیاسا تھا ستمگر خون بسمل کا

پتہ دزدنگہ کا چل نہیں سکتا ہے اے گردوں
عبث پانی میں بھرتا ہے کٹورہ ماہ کامل کا

وہ مینوشِ شکستہ دل ہوں ٹکڑے ہوگئے لاکھوں
بنایا کوزہ گر نے جب کبھی ساغر مرے گل کا

---

قلق اچھا تپش اچھی جفا اچھی ستم اچھے
نہ ہوں تا حشر یارب زخمیٔ تیغ دودم اچھے

ستائے جاؤ تم مجھ کو کہ میں اس پر بھی راضی ہوں
تمھاری ہر جفا اچھی تمھارے سب ستم اچھے

Marfat.com

نیازؔ خستہ خاطر یہ دُعا ہر وقت کرتا ہے
نہوں تا حشر یارب اس کے داغِ سوزِ غم اچھے

رہتا ہے نیازؔ نام باقی۔ تصنیف بھی عمر جاوداں ہے۔

---

# شیر محمد خاں شفقؔ

شیر محمد خاں شفقؔ خلف جناب فیض محمد خاں جنوری ۱۹۰۸ء میں شاہجہانپور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد مدرسہ بحرالعلوم میں کچھ مدت اکتساب علم کیا۔ انگریزی اسکول میں درجہ نو تک تعلیم حاصل کر کے جوناگڑھ چلے گئے جہاں ریاستی فوجی دستے میں دفعدار تک پہنچکر ۱۹۴۷ء میں ملازمت سے سبکدوش ہو گئے۔ شاہجہانپور میں قیام کیا مگر معاشی حالات نے چین سے بیٹھنے نہ دیا کانپور چلے گئے۔ ایک کارخانے میں ملازمت کرلی۔ ۲۴ر جنوری ۱۹۶۵ء میں مرض کینسر میں مبتلا ہو کر راہی ملک بقا ہوئے۔ زندگی کے آخری ایام انتہائی کرب واذیت میں گزارے۔ اولاد موجود ہے۔

حضرت شفقؔ کو شعروشاعری کا شوق ابتدائے عمر سے تھا۔ جوناگڑھ میں حضرت کاملؔ جوناگڑھی اور شاہجہانپور میں حضرت دلؔ۔ حضرت عابدؔ اور حضرت اصغرؔ سے مشورہ سخن لیا۔

نمونہ کلام:

میرے سجدوں کی اب انتہا ہوگئی — بے خودی حیرت نقشِ پا ہوگئی
لے لیا بڑھ کے رحمت نے آغوش میں — میں نے اتنا کہا تھا خطا ہوگئی

---

ملتا ہے نگاہوں سے خاموش پیام اکثر — مبہم سے اشاروں میں ہوتا ہے کلام اکثر
میں نے ہی شفقؔ بخشی ہر پھول کو رعنائی — میں نے ہی سنوارا ہے گلشن کا نظام اکثر

قطعہ

دورِ جام شراب دیکھا ہے — رقص میں آفتاب دیکھا ہے
پی رہے تھے جناب واعظ بھی — اک نیا انقلاب دیکھا ہے

Marfat.com

# محمد اللہ خاں عشق

باپ کا نام سیف اللہ خاں اور محلہ تارین جلال نگر میں رہتے تھے۔ استعداد علمی معمولی تھی پہلے شیخ کریم بخش فرقت بعدہٗ منشی احسان علی خاں احسان سے مشورہ سخن لیا۔ خاندانی زمیندار تھے مگر بوجہ نااتفاقی ہمیشہ پریشانیوں میں مبتلا رہے۔ اپنے والد سے الگ رہ کر زندگی گزاری اور ملمع سازی کے کاروبار سے شکم پُری کرتے تھے مگر مرنے سے قبل یہ کاروبار بھی ختم ہو گیا تو سیتاپور چلے گئے۔ عین جوانی میں مبتلائے ہیضہ ہو کر ۴ جولائی ۱۹۱۱ء کو وہیں رحلت فرمائی۔

نمونہ کلام

رگ گئی چل کر گلوئے زار پر — ناز تھا تم کو اسی تلوار پر
کچھ تو بولے کچھ تو دلداری کرے — تیری خاموشی مرے اظہار پر
کس طرح اچھا نہ ہوگا یہ مریض — ہاتھ رکھو تو دل بیمار پر

---

تو نہ لپٹا مری گردن سے مگر اے قاتل — دم آخر ترے خنجر کو محبت آئی

---

بیخود کیا پہلے تو مجھے ناز و ادا نے — پھر چھین لئے ہوش بت ہوش ربا نے

---

الفت یار میں دنیا سے قضا کرتے ہیں — آج ہم حق محبت کو ادا کرتے ہیں
نہ سہی خیر طلب۔ کوسنے والے بھی سہی — کچھ تو ناصح وہ مرے حق میں کہا کرتے ہیں

---

تم جس کو سن کے خوش ہو کہوں میں وہ حال کیا — تم جس کا دو جواب کروں وہ سوال کیا
مانند زلف یار پریشاں ہے دل مرا — آشفتہ ہوگا اور یہ آشفتہ حال کیا

---

غرق خوں ہونے کی مرے دل کو بھی حسرت ہوئی — ہاتھ میں اس شوخ کے رنگ حنا کو دیکھ کر
بار زلفوں کا اٹھایا جب لچک کر یار نے — نازکی شرما گئی ناز و ادا کو دیکھ کر

---

Marfat.com

# محمد مقبول حسن خاں شیدا

ننھو خاں زمیندار نگریا کے پوتے اور محمد حسن خاں کے بیٹے تھے۔ آبائی مکان محلہ خلیل شرقی میں تھا۔ فارسی اور عربی مولوی احمد خاں سے جو چھوٹے ولایتی کے نام سے مشہور تھے پڑھی تھی۔ باپ کا انتقال دادا کی زندگی میں ہو جانے سے شرعی متروکہ نہیں ملا لیکن ان کے چچا احمد حسن خاں نے مدد معاش کے طور پر ایک موضع عنایت کر دیا تھا۔ مقبول حسین خاں رئیس زادے تھے طبیعت میں مہمان نوازی اور احباب پرستی بہت تھی خرچ بھی امیرانہ تھا۔ بہت جلد مقروض ہو گئے۔ موضع قرضے میں جاتا رہا چچا نے پھر کچھ زمینداری خرچے کے لئے دیدی وہ بھی قرضے میں چلی گئی زیادہ ایام مصیبت کے نہیں جھیلے تھے کہ ۱ اکتوبر ۱۹۱۹ء کو پیام قضا آگیا۔ تحصیل علم کے بعد شاعری کا شوق ہوا یہ زمانہ ۱۸۷۸ء کا تھا شاہجہانپور میں جابجا مشاعرے ہوتے تھے اور شعر گوئی کا بہت چرچا تھا۔ مرحوم نے شیدا تخلص اختیار کیا اور حضرت احسان کے شاگرد ہو گئے۔ طبیعت رسا تھی شعر بامعنی اور صاف کہتے تھے۔ شہر کے مشاعروں میں جانا پسند نہیں تھا۔ ہر پندرہویں اپنے گھر پر مشاعرہ کرتے شہر کے تمام شاعر جمع ہوتے تھے مگر سوائے مشاعرہ مقبول حسن خاں کے یہ عزت کسی اور مشاعرے کو نصیب نہیں ہوئی کہ اس میں لکھنؤ کے منتخب اور نامور اساتذہ بھی شریک ہوئے ہوں۔ نمونۂ کلام۔

دل جو سودا زدۂ گیسوئے جاناں ہوگا  حال مانند صبا میرا پریشاں ہوگا
صدمۂ ہجر اٹھانے کی نہیں تاب مجھے  تم مرے گھر جو چلے آؤ گے احساں ہوگا

---

جب میں نے کہا عشق کا صدمہ نہیں اچھا  بولے بہت اچھا نہیں اچھا نہیں اچھا
وہ وصل کا طالب ہے زمانے سے برا ہے  سچ کہتے ہو سب اچھے ہیں شیدا نہیں اچھا

---

دیوانہ کر گئی جو کسی کی نظر مجھے  ملتی نہیں تلاش سے اپنی خبر مجھے

---

سر بزم وہ پھیر لیتے ہیں آنکھیں  نہیں ان کو شیدا مروت کسی کی

---

Marfat.com

# منشی محمد آل نبی خاں ۔ ارمان

منشی محمد آل نبی ارمان کے اجداد کا وطن بریلی تھا دادا قاسم علی صاحب ۱۸۵۷ء کے بعد شاہجہانپور وارد ہوئے اور توطن اختیار کرلیا۔ آپ کے والد منشی احسان علی خاں۔ احسان شاہجہانپور میں پیدا ہوئے اور پرورش پائی۔ منشی احسان جلال لکھنوی کے شاگرد تھے۔ شاہجہانپور اور بیرون شاہجہانپور میں احسان صاحب کے کثیر شاگرد تھے۔ منشی آل نبی ارمان نے اپنے والد سے اکتساب علم کیا اور مدارس میں بھی تعلیم پائی۔ شاعری کا شوق ورثہ میں ملا تھا۔ والد ہی سے مشورہ سخن فرماتے تھے۔ نمونہ کلام جو ۱۸۹۷ء کے گلدستہ 'ارمغاں' سے نقل کیا گیا ہے۔

مورد رنج و بلا ھر دم رہے ۔۔۔ عاشقی میں خاک اچھے ہم رہے
ہم تری الفت میں ہیں ثابت قدم ۔۔۔ اشک کی مانند گر کر جم رہے
تنگلہ میں اب نہیں ہے وہ ہجوم ۔۔۔ کیا تمھارے مرنے والے کم رہے
چل رہی ہے مئے چمن میں اے فلک ۔۔۔ بارش ابر سیہ پیہم رہے

دل میں رہنے دیجئے ارمان کو
کیا ضرورت ہے عدو کا غم رہے

---

# منشی نیاز حسن خاں صاحب بیدل

منشی نیاز حسن خاں صاحب بیدل شاہجہانپوری حضرت احسان علی خاں صاحب احسان اڈیٹر ارمغاں کے شاگرد تھے۔ یہ پرچہ انیسویں صدی کے اواخر میں شاہجہانپور سے نکلا کرتا تھا اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت بیدل یہاں کے قدیم باشندہ تھے۔ باقی حالات کا علم نہیں ہے۔ نمونہ کلام تحریر کیا جاتا ہے۔

فرقت میں غم گسار حسینوں کا غم ہوا ۔۔۔ باعث یہ تھا جو درد مرے دل کا کم ہوا
ساقی بغیر وہ مرے دل کو الم ہوا ۔۔۔ آخر شراب ناب کا پینا قسم ہوا
قاصد سے پوچھتے ہیں وہ شوق وصال پر ۔۔۔ کس طرح اس سے خط میں یہ مضمون رقم ہوا

Marfat.com

پھرتے ہی پھرتے گر پڑے سجدے کے واسطے　　چکر تمھارے قصر کا طوفِ حرم ہوا
بیتاب کر کے چھوڑ گئے قید کی نگاہ　　آنکھیں پھرالیں یار نے یہ کیا ستم ہوا
مجھ کو نہ آئی آگئی ناحق رقیب کو　　اس کا مجھے الم ہے کہ تم کو الم ہوا

حوریں ہی حوریں دیکھ رہا ہوں میں ہر طرف
بیدل جہان ہی مجھے باغِ اِرم ہوا

---

## لالہ منّوں لال ۔ روشن

لالہ منوں لال روشن صاحب شاہجہانپور کے قدیم باشندہ تھے۔ آپ کا شمار شرفاء و روسائے شہر میں تھا اردو فارسی کی استعداد اچھی تھی۔ حضرت احسان علی خاں صاحب احسان شاہجہانپوری کے شاگرد تھے۔ نمونۂ کلام رسالہ 'جلوہ یار' بابت ماہ دسمبر ۱۹۰۹ء سے نقل کیا جاتا ہے جلوۂ یار میرٹھ سے شائع ہوتا تھا اور اس کے مالک و مہتمم جناب شریف خاں آزاد تھے۔

خانۂ دل مرا مٹتا رہا اکثر بن کر　　یوں نہ بگڑا کرے اللہ کوئی گھر بن کر
کار فرمائے نگہ ناوک و خنجر بن کر　　قتلِ عالم کو کریں گے وہ ستمگر بن کر
لذتِ وصل ہوئی خاک کو حاصل پس مرگ　　بوسے لیتا ہوں لبِ یار کے ساغر بن کر
دل لیا دین لیا جان لی ایمان لیا　　خوب لوٹا ہے مجھے آپ نے دلبر بن کر
ہر گھڑی دل کی تڑپ رکھتی ہے بےچین ہمیں　　کس مصیبت میں پھنسے عاشقِ مضطر بن کر
سخت جانی کو مری آپ برا کہتے ہیں　　تیز خنجر کو کرے گی یہی پتھر بن کر
خونِ ناحق کی شہادت یہی دے گا دمِ قتل　　رہ گیا خون مرا تیغ میں جوہر بن کر
کیا غضب ہے کہ جوانی میں بنا تو سفاک　　کاٹ کرنے لگی ابرو تری خنجر بن کر
ہم کو اتنا تو بتلائے فلک خانہ خراب　　کام عاشق کے بگڑ جاتے ہیں کیوں کر بن کر

کیا کریں کس سے کہیں دل کی مصیبت روشن
خوب بدنام ہوئے عاشقِ مضطر بن کر

---

Marfat.com

# منشی مُنّی لال ۔ درس

منشی منّی لال صاحب درسؔ رئیس شہر اور ایک بڑے ٹھیکیدار تھے۔ شہر شاہجہانپور کے قدیمی باشندہ تھے اور آپ کا شمار معززین میں ہوتا تھا۔ اردو فارسی کے علاوہ ہندی۔ سنسکرت اور زبان انگریزی سے بھی بقدر ضرورت واقف تھے۔ اوائل عمری سے شعر و شاعری کا طبیعت میں مزاق تھا ابوالاعجاز منشی احسان علی خاں احسان کے تلامذہ میں شامل تھے۔ آپ کا کلام بطور نمونہ 'جلوۂ یار' میرٹھ بابت ماہ فروری سنہ ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔

چمپا میں موتیئے میں، جوہی میں یاسمن میں — جلوہ ہے اس کا روشن دُنیا کی انجمن میں
انکار کر نہ زاہد جام شراب پی لے — چلتا ہے دور وحدت ساقی کی انجمن میں
غافل نہ اتنا سمجھے کہتا ہے کون انا الحق — گویا زباں ہے کس کی منصور کے دہن میں
سینے میں میرے دل نے سو پیچ و تاب کھائے — بل پڑ گئے جو اس کے گیسوئے پرشکن میں
دونوں سمجھ رہے ہیں جب ایک ذات تیری — جھگڑا پڑا ہوا ہے کیوں شیخ و برہمن میں
فرش زمیں پہ تانا گردوں کا شامیانہ — تجھ سا نہیں ہے کوئی بے مثل اپنے فن میں

کب اس کی قدرتوں میں دم مارنے کی جا ہے
اے درسؔ تو زباں کو خاموش کر دہن میں

---

# پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہت

شاہجہانپور کی مایہ ناز علمی و ادبی شخصیت پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہت سنہ ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے والد محترم کا نام الحاج مولوی عبدالقادر خاں تھا جو ایک عرصے تک مدرسہ عربیہ عین العلم کے مہتمم رہے مورث اعلیٰ الحاج سید محمد وحدت خاں متانی، سادات افاغنہ کے ممتاز بزرگ خواجہ سید محمد متان سے نسلاً مربوط تھے۔ متانی قبیلے کے افراد بانیٔ شہر شاہجہانپور نواب بہادر خاں چغتا کے ہمراہ شاہجہانپور آئے اور یہیں سکونت اختیار کی۔ مغلوں کی سلطنت نے خوانین کو محبوب سمجھا اس لئے الحاج سید محمد وحدت کی نسلیں بھی خان سے ملقب ہوئیں۔

Marfat.com

پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہت کی ابتدائی تعلیم مدرسہ عربیہ عین العلم میں ہوئی۔ یہیں سے آپ نے ۱۶-۱۷ سال کی عمر میں درس نظامی کی تکمیل کی۔ مسلم یونیورسٹی سے ۱۹۵۴ء میں ایم۔اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۲۸ء سے ۱۹۴۶ء تک شعبۂ لسانیات شرقی واسلامی کلچر انجمن اسلام بمبئی کے صدر رہے۔ خرابی صحت کی بناء پر بمبئی کو خیرباد کہا اور ۱۹۴۷ء میں جی ایف کالج میں پروفیسر مقرر ہوئے۔ ۱۹۵۵ء سے جی ایف کالج کے صدر شعبہ فارسی واردو کے عہدے پر فائز ہوئے اور ۱۹۶۷ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ ۴ ر اپریل ۱۹۸۳ء کو اس عالم فانی سے علی گڑھ میں رحلت فرمائی اور شاہجہانپور میں سپرد خاک کئے گئے۔ ان کی ساری زندگی علمی وادبی شغف میں گذری۔ انھیں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی پر یکساں قدرت حاصل تھی۔ شاعری کے علاوہ اسلامیات پر متعدد تحقیقی کتابیں لکھیں جن میں قرآن کی تفسیر بصائرالقرآن، "ابن خلدون کی عظمت" اور "معراج نما" خاص طور پر قابل ذکر ہیں ان کی تصانیف کی تعداد تقریباً ۲۸ ہے۔ فارسی کلام "چمنستان فارسی" کے نام سے شائع ہوا۔ اردو اشعار وقطعات "خضر حیات" کے نام سے منظر عام پر آئے مرحوم کا کلام بامقصد شاعری کی مثال ہے جو زندگی کے مختلف پہلوؤں پر تنقیدی نقطۂ نگاہ کا حامل ہے اس میں عارفانہ، فقیہانہ، حکیمانہ اور مصلحانہ طنز کا انداز ملتا ہے۔ اشعار زیادہ تر قطعات کی شکل میں ہیں۔ ڈاکٹر قمر رئیس، مرحوم عصمت اللہ خاں (کراچی) اور متعدد دوسرے ادیبوں کو ان کی شاگردی کا شرف حاصل رہا ہے۔

نمونۂ کلام از خضر حیات

بزم پسند نوجوانوں کے لئے

دنیا کی ظلمتوں میں برق وشرار بن جا
ویرانہ وچمن میں ابر بہار بن جا
یہ سادہ لوح فطرت پیغام دے رہی ہے
رنگینیوں سے اپنی نقش ونگار بن جا

وقت کی نیرنگیاں سمجھنے کے لئے

وقت کی رفتار ہے شمشیر سے بھی تیز تر
دور ماضی پر جو سوچا، دور مستقبل گیا

Marfat.com

پتیاں شیرازہ گل کی ادھر برہم ہوئیں
اس طرف اک لالہ زار حسن و مستی کھل گیا

اہلِ شاہجہانپور کے مسلم طبقے کے لئے

آج کا شاہجہانپور ہے واللہ عجیب
شیخ و سید ہوں کہ افغان کی نسلوں کے نقیب
امتیاز حق و باطل سے کہاں تک اعراض
اب تو احساس کی شمعیں بھی ہیں بجھنے کے قریب

کج رفتار زمانہ سمجھنے کے لئے۔

ہر گوشہ چمن ہمہ تن شور و شر ہے آج
ہر رشتہ امید قریب نظر ہے آج
اے منزل حیات کے رہرو سنبھل کے چل
ہر گام رہگذار بہت پر خطر ہے آج

سنگ دل محبوبہ

کسی کے خرمن امید پر بجلی گرا دینا
کسی بیکس کی دنیا کو بنا کر یوں مٹا دینا
کسی بیکس کو تڑپانا وفاداری کے پردے میں
دل پر شوق کو وہ رہ کے جھوٹا آسرا دینا
گل ارماں بن کر نامراد آرزو رکھنا
بہار جانفزا میں زہر کے ساغر پلا دینا
کبھی جذبات رنگیں سے سرور زندگی بننا
کبھی بڑھتی ہوئی پینگیں محبت کی گھٹا دینا
بتاؤ تو کہ یہ انداز تم نے کس سے سیکھے ہیں
مسیحا بن کے بیماروں کو پیغام قضا دینا!

Marfat.com

# حضرت مولانا ابوالوفا عارف

حضرت مولانا ابوالوفا عارف ابن مولوی حکیم محمد حسین صاحب ۱۹۰۱ء میں اپنے آبائی وطن قصبہ لہر پور ضلع سیتا پور میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم حسب رواج گھر میں حاصل کر کے مقامی مدرسہ میں داخل ہوئے اور کچھ مدت بعد دارالعلوم دیوبند جاکر اکتساب علم کیا۔ آپ نے بعد فراغت تعلیم قصبہ لہر پور کی سکونت ترک ترک کر کے شاہجہانپور میں توطن اختیار کر لیا اور اسی شہر کے مستقل شہری بن گئے اور یہیں آپ نے ۷ فروری ۱۹۸۰ء کو رحلت فرمائی۔ حضرت مولانا ابوالوفا فاضل علوم دین تھے خاص طور پر حضور اکرمؐ کی سیرت پاک کے ہر گوشہ پر گہری نظر تھی۔ آپ حضورؐ کی زندگی کے جس پہلو پر تقریر فرماتے سیر حاصل تقریر فرماتے۔ برصغیر ہندوپاک میں آپ سے بہتر سیرت نبوی اس قدر گہرائی سے جاننے والے علمائے دین کم ہیں۔ آپ عاشق رسول تھے اور اسی عشق رسول نے آپ کو نعت گوئی کی طرف مائل کیا۔ آپ نے نعت گوئی میں اہم مقام حاصل کر لیا تھا۔ گاہے گاہے غزل بھی موزوں فرماتے تھے مگر غزل میں بھی ایک ایک شعر نعت کا رنگ اختیار کر لیتا تھا۔ حضرت مولانا کی تصنیف میں علم دین پر بہت سی کتابیں ہیں۔ "بادہ عرفاں" آپ کی نعتوں کا انتخاب ہے جس میں چند غزلیں بھی شامل ہیں۔ اس انتخاب کو جناب محمد احمد مئو آئمی اور جناب شمس الضحیٰ صدیقی خلیلی فیض آبادی نے ترتیب دیا ہے۔ اگر یہ انتخاب کلام ترتیب نہ دیا جاتا تو صاحبانِ ذوق ابوالبیان حضرت مولانا ابوالوفا عارف کی ادبی زندگی اور شاعرانہ جوہروں اور صلاحیتوں سے بے خبر رہتے۔ نعت گوئی میں جس قدر بلند آپ کا مرتبہ ہے غزل گوئی میں بھی اسی قدر بلند ہے بطور نمونہ آپ کا کلام درج ذیل کیا جاتا ہے تاکہ قارئین اس عالم دین کی شاعرانہ قوتوں کا اندازہ کر سکیں

### قطعہ

جہاں بیتی بھی آتی ہے جہاں بانی بھی آتی ہے
ہمیں ان سنگ پاروں پر گل افشانی بھی آتی ہے
ہراساں ہونے والے پست ہمت اور ہی ہوں گے
جواں ہمت ہیں ہم کو خندہ پیشانی بھی آتی ہے

### قطعہ

یہ کیا جانیں نوا ہائے نئے و بربط کے مستانے
کہ تلواروں کی جھنکاروں پہ سر دھنتے ہیں دیوانے
تہی دستوں کی ہستی میں سکوں دل کے صائل ہیں
بسا دیتے تھے جو اجڑی ہوئی روحوں کے ویرانے

Marfat.com

## قطعہ

ہم نے سینچا ہے اپنے خوں سے چمن — پتہ پتہ سے آشکارا ہے
نیّت باغباں درست نہیں — ورنہ گلشن پہ حق ہمارا ہے

---

سازِ دل پہ نغمۂ نعت پیمبر گائے جا — عشق کے آتش کدے کو اور بھی گرمائے جا
تجھ کو گزراتی ہے ڈالی بارگاہِ نور میں — لولوئے ناسفتہ چشمِ خونچکاں برسائے جا
ہجر کی تاریک راتیں اس پہ یہ غم کی گھٹا — اپنی کرنوں سے اسے ماہِ مبیں چمکائے جا
جانے والے جا چکے طیبہ کو ہم دیکھا کئے — ائے خوشا ذوقِ طلب تڑپائے جا تڑپائے جا
وائے ناکامی الجھ کر رہ گئے تارِ حیات — سبز گنبد کے مکیں سلجھائے جا سلجھائے جا
تیرا دل اور ان کا غم یہ بھی تو ہے ان کا کرم — ہو مبارک تجھ کو عارفؔ شوق سے غم کھائے جا

## غزل

جنھیں ازل سے محبت کی روشنی نہ ملی — پہنچ کے چاند پہ بھی ان کو چاندنی نہ ملی
وہ بدنصیب جو محروم سوزِ عشق رہا — خدا گواہ اسے حق سے آگہی نہ ملی
جو راہِ عشق میں جان دے نہ سکے — فریبِ زیست ملا اُن کو زندگی نہ ملی
جنوں کو چھوڑ خرد کی رہبری میں چلے — بھٹکتے ہی رہے منزل کی راہ بھی نہ ملی
یہ فصلِ گُل یہ چمن یہ خزاں بدوشِ بہار — کوئی کلی بھی چمن کی مجھے کھلی نہ ملی

الجھ کے رہ گئے دیر و حرم میں وہ جن کو
طریقِ عشق میں عارفؔ کی رہبری نہ ملی

ابوا بیان حضرت مولانا ابوالوفا عارف علمائے دیوبند میں ایک ممتاز مقام رکھتے تھے اور مولانا انور شاہ کشمیری کے تلامذۂ ارشد میں شمار ہوتے تھے۔ آپ ایک بلند رتبہ عالم دین۔ مجاہد آزادی اور جادو بیان خطیب تھے۔ ایک وضع دار۔ صاحبِ اخلاق اور مرنجان مرنج انسان تھے۔ آپ کو تحریر و تقریر میں دسترس حاصل تھی۔ حضرت ابوالوفا عارفؔ کو ممکن ہے لوگ بحیثیت نعت گو اور غزل گو بھلا دیں مگر ان کی مذہبی، تعلیمی اور سیاسی خدمات کو فراموش کر دینا آسان نہیں افسوس کہ ان کی موجودہ نسل میں کوئی بھی ان خوبیوں کا حامل نہیں ہے۔ شاہجہانپور ہمیشہ سے علما و فضلا کا مرکز رہا لیکن اب وہ عالم ہے کہ کسی عالم و فاضل کی صورت بھی نظر نہیں آتی۔ جو دو

Marfat.com

ایک علماء حیات ہیں ان کے رخصت ہونے کے بعد ہر طرف تاریکی نظر آئے گی۔ جائے عبرت ہے

---

## حضرت علامہ اختر علی تلہری

حضرت علامہ کے اجداد دور مغلیہ میں گاسناڈاسنا سے ہجرت کر کے تلہر میں آئے اور یہیں کے ہو رہے۔ آپ کے اجداد کو جو جاگیریں سلاطین مغلیہ نے عطا کی تھیں وہ باغیوں کی اعانت کی پاداش میں ۱۸۵۷ء کے زمانہ غدر میں ضبط کر لی گئیں تھیں۔ علامہ تلہری کے والد ماجد کا نام سید اکبر علی تھا جو ریاست رام نگر کے منیجر تھے۔ سید اکبر علی نے دو شادیاں کی تھیں۔ دونوں ازواج قصبہ شاہ آباد ضلع ہردوئی کی تھیں زوجۂ اوّل سے تین اولادیں تولد ہوئیں۔ علامہ سید اختر علی کی ولادت ۲۱ اپریل ۱۹۰۱ء کو قصبہ تلہر میں ہوئی۔ سید اکبر علی کا انتقال حضرت اختر علی کی اوائل عمری میں ہوگیا اور والدہ بھی بچپن میں چھوڑ کر اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ والدین کے انتقال کے بعد سید اختر علی کی پرورش ان کی پھوپی خورشید بیگم نے کی۔ حضرت علامہ جب سن شعور کو پہنچے تو ان کے عم حقیقی سید اصغر علی ان کو اپنے ساتھ لے گئے۔ سید اصغر علی شاعر تھے اور اصغر تخلص فرماتے تھے۔ سید اصغر علی اپنے بھتیجے کو مجتہد بنانا چاہتے تھے اس لئے ابتدائی تعلیم حسب رواج عربی فارسی سے ہوئی اور ان کا داخلہ مدرسہ اسلامیہ عین العلم میں کرا دیا گیا۔ اساتذہ میں مولوی عبدالغنی سیال کوٹی اور حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ تھے۔ بعدہ ان کا داخلہ مدرسہ عالیہ رام پور میں کرا دیا گیا وہاں مولانا فضل حق اور مولانا ظہور الحسن ظہور الملک سے اکتساب علم کیا۔ رام پور سے فراغت کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے عربی فارسی کی اعلیٰ اسناد حاصل کیں۔ آپ نے مولوی فاضل کا امتحان ۱۹۱۶ء میں پاس کیا تھا۔ منشی فاضل ۱۹۱۸ء میں پاس کیا۔ اسی کے ساتھ ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات بھی پاس کر لیے۔ آپ ۱۹۱۹ء میں عربی فارسی کے استاد ہو کر گورنمنٹ ہائی اسکول للت پور تشریف لے گئے۔ ۱۹۲۰ء میں للت پور سے حمیر پور تبادلہ ہوگیا۔ چار سال بعد ۱۹۲۴ء میں جوبلی کالج لکھنؤ کے لئے تبادلہ کر دیا گیا جہاں اٹھارہ سال تک مسلسل طلباء کو درس دیتے رہے جوبلی کالج سے ۱۹۴۲ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول شاہجہانپور بھیج دیئے گئے۔ ۱۹۴۷ء میں کلکٹر وڈسٹرکٹ مجسٹریٹ شاہجہانپور نے آپ کو تدریسی خدمات کے صلہ میں ایوارڈ عطا کیا۔ شاہجہانپور گورنمنٹ ہائی اسکول سے آپ ۱۹۵۷ء میں ریٹائر ہو گئے۔

Marfat.com

سبکدوشی کے فوراً بعد ہی یو۔پی کے وزیر اعلیٰ شری سمپورنا نند کے زمانے میں جبکہ تاریخ آزادیٔ ہند لکھی جارہی تھی آپ کا تقرر بحیثیت پروجکٹ ریسرچ اسسٹنٹ ہوگیا اور آپ معہ اہل و عیال لکھنؤ منتقل ہوگئے۔ عارضہ چشم میں مبتلا ہوگئے اور مجبوراً تفویض کردہ خدمات سے دستبردار ہوکر لکھنؤ ہی میں مقیم رہے۔

حضرت علامہ تلہری نے دو شادیاں کی تھیں۔ زوجہ اوّل پھوپی زاد بہن تھیں جن کے بطن سے تین اولادیں ہوئیں جن میں سے دو کا انتقال ہوگیا ایک دختر حیات ہیں۔ دوسری زوجہ امجد علی صاحب داروغہ کی دختر سے ہوئی جن کے بطن سے پانچ اولادیں تولد ہوئیں۔ تین اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ دو حیات ہیں۔ یہ دونوں برسر کار ہیں ایک فرزند ڈاکٹر سید آفتاب اختر صدر شعبہ اردو فارسی گاندھی فیض عام کالج شاہجہانپور ہیں اور دوسرے فرزند سہیل اختر میڈیکل ہیلتھ لکھنؤ میں ملازم ہیں۔

حضرت علامہ سدا نزلے کا شکار رہے ساتھ ہی کثرت کار کی وجہ سے دل و دماغ بھی ضعیف ہوتا گیا ۱۹۷۰ء میں آپ پر پہلا قلبی دورہ پڑا جس کے بعد ایک ہاتھ اور ایک پیر سے مفلوج ہو گئے تھے۔ دوسرے سال ۱۹۷۱ء میں پھر قلبی دورہ پڑا جو مہلک ثابت ہوا اور باوجود ہزار سعی و کوشش جانبر نہ ہوسکے ۲۱ر اپریل ۱۹۷۱ء کو صبح پانچ بج کر چالیس منٹ پر روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی حسب وصیت نعش وطن لائی گئی اور اپنے آبائی قبرستان مہندگڑھی میں سپرد خاک کر دی گئی نماز جنازہ سنی و شیعہ دونوں طریقوں سے الگ الگ ادا کی گئی آپ کی میت کے ساتھ سوگواروں کی کثیر تعداد تھی۔ حضرت مولانا علامہ اختر تلہری کے تلامذہ میں جناب حیات اللہ انصاری۔ جناب عبادت بریلوی۔ جناب وقار عظیم۔ پروفیسر نورالحسن سابق وزیر تعلیم حکومت ہند۔ حضرت علی جواد زیدی۔ جناب خورشید حسن سابق اڈیٹر نیا دور۔ ڈاکٹر قمر رئیس پروفیسر دہلی یونیورسٹی جناب حسن ظہیر وغیرہم علاوہ دیگر تلامذہ کے ہیں۔ حضرت مولانا کے مخصوص احباب میں مولانا حامد حسین رام پور پروفیسر عبدالسمیع خاں نکہت مرحوم شاہجہانپوری، سید علی عباس حسینی مرحوم۔ پروفیسر مسعود حسن ادیب مرحوم حکیم صاحب عالم۔ خواجہ اطہر حسین۔ سید علی حیدر کاظمی۔ جناب عندلیب شادانی حضرت اسعد شاہجہانپوری مرحوم حضرت دل شاہجہانپوری مرحوم۔ جناب عرشی رام پوری مرحوم۔ جناب عبدالماجد دریا آبادی مرحوم۔ حضرت جوش ملیح آبادی مرحوم۔ جناب پروفیسر احتشام حسین مرحوم۔ خان بہادر فضل الرحمٰن خاں مرحوم شامل تھے۔ حضرت مولانا نے اپنی حیات میں بہت کچھ لکھا تھا تصانیف میں ابتدائے عظیم شہادت عظمیٰ مذہبی تصورات۔ علوی

Marfat.com

تصورات۔ مولانا مودودی کا اسلامی نظریہ سیاست شعروادب۔ تنقیدی شعور۔ مقالات تلہری۔ رسول کی پاکدامنی خاص اہمیت کی حامل ہیں اس کے علاوہ محاسبے کے نام سے قومی آواز میں ایک سلسلہ جاری کیا تھا جس میں ادبی مباحث ہوا کرتے تھے لوگ مولانا کو ترقی پسند ادب کے خلاف سمجھتے تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر قمر رئیس نے ایک بار مولانا کا انٹرویو لیا جس میں مولانا کے بارے میں قمر رئیس لکھتے ہیں "ان کے بارے میں عام تاثر یہ ہے کہ وہ ترقی پسندی کے مخالف تھے لیکن یہ صحیح نہیں۔ وہ قدامت پسندی سے کوسوں دور تھے ادب، مذہب اور زندگی کے عام مسائل پر ایک واضح روشن اور ترقی پسند نقطہ نگاہ رکھتے تھے، ڈاکٹر قمر رئیس مزید لکھتے ہیں کہ مولانا کی شخصیت اور طبیعت میں عجیب سیمابی کیفیت تھی ہر گھڑی بیچین سے رہتے تھے ایک مفکرانہ گمگشتگی اور اور محویت ان پر طاری رہتی تھی۔"

علامہ اختر علی تلہری کے لاتعداد مضامین ملک کے بہت سے رسائل و جرائد میں بکھرے پڑے ہیں۔ بالتخصیص ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم پر مضامین کا ایک سلسلہ شروع کیا تھا اور ان کے فلسفہ پر اہم مقالات قلمبند کیے تھے اس سے ان کے فکر کی گہرائی اور وسعت علمی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد مولانا کو ان کی زندگی نے پورے جوہر دکھانے کا موقع نہیں دیا ورنہ جس مرتبے کے وہ نکتہ رس ادیب و ماہر لغات تھے ہماری زبان کو ان کی ذات سے بہت فائدہ پہنچا۔

نثر نگاری کے علاوہ علامہ اختر علی تلہری کو شعر موزوں کرنے کا شوق بھی تھا۔ گاہے گاہے شعر کہہ لیا کرتے تھے۔ زندگی میں جس قدر بھی کہا اگر ترتیب دے لیا جائے تو ایک دیوان تیار ہو سکتا ہے۔ مولانا صاحب کے اشعار دیکھ کر قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ شاعری کی طرف توجہ خاص مبذول فرماتے تو ہند و پاک کے صف اول کے اساتذہ میں شمار ہوتا۔ اشعار جو دستیاب ہو سکے بطور نمونہ تحریر کر دیئے ہیں۔

نمونۂ کلام علامہ اختر تلہری

## غزل

ضبط غم کی وہ دیر ہے ہیں داد — اب تو ہوشاد اے دل ناشاد
جس کی خاطر ہیں چمن تھا عزیز — وہ نشیمن بھی ہو گیا برباد
عشق کا نام پھر زباں پر لا — چوم لے پہلے تیشۂ فرہاد
ہر نفس قید نو ہے میرے لئے — یوں نظر آرہا ہوں میں آزاد

Marfat.com

اخترؔ نوحہ گر خبر ہے تجھے
کوئی سُنتا نہیں یہاں فریاد

---

تو نہیں ہے تو بہارِ چمنستاں ہی سہی — میرے محبوب ترے حسن کا عنواں ہی سہی
میرے تاریک جہاں کو تو منور نہ کیا — آپ دُنیا کے لئے نیّرِ تاباں ہی سہی
اہلِ دل کے لئے یہ بھی ہے مداوائے الم — مرہم زخم نہیں ہے تو نمکداں ہی سہی
دل تو گریاں ہے تباہیٔ جہاں پر اپنا — یوں ترے سامنے اے دوست گُلِ خنداں ہی سہی
یہ مرے ذہن کی شوریدہ مزاجی اخترؔ
اپنے ہی رنگ میں رنگتا ہے وہ یزداں ہی سہی

---

جس کی طینت میں خمیرِ درد و غم شامل نہیں — سنگِ خارا ہو مگر پہلو میں اس کے دل نہیں
بیگناہوں کا لہو ہے ان کے چہرے کی بہار — یہ جمالِ لالہ و گُل دید کے قابل نہیں
تو نہیں ہے محرمِ سوز و گدازِ اہلِ عشق — زندگی کا بوالہوس تیری کوئی حاصل نہیں
سبحہ و زنار میں اُلجھا ہوا ہے تیرا ذوق — تو ابھی انسانیت کے رنگ میں کامل نہیں
تجھ کو آیا ہی نہیں موجوں سے آویزش کا کھیل
تو ابھی اخترؔ حریفِ عشرتِ ساحل نہیں

## ذوق کی خامی

---

قطعات

ہے تیرا ذوق ہی کچھ خام ورنہ اے ناداں — بہشتِ گوش و نظر کا کہیں نہیں ساماں
نہیں ضیا تجھے حاصل تو ہے قصورِ نظر — ہیں مہر و مہ تو اسی طرح چرخ پر تاباں
نہیں ہے شوقِ طلب کی فسردگی کا علاج — بھری بہار کے دن اور تو تہی داماں
ہے تیرے بخت کا اک یہ بھی غمزۂ معصوم — زمانہ زمزمہ بر لب ہے اور تو نالاں

---

Marfat.com

# حضرت صدیق حسن اسعد

حضرت اسعد کے دادا مرزا امام بخش صاحب والیٔ اودھ نواب واجد علی شاہ کے دور میں تلنگوں کی فوج میں دفعدار تھے۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں زخمی ہوئے اور صحت پانے کے بعد شاہجہانپور کا رُخ کیا۔ یہاں قلعۂ نواب بہادر خاں بانیٔ شاہجہانپور کے قرب میں بجانب شمال محلہ بکسریاں میں قیام کیا اور پھر مستقلاً سکونت اختیار کرلی۔ حضرت اسعد کے والد ماجد محمد ولی صاحب ریاست اندور میں صوبہ دار کے عہدے پر فوج میں ملازم تھے۔ اسعد صاحب شاہجہانپور میں پیدا ہوئے اور یہیں پرورش پائی و پروان چڑھے۔ حسب رواج قدیم ابتدائی تعلیم گھر ہی میں پائی پھر مدارس علوم مشرقیہ میں داخلہ لے کر فارسی کی تکمیل کی نیز عربی کی تعلیم بقدر ضرورت حاصل کی۔ پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل اور ایس۔ ایل۔ سی کے امتحانات پاس کیے۔ شعر و شاعری کا شوق تعلیم کے دوران ہی پیدا ہو چکا تھا۔ پندرہ سال کی عمر سے شعر کہنے لگے تھے۔ ایک سال بعد داغ کے شاگرد رشید اور شاہجہانپور کے مشہور شاعر و استادِ وقت نواب ناظم علی خاں ہجر سے مشورہ سخن کے لیے ان کے تلامذہ میں شامل ہو گئے لیکن بدنصیبی سے حضرت ہجر ۱۹۱۴ء میں بمبئی کے دوران قیام رحلت فرما گئے اس طرح حضرت اسعد کو جناب ہجر سے استفادے کا زیادہ موقع نصیب نہ ہوسکا۔ جناب ہجر کے انتقال کے بعد آپ نے کسی سے مشورہ سخن نہیں کیا چوں کہ اپنے وجدان سلیم پر بھروسہ تھا رفتہ رفتہ مشق سخن سے فن میں پختگی پیدا ہو گئی۔ ۱۹۱۶ء میں کچہری کلکٹری میں ملازم ہو گئے اور مدت ملازمت پوری کر کے ۱۹۴۶ء میں پنشن پا کر علم و ادب میں مشغول رہنے لگے کہ ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہند کا واقعہ پیش آیا۔ آپ کے صاحبزادے مجسم حنیف احمد اسعدی ہجرت کر گئے۔ ۱۹۴۹ء میں آپ بھی ان سے کراچی میں جا ملے۔ کراچی میں آپ 'بزم غالب' کی شعری ادبی کارروائیوں میں بحیثیت صدر بزم نہایت انہماک سے شامل رہے۔ شعر و شاعری کا شغل جاری رہا۔ آپ کے بہت سے شاگرد پاکستان پہنچ چکے تھے جو آپ سے استفادہ کرتے تھے اور شاہجہانپور کے تلامذہ خاص طور پر غیر مسلم بذریعہ مراسلت مشورہ سخن کرتے رہے۔ آپ کے شاگردوں کی کثیر تعداد تھی۔ اسعد صاحب متین، سنجیدہ اور نہایت خوددار انسان تھے، خلوص و محبت کے زندہ پیکر تھے۔ آپ میں بہت سی خوبیاں تھیں جن کا احاطہ کرنا اس مختصر خاکے میں دشوار ہے۔ آپ شہرت و نام وری سے ہمیشہ دور رہے نام و نمود سے بے نیاز تھے۔ رسائل و اخبارات میں کلام کی اشاعت کو اپنی خودداری کے خلاف سمجھتے تھے۔ مقامی

Marfat.com

مشاعروں اور مخصوص نشستوں کی بات الگ ہے۔ بیرونِ شہر مشاعروں میں شاید ہی کبھی شریک ہوئے ہوں یہی سبب تھا کہ آپ زندگی بھر غیر معروف رہے جس کی انھیں بالکل پرواہ نہیں ہوئی۔ ایک صاحبِ انا اپنی شہرت کے وسیلے تلاش کرے یہ انھیں منظور نہ تھا ورنہ وہ اس مرتبے کے شاعر تھے کہ دنیائے شعر وادب ان کو سر آنکھوں پر بٹھاتی۔ جو صاحبانِ فکر وفن آپ کے مرتبۂ شاعری سے واقف تھے آپ کا انتہائی ادب و احترام کرتے تھے۔ شاہجہانپور میں آپ کی نشستگاہ صبح وشام تلامذہ اور اربابِ ذوق سے بھری رہا کرتی تھی جہاں متانت اور تہذیبی اقدار کا خصوصی خیال رکھا جاتا تھا۔ حضرت اسعدؔ اعتبار الملک حضرت دلؔ جناب اصغر علی خاں اصغرؔ، محمد جمیل احمد خاں کوکبؔ، جناب عبدالسمیع خاں نکہتؔ وغیرہم کے ہم عصر تھے۔ حضرت اسعد کا کلام مذاقِ تازہ اور فکرِ کہن کا حسین امتزاج ہے۔ آپ کا انتخاب کلام 'وجدانِ سلیم' کے نام سے ان کی حیات ہی میں ۱۹۶۲ء میں زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر منظرِ عام پر آ کر اہلِ فن سے خراجِ داد وصول کر چکا تھا۔ حضرت اسعد نے تقریباً ہر صنفِ شاعری میں طبع آزمائی کی تھی جس میں غزل۔ نظم۔ نعت۔ منقبت۔ سلام۔ قصیدہ۔ نوحہ وفات۔ تاریخ۔ تضمین۔ مثلث۔ مخمس۔ مسدس سب ہی اِن کے کلام میں موجود ہے۔ حضرت اسعد کے صاحبزادے، الحاج حنیف احمد اسعدی کا پاکستان کے صاحبِ طرز نعت گویوں میں ممتاز مقام ہے۔ افسوس کہ منشی صدیق حسن اسعد شاہجہانپوری بتاریخ ــــــ ۱۹ء میں کراچی میں رحلت فرما گئے۔

نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیں۔

نقاب الٹی تو عارض اک تراشہ ماہِ کامل کا
نظر پلٹی تو دل جیسے چراغ کشتہ محفل کا

رواں اس بحر میں ہے اب سفینہ حسرتِ دل کا
جہاں ساحل سے درگزرے تصور گم ہے ساحل کا

حریمِ حسن میں ہے سامنا صد گونہ مشکل کا
نظارہ لغزشِ آنکھوں کی محبت سانحہ دل کا

ستارے بھی مکمل سن نہ پائے ماجرا دل کا
اکیلا ہوں کوئی ساتھی نہیں ہے میری منزل کا

مجھے تو رزمگاہ زندگی میں دیکھنا یہ ہے
کہاں تک حدِ محرومی، کہاں تک حوصلہ دل کا

مبارک جذبۂ منصور و عزمِ کوہکن لیکن
بچا کر داغِ رسوائی سے گوشہ دامنِ دل کا

مجھے ڈر ہے نگاہِ ناخدا دھوکا نہ کھا جائے
کہیں پر موجِ طوفاں روپ بھر لیتی ہے ساحل کا

بدشواری قدم اٹھتا ہے راہِ عشق میں اسعدؔ
چلو کچھ شمع سے پوچھیں طریقہ قطعِ منزل کا

---

سجود معتبر سے آسماں کر دی زمیں میں نے
ادھر اُترے مہ و انجم ادھر رکھی جبیں میں نے

وہ کافر خود شکست نخوت و تمکیں پہ حیران ہے
کہ ٹھکرایا تھا دل سا شیشۂ نازک تریں میں نے

بھری محفل میں کون ان شوخیوں کی تاب لائے گا
اٹھائیں اور ان آنکھوں پہ رکھ دی آستیں میں نے

بہت آگے مقام خیر و شر سے ہے مری منزل
معطل کر دئے اپنے کراماً کاتبیں میں نے

چمک اُٹھیں وہ آنکھیں میرے اظہار محبت پر
اچھالی دل کے شیشے سے شراب تہہ نشیں میں نے

حرم کے قافلے کا وہ تھکا ماندہ مسافر ہوں
جلائی ہے ہر اک منزل پہ شمع اولیں میں نے

قرینے چاہئے سیر چمن کے واسطے اسعد
چُنے ہیں پھول کانٹوں سے بچا کر آستیں میں نے

---

رنج و خوشی کے کچھ خار و کچھ گُل دامن میں اپنے دُنیا لئے ہے
آسودگی اک جنت لئے ہے شوریدگی اک صحرا لئے ہے

اے ماہ تاباں تیری شعاعیں جیسے کہ میرے تار گریباں
میں بھی کسی کا سودا لئے ہوں تو بھی کسی کا سودا لئے ہے

سینے میں آہیں کب تک مقید سینے سے ابھریں کچھ کارگر ہوں
ساحل سے باہر جائیں تو جانوں دریا کہ موجیں دریا لئے ہے

زاہد کی دُنیا حسرت کی دنیا کیا کیا تصور باندھے ہیں دل نے
حوروں کی اک صف حد نظر تک ساغر لئے ہے مینا لئے ہے

اس خاکداں میں جو کوئی آیا ارمان و حرماں ہی ہیں گزاری
اک یاد عیش ماضی میں گم ہے اک کچھ امید فردا لئے ہے

صوفی کو دیکھا میکش کو دیکھا شاعر کو دیکھا بت گر کو دیکھا
اک اور دُنیا کاندھوں پہ اپنے دل ماورائے دنیا لئے ہے

زنداں کو اسعد خونباریوں سے رشک گلستاں کرنا پڑے گا
تخئیل کب سے دامن میں اپنے اک لالہ زار صحرا لئے ہے

---

Marfat.com

# حافظ سیّد مختار احمد میاں۔ مختار

حافظ سیّد مختار احمد میاں مختار سید علی صاحب کے خلف اکبر اور شیخ امیر علی ڈپٹی کلکٹر مرحوم رئیس چمکنی گاڑی پورہ کے نواسے اور منشی شیخ رفعت علی رفعت کے حقیقی بھانجے تھے۔ سیّد مختار میاں تارین ٹکلی کے رہنے والے تھے۔ ابتدا میں حافظ فضل احمد فضل سے قرآن مجید حفظ کیا۔ بعدہٗ معمولاً فارسی پڑھی۔ اس زمانے میں شیخ کریم بخش فرقت اور شیخ بہادر علی قاری زندہ تھے شاہجہانپور میں ان دو حضرات کی وجہ سے شعر و شاعری کا چرچا زیادہ رہتا تھا سیّد مختار میاں بھی جلسوں میں جانے اور فضل احمد فضل کی شاگردی سے غزلیں پڑھنے لگے۔ ذہانت اور طباعی کا جوش ہوا سخن فہمی نے ترقی کی جدت اور مضمون آفرینی بڑھنے لگی بلا تکلف شعر موزوں کرنے لگے۔ مشاعروں میں شریک ہوتے اور داد سخن پاتے رہتے مختار میاں نے فضل احمد فضل کے علاوہ حضرت امیر مینائیؒ کی شاگردی بھی اختیار کر لی۔ ۱۹۰۲ء میں ایک اخبار ایڈورڈ گزٹ شاہجہانپور سے جاری کیا جس کی تمام تر ذمہ داریاں خود انجام دیتے تھے۔ تین چار سال اخبار جاری رہا جس سے نثر نویسی میں مہارت پیدا ہو گئی۔ مختار میاں نے اسی دور میں ایک واسوخت کی بنیاد ڈالی جو اپنی طرز کی تھی۔ شاہجہانپور سے ایک رسالہ 'مرقع' نامی نکلتا تھا جس میں یہ واسوخت قسط وار چھپتی رہی۔ آپ شاہجہانپور کے خوش گو شعراء میں شمار ہوتے تھے۔ جماعت احمدیہ میں داخل ہو کر شعر و شاعری قریب قریب ختم کر دی تھی صرف تلامذہ کی رہنمائی فرماتے تھے آپ کے والد سیّد علی بھی میرزا غلام احمد قادیانی سے بیعت تھے۔ حضرت مختار کا زیادہ وقت کتب بینی میں اور مخالفین جماعت کے اعتراضات کی تردید میں گزرتا تھا۔ بعد تقسیم ہند پاکستان ہجرت کر گئے تھے اور وہیں واصل بحق ہوئے۔ آپ کے مشہور شاگردوں میں حکیم حبیب الرحمٰن خاں حبیب اور پیارے میاں رشید تھے۔

نمونۂ کلام

دلکش بھی ہے ان کی یہ ادا ہوش ربا بھی — باتوں میں جو شوخی ہے تو آنکھوں میں حیا بھی
میں نے جو کہا آج نہیں دل کا پتا بھی — وہ شوخ یہ بے ساختہ بولا کبھی تھا بھی
گو ہم ہیں محبت کی بدولت ہمہ تن درد — لیکن ہمیں اس درد میں حاصل ہے مزا بھی
مختار خدا کے لئے اس بت کو نہ چاہو — کیا کہتی ہے مخلوق تمھیں تم نے سنا بھی

Marfat.com

داغِ عشقِ رخ دلدار جو چمکا دل میں
ہم یہ سمجھے اتر آیا کوئی تارا دل میں
سن کے افسردگئ دل کی شکایت یہ کہا
آپ رکھ لیجیے اک آگ کا شعلہ دل میں
ان سے آنے کو جو پوچھا تو کہا شرماکر
دیکھو آئیں گے کسی روز جو آیا دل میں

---

یوں چاہنے والے ترے ایجان بہت ہیں
کچھ ہم تری الفت میں پریشاں بہت ہیں
جب تک انھیں دیکھا نہ تھا سمجھاتے تھے ہم کو
اب حضرت ناصح بھی پریشاں بہت ہیں

---

دیکھا ہے جب سے رنگ تری جلوہ گاہ کا
عالم بدل گیا ہے ہماری نگاہ کا
بولے وہ ناز سے مجھے دیکھا جو اشکبار
اے شخص کیوں تو نام ڈبوتا ہے چاہ کا

---

ہوئے ہم خاک جن کی دوستی میں
وہ رکھتے ہیں کدورت ہم سے جی میں
نہیں ہوتا ہے یہ حسن آدمی میں
اگر دیکھا تو ہم نے آپ ہی میں
نہ ملتے ہائے ہم اس بت سے مختار
رہے گی حشر تک حسرت یہ جی میں

---

جو چال دل کو پیس نہ ڈالے وہ چال کیا
آنکھوں ہی میں جو گھر نہ کرے وہ جمال کیا
گردوں سے بھی بلند سر افتخار ہے
اترا رہے ہیں آج ترے پائمال کیا

---

## بابو طفیل احمد نامی

بابو طفیل احمد صاحب کے والد کا نام محمد ولی تھا جو ریاست اندور میں فوج میں دفعدار تھے۔ نامی صاحب کی ولادت شاہجہانپور میں ہوئی اور یہیں تعلیم و تربیت پائی۔ آپ کا پیشہ ملازمت تھا۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان ہجرت کر گئے۔ شعر و شاعری کا شوق تھا اپنے بڑے بھائی جناب صدیق حسن اسعد شاہجہانپوری سے مشورۂ سخن کرتے تھے۔ نمونۂ کلام سے مشق سخن کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

خوگر عیش نہ تھا غم سے خبردار نہ تھا — وہ بھی کیا دن تھے کہ دنیا سے سروکار نہ تھا
دے کے دل ہو گئی آخر کو حقیقت معلوم — جس کو بیکار سمجھتے تھے وہ بے کار نہ تھا
بڑھ کے رحمت نے لیا عرصۂ محشر میں مجھے — رشک کیا کیا اسے آیا جو گنہگار نہ تھا
عیش بے شائبۂ رنج نہیں اے نامیؔ — کبھی دامن میں کسی کے گل بے خار نہ تھا

---

ہمیں کہنا پڑے گا ہم تمھیں قاتل سمجھتے ہیں — حساب دوستاں در دل بہت مشکل سمجھتے ہیں
جسے دم بھر نہ دیں فرصت تری نظریں ترے ناوک — اسی صید رسیدہ کو ہم اپنا دل سمجھتے ہیں
بہت دشوار ہے ترک محبت ناصح ناداں — اسے ہم جذبۂ بے اختیار دل سمجھتے ہیں
نہ دیکھا اک نظر ایسی بھی خنجر کی صفائی کیا — اسے آئینہ بے مہری قاتل سمجھتے ہیں
وہ چشم نازنیں زحمت اٹھائے تیر و پیکاں کی — تری قسمت کو اے دل رشک کے قابل سمجھتے ہیں
محبت کی یہ قدر و منزلت اب رہ گئی نامیؔ — مجھی کو عقل کے دشمن عدوے دل سمجھتے ہیں

---

نہ آیا زندگی میں رحم جب حال پریشاں پر — وہ بہر فاتحہ آئیں گے کیوں گور غریباں پر
یہ اس ظالم نے تجدید محبت کی بنا ڈالی — مجھے کیوں یاس ہو آخر شکست عہد و پیماں پر
مرے جوش جنوں کو دیکھ کر دامن بچاتے ہیں — انھیں قابو ہے دامن پر مجھے اپنے گریباں پر
امید چارہ فرمائی تو اے ہمدم بڑی شئے ہے — نمک پاشی بھی وہ کرتے نہیں اب زخم پنہاں پر
جگہ شق ہے گریباں چاک جیب و آستیں پرزے
شباب آیا ہے اے نامیؔ جنون فتنہ ساماں پر

---

## محفوظ علی۔ محفوظؔ

محفوظ علی صاحب محفوظؔ خلف منشی مصطفےٰ علی بن مولوی حاجی قاسم علی قادری ساکن محلہ محمد زئی کی ولادت سنہ ۱۹۰۲ء میں ہوئی۔ حسب رواج قدیم اردو۔ فارسی اور عربی کی تعلیم گھر پر حاصل کی۔ اسکول میں انگریزی پڑھی۔ مختلف دفتروں میں بطور اسٹینو ٹائپسٹ ملازم رہے۔ ایک حادثہ کا شکار ہو کر

Marfat.com

معذور ہوگئے اب پنشن پا رہے ہیں۔ شعر وشاعری کا شوق اوائل عمر سے ہے۔ سوائے مرثیہ کے تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی کی۔ سید ارشاد حسین عرف پیارے میاں رشید کے حلقہ تلامذہ میں داخل تھے۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

وصال یار سے تقدیر آشنا نہ کرے — جو داغ ہجر کا دینے کو ہو وفا نہ کرے
نظارۂ رُخِ گل جنت نگاہ سہی — خزاں نصیب مگر یہ معاملہ نہ کرے

---

یاس کو آس نہ ہوتا ہے مگر کر دیکھیں — شوق دیدار کے پھر جلتے ہوئے پر دیکھیں
دل میں نا سوختہ پروانوں کی خاطر محفوظ — آؤ پھر شمع تمنا کو جلا کر دیکھیں

---

عمل سے ہے زندگی عبارت عمل ہے انسانیت کا جوہر — جمود ہو جس میں ہے وہ پتھر سنوارے کتنا ہی دست آذر
عمل ہی ملبوس روح ہوگا قبا عناصر کی جب نہ ہوگی — بھلائیاں برگ گل بنیں گی برائیاں ہوں گی خار و اخگر

---

جو مسکرا کے ذرا سر جھکا دیا تو نے — کلی کلی کو چمن میں کھلا دیا تو نے
دبی دبی سی ہنسی میں وہ دلنواز کھنک — کہ جیسے شیشے سے ساغر لڑا دیا تو نے
اداس شام کے رُخ پر فروغِ عارض سے — شفق کا غازۂ گلگوں لگا دیا تو نے

---

## محمد جمیل احمد خاں کوکب

حضرت کوکب کے والد ماجد کا نام محمد طفیل احمد خاں تھا۔ آپ ۲۹ ر شعبان ۱۳۲۱ھ مطابق ۲۰ ر نومبر ۱۹۰۳ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم گھر ہی پر حاصل کی۔ مدارس علوم مشرقیہ میں فارسی اور عربی پڑھی مگر زبان انگریزی کے سند یافتہ نہ تھے تاہم اس میں از خود اس قدر استعداد پیدا کر لی تھی کہ شہرۂ آفاق ناول نگار امریکی خاتون 'پرل بک' کے مشہور ناول "ڈریگن سیڈ" کا ترجمہ نہایت دلکش زبان میں کیا تھا اور جس پر اصل ہونے کا دھوکا ہوتا ہے۔ آپ میونسپل بورڈ شاہجہاں پور میں پیش کار تھے اور اسی عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ طبیعت سنجیدہ تھی اور وہ نہایت خود دار انسان تھے۔ اوائل عمر ہی سے

Marfat.com

شعر و شاعری کا شوق تھا۔ علامہ سید مختار احمد میاں مختار تلمیذ حضرت امیر مینائیؒ سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ آپ نے غزلوں کے علاوہ مختلف موضوعات پر نیز بچوں کے لئے بڑی کامیاب نظمیں لکھیں۔ ہندوستان کا شاید ہی کوئی موقر جریدہ ہو جس میں آپ کا کلام شائع نہ ہوا ہو۔ آپ کا کلام ریڈیو سے بھی نشر ہوتا رہا۔ شاہجہانپور میں ہی نہیں بیرونجات میں آپ کے کثیر شاگرد ہیں۔ حضرت کوکب نے بتاریخ ۱۹ء کو سفر آخرت کیا۔ دنیائے ادب میں ان کی کمی مدت تک محسوس کی جائے گی۔ حضرت کوکب کیسے شاعر تھے اس سلسلے میں ملک کے چوٹی کے فنکاروں اور ادیبوں کی رائے ہی کافی ہے۔ ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے حضرت کوکب کے کلام میں بارہ خوبیاں پائی ہیں۔ غزل کے مسلمہ تنوعات کو برقرار رکھتے ہوئے مضامین کی ہم آہنگی۔ تغزل کی شائستگی اور پاکیزگی۔ اسلوب بیان کی دلکش و موثر گداختگی و طرفگی۔ احترام حسن کے ساتھ ساتھ خودداریٔ عشق۔ نشاط غم اور والہانہ دردمندی، صحت زبان و پختگیٔ فن۔ بدائع و صنائع کی ندرت اور بے ساختگی، چونکا دینے والے قوافی کا استعمال، ایک ردیف سے متعدد معنی کا اظہار، معمولی الفاظ سے غیر معمولی استفادہ مقطعوں کی اہمیت جن میں تخلص محض پہچان کے لیے نہیں استعمال کیا گیا بلکہ اس سے ان کی شخصیت، خود احتسابی یا مطمح نظر کا کوئی نہ کوئی پہلو اُجاگر ہوتا ہے استادی ڈاکٹر سید احتشام حسین رضوی مرحوم کا حضرت کوکب کی شاعری پر تجزیہ ڈاکٹر زور کی بیان کردہ خصوصیات کی تائید کرتا ہے۔ احتشام صاحب فرماتے ہیں کہ کوکب شاہجہانپوری کی غزلوں میں پختگی کے ساتھ تاثیر کا احساس بھی ہوتا ہے۔ اشعار تازگی کا احساس دلاتے ہیں اور سدا بہار ہونے کا یقین پیدا کرتے ہیں۔ کوکب شاہجہانپوری نے اپنی نظم گوئی کو وطنی، قومی، سیاسی اور عاشقانہ مسائل کے ان مجموعی پہلوؤں کا ترجمان بنایا ہے جس سے ہندوستان کے شاعر اجتماعی اور انفرادی طور پر متاثر ہوتے رہے ہیں انھوں نے اپنی عام نظموں میں زبان و بیان کی مشکل پسندی اور شاعرانہ اہتمام سے گریز نہیں کیا ہے لیکن بچوں کے لئے لکھتے ہوئے ان کی نفسیات اور شعور کی سطح کے پیش نظر آسان اور سادہ زبان اختیار کی ہے یہ بات بھی قدرت بیان ہی سے حاصل ہوتی ہے۔ آفتاب احمد صاحب جوہر بدایونی کی رائے ہیں کوکب صاحب ایک پختہ مشق قادر الکلام شاعر (تھے) اور فارسی و عربی میں کافی دستگاہ رکھنے کے ساتھ وہ قواعد فن اور عروض پر بھی کامل عبور رکھتے (تھے) برادرم اشرف علی خاں ایم۔ اے شاہجہانپوری ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ و حال سکریٹری جامعہ اردو علی گڑھ رقم طراز ہیں کہ کوکب صاحب کے اشعار میں گہری تاثیر ہر شعر واقعیت و حقیقت پرست صالح دماغ اور زخم خوردہ و خوددار دل کی مشترک زہرہ گداز کیفیتوں کا کرشمہ معلوم ہوتا ہے اور

Marfat.com

مرحوم فراق گورکھپوری نے فرمایا تھا کہ جناب کوکب شاہجہانپوری ایک پختہ کار شاعر ہیں ان کا کلام ایک حساس دماغ ایک پر جدت طبیعت اور ایک درد مند دل کی نشان دہی کرتا ہے ہندو پاک میں ایسے چابک دست شاعر بہت تھوڑی تعداد میں ملیں گے۔ اساذی جناب نورالحسن ہاشمی سابق صدر شعبۂ اردو لکھنؤ یونیورسٹی کی نظر میں حضرت کوکب ایک کہنہ مشق شاعر (تھے) ان کا شمار ان شعراء میں کیا جاسکتا ہے جو شعر کی فنی خوبیوں سے بخوبی واقف ہوتے ہیں ان کو بحور و اوزان پر بھی دسترس حاصل تھی)۔ یہ تھے حضرت کوکب شاہجہانپوری۔

نمونۂ کلام۔

## غزل

ہر جگہ ہر دم حضوری کا مزہ پاتا ہوں میں — وہ مرے ہمراہ رہتے ہیں جہاں جاتا ہوں میں
ایک دم کو بھی اگر کچھ آپ میں آتا ہوں میں — اپنا عالم دیکھ کر پھر محو ہو جاتا ہوں میں
ہائے وہ یک لحظہ منظر، اُف وہ اک رقص شرر — جب بشکل آرزو خود سامنے آتا ہوں میں
درد بن بن کر اٹھا کرتی ہے دل میں جس کی یاد — نام لے لے کر اسی کا دل کو بہلاتا ہوں میں
اللہ اللہ عشق کی یہ سادگی بے چارگی — آپ ہوتا ہوں خفا اور آپ من جاتا ہوں میں
کس کی حسرت سے مری ناکامیاں ہیں ہمکنار — کس کی مرضی ہے کہ ہر راحت کو ٹھکراتا ہوں میں

ہمنفس ہے کون اے کوکبؔ یہ ہے کس کا جمال
اک فضائے حسن میں اڑتا چلا جاتا ہوں میں

## غزل

یہ ڈھنگ چاہئے روداد غم سنانے کا — کہ سرگزشت میں انداز ہو فسانے کا
نشاط غم ہی تو اس زندگی کا حاصل ہے — اگر ہو دل میں سلیقہ یہ لطف پانے کا
مرا لہو ہے نگار حیات کی مہندی — مجھے دماغ کہاں اشک خوں بہانے کا
قفس میں جلوۂ گل کا بھی اہتمام سہی — مگر وہ عالم آزاد آشیانے کا
مری نظر میں ہے ایک ایک اسیر کی زنجیر — مجھے ملا ہے ام سارے قیدخانے کا

سمند عمر تو کچھ سست رو نہ تھا کوکبؔ
کہ برق غم نے کیا کام تازیانے کا

Marfat.com

متفرق اشعار:-

بے تاب کر دیا نگہہ دل گداز نے
آنسو نکل پڑے انھیں غم خوار دیکھ کر

کوکبؔ کہاں سے لاؤں تحمل کا حوصلہ
وہ دل دہی کریں مجھے ناچار دیکھ کر

عجیب طرح گزرتی ہے زندگی میری
نہ اضطراب کا عالم نہ رنگ صبر و قرار

میں بھی محروم نہیں میکدۂ ہستی میں
حسرت و درد سے معمور ہے غم خانۂ دل

دل سی نازک چیز اور دنیا کی سنگین سختیاں
آچکے ہیں تنگ اپنے جوہر قابل سے ہم

مسکراتے ہوئے آنسو مست نم آہیں
میری دنیا بھی ہے طرفہ تری دنیا کی قسم

ہائے کیا پھول ہے وہ گل اندام
یاسمن کی مہک گلاب کا رنگ

دیکھ کر ان کے ضبط کا عالم
اڑگیا میرے اضطراب کا رنگ

---

# مولوی انوار احمد انوارؔ

انوار احمد نام انوار تخلص والد ماجد کا نام مولوی محمد سلامت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ساکن محلہ سنزئی شاہجہانپور پیدائش ۱۹۰۸ء۔ تعلیم عربی۔ فارسی۔ اردو اور بقدر ضرورت انگریزی۔ منشی کامل۔ مولوی وغیرہ امتحانات الہ آباد یونیورسٹی سے پاس کئے۔ اکتساب علم حضرت مولانا حافظ نعمت اللہ۔ حضرت مولانا سید سلطان حسن میاں۔ حضرت مولانا عبداللہ خاں۔ حضرت مولانا ظہور احمد فاضل دیو بند اور حضرت مولانا سخاوت اللہ خاں سے کیا۔ مولانا انوار احمد صاحب کا سلسلۂ نسب حضرت شیخ جمال یمنی رحمۃ اللہ علیہ سے وابستہ ہے۔ شاعری کا آغاز ۱۹۳۵ء سے ہوا۔ شہر کے مشہور و معروف قادر الکلام استاد حضرت مولانا محمد صدیق حسن اسعد شاہجہانپوری سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ مشورۂ سخن کا سلسلہ ۱۹۶۲ء تک جاری رہا۔ صنف شاعری میں غزل سے خاص نسبت ہے یوں دیگر اصناف میں بھی طبع آزمائی کی ہے۔ ابتدائی شاعری کا سرمایہ ایک حادثہ میں جل کر راکھ ہو گیا۔ آپ کی زندگی درس و تدریس میں گزری۔ آج بھی شینہ مدرسہ الٰہیہ کے مہتمم کی حیثیت سے دینی و علمی خدمات میں مصروف رہتے ہیں۔ حضرت مولانا کفایت اللہ مفتی اعظم ہند آپ کے عم حقیقی تھے۔ اہل علم و ادب آپ کو قدر و منزلت کی نظر سے دیکھتے ہیں

Marfat.com

حضرت مولانا انوار صاحب نہایت منکسر المزاج۔ مرنجاں فرنج اور نیک سیرت انسان ہیں۔ آپ کے حلقہ تلامذہ میں آپ کے دو صاحبزادے جناب اثر شاہجہانپوری اور واصف شاہجہانپوری بھی ہیں۔ دونوں صاحبزادے علمی اور ادبی دنیا میں معروف ہیں۔

بطور نمونہ چند غزلیں قارئین کے پیش نظر ہیں۔

جبین عجز و نیاز سے ہم وہ آج سجدے ادا کریں گے
نظر جھکا کر کہے گا کوئی ہم اپنے وعدے وفا کریں گے
مزہ تو جب ہے کہ چارہ ساز و تمھیں بھی ہو چارہ گر کی حاجت
اگر یہی درد کا ہے عالم تمھیں بھی درد آشنا کریں گے
زمیں کو لرزہ فلک کو جنبش نظام برہم نہ جانے کیا ہو
شکستہ دل جب سکوت شب میں تڑپ تڑپ کر دعا کریں گے
کبھی نشیمن پہ برق چمکی کبھی بلائیں کبھی حوادث
چمن میں ہے بود و باش جب تک یونہی یہ فتنے اٹھا کریں گے
ابھی تو رعب جمال سے ہم زباں بریدہ سے ہو رہے ہیں
دیا سہارا جو ہمتوں نے تو ان سے کچھ التجا کریں گے
حرم مکاں ہے حرم سے مطلب تمھاری منزل تو لامکاں ہے
جدھر کو دیکھیں گے رُخ تمھارا ادھر ہی سجدہ ادا کریں گے
عجب ہے انوارؔ اپنا عالم کہ ہوش رخصت حواس ہیں گم
ابھی تو جلوے حجاب میں ہیں حجاب اٹھے گا تو کیا کریں گے

تصور ہائے رنگیں میں ہم ایسے کھو گئے دل سے
کہ اکثر بڑھ گئے جوشِ طلب میں حد منزل سے
سفینہ زندگی کا ہے فنا کے تیز دھارے ہیں
عیاں ہوتا رہا شب بھر گداز شمع محفل سے
جو ہر دم موج طوفاں خیز کے دامن میں رہتی تھی
وہ کشتی ڈوبتی ہے اب گلے مل مل کے ساحل سے
بایں انداز جی بے چین ہوتا ہے دم رخصت
بچھڑ جاتی ہیں موجیں جس طرح ٹکرا کے ساحل سے
ازل سے ایک خرمن بجلیوں کا دل میں پنہاں تھا
جلا کر رکھ دیا ہر ماسوا کو سوزش دل سے
وفور یاس میں انوارؔ گذری زندگی اپنی
ازل سے حسن کی فطرت کو استغنا رہا دل سے

Marfat.com

# بابو جگدیش سہائے سکسینہ

بابو جگدیش سہائے کے والد کا نام بابو ہری ہر سہائے پیشہ ملازمت تھا۔ اصلی وطن فرخ آباد تھا۔ آپ کے دادا بسلسلۂ ملازمت شاہجہانپور آئے اور توطن اختیار کر لیا۔ بابو جگدیش سہائے ۴ مارچ ۱۹۰۴ء میں یہیں پیدا ہوئے۔ بزمانہ بچپن گھر پر ہی ایک مولوی سے اردو فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ گورنمنٹ ہائی اسکول سے ۱۹۲۲ء میں ایس۔ ایل۔ سی کی سند حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ کے لئے کرسچین کالج لکھنؤ میں داخلہ لیا مگر طبیعت نہ لگی الہ آباد جاکر کایستھ پاٹھ شالے سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا اور الہ آباد یونیورسٹی سے ۱۹۲۶ء میں بی۔ اے، ۱۹۲۸ء میں ایل۔ ایل۔ بی کے امتحانات پاس کئے۔ شعر و شاعری کا شوق بزمانہ اسکول پیدا ہوا اور الہ آباد یونیورسٹی میں پروان چڑھا کایستھ پاٹھ شالہ میں آپ کے فارسی کے استاد منشی گنیش لال ماتھر عربی (ایم۔ اے) اور فارسی (ایم۔ اے) تھے۔ ان کو فارسی میں فضیلت حاصل تھی۔ منشی گنیش لال ماتھر نے بابو جگدیش سہائے کا رجحان غزل کے بجائے نظم کی جانب زیادہ دیکھ کر مشورہ دیا کہ وہ نظم کہنے کی مشق کریں اور یہی ان کے لئے کھلا ہوا میدان ہے۔ بابو جی نے نظم کی طرف توجہ خاص دینے سے قبل سرور جہاں آبادی، چکبست لکھنوی اور علامہ اقبال کے اردو فارسی کلام کا بغور مطالعہ کیا اور اپنی دو ایک نظمیں منشی دیا نرائن نگم اڈیٹر 'زمانہ' کانپور کو بھیجیں جنھوں نے پسند کر کے شائع کر دیں۔ الہ آباد سے بعد تکمیل تعلیم آپ شاہجہانپور آ گئے اور وکالت شروع کر دی شاہجہانپور میں شعر و شاعری کا زور تھا یہاں کے شعراء نے آپ کی ہمت افزائی فرمائی۔ آپ یہاں کے آئے دن کے جلسوں میں بپابندی شریک ہوتے رہے جس سے آپ کو مشق کا موقع ملا اور کلام میں نکھار پیدا ہو گیا مشاعروں میں بجائے غزل آپ ہمیشہ نظمیں پیش کرتے تھے۔ آپ کی نظمیں ملک کے بہت سے جرائد و رسالوں میں شائع ہوتی رہیں۔ آپ کا فارسی کلام بھی بہت ہے ۱۹۸۲ء کے اواخر میں آپ رحلت فرما گئے۔ رحلت سے قبل حضرت حافظ رحمت اللہ علیہ کے رنگ میں غزلیں موزوں فرما رہے تھے۔ نظموں کا ایک مجموعہ طبع ہو چکا تھا جس پر اتر پردیش اردو اکاڈمی نے گرانقدر انعام سے نوازا تھا۔ آپ کو اس بات کا انتہائی صدمہ تھا کہ ان کے بچے اردو فارسی جیسی بیش بہا، خوبصورت اور مہذب زبان سے نابلد ہیں اور ان میں سے کوئی بھی اردو داں نہیں ہے۔ بابو جگدیش سہائے نہایت سادہ مزاج۔ سادہ دل خوش مزاج، منکسر، خوش اخلاق انسان تھے۔ جس سے ملتے جھک کر

Marfat.com

ملتے۔ کسر نفسی کا یہ عالم تھا کہ ہمیشہ خود کو بے علم سمجھا۔ وکالت کے پیشے میں کامیاب تھے آخری عمر میں ریٹائر ہونے کے باوجود کچہری محض اس لئے آتے تھے کہ اپنے شاگردوں اور نوآموز وکلاء کو قانونی اعانت دیتے رہیں اور مشوروں سے نوازتے رہیں۔ بابو جگدیش سہائے نہایت قابل احترام ہستی تھے۔ جس قدر وکلاء ان کی عزت کرتے تھے اس سے کہیں زیادہ اصحاب فکر وفن اور شاعر وادیب احترام کرتے تھے۔ بابو جگدیش سہائے کی موت سے دنیائے شعروشاعری میں ایک ایسا خلا رپیدا ہو گیا ہے جس کو پر نہیں کیا جا سکتا۔ بطور نمونہ آپ کی چند غزلیں اور نظمیں درج کی جاتی ہیں جس سے ان کی قادرالکلامی ظاہر ہوتی ہے۔

جناب جگدیش سہائے کے انتخاب کلام "آب ورنگ" کا پیش لفظ حضرت عرش ملسیانی نے تحریر فرمایا ہے لکھتے ہیں "بابو جگدیش سہائے سکسینہ نظم نگار شاعر ہیں اور وہ بھی فطرت پر آپ کی نظمیں شاہ کار ہیں۔ آپ کا اشہب قلم دوسرے میدان میں بھی یکہ تازی کرتا ہے۔ آپ نے سماجی، اصلاحی اور ملکی نظمیں بھی کہی ہیں۔ غزلیں کم کہی ہیں لیکن اس خیال سے کہ پرانے لوگ اس شاعر کو جو غزل نہ کہے ٹکسال باہر، قرار دیتے تھے آپ نے غزل میں بھی جوہر دکھایا ہے ان غزلوں میں بھی آپ کو جگہ جگہ انسان دوستی اور اخوت پر مشتمل مضامین شعر اکثر ملیں گے۔"

نمونہ کلام

## گلِ پژمردہ

تجلیاں تھیں سحر کی بہار کے دن تھے　　جوانیٔ گل وعشق ہزار کے دن تھے
نظر نواز تماشائے بزم قدرت تھا　　چمن لطافت وخوبی میں رشک جنت تھا
سرور بخش تھی موج نسیم عنبر بو　　شباب وحسن کی تھی جلوہ گستری ہر سو
مئے بہار سے رنگیں گلوں کے دامن تھے　　ترانہ ہائے عنادل نشاط آور تھے
روش روش پہ چمن کی تھا اہتمام نشاط　　مئے تھا ہاتھ میں گلبن ہزار جام نشاط
نہال جھوم رہے تھے وفور مستی سے　　کہ بے خبر تھے مآل بہار ہستی سے

(۲)

میں اک روش پہ چمن کی تھا محو نظارہ　　نگاہ شوق تھی مثل نسیم آوارہ
چلا جو دوسری جانب خوشی سے اترا کر　　تو زیر سایۂ گلبن ٹھٹھک گیا جا کر
پڑا ہوا تھا وہاں اک گل خزاں دیدہ　　جفائے چرخ کے ہاتھوں ملول ورنجیدہ

Marfat.com

کہا یہ جذبۂ عشرت نے قلب سوزاں سے — کہ دور پھینکیے اس پھول کو گلستاں سے
نشاط سیر چمن کو یہ خوں رُلاتا ہے — کہ فصل گُل میں خزاں کا سماں دکھاتا ہے
فسردہ دل بھی کہیں انجمن کے قابل ہے — جو ہنس رہا ہے وہی گل چمن کے قابل ہے

(۳)

اٹھایا پھول کو میں نے جو بادل رنجور — لبوں سے اس کے یہ آئی صدا کہ او مغرور
زباں حال سے کچھ کہہ رہا ہوں کہنے دے — پڑا ہوا مجھے خاک چمن پہ رہنے دے
میں بے رُخی کا گلہ کیا کروں عنا دل سے — کہ شاخ گُل نے بھی مجھ کو بھلا دیا دل سے
کبھی نسیم ادھر کو جو آ نکلتی ہے — تو میری خاک سے دامن بچا کے چلتی ہے
ترے سلوک نے دل کی خلش فزوں کر دی — کہ شاعروں سے تھی مجھ کو امید ہمدردی
وہی رموز بہار و خزاں سمجھتے ہیں — کہ داغ دل کو گل بوستاں سمجھتے ہیں
بہار میں جو خزاں کا سماں دکھاتا ہوں — نظر فریبی، سرو و سمن بڑھاتا ہوں
یہ کہہ رہا ہوں کہ فانی بہار عالم ہے — اٹھو اٹھو کہ یہاں فرصت نظر کم ہے
یہی خیال کہ فصل بہار گزراں ہے — جہاں میں قدر فزائے گُل و گلستاں ہے
اگر خزاں کا نہ اس باغ میں گزر ہوتا — تو حسن گل بھی نہ دامن کش نظر ہوتا
گراں بہا ہے مری خاک رازداں کے لئے — بنے گی غازہ یہ رخسار بوستاں کے لئے

اب ایک مشاہدے اور احساس سے بھرپور نظم "چاندنی رات"، ملاحظہ فرمایئے۔

چاندنی رات ہے چلتی ہے دبے پاؤں ہوا
چومتی یوں ہے درختوں کو، نہیں شور ذرا
راگنی ایسی خموشی ہی میں دیتی ہے مزا
ساز الفت پہ کوئی نغمۂ دلکش گاؤ

وہ دلآویز ترانہ جو کنار جمنا
بانسری لے کے کنہیا نے کبھی گایا تھا
جس کی ہر تان تھی رادھا کے لئے ہوشربا
ہاں وہی راگ ذرا گا کے مجھے تڑپاؤ
تم جو ملتے ہو تو دل سے نہیں ملتے ہو کبھی

Marfat.com

ایسے ملنے سے تو اے دوست جدائی اچھی
آج تک کھل نہ سکی آہ مرے دل کی کلی

مسکرا کر اسے اک بار کھلاتے جاؤ

ایک دن آئے گا جب ہوگی نہ دھن جینے کی
سرد ہو جائے گی یہ آگ مرے سینے کی
بھر کے دو جام کے حسرت ہے ابھی پینے کی

کہیں ایسا نہ ہو اے دوست کہ پھر پچھتاؤ

آج اس طرح سے گاؤ کہ ستارے ناچیں
حسرتیں دل میں جو سوتی ہیں یکایک جاگیں
اور جب نیند سے بوجھل ہوں تمہاری آنکھیں

لے کے انگڑائی یہ کہنا کہ بس اب سو جاؤ

غزل کے اشعار

کبھی مٹ کر نہ فنا حسرت و ارماں ہوں گے
بن کے داغ دل مایوس نمایاں ہوں گے

داغہائے دل سوزاں کو میں رکھتا ہوں عزیز
یہی اک روز ایاغ مئے عرفاں ہوں گے

میری الفت نے بڑھایا ہے ترا حسن و جمال
مہ جبیں اب تجھے دیکھیں گے تو حیراں ہوں گے

سایۂ زلف پریشاں جو سمجھتے ہیں تجھے
وہ ترے شکر گزار ائے شب ہجراں ہوں گے

شکوۂ جور پر اے دوست نہ ہو شرمندہ
تو جو پچھتائے گا ہم اور پشیماں ہوں گے

راس آئے گا انھیں کو یہ جنون الفت
جو گل تر کی طرح چاک گریباں ہوں گے

دیکھ کر شیخ و برہمن کی عداوت یارب
سوچتا ہوں کبھی انسان بھی انساں ہوں گے

دو بہاروں کو نہ دعوت کہ اسیران قفس
آمد فصل بہاری سے پریشاں ہوں گے

---

## منشی محمود حسن۔ زار

منشی محمود حسن نام زار تخلص۔ شاہجہانپور کے قدیمی باشندہ تھے۔ ان کے ہم عصر شعراء جناب

Marfat.com

اسعد شاہجہانپوری جناب احمد حسین صاحب شوق۔ فیض الحسن فیضی وغیرہ تھے۔ آپ ۲۱ شعبان ۱۳۶۴ھ مطابق ۱۹۴۵ء راہی ملک بقا ہوئے۔ زیادہ حالات نہ معلوم ہو سکے۔

نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

بیخودوں کو کسی مطلب سے سروکار نہ تھا ورنہ ملنا ترا آسان تھا دشوار نہ تھا
عقدہ اے گریۂ خوں آج کیا حل تو نے جو لہو تھا جگر و دل میں وہ بیکار نہ تھا
حکم تعزیر کجا نالۂ منصور کجا مفتیٔ وقت کوئی محرم اسرار نہ تھا
عشق میں سب سے بڑی تھی یہ مصیبت اے زار
پند گو لاکھ تھے لیکن کوئی غم خوار نہ تھا

عدو بھی رشک سے رویا مرے حال پریشاں پر ہنسی آئی جواں کو خندۂ چاک گریباں پر
محبت میں لہو جب رفتہ رفتہ ہو گیا پانی ہوئیں مجبور آنکھیں انکشاف راز پنہاں پر
مرے نزدیک واعظ صرف اتنی ہی قیامت ہے نگاہ خلق محشر میں پڑے گی حسن جاناں پر
مجھے اب مل گئی اے زار داد گریۂ پیہم
نظر آئے ہیں داغ اشک خوں کچھ ان کے داماں پر

## کریم الرضا خاں۔ رضا

کریم الرضا خاں صاحب خلف جناب ریاض الرضا خاں صاحب فروغ محلہ علی زئی کے ساکن اور شرفائے شہر سے تھے۔ علی گڑھ محمڈن کالج سے ایم۔اے اور ۱۹۱۷ء میں ایل۔ایل۔بی کے امتحانات پاس کئے۔ شاہجہانپور کے کامیاب وکلاء میں شمار تھا سیاست میں نمایاں حصہ لیا۔ ایم۔ایل۔سی رہے اور شاہجہانپور سٹی بورڈ کے چیئرمین بھی۔ شاعری سے زمانہ طالب علمی سے شوق تھا۔ نمونہ کلام

چار حرف آرزو بھی لب تک آ سکتے نہیں وہ سنیں تو کیا سنیں جب ہم سنا سکتے نہیں

Marfat.com

نااہلئے دل کہ جن سے کانپتے ہیں دل | کیا قیامت ہے بتوں کا دل ہلا سکتے نہیں
ان کو آنا ہے تو آئیں شوق سے دل میں مگر | حسرتوں کی بھیڑ سے آرام پا سکتے نہیں
خون عاشق رنگ لائے گا سمجھ رکھو یہ بات | جان من دل کی طرح اس کو چھپا سکتے نہیں

شافع محشر سے ہے امید کامل اے رضا
وہ جو حامی ہیں تو ہم دوزخ میں جا سکتے نہیں

---

## خان بہادر فضل الرحمٰن خاں۔ رحمٰن

خان بہادر فضل الرحمٰن خاں صاحب مرحوم خلف جناب عثمان خاں صاحب ساکن محلہ عثمان باغ فخر شہر تھے۔ تدبر و سیاست میں یگانہ۔ کامیاب ترین وکیل۔ رہنمائے وقت اور صائب الرائے انسان تھے۔ میونسپل بورڈ شاہجہانپور کے عرصہ دراز تک چیئرمین رہے اسلامیہ انٹر کالج اور گاندھی فیض عام پوسٹ گریجویٹ کالج آپ کی یادگار ہیں۔ اولاد ذکور میں ایک فرزند ظل الرحمٰن خاں پروفیسر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ہے جس کی شادی ڈاکٹر ذاکر حسین خاں مرحوم جو ہندوستان کے صدر مملکت رہ چکے تھے کی دختر سے ہوئی ہے۔ خان بہادر فضل الرحمٰن خاں صاحب نے ابتدائی تعلیم حسب رواج حاصل کی۔ بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی پاس کر کے وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ خود علم داں تھے اور علم والوں کی قدر کرتے تھے۔ طبیعت نہایت موزوں پائی تھی۔ گاہے گاہے شعر موزوں فرمایا کرتے تھے۔ نہایت تلاش کے بعد آپ کے چند اشعار دستیاب ہوئے ہیں جو ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے درج ذیل ہیں۔ آپ نے سنہ میں وفات پائی۔

مسکراتا ہے وہ گل پھولوں کو خنداں دیکھ کر | کچھ ہوا بدلی تو ہے رنگ گلستاں دیکھ کر
فضل رحمٰن اس کی رحمت نے لیا آغوش میں | اشک جب میں نے بہائے فرد عصیاں دیکھ کر

---

کہتے جسے حیات ہیں اک اضطراب ہے | جس میں سکوں نصیب ہو وہ زندگی نہیں

---

Marfat.com

# حکیم حبیب الرحمٰن خاں حبیب

آپ کے والد ماجد کا نام محمد رضا خاں تھا۔ آپ شاہجہانپور کے قدیم باشندے تھے اور اہل افاغنہ میں ممتاز درجہ رکھتے تھے۔ آپ کے آباواجداد نے عہد شاہجہانی میں افغانستان سے آکر یہاں توطن اختیار کر لیا تھا۔ نوابین شاہجہانپور نے آپ کے گھرانے کو جاگیریں عطا فرمائیں اور اعزاز واکرام سے نوازا۔ آپ کا خاندان باعتبار تمول شہر میں ممتاز تھا۔ حکیم صاحب موصوف نے طبیہ کالج لکھنؤ سے سند حکمت حاصل کی اور آخیر دم تک اسی شہر میں حکمت کرتے رہے۔ حکیم حبیب الرحمٰن خاں صاحب اردو فارسی اور عربی میں دستگاہ رکھتے تھے حکمت کے مصروف پیشے کے ساتھ ساتھ شوق شاعری بھی تھا گاہے گاہے مشاعروں میں بھی شرکت فرماتے تھے۔ شاہجہانپور کے بزرگ اور باکمال شاعر سید مختار احمد میاں مختار کے جو حضرت امیر مینائی کے شاگرد تھے ارشد تلامذہ میں شمار ہوتے تھے۔ آپ کا مطالعہ وسیع تھا اور زبان پر عبور حاصل تھا اس لئے آپ کے کلام میں وہ تمام اوصاف موجود ہیں جو ماہر فن کے کلام میں ہونا چاہیے۔ نازک خیالی اور شگفتگی آپ کے کلام کی خصوصیت ہے۔ حکیم حبیب الرحمٰن خاں صاحب محض ایک طبیب و شاعر ہی نہیں سیاست داں بھی تھے ۱۹۵۲ء میں آزاد ہندوستان کے پہلے الکشن میں شہری حلقہ سے یو۔پی کی اسمبلی میں پانچ سال ایم۔ایل۔اے بھی رہے اور اپنی بساط بھر خدمات انجام دیں۔ آپ کا انتقال بتاریخ ۷ر جنوری ۱۹۶۱ء کو ہوا۔

نمونۂ کلام

کیوں گلہ ہے جو کوئی طالب دیدار نہ تھا
کیا نظر سوز تیرا جلوۂ رخسار نہ تھا

کر دیا قید غم عشق نے آزاد مجھے
میں گرفتار تھا جب تک کہ گرفتار نہ تھا

کس تمنا پہ گذاری ہے تمھیں کیا معلوم
ورنہ مرنا تو شب ہجر میں دشوار نہ تھا

کنج زنداں میں بھی رہنے نہ دیا عاشق کو
وہ تو اے شوخیٔ قسمت در دلدار نہ تھا

عمر کس طرح گزاری ہے خدا ہی جانے
جس کی قسمت میں تیرا سایۂ دیوار نہ تھا

جانے کیا سوچ کے خاموش رہا میں ورنہ
آہ آسان تھی نالہ کوئی دشوار نہ تھا

کس قدر سرد تھا بازار محبت یارب
دل سی شئے اور کوئی اس کا خریدار نہ تھا

میرے اظہار وفا نے مجھے مارا اے حبیب
ورنہ اس طرح تو وہ مائل آزار نہ تھا

Marfat.com

دینی نہ تھی تباہی دل کی خبر مجھے
دنیا سے کھو گیا ہے میرا نامہ بر مجھے
کھوئے گئے ہیں دونوں محبت کی راہ میں
میں راہبر کو ڈھونڈھتا ہوں راہبر مجھے
دل سوز کوئی مجھ سا لگے گا تجھے کہاں
لیتا چل اپنے ساتھ چراغ سحر مجھے

---

## سیّد امانت حسین۔ ربطؔ

سید امانت حسین ربط قدیمی باشندہ قصبہ تلہر کے تھے۔ ترک سکونت کر کے شاہجہانپور آ بسے تھے۔ اردو فارسی کی تعلیم حسب رواج قدیم حاصل کی۔ قدرے انگریزی زبان سے بھی واقف تھے۔ خان بہادر منسوب حسن خاں صاحب چیرمین میونسپل بورڈ کی توجہ سے میونسپل بورڈ میں ملازمت حاصل ہو گئی۔ ترقی کرتے ہوئے انسپکٹر کے عہدے تک پہنچے۔ کسی وسیلے سے امیر محمود آباد تک رسائی ہو گئی تھی شاہجہانپور سے محمود آباد آ گئے اور عرصے تک منصرم رہے۔ بعد سبکدوشی شاہجہانپور چلے گئے آدمی رسا اور ذہین تھے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے پریزیڈنٹ رہے اور مجسٹریٹ اعزازی بھی کچھ مدت تک رہے۔ ضلع سیتاپور میں ایک ہزار بیگھ کا فارم بنا لیا تھا اولاد کی کج رفتاری اور بے ڈھنگے پن سے مجبور ہو کر فروخت کر دیا۔ صدر اسپتال کے جنوب کو عالی شان مکان تھا وہ بھی فروخت کر کے یہاں سے نورنگ آباد میں اپنے ایک عزیز کے یہاں قیام کیا اور وہیں کچھ دنوں کے بعد انتقال ہو گیا۔ ربط صاحب کے ایک فرزند روضۂ ڈسٹلری میں ملازم ہیں جن سے راقم الحروف نے حضرت ربط کے حالات معلوم کرنا چاہے مگر انھوں نے کوئی توجہ نہیں دی نہ تفصیلی حالات بتلائے ربط صاحب اپنے بڑے بھائی وجاہت حسین رمز سے مشورہ سخن کیا کرتے تھے۔ سنہ ۱۹۳۷ء سے قبل بعمر پچھتر سال نہایت کسم پرسی کے عالم میں انتقال ہوا کوئی اولاد پاس موجود نہیں تھی۔ نمونہ کلام بدقت حاصل ہوا جو قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔

اپنے وحشی کا بہاروں پر یہ احساں دیکھئے
گونج اٹھا آوازۂ چاک گریباں دیکھئے
دل کو ظاہر بیں نگاہوں سے نہ کیجے آشنا
دیکھئے جس کو اُسے با چشم پنہاں دیکھئے
[illegible]ہے اس نگہ ناز کا قاتل ہونا
ایک تصویر کا دو رخ سے مقابل ہونا
[illegible]یا دست اجل چہرۂ قاتل کی نقاب
ختم ہے ختم ہے مجروح کا بسمل ہونا

Marfat.com

کب میں جنوں کے ہاتھ سے نالاں نہیں رہا　　کس دن یہ مجھ سے دست و گریباں نہیں رہا

ان آنسوؤں نے اور ڈبویا خزاں میں ربطؔ　　گلشن کو رو چکا تو بیاباں نہیں رہا

حضرت ربطؔ نے ہر صنف سخن نعت ۔ مرثیہ ۔ قصیدہ ۔ منقبت ۔ رباعی ۔ قطعہ ۔ مناجات وغیرہ پر کامیابی سے طبع آزمائی کی ہے ۔ آپ کا ذخیرہ کلام بہت تھا لیکن اولاد نے جو تعلیم سے بے بہرہ ہے سب تلف کر دیا ۔ ان کا مطبوعہ کلام بھی نظر نہیں آتا ۔ راقم الحروف کو مرحوم سے نیاز تھا ان کی ذاتی لائبریری میں بہت سی نایاب و نادر کتابیں تھیں جو برائے نام قیمت میں فروخت کر دی گئیں ۔ صد افسوس کہ گھر میں کوئی قدر داں نہیں تھا ورنہ قابل قدر ذخیرۂ کتب کیوں برباد و تباہ ہوتا ۔

---

## نبی حسن ۔ خیالؔ مینائی

نبی حسن خیالؔ کے والد ماجد کا نام جناب ولی حسن انصاری تھا ۔ انٹر اسلامیہ اسکول اور بی ۔ اے گاندھی فیض عام ڈگری کالج شاہجہانپور سے پاس کر کے پاکستان ہجرت فرما گئے جہاں آپ نے اپنی تعلیم جاری رکھی اور ایم ۔ اے اور ایل ۔ ایل ۔ بی کی اسناد حاصل کیں ۔ فی الوقت میانہ گوندل (گجرات) میں ایک تعلیمی ادارے میں پرنسپلی کے فرائض انجام دے رہے ہیں ۔ آپ کے والد ولی حسن صاحب نے شاہجہانپور سے 'مرقع' کے نام سے ایک رسالہ اپنے 'نامی پریس' سے جاری کیا تھا ۔ حضرت نیاز فتحپوری سے آپ کے خصوصی مراسم تھے اور کبھی کبھی حضرت نیاز ولی حسن صاحب سے ملنے شاہجہانپور تشریف لاتے رہتے تھے ۔ جناب نبی حسن خیالؔ حضرت دل شاہجہانپوری کے شاگردوں میں ہیں اور پاکستان میں بحیثیت شاعر معروف ہیں ۔ منظومات کا مجموعہ 'شہر دل' اور نعتیہ کلام کا مجموعہ "نور کی ندیاں رواں" شائع ہو چکا ہے ۔

شرافت مورد الزام کیوں ہے سوچنا ہوگا　　وفا اس دور میں بدنام کیوں ہے سوچنا ہوگا

سیاست اس قدر ناکام کیوں ہے سوچنا ہوگا　　وطن میں آج قتل عام کیوں ہے سوچنا ہوگا

نہ تم نے پھول برسائے نہ زخموں پر نمک چھڑکا　　لبوں پر پھر تمہارا نام کیوں ہے سوچنا ہوگا

فراق یار میں جینا بہت دشوار ہوتا ہے　　مریض ہجر کو آرام کیوں ہے سوچنا ہوگا

تری باہوں میں باہیں ڈال دینا میری عادت ہے　　مگر یہ رسم اتنی عام کیوں ہے سوچنا ہوگا

Marfat.com

روش کے رنگ میں کہنا غزل مشکل ہے میناؔئی
یہ طرزِ شاعری الہام کیوں ہے سوچنا ہوگا

نظم

## سمندر دریا اور طوفان

یہ خوابوں کا جزیرہ یہ پری زادوں کا گہوارہ
کئی برسوں سے اک ویران صحرا بڑھتا جاتا ہے
کوئی طوفانِ برق و باد آئے گا گلستاں میں
ہوا ساکت ہے اک تاریک سایا بڑھتا جاتا ہے

---

یہ دل کا شہر قبرستان بن جائے گا یادوں کا
کبھی تقدیر کے اپنے بھی کتبے پڑھ لئے ہوتے
گلوں کی فصل آنے تک چمن کا حشر کیا ہوگا
کتابیں پڑھ نہیں سکتے تو چہرے پڑھ لئے ہوتے

---

اب اس کے بعد کیا ہوگا یہ کوئی کہہ نہیں سکتا
سمندر کو دل دریا نے اک موج بلا دے دی
زمین ایشیا کا پاسباں بن کر جو ابھرا تھا
اسے اربابِ مکر و فن نے پھانسی کی سزا دے دی

---

نوائے کارگر بخشی متاعِ جسم و جاں دے دی
فلک سے توڑ کر اہلِ زمیں کو کہکشاں دے دی
ہم اس کو بھول جائیں ہم سے ایسا ہو نہیں سکتا
وہ جس نے بے نواؤں کو بھی جرأت کی زباں دیدی

---

Marfat.com

قطعات

کھیت جلتے ہیں باغ جلتے ہیں ۔۔۔ نامرادی کے داغ جلتے ہیں
جشن آزادی وطن کی قسم ۔۔۔ خوں دل سے چراغ جلتے ہیں

---

مجھ سے روشن مجھ سے تابندہ جبین ایشیا ۔۔۔ میری قسمت نور کے سانچوں میں ڈھلنا چاہیئے
جنت کشمیر ہوں میں نو بہار ایشیا ۔۔۔ میری وادی سے بھی ایک سورج نکلنا چاہیئے

---

## اشفاق حسین ۔ رمز

اشفاق حسین رمز شاہجہانپوری تقسیم ہند کے بعد پاکستان ہجرت کر گئے جہاں ان کے کلام کا مجموعہ 'دام خیال' کے نام سے شائع ہوا۔ حضرت رمز نے 'پس منظر' کے عنوان سے اپنے بارے میں مزید کہا ہے کہ انھوں نے اپنی تمام زندگی سادہ گزاری حالات ناساز گار ہونے کی وجہ سے تعلیم مکمل نہ کر سکے مگر طبیعت کا رجحان شروع ہی سے شعروادب کی طرف مائل تھا ان کے کرم فرما نبی اللہ درد اور ادارت حسین ادیب نے ایک استاد سے روشناس کرا دیا اُن کا نام احمد حسین اور تخلص شوق تھا اور شوق صاحب حضرت نوح ناروی کے شاگرد تھے زباں کے ماہر تھے۔ رمز نے ان سے اصلاح لینا شروع کر دی مگر بد قسمتی سے شوق صاحب چند ماہ بعد پاکستان ہجرت کر گئے اور رمز صاحب شاہجہانپور میں رہ گئے ایک دن انھوں نے اپنے ایک دوست پنڈت جگموہن ناتھ رونق سے ذکر کیا۔ پنڈت جی نے ان کو اعتبار الملک حکیم ضمیر حسن خاں صاحب دل شاہجہانپوری جانشین امیر مینائی کی خدمت میں پیش کر دیا۔ قسمت سے بہت اچھا استاد مل گیا کئی غزلیں استاد کو دکھائیں اس کے بعد استاد نے اپنے ایک شاگرد مولانا عابد حسین عابد کے حوالے کر دیا وہ خود بھی استاد تھے اور سو سے زائد شاگرد رکھتے تھے رمز صاحب نے عابد صاحب سے کافی استفادہ کیا تقریباً چار سال عابد صاحب سے اصلاح لی انقلاب زمانہ کہ رمز صاحب کو بھی جانا پڑا اور استاد سے شاگرد جدا ہو گیا۔ پاکستان جا کر رمز صاحب تارک الشعر ہو گئے۔ نئے نئے مسائل در پیش ہوئے پہلے کراچی پھر لاڑکانہ کو منزل کیا۔ وہاں چند علم دوست احباب نے انھیں پھر سے شعروسخن کے چکر میں ڈال دیا ۔۔۔ رمز صاحب کے مختصر انتخاب کلام پر پیش لفظ شبنم رومانی کا تحریر کیا ہوا ہے۔ اس مجموعے میں غزلیں بھی ہیں نظمیں بھی، قطعے بھی ہیں اور رباعیاں بھی۔ ایک عدد مثنوی بھی۔ بقول شبنم رومانی رمز صاحب بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔ انھوں نے اعتبار الملک حضرت

Marfat.com

دل شاہجہانپوری اوران کے جانشین حضرت عابد شاہجہانپوری کو اپنا کلام دکھایا ہے اس لئے خاندان دل کی شریفانہ اور مہذب شاعری کا پرتو ان کے کلام میں بھی ملتا ہے رباعیاں اور قطعات برائے بیت ہیں البتہ مثنوی کے تیور کہتے ہیں کہ اگر وہ اس پر زیادہ محنت کریں تو کامیاب ہیں

یہ دلنواز تکلم یہ دلنشیں آواز
تمھارے حسن کی ہراک ادا ہے روح نواز
وفا و عشق کی دشواریاں ارے توبہ
مری نگاہ سے گزرے بہت نشیب و فراز
ڈرا نہ پرسش محشر سے مجھ کو اے واعظ
مری نگاہ میں ہے رحمت نگاہ نواز
فسانۂ دل غمگیں کہا ہے جب میں نے
فضا میں گونج اٹھی بازگشت کی آواز
کبھی ہے جور مسلسل کبھی ہے لطف و کرم
طلسم راز ہے اب تک تمھاری فطرت ناز
نیاز عشق نے دیوانہ کر دیا مجھ کو
ہر ایک نقش قدم پر جھکی جبیں نیاز

مآل ایسے فسانے کا رمز کیا کہیئے
وہ جس کا صبح قیامت سے کم نہیں آغاز

متفرق اشعار

دل بیتاب اب اتنا بھی تو احساس نہیں
دور طوفاں سے سفینہ ہے کہ طوفاں سے قریب
نگہ شوق کو ہے اک نئے عالم کی تلاش
اب نہ بستی کی تمنا ہے نہ ویرانے کی
کبھی اس طرف ہیں نظریں کبھی اس طرف ہیں نظریں
مرے پاس بیٹھتا ہے کوئی رُخ بدل بدل کر
دونوں کا ایک طرز ہے دونوں کی ایک خو
کچھ تم سے بدگماں ہیں تو کچھ آسماں سے ہم
یہ کس کا خون ہوا کون دار تک پہنچا
کہ آج رنگ حنا دست یار تک پہنچا
عشق کی فطرت تو ہے بیگانۂ سود و زیاں
ہو سکا تو حضرت ناصح کو سمجھائیں گے ہم

رباعی

رنگیں فضاؤں کی قسم کھاتا ہوں
مخمور ہواؤں کی قسم کھاتا ہوں
شکوے نہیں مجھ کو ستم بیجا کے
معصوم اداؤں کی قسم کھاتا ہوں

قطعہ

مجھ کو معلوم ہے تیری فطرت
پردہ داری مدام کرتا ہوں
چپ ہی رہنے دے مجھ کو اے واعظ
میں ترا احترام کرتا ہوں

Marfat.com

# شیخ فیض الدّین۔ اثر

شیخ فیض الدین اثر محلہ با قرزئی کے رہنے والے اور قوم کے نور باف تھے۔ شاعری کا جب شوق ہوا تو حضرت بہادر علی قادری سے مشورہ سخن لینے لگے مگر کچھ مدت احسان شاہجہانپوری کے شاگردوں میں شامل ہو گئے علمیت کم تھی مگر صاف کہتے تھے۔ ان کا زمانہ بیسویں صدی کی ابتدا کا تھا۔ نمونہ کلام ذیل میں درج ہے۔

وہی ہے دل جو محبت میں بیقرار رہے ۔۔۔ وہی ہے آنکھ کہ جس میں کچھ انتظار رہے
نمانیں گے کبھی واعظ یہ مسئلہ تیرا ۔۔۔ شراب عشق بھی پی کر گناہگار رہے
عدو بھی ہم کو جھڑکنے لگے خدا کی شان ۔۔۔ تمہارے عشق میں کیا کیا ذلیل و خوار رہے
ہمارا ساتھ دیا رنج و غم نے خوب اثر ۔۔۔ شب فراق یہی دونوں غمگسار رہے

---

تیر آتا ہے تو پہلو کی طرف آتا ہے ۔۔۔ تاک لیتے ہیں وہ کس طرح نشانا دل کا
پاؤں سے ملتے جب دل کو تو فرماتے ہیں ۔۔۔ ہم کو یوں آتا ہے مٹی میں ملانا دل کا
اس میں بھی ہے مرے دشمن کی کوئی چال ضرور ۔۔۔ تیرے کوچے سے تعجب ہے پھر آنا دل کا

---

کہتے ہیں جب ظلم پر آئیں گے ہم ۔۔۔ عاشقوں سے خاک چھنوائیں گے ہم
چھوڑ کر تنہا نہ جا اے آرزو ۔۔۔ جب اکیلے ہوں گے گھبرائیں گے ہم

---

ثبات حلم و تحمل سے کوہسار ہوں میں ۔۔۔ کوئی اٹھا نہیں سکتا جسے وہ بار ہوں میں

جو حال کہتا ہوں اپنا تو نیند آتی ہے ۔۔۔ وہ درد دل کو بھی سنتے ہیں داستاں کی طرح

---

Marfat.com

# شاہ محمد ہاشم ۔ ہاشم

شاہجہانپور کے رہنے والے صوفی منش اور صوفی مزاج تھے لباس فقیرانہ پہنتے تھے بوجہ شوق یادِ الٰہی تعلقات دنیا سے گوشہ گیری اختیار کر کے تنہائی میں پڑے رہتے تھے۔ بڑے قانع اور متوکل تھے۔ حضرت شاہ ملا بلگرامی نوراللہ مرقدہٗ کے دستِ حق پرست پر بیعت کر کے دُنیا ومافیہا پر لات ماردی تھی مگر اس کے باوجود شعر گوئی کی طرف بہت مائل تھے۔ نہایت خوشنوائی اور رنگین ادائی سے شعر کہتے تھے جس سے تصوف کا رنگ ٹپکتا تھا اور مجاز میں حقیقت کا لطف آجاتا تھا۔ لالہ سرور نے آپ کی سکونت کا محلہ تحریر نہیں کیا اور نہ نسب کی بابت کچھ لکھا۔ مبلغ علم وفضل سے بھی بے خبر رکھا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ہاشم سید تھے اور فارسی کے فاضل تھے محلہ بایزید خیل یا ضیا خیل کے ساکن تھے۔ چند اشعار مل گئے ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

اشعار

تاج من از کاسۂ سر تخت من روئے زمین ‌‌ ‌ ‌ تکیہ ام پہلوے خویش وفرش خاک وخون بس است

بہوائے روئے تو مردہ ام سر خود بکوے تو بردہ ام ‌ ‌ ‌ نہ بہیچ سوئے گریز من نہ بہیچ سوئے سرے مرا

آپکی وفات کا سن بھی لاعلمی میں ہے۔

---

# منشی عبدالقدوس ۔ بیدل

منشی عبدالقدوس بیدل محلہ محمدزئی کے ساکن اور شاہجہانپور کے قدیمی باشندے تھے اردو فارسی کا مذاق اچھا تھا۔ مہوا اسٹیٹ میں نائب بخشی تھے بعد ملازمت وثیقہ نویسی کا پیشہ اختیار کیا تقریباً پندرہ سال ہوئے کہ اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ نمونۂ کلام گلدستہ زبان اردو بابت فروری ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔

وعدۂ وصل کو پھر کل پہ اٹھا رکھا ہے ‌ ‌ ‌ تم نے بے فائدہ جھگڑا یہ لگا رکھا ہے

آپ کو بانیٔ بیداد کہیں گے اب سے ‌ ‌ ‌ سوچ کر ہم نے بھی نام آپ کا کیا رکھا ہے

Marfat.com

مثلِ آئینہ دلِ اہلِ صفا رکھا ہے جائے حیرت ہے کوئی اس کا خریدار نہیں

ہجر میں دل کے بہلنے کے لیے اے بیدلؔ
ان کی حسرت کو کلیجے سے لگا رکھا ہے

---

## منشی پیارے لال پذیرؔ تلہری

منشی پیارے لال پذیرؔ، شاہجہانپور کے معروف قصبہ تلہر کے رہنے والے تھے۔ پیشہ مدرسی تھا۔ قصبہ شہباز نگر کے ایک مدرسہ میں مدرس تھے۔ ابوالخیال نواب ناظم علی خاں ہجر کے شاگرد تھے۔ آپ صاحبِ دیوان شاعر تھے 'تحفۂ عشق' آپ کے انتخاب کلام کا نام ہے۔ خاندانی حالات کا پتہ نہ چل سکا۔ غزل بطور نمونۂ کلام نقل کی جاتی ہے۔

غزل

اس ستمگر کی نرالی شان ہے ہر ادا پہ بانکپن قربان ہے
ہے اگر مشکل یہاں آنا ترا جان کھو دینا ہمیں آسان ہے
دیکھ کر روئے منوّر یار کا آئینہ میری طرح حیران ہے
یوں سوال وصل پر کہنے لگے وصل میرا کیا کوئی آسان ہے
ان کو اپنی جان کہہ سکتا نہیں بے وفا ہے جانے والی جان ہے

ہائے دل ہم کس کو دے بیٹھے پذیرؔ
جو ابھی کم سن ابھی نادان ہے

---

## منشی سخاوت حسین سخاؔ

قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور کے ساکن تھے۔ حضرت ناطقؔ لکھنوی کے شاگرد تھے۔ اردو فارسی کے علاوہ بقدر ضرورت انگریزی بھی جانتے تھے۔ تلاش معاش کے سلسلے میں زندگی کا

Marfat.com

بیشتر حصہ وطن سے دور رہ کر گزرا۔

نمونۂ کلام

کھل گئیں نرگس کی آنکھیں چشمِ جاناں دیکھ کر
ہوش سنبل کے اُڑے زلفِ پریشاں دیکھ کر
وہ شبِ وعدہ میرے گھر آئے واپس کیوں پھرے
چرخ شاید جل گیا عشرت کا ساماں دیکھ کر
زندہ رکھا ہے کسی کی آرزو نے ہجر میں
ورنہ مجھ میں دم کہاں تھا شامِ ہجراں دیکھ کر

---

ہو کے برہم دفترِ عالم نہ برہم کیجیے
جو ورق ہے میری ہستی کا وہی کم کیجیے
وقتِ آخر ہاتھ سینے پر جو کھینچ کر آ گئے
مدعا یہ ہے کہ اپنا آپ ماتم کیجیے
وہ بھی ہچکی آ گئی جو تھی مآلِ داستاں
اب ارادہ ہے کہ کم افسانۂ غم کیجیے
دیکھ کر ایمائے فطرت دل کو یہ کہنا پڑا
حسن ہی کو کار فرمائے دو عالم کیجیے

---

# منشی عبدالحفیظ۔ عیش

منشی عبدالحفیظ عیش شاہجہانپور کے قدیمی باشندہ اور شہر کے مشرقی حصہ موسومہ بہ لودی پور میں رہتے تھے۔ علم وادب سے دلچسپی تھی۔ شعر بھی موزوں کرتے تھے مگر یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کس کے شاگرد تھے۔ اشعار سے مشاقی جھلکتی ہے۔ نمونۂ کلام پیش کیا جاتا ہے۔

وہ پری یا حور یا انسان ہے
عقل جس کو دیکھ کر حیران ہے
دین و ایماں لے چکے دل لے چکے
اب مری جاں اور کیا ارمان ہے
میں کروں شکوہ تمھارا غیر سے
سب غلط سب جھوٹ سب بہتان ہے
اب ترے بیمار میں باقی ہے کیا
چند ساعت کا فقط مہمان ہے
ہائے کب آئے عیادت کے لیے
نبض جب ساقط ہے لب پہ جان ہے
ہاں زباں دانی بہت مشکل ہے عیش
شعر کہہ لینا تو یوں آسان ہے

---

اس شوخ نے جو ناز سے ترچھی نگاہ کی
آواز ہر طرف سے اُٹھی آہ آہ کی

Marfat.com

تھوڑی سی خاک اڑا کے دکھا دینا نامہ بر — پوچھیں جو وہ خبر مرے حال تباہ کی
اے شمع بزم اس تری ہمت پر آفریں — جل جل کے بجھ گئی مگر اصلا نہ آہ کی
سن کر سوال وصل کہا بھی تو یہ کہا — وہ دل لگی بھلی ہے جو ہو راہ راہ کی
پُر درد ہو کلام نہ کس طرح عیش کا
کھائے ہوئے ہیں چوٹ کسی کی نگاہ کی

---

## حبیب حسن خاں عرف جگن خاں۔ حبیب

حبیب حسن خاں حبیب کے والد ماجد کا نام قاسم علی خاں اور محلہ مہمان شاہ کے رہنے والے تھے۔ اردو فارسی سے بقدر ضرورت واقف تھے۔ مولانا ارشد سیمابی مرحوم سے شرف تلمذ حاصل تھا زندگی کا بیشتر حصہ بسلسلۂ ملازمت کوئٹہ میں گزرا۔ انجمن شیدائے اسلام کوئٹہ کے صدر اور بزم اقبال کے سرگرم ممبر تھے۔ بعمر تقریباً پچپن سال بروز جمعرات ۲۰؍ اپریل ۱۹۷۸ء کو رحلت فرمائی۔

نمونۂ کلام

بکھری ہوئی جب ان کی نظر دیکھتا ہوں میں — گھبرا کے سوئے قلب و جگر دیکھتا ہوں میں
تصویر بن گیا ہوں تری جلوہ گاہ میں — یہ بھی خبر نہیں کہ کدھر دیکھتا ہوں میں
حسن نظر کہوں کہ فریب نظر کہوں — وہ مسکرا رہے ہیں جدھر دیکھتا ہوں میں
دنیا میں پھونک پھونک کے رکھنا قدم حبیب
ہر ہر قدم پہ تو نئو خطر دیکھتا ہوں میں

---

## سید محمد سلطان، سلطان

نام سید محمد سلطان اور تخلص بھی سلطان تھا شاہجہانپور کے قدیمی باشندے اور مدرسہ عین العلوم شاہجہانپور میں مدرس تھے۔ شعر و سخن کا بچپن سے شوق تھا۔ سید حسین احمد میاں بیباک تلمیذ حضرت

Marfat.com

داغ دہلوی کے حلقۂ تلامذہ میں شمار تھا۔ حضرت سلطان کے حالات اس سے زیادہ معلوم نہ ہو سکے۔ نمونۂ کلام میں چار اشعار پیش کیے جاتے ہیں کلام بھی اس سے زائد نہ حاصل ہو سکا لیکن اشعار سے اندازہ ہوتا ہے کہ کہنہ مشق تھے۔

مُنہ پر نہ آئے گا کبھی لب تک نہ آئے گا — افشا نہ ہوگا وہ جو مرے دل کا راز ہے
کس طرح اٹھ سکیں گے فلک کے یہ جور و ظلم — دل ابتدا سے خوگر آغوشِ ناز ہے
کیوں کر نہ مجھ کو اپنے مقدر پہ ناز ہو — اس بت سے ان دنوں مجھے حاصل نیاز ہے
کیوں ٹالتے ہیں آپ نہ باتیں بنایئے — آنکھیں بتا رہی ہیں جو پوشیدہ راز ہے

---

# منشی شفیع اللہ خاں۔ شفاؔ

جناب منشی شفیع اللہ خاں شفا انیسویں صدی کی آٹھویں دہائی میں اپنے آبائی مکان واقع محلہ گاڑی پورہ میں ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے حسبِ رواج محلے کے مدرسے میں تعلیم پائی۔ اردو فارسی سے واقف تھے۔ سن شعور کو پہنچے تو معاشی مسائل میں گھر گئے میونسپل بورڈ میں بطور منشی ملازمت کر لی۔ طبیعت موزوں پائی تھی۔ شعر و شاعری کا شوق پیدا ہو گیا حضرت اسعد شاہجہانپوری کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے۔ شعر اچھا کہتے تھے۔ کلام بہت تھا مگر ورثا کی لاپرواہی سے تلف ہو گیا۔ ایک مشاعرے کی روداد سے کلام دستیاب ہو گیا جو ہدیۂ ناظرین ہے۔ شفا ۱۹۵۰ء سے قبل رحلت فرما چکے تھے۔

نمونۂ کلام

میرے پہلو سے وہ ظالم جانِ دل لے کر اٹھا — ناز سے فتنہ خرام ناز سے محشر اُٹھا
ہیں ترقی پر کرشمے اس نگاہ شوخ کے — اب ترا اقبال اے چرخِ ستم پرور اُٹھا
رہتی ہے تاثیر ہر دم منتظر فریاد کی — نالہ زیرِ لب اِدھر آیا اُدھر محشر اُٹھا
بحرِ عالم میں نہ ہوگا کوئی مجھ سا نامُراد — موجِ طوفاں خیز اٹھی کشتی کا جب لنگر اُٹھا

میکدے میں جب کبھی میں نے شفاؔ رکھا قدم
میرے استقبال کو شیشے اٹھے ساغر اٹھا

Marfat.com

حسن کے ناز اٹھانا کوئی دشوار نہ تھا — زار تو تھا مگر ایسا بھی دل زار نہ تھا
ان کی بیباک نگاہوں نے دیئے ہیں آزار — پہلے دل دردِ محبت سے خبردار نہ تھا
غیر سے وصل کا اقرار شفا سے انکار — تجھ سا عیار کوئی اے بت عیار نہ تھا

## مولوی مفتی سیّد محمّد مہدی حسن۔ آزاد

مولوی سید محمّد مہدی حسن سادات غوثیہ سے ہیں والد کا نام سید محمّد کاظم حسن ابن سید فضل اللہ ابن سید محب اللہ ابن قطبی میاں ابن سید درویش صاحب ابن حضرت شہاب الدین سید احمد صاحب ہے۔ ابتدائی تعلیم مدرسۂ عین العلوم شاہجہانپور میں پائی اور سند فضیلت کے لیے مدرسۂ امینیہ دہلی میں اکتساب علم کیا۔ بعد فراغت نائب مدرس رہے۔ ۱۳۳۸ھ میں دستار بندی حضرت مولانا محمود الحسن صاحب کے بابرکت ہاتھوں سے دیو بند میں ہوئی۔ ٹونک اور سرونج کے مدارس میں مدرس اول رہے۔ آپ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی سے بیعت تھے۔ راندیر میں مفتیٔ اعظم کے عہدۂ جلیلہ پر سرفراز رہے۔ علمی شہرت کے سبب مختلف مقامات سے آپ کو اعلیٰ ترین دینی عہدوں کی پیش کش کی گئی مگر آپ کی قناعت پسند طبیعت نے گوارا نہ کیا۔ ایک زمانے تک دہلی میں رہ کر آپ وطن واپس آ گئے۔ نہایت ذی استعداد اور وسیع النظر عالم تھے۔ عربی اور اردو میں آپ کی بہت سی تصانیف مختلف علوم وفنون میں طبع ہو چکی ہیں۔ ادبی ذوق بھی تھا اور آپ بحیثیت شاعر بھی ایک مقام رکھتے تھے۔ نواب ناظم علی خاں ہجر مشہور استاد کے شاگرد تھے

نمونۂ کلام

اس جہان پر فتن سے جو دل مضطر اٹھا — کوئی غم لے کر اٹھا کوئی الم لے کر اٹھا
عاشق شیدا ہو یا پروانہ ہو یا شمع ہو — جو اٹھا اس بزم سے وہ جان ہی دے کر اٹھا
موت اس کی ہے جو بیٹھا ہاتھ پاؤں توڑ کر — دہر میں زندہ ہے وہ جو اپنے پیروں پر اٹھا
قطع کی ہے راہ الفت اس ہجوم ضعف پر — ہر قدم پر میں نے کی منزل گرا گر کر اٹھا
اس تجاہل کے میں قرباں پوچھتے ہیں مجھ سے وہ — تیرے دل میں درد یہ کیوں کر ہوا کیونکر اٹھا
بعد مردن ہوگی اے آزاد آزادی نصیب — اس بہار بے خزاں کا لطف تو مر کر اٹھا

Marfat.com

# بابو مکٹ بہاری لال۔ حرماں

بابو مکٹ بہاری لال شاہجہانپور کے قدیم باشندہ اور محلہ رنگ محلہ کے رہنے والے تھے۔ اردو فارسی زبانوں کو حسب رواج قدیم سیکھا تھا۔ شاعری کا طبیعت میں مذاق تھا جناب حکیم رگھبیر سہائے بریاں وشاداں جہاں آبادی کے شاگرد تھے۔ حرماں کے پوتے بابو اونکار سہائے میکش شاہجہانپور کے جانے پہچانے شاعر ہیں۔ کلام رسالہ زبان اردو بابت ماہ دسمبر ۱۹۱۲ء سے منقول ہے۔ دو شعر رسالہ میں شائع ہوئے ہیں وہی پیش خدمت ہیں۔

طرز وفا نہ بات کوئی رسم و راہ کی
آتی نہیں نظر مجھے صورت نباہ کی
انجام کار اس دل خانہ خراب نے
دریائے عشق میں مری کشتی تباہ کی

---

# منشی چھیدا لال۔ شیدا

منشی چھیدا لال شیدا شاہجہانپور کے رہنے والے تھے۔ اردو فارسی سے بخوبی واقف تھے اور شعر و شاعری کا شوق تھا۔ اب سے چالیس سال قبل راقم الحروف نے خود ان کو مشاعروں میں پڑھتے ہوئے دیکھا مگر یہ نہیں معلوم کس کے شاگرد اور کس محلے کے رہنے والے تھے۔ شاہجہانپور کے قدیم باشندہ تھے اور آباو اجداد کا یہی وطن تھا۔

نمونہ کلام

خیر اتنی ہوئی وہ مائل اصرار نہ تھا — ورنہ زاہد کو بھی مے پینے سے انکار نہ تھا
رونق افروز ہوا جب وہ بدل کر پوشاک — اہل محفل کے گریباں میں کوئی تار نہ تھا
بے کسی میں جو نظر کی شب غم اے شیدا — غم جاناں کے سوا کوئی بھی غم خوار نہ تھا

---

جو اٹھا بالیں سے میری کچھ اثر لے کر اٹھا — کوئی افسردہ کوئی گریاں کوئی مضطر اٹھا

Marfat.com

غیر کو ساغر پہ ساغر بزم میں اس نے دیئے — میں وفور رشک سے خون جگر پی کر اٹھا
درہم و برہم ہوئی ناگاہ دنیائے قرار — یہ نگاہ شوخ اٹھی یا فتنۂ محشر اٹھا
سیکڑوں فتنے اٹھے آئے ہزاروں انقلاب
آستان یار سے شیدا نہ اپنا سر اٹھا

---

# حضرت ممتاز اللہ خاں۔ ممتاز

جناب ممتاز اللہ خاں صاحب کے والد ماجد مرحوم کا نام احمد اللہ خاں ساکن محلہ بابوزئی شاہجہانپور تھا آپ کی تاریخ پیدائش ۹ فروری ۱۹۰۹ء ہے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم گھر میں ہوئی۔ ایک معلم سے فارسی اور اردو پڑھی۔ ۱۹۲۷ء اردو مڈل اول درجہ میں پاس کیا اور مشن اسکول میں داخلہ لے کر انگریزی کی تعلیم آٹھویں کلاس تک حاصل کی۔ محکمۂ پوسٹ اینڈ ٹیلی گراف میں کئی سال تک برانچ پوسٹ ماسٹری کی۔ ۱۹۳۷ء میں میونسپل بورڈ کے محکمۂ تعلیم میں مدرسی پر تقرر ہوا۔ ۱۹۵۱ء میں بی۔ ٹی۔ سی کی سند لی۔ ۱۹۵۲ء میں ہیڈ ماسٹری پر ترقی پائی۔ ۱۹۵۴ء میں ہندی مڈل کا امتحان دیا اور سکنڈ ڈویژن میں کامیاب ہوئے۔ ۱۹۶۹ء میں پنشن لے لی لیکن ایک دینی مدرسہ بحر العلوم میں مدرسی کی جگہ پر تقرر ہو گیا تھا۔

شاعری کا شوق اوائل عمری سے تھا۔ ۱۹۲۷ء سے حضرت مولانا اسعد شاہجہانپوری سے مشورۂ سخن کیا۔ آپ کا شمار حضرت اسعد کے ممتاز تلامذہ میں ہوتا تھا۔ مقامی اور بیرونی مشاعروں میں شرکت کرتے رہے۔ ۱۹۵۱ء کے ہند پاک مشاعرہ دہلی میں اپنی کامیاب غزل پر کپ انعام کیا گیا۔ ریاست پوایاں ضلع شاہجہانپور کے آل انڈیا مشاعرے میں آپ کی کامیاب غزل پر راجہ صاحب نے سونے کا تمغہ آپ کو عنایت کیا۔ ممتاز صاحب اپنے دور میں نہایت ممتاز شاعروں میں گنے جاتے تھے۔ آپ کا ترنم اور تحت اللفظ دونوں کا انداز غضب کا تھا۔ بوجہ ضعیفی اور مصروفیت شاعری ترک کر دی تھی۔ درس و تدریس سے جو وقت بچتا یاد خدا میں صرف کرتے تھے۔

۱۹۸۶ء میں طویل علالت کے بعد انتقال ہو گیا۔ اولاد میں صرف دختر ہے۔ نمونۂ کلام

Marfat.com

نذرِ قارئین ہے۔

ہائے وہ منظر کہ بے پردہ جمالِ یار تھا
ذرہ ذرہ جلوہ گاہ ناز کا بیدار تھا

کار فرما باغ میں بھی کیفِ چشمِ یار تھا
جو کلی تھی مست تھی جو پھول تھا سرشار تھا

برسوں پھولوں کو دیئے بوسے نگاہِ شوق نے
کس قدر رنگیں فریبِ نقشِ پائے یار تھا

کروٹیں لینے لگی تھیں دل کی مردہ حسرتیں
سحر اثر کتنا فریبِ التفاتِ یار تھا

اب یہ کیسی بے رخی وہ دورِ ماضی یاد کر
میرا دل بھی تیری زد میں اے نگاہِ یار تھا

ہجر کی راتیں گزاریں اس طرح ممتاز نے
چاند کی جانب نگاہیں تھیں خیالِ یار تھا

---

کیفِ خودداری سے ہیں اب بے خود و مستانہ ہم
لائے رضواں تو نہوں منت کشِ پیمانہ ہم

ٹوٹے پڑتے ہیں ہر اک ذرہ پہ بیتابانہ ہم
لے کے آئے ہیں ازل سے فطرتِ پروانہ ہم

مرحبا جوشِ وفا دنیا اثر لینے لگی
سرخئ افسانۂ چشمِ خونچکاں، افسانہ ہم

یہ تغیر بھی ہے تکمیلِ تماشہ کی دلیل
ہو گئے آخر مذاقِ دید سے بیگانہ ہم

ہم وہ غم دیدہ ہیں کیا ہوش و خرد کیا ننگ و نام
اک تبسم پر لٹا دیں سب متاعِ خانہ ہم

کھیل ہے ممتاز اب ہر امتحانِ آرزو
ہو نہیں سکتے وفا و عشق سے بیگانہ ہم

---

# سید احمد حسین صاحب۔ شوق

سید احمد حسین صاحب شوق ساکن شاہجہانپور نواب ناظم علی خاں ہجر کے شاگرد تھے۔ ہجر صاحب کے رسالے زبانِ اردو کے منیجر اور ناشر بھی تھے اس سے زیادہ حالات کا پتہ نہیں چل سکا۔ آپ کا کلام رسالۂ 'جلوۂ یار' بابت ماہ ستمبر ۱۹۱۰ء سے منقول ہے۔ جلوۂ یار میرٹھ سے بہ نگرانی صوفی خواجہ محمد اکبر خاں صاحب اکبر وارثی و جناب منشی برکت شیر خاں صاحب ادیب شائع ہوتا تھا۔

Marfat.com

ایسے بیہوش ہوئے شور مچانے والے
تا قیامت نہیں اب ہوش میں آنے والے
میں تری بزم سے یوں تو نہ اٹھوں گا ہرگز
کون ہوتے ہیں عدو مجھ کو اٹھانے والے
روٹھنا آپ ہی پھر آپ ہی من بھی جانا
یہی انداز تو ہیں دل کو لبھانے والے
کم نگاہی ہے تری شرط محبت کے خلاف
دل مرا پھیر دے او آنکھ چرانے والے
کبھی الفت کی نگاہیں تو کبھی پیار کی آنکھ
یوں مرے دل کو لبھاتے ہیں لبھانے والے

اشعار ماخوذ از زبان اردو بابت ماہ مئی۔ جون ۱۹۱۰ء

کیوں وصل بت ماہ لقا ہو نہیں سکتا
سچا ہو اگر عشق تو کیا ہو نہیں سکتا
ہم چاہیں تو دشوار ہے آسان نہیں ہے
تم چاہو اگر دل سے تو کیا ہو نہیں سکتا
تم اور شب وعدہ چلے آؤ میرے گھر
یہ ہو نہیں سکتا بخدا ہو نہیں سکتا
الفت ہے بُری چیز بُری چیز بُری چیز
اس کا کبھی انجام بھلا ہو نہیں سکتا
مشکل تو یہ ہے وہ نہیں سنتے نہیں سنتے
رونا تو یہ ہے میرا کہا ہو نہیں سکتا

---

# منشی مقبول حسن خاں۔ کیف

منشی مقبول حسن خاں نام اور کیف تخلص تھا۔ شاہجہانپور کے باشندہ تھے۔ ان کا زمانہ شعرائے شاہجہانپور کے تیسرے دور کا زمانہ معلوم ہوتا ہے۔ زیادہ حالات نہ دستیاب ہو سکے۔ نمونۂ کلام ایک مشاعرے کی روداد سے نقل ہے جو ۱۹۳۴ء میں پنڈت جگموہن ناتھ رینہ شوق نے کل ہند سطح پر منعقد کرایا تھا۔

خط قسمت بدل جانا بہت مشکل سمجھتے ہیں
ہر اک تدبیر کو اک سعی لاحاصل سمجھتے ہیں
ادھر عجز و نیاز اور اس طرف وہ شان استغنا
ان اسرار محبت کو کچھ اہل دل سمجھتے ہیں
دم آخر سر بالیں خدارا جلوہ فرما ہو
کہ آساں ہو وہ مشکل سب جسے مشکل سمجھتے ہیں
قیامت تک تمنا دید کی نکلے یہ ناممکن
ادائے بے حجابی پردۂ مائل سمجھتے ہیں
جفاؤں پر جفائیں ہوں نہ ہو لب آشنا شکوہ
یہ آئین وفا ہیں ان کو ہم اے دل سمجھتے ہیں
خدا حافظ ترا اے کشتی دل اب خدا حافظ
اطبار نبض کو موج لب ساحل سمجھتے ہیں

Marfat.com

ہمیں بھی دیکھنا ہے تا بکے یہ رنگِ استغنا
وہ کب تک بے اثر اے کیفِ جذبِ دل سمجھتے ہیں

---

# عبدالجمیل خاں۔ جمیل

عبدالجمیل خاں صاحب بنگش جمیل ابن فرخ محمد خاں ابن علی محمد خاں بانیٔ فرخ آباد نواب محمد خاں بنگش کے سلسلۂ نسب سے ہیں۔ ار دسمبر ۱۹۱۲ء کو موضع امیٹھی جدید تحصیل صدر ضلع فرخ آباد اپنے آبائی وطن میں ولادت ہوئی۔ الہ آباد یونیورسٹی سے اعلیٰ قابل اور منشی کے امتحانات پاس کیے۔ اور انگریزی اسکول سے ہائی اسکول کیا۔ بسلسلہ ملازمت ۱۹۵۴ء میں وارد شاہجہانپور ہوئے اور تقریباً ۲۸ سال سے مقیم ہیں۔ جولائی ۱۹۷۴ء میں اسسٹنٹ ایگزیکیٹیو سپرنٹنڈنٹ کے عہدے سے ریٹائر ہوئے اور اسی شہر کے مستقل شہری کی حیثیت سے بفراغت زندگی گزار رہے ہیں۔ شاعری کی ابتدا ۱۹۳۰ء سے ہوئی حکیم عبدالعلی خاں۔ بسمل اور حضرت حفیظ مجیبی فرخ آبادی سے مشورۂ سخن اور استفادہ کیا۔ اپنے چون سالہ مشق سخن میں ہر ایک صنفِ سخن پر طبع آزمائی کی ہے 'افکار جمیل' کے نام سے انتخاب کلام زیور طباعت سے آراستہ ہو چکا ہے۔ نمونۂ کلام

طبع میں آشفتگی ہے آج کل — موسم دیوانگی ہے آج کل
دورِ جان زندگی ہے آج کل — جان پر گویا بنی ہے آج کل
باعثِ تغیر حال دل نہ پوچھ — وہ نظر بدلی ہوئی ہے آج کل
کیا کہوں کیوں کر کہوں کس سے کہوں — گفتنی ناگفتنی ہے آج کل

بے نیاز فکر فردا ہے جمیل
ان سے گاڑھی چھن رہی ہے آج کل

---

کل اس جان تمنا کے تلون کا یہ عالم تھا — گھڑی بھر میں وہ شعلہ تھا گھڑی بھر میں وہ شبنم تھا
نہ دکھلائے خدا دشمن کو بھی صدمے جدائی کے — ادھر افسردہ دل وہ تھے ادھر میں چشم پرنم تھا
بڑی پر ہول تھیں تنہائیاں صحرائے الفت کی — جہاں کوسوں نظر میں کوئی مونس تھا نہ ہمدم تھا

Marfat.com

وہ جس نے بن کے خضر راہ مجھ کو راہ دکھلائی وہ میری سعیِ پیہم تھی وہ میرا عـــزم محکم تھا
جمیل بے نوا چرچے تھے جس کی بے زبانی کے
کل اس کے سوگواروں پر خموشی کا اک عالم تھا

---

# ماسٹر شانتو سنگھ - بارق

ماسٹر شانتو سنگھ بارق شاہجہانپور کے قدیمی باشندہ تھے۔ اردو فارسی سے بخوبی واقف تھے مقامی اسکول میں مدرس تھے۔ دو ایک بزرگ شعراء کا گمان ہے کہ حضرت اسعد شاہجہانپوری کے تلامذہ میں شامل تھے مگر یہ مصدقہ نہیں ہے۔ کلام ایک روداد مشاعرہ سے منقول ہے۔

کبھی اک جوش وحشت سے زمانے میں تلاطم تھا سبق آموز خاموشی ہے اب گورِ غریباں پر
عدم سے کوئی دم کے واسطے آتے ہیں دنیا میں انھیں لمحوں میں کیا کیا کچھ گزر جاتی ہے انساں پر
ہوا ناصح کے سمجھانے کا مجھ پر یہ اثر آخر کہ دل کا فیصلہ چھوڑا بلائے جان و ایماں پر
کہاں کے آہ و نالے جوش کیسا ولولے کس کے نگاہِ ناز نے بجلی گرا دی خرمنِ جاں پر
عیوض اغیار کے مجھ پر ستم ہونے لگا بارق
کرم پر ہے کرم اس بت کا اک احسان ہے احساں پر

---

بجا ہے قدر کیا اس چیز کی جو مفت ہاتھ آئے مگر قیمت دلِ مضطر کی کچھ بے دل سمجھتے ہیں
کوئی بیتابیِ دل پوچھے ایسے جانفروشوں سے کہ جو قاتل کے ہر انداز کو قاتل سمجھتے ہیں
نہ پوچھو ہم سے وصلِ یار میں اور جان دینے میں کسے آساں سمجھتے ہیں کسے مشکل سمجھتے ہیں
وہ مجنوں ہیں کہ ہم اپنے ہی نقشِ پا کو وحشت میں نشانِ کاروانِ صاحبِ محمل سمجھتے ہیں

---

جب سے طاری مجھ پہ اے ساقی ہے از خود رفتگی تیرے صدقے پھر وہی میرے لئے ساغر اٹھا
پوچھ ناصح اس سے جس کے جمع ہوں ہوش و حواس کیا خبر یہ دردِ دل میں کب اٹھا کیوں کر اٹھا
آخری منزل تھا گویا میرا تھک کر بیٹھنا مثلِ نقشِ پا نہ پھر اپنا تنِ لاغر اٹھا

Marfat.com

خاک میں چھوڑا ملا کر اس کو جس کا سر اٹھا     دورِ گردوں کہہ دیا ہے یوں بہ آواز دہل

---

# سید ارشاد حسین عرف پیارے میاں رشید

شہر شاہجہانپور کے ایک باعزت وعظمت بزرگ سید اسرار حسین کے فرزند عالیجناب سید ارشاد حسین عرف پیارے میاں رشید ممتاز شعراء کی صف اولین کے شاعر تھے۔ ماہ فروری ۱۹۱۳ء میں ولادت ہوئی۔ اندرون خانہ تعلیم و تربیت کے بعد مدرسہ عین العلوم میں داخل ہو کر اکتساب علم کیا۔ عربی و فارسی میں مولوی۔ عالم۔ فاضل اور کامل کے اعلیٰ ترین امتحانات میں امتیاز حاصل کیا اور انٹرمیڈیٹ تک انگریزی پڑھی۔ معاشی مسئلے کے حل کے لئے آرڈیننس کلوذنگ فیکٹری شاہجہانپور میں ملازمت مل گئی۔ اپنے فرائض منصبی بحسن وخوبی انجام دے کر آفس سپرنٹنڈنٹ کے عہدے سے ریٹائر ہوئے اور خانہ نشین ہو گئے مگر خانہ نشینی میں بھی سیمابی طبیعت نے بیٹھنے نہ دیا علمی وادبی تحقیق کے کاموں میں مصروف رہے۔ حضرت رشید حکیم حبیب الرحمان خاں حبیب کے شاگرد تھے۔ کچھ مدت بعد حکیم صاحب موصوف نے اپنے پیشہ ورانہ اور سیاسی انہماک سے مجبور ہو کر پیارے میاں رشید اپنے لائق شاگرد کو اپنے استاد حضرت مختار احمد میاں مختار شاگرد حضرت امیر مینائی کی خدمت میں رہبری اور مشورہ کے لئے حاضر کر دیا۔ جناب مختار کے پاکستان ہجرت فرمانے تک حضرت رشید استاد کے دامن فیض سے وابستہ رہے بعدہٗ خود اعتمادی نے رہنمائی کی اور مشق ومطالعہ سے اپنا ایک بلند مقام بنالیا۔ فن شاعری پر عبور حاصل ہو گیا۔ تشنگان علم وفن چاروں طرف سے آ آ کر آپ کے گرد جمع ہو گئے۔ ۱۹۷۸ء میں جناب اشرف علی خاں شاہجہانپوری حال مقیم علی گڑھ سابق کلکٹر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی ترغیب پر علی گڑھ منتقل ہو گئے جہاں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس میں ایڈمنسٹریٹو آفیسر کے جلیل القدر عہدے پر فائز کر دیئے گئے مگر کانفرنس کو آپ کی تنظیمی صلاحیتوں سے استفادے کا زیادہ موقع نہ ملا ۳ مارچ ۱۹۸۱ء کو یکایک دل کا دورہ پڑنے سے رحلت فرما گئے نعش شاہجہانپور لا کر دوسرے دن اپنے آبائی قبرستان میں دفن کر دی گئی۔ آپ کی سبھی اولادیں اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور اچھے اچھے عہدوں پر سرفراز ہیں۔ پیارے میاں رشید مرحوم ومغفور نہایت مرنجان مرنج صاحب مروت، خوش اخلاق اور وضعدار بزرگ تھے۔ خدمت خلائق میں بہت دلچسپی

Marfat.com

تھی۔ ہر صنف شاعری پر طبع آزمائی فرماتے تھے لیکن غزل ان کی شاعری کا خاص میدان تھا۔ ان کے تلامذہ میں چند ایسی شخصیات بھی ہیں جن کو برصغیر ہند و پاک عزت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اپنے پیچھے شاعری کا بڑا ذخیرہ چھوڑا۔ کلیات رشید جلد ہی زیور طباعت سے آراستہ ہو کر ارباب فکر و دانش سے داد وصول کرے گی۔ حضرت پیارے میاں رشید کے بعد شاہجہانپور میں فن شاعری کے ماہرین کا قحط نظر آتا ہے۔ حضرت عبدالسمیع خاں نکہت کی حالیہ موت نے اس علمی قحط میں مزید شدت اور سنگینی پیدا کر دی۔ کاش کچھ مدت یہ بزرگ زندہ رہتے اور پیام اجل اس طرح نہ آتا تو ممکن تھا آپ کی رہنمائی میں کوئی باصلاحیت ان کی جگہ پر کر سکتا لیکن قدرت کے حکم کو ٹالنا کسی کے بس کا نہ تھا۔ نمونہ کلام تذکرہ شعرائے اتر پردیش حصہ سوم سے منقول ہے۔

حسیں سے حسیں بت خرد نے بنائے
جنوں کے پرستار دھوکا نہ کھائے

ترا نقش ہوں جو ترے جی میں آئے
سنوارے بگاڑے بنائے مٹائے

ستم کیا کرم سے بھی گھبرا گیا ہوں
الٰہی زمانہ مجھے بھول جائے

کہاں اب نگاہ کرم کی بھی طاقت
وہ دیکھو وہ زخم جگر مسکرائے

---

سرور غم کی عادت ہو گئی ہے
محبت اب محبت ہو گئی ہے

فلک کی دشمنوں کی دوستوں کی
ہمیں پر کیوں عنایت ہو گئی ہے

مری قسمت کی تاریکی بھی شاید
شریک شام غربت ہو گئی ہے

رشید ان کی ہوئی جب جب عنایت
دل و جاں پر قیامت ہو گئی ہے

---

زہے نصیب کہ یہ اختصاص میرے لئے
حرام ہے ترے غم سے خلاص میرے لیے

عجب نظام ہے یہ عشق کی شریعت کا
نہ خوں بہا ہے نہ اذن قصاص میرے لیے

مجھے کرم سے زیادہ ترا ستم ہے عزیز
وہ اور سب کے لئے ہے یہ خاص میرے لئے

---

جب حسن تھا اک راز مخفی افشا بھی تو ہونا چاہئے تھا
پھر ذوق طلب کو دیدۂ بینا، بہر تماشا چاہئے تھا

Marfat.com

معروف تکلم ہوتے کیوں ؟ مشتاق تجلی ہوتا کون
دنیائے محبت سونی تھی ، آشوب تمنا چاہیے تھا
عرفان حقیقت مشکل تھا توشوق حقیقت بخشا کیوں
بنیاد خودی جب ڈھانا تھی احساس مٹانا چاہیے تھا

---

# اشفاق علی خاں ۔ اشفاق

محلہ بازید خیل کے افتخار علی خاں کے گھر میں جناب اشفاق علی خاں کی جب ولادت ہوئی تو کس کو خبر تھی کہ یہ نوزائیدہ بچہ جوان ہوکر مجسم جوہر قابلیت ہوگا ۔ ایسا نامور ہوگا کہ مدتوں بھلایا نہ جاسکے گا ۔ جس میدان میں اترے گا اپنی مہارت کا لوہا منوالے گا ۔ ابتدائی تعلیم کے بعد مولوی کفایت اللہ مفتی اعظم ہند کے حقیقی برادر خورد مولوی نعمت اللہ مدظلہ العالی جو اپنے وقت کے فاضل اجل ۔ عالم اکمل ۔ عابد وزاہد اور نہایت خدا ترس بزرگ تھے اشفاق علی خاں کے معلم ہوئے ۔ عربی فارسی میں درجہ فضیلت حاصل کر کے دلی یونیورسٹی سے بی ۔ اے اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایم ۔ اے ( انگریزی ) ایم ۔ اے ( فارسی ) اور ایل ۔ ایل ۔ بی کے امتحانات امتیازی شان سے پاس کیے ۔ شاہجہانپور واپس آکر وکالت شروع کردی ۔ اپنی ذکاوت اور ذہانت کی بدولت قلیل مدت میں شہرت کی سیڑھی پر پہنچ گئے ۔ سیاست کی طرف مڑے تو ۱۹۵۷ء کے الکشن میں یوں کامیاب ہوئے کہ بزرگ سیاست داں انگشت بدنداں رہ گئے اس وقت کی اسمبلی میں سب سے کم عمر ایم ۔ ایل ۔ اے یہی تھے ۔ تحریک عزت ناموس رسول کی خاطر کئی بار جیل بھی گئے ۔ جادو بیاں مقرر اور شاہجہانپور کے مسلم لیڈروں میں سرفہرست تھے ۔ تصنیف وتالیف کی طرف رخ کیا تو لکھ لکھ کر مسودوں کے انبار لگادیئے ۔

شعروشاعری کا مادہ طبیعت میں موجود تھا ۱۹۵۲ء میں آغاز شعرگوئی کیا ۔ فطری لیاقت نے بہت جلد اس قابل بنادیا کہ ہم عصروں میں خوشگو اور شکر مقال سمجھے جانے لگے ۔ شاہجہانپور علم وفضل اور شعروسخن میں آپ کی ذات والاصفات پر فخر کرنے لگا ۔ خود کسی کے شاگرد نہیں تھے مگر اشفاق صاحب کے شاگردوں کی صف تیار ہوگئی ۔ مشاعروں میں غزلخوانی کے لئے برابر شریک ہوتے اور واہ واہ کے پھولوں سے جھولی بھر کر اٹھتے تھے ۔ فکر سخن نہایت رسا تھی کاش عین عالم جوانی میں رحلت نہ ہوتی

Marfat.com

اور عمر طبعی کو پہنچتے تو کیسی کیسی یادگاریں چھوڑ جاتے۔ مرحوم کو ہمیشہ شہادت کی آرزو تھی جو خداوند کریم نے پوری کردی۔ ۸ر دسمبر ۱۹۷۵ء کی شب میں اپنے ہی گھر میں ظالم ڈاکوؤں کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ بڑی بہن نے بھی بھائی کا ساتھ دیا۔ بھائی کو بچانے کی کوشش میں وہ بھی قربان ہو کر درجہ شہادت پانے میں کامیاب ہو گئی۔ دوسرے دن جب دونوں جنازے ایک ساتھ آخری منزل کی جانب بڑھے تو ہزارہا لوگوں کی آنکھوں سے اشک رواں تھے۔

اشفاق علی خاں صاحب کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ تصانیف کثیر ہیں لیکن ان کی تفصیل اور ان کے نام مخصوص احباب کو معلوم ہیں ورنہ کتنے ہی مسودات تیار تھے اور طباعت کی منزل تک نہیں پہنچے تھے۔ اردو۔ عربی۔ فارسی اور انگریزی چاروں زبانوں کے ماہر تھے اور ہر زبان میں تصانیف تھیں۔ مرحوم کی نوجوان بیوہ اپنے خورد سال بچے کے ساتھ اپنے مائکے علی گڑھ چلی گئی سُنا ہے جس کی تحویل میں اشفاق صاحب کی نجی لائبریری کی نادر و نایاب کتابیں ہیں۔ مسودات مرحوم کے ایک شاگرد احتشام بن حسن کے قبضے میں ہیں۔ جو علی گڑھ یونیورسٹی میں استاد ہیں۔ ان کی تصانیف میں جگر کی غزلیہ شاعری اور علم بدیع تاریخ و تدوین خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

اشفاق صاحب تصوّف کے خلاف تھے اور اس کو توحید کے لئے زہر سمجھتے تھے۔ ایک قطعہ اسی خیال کی ترجمانی کرتا ہے۔

قطعہ

توحید پھر کتاب الٰہی کی کیوں رہی — جب وحدت الوجود کی سرحد میں آپڑی
ائے صاحب خصوص کے پیرو خطا معاف — قرآں ہے بڑا کہ خصوص الحکم بڑی

---

چند اشعار پیش قارئین ہیں جو اشفاق صاحب کے زاویۂ نظر اور فلسفۂ حیات پر روشنی ڈالتے ہیں۔

نظم جہاں ہے نادرست ہاتھ میں لے زمام کار — اپنا خلوص معتبر غیر کا اعتبار کیا
چھین لے بڑھ کے میکدہ بندۂ میکدہ نہ بن — آہ یہ تیرے ہاتھ میں ساغر مستعار کیا

---

اک جنوں ہے کہ حوادث سے ہے گرم پیکار — اک جنوں ہے کہ الجھتا ہے گریبانوں سے
کم سے کم چادر افلاک ہو پارہ پارہ — وہ جنوں کیا جو بہل جائے گریبانوں سے

---

Marfat.com

میں ڈھونڈھ رہا ہوں اپنی منزل　　ہے میری تلاش راہزن کو
مردان خدا کا شوق بیتاب　　تحریک عمل ہے اہرمن کو

دوستی کے معاملے میں وفا کو جزو ایمان کہتے تھے۔ قطعہ ملاحظہ کیجیے۔

سمجھ کر بزم یاراں کر مُرتّب　　کہ ہیں کچھ اہرمن بھی آدمی رو
اگر اک دوست بھی ہو علقمی سا　　تو ہر دُشمن ترے حق میں ہلاکو

غزلیہ رنگ بھی دیکھیے۔

ہے یہ اعجاز جوشِ حیا کا　　پھوٹ نکلی گُل ترسے شبنم
اور مل بیٹھ لیں چند لمحے　　ہم نشیں پھر کہاں تم کہاں ہم
آج بھی آپ آخر نہ آئے　　آج بھی یاد کرتے رہے ہم
آپ کی اک نگاہِ محبت　　میرے دل کے لئے دولت جم

---

خداوندا یہ کیا آئین ہے تیری خدائی کا　　ترا انساں کرے مشق ستم تیرے ہی انساں پہ

شہادت سے کچھ دن قبل اپنی غزل کے مقطع میں یوں پیشین گوئی کر دی تھی۔

اشفاق ایک شعلہ تھا خاموش ہوگیا
کیا شک !، خدا نہ کردہ، تمھیں اس خبر میں ہے

اشفاق علی خاں مرحوم کی زندگی میں ان کے شاگرد اور دست راست عزیزی مشہود حسن خاں ایڈوکیٹ کا شکر گزار ہوں جنھوں نے اپنے حافظے میں مرحوم کے اشعار محفوظ کر لئے تھے اور راقم الحروف کو لکھوا دیئے۔

---

# عبدالماجد محمد میاں۔ شفق بدایونی ثم شاہجہانپوری

عبدالماجد محمد میاں، وارثی شفق سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی ستائیسویں پشت میں ہیں۔ آپ کے مورث سیدنا عبدالرحمان ثانی کے فرزند سیدنا حضرت مخدوم عبداللہ مکی سنہ ۶۰۱ھ میں ہجرت فرما کر بدایوں شریف وارد ہوئے اور توطن اختیار کر لیا۔ شفق صاحب کے

Marfat.com

والد ماجد کا نام سیدنا مولوی عبدالحیٔ ہے سید واڑہ بدایوں میں تاریخ ۱۱ فروری ۱۹۱۴ء کو پیدا ہوئے ابتدائی زندگی بدایوں میں گزری اور وہیں اردو فارسی عربی وغیرہ کی تعلیم حاصل کر کے انگریزی اسکول و کالج سے ہائی اسکول وانٹر پاس کیا۔ ذی علم خاندان کے ماحول نے شعروشاعری کی طرف مائل کر دیا اپنے حقیقی برادر عم زاد و بہنوئی جناب محمد عبدالسمیع آرزو سے مشورہ سخن لیا۔ ریلوے میں ملازمت کرنے کے بعد ایک جگہ مقام نہ رہا۔ ۱۹۴۳ء سے شاہجہانپور میں مقام اور یہیں سینیئر انسپکٹر کے عہدہ سے سبکدوش ہو کر مستقلاً آباد ہو گئے ہیں تقریباً پینتیس سال سے محلہ بارہ زئی دوئم میں اپنے ذاتی مکان میں رہائش اختیار کئے ہوئے ہیں۔ آپ کے دو صاحبزادوں اور ایک صاحبزادی کو بھی سے شاعری وراثت میں پہنچی جن کے حالات اس کتاب میں موجود ہیں۔ فروغ اردو کے سلسلے میں خود آپ نے اور آپ کے بچوں نے از حد وقت دیا اور محنت صرف کی ہے۔ حضرت شفق کا نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیے

کہیئے یکتائی کا دعویٰ اب تو باطل ہو گیا — آئینے کے آئینہ مدِ مقابل ہو گیا
زخم دل سے حسرت و ارماں کی دنیا بس گئی — جو گرا قطرہ زمیں پر دوسرا دل ہو گیا
رہنمائے دشت غربت آتش اُلفت بنی — سوز دل اپنا چراغ راہِ منزل ہو گیا

اس میں ارمانوں کی دنیا اے شفق آباد ہے
دل کا ہر ذرہ گلستان عنا دل ہو گیا

---

تمنائیں دم اظہار بھی روپوش ہوتی ہیں — محبت میں دعائیں بھی بقدر ہوش ہوتی ہیں
ترے زخم نہاں اے دل کسی دن رنگ لائیں گے — وہی چوٹیں ابھر آتی ہیں جو روپوش ہوتی ہیں
ہماری بے خودی خود ترجمانِ حیرت دل ہے — یہ باتیں روز ہوتی ہیں مگر خاموش ہوتی ہیں

شفق ہم محو رہتے ہیں خیال مئے پرستی میں
تصور میں ہماری خواہشیں مئے نوش ہوتی ہیں

---

## محمد عشرت اللہ عشرت

محمد عشرت اللہ عشرت ابن منشی حکمت اللہ صاحب ۱۵ جون ۱۹۱۵ء کو آبائی مکان واقع محلہ صنا خیل

Marfat.com

میں پیدا ہوئے مولوی نظام علی صاحب اور مولوی جستو خاں صاحب سے اکتساب علم کیا۔ بارہ سال کی عمر سے مشہور نابینا شاعرہ محترمہ حجاب صاحبہ کی زیر تربیت و نگرانی رہے اور انھیں سے مشورہ سخن لیا۔ نظم غزل قطعات وغیرہ پر طبع آزمائی فرماتے ہیں۔

نمونۂ کلام

ساقی یہ التفات ترا بے رُخی کے ساتھ ایسی ہنسی بھی کیا مری تشنہ لبی کے ساتھ
وہ مسکرا رہے ہیں مرے عرض حال پر تسکین دلفریب ہے کس سادگی کے ساتھ
عہد الست خواب عدم رستخیز حشر عمریں گزار دی ہیں تری ہر خوشی کے ساتھ
شاید سواد منزل جاناں میں آ گئے خود پاؤں اٹھ رہے ہیں بڑی سرخوشی کے ساتھ

---

نگراں بسوئے برق کبھی، آشیاں کبھی یوں بھی ہوئی ہے زیست کہیں کامراں کبھی
راہ طلب میں چلنے لگے سر کے بل وہاں تھکنے لگے ہیں پائے تجسس جہاں کبھی
فریاد وجہ پردہ دری ضبط وجہ موت ڈر ہے پیام دل کا نہ کہہ دے زباں کبھی
عشرت اس آرزو میں گزاری تمام عمر
اے کاش درد عشق بنے جاوداں کبھی

---

# حامد علی خاں حامد مینائی

حامد مینائی ایک اعلیٰ خاندان کے فرد ہیں سن شعور ہی سے شعر و شاعری کا شوق پیدا ہو گیا تھا۔ حضرت عابد مینائی کے سامنے زانوے تلمذ تہہ کیا اور استاد کے دامن فیض سے ان کی حیات تک وابستہ رہے۔ بیشتر اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے جس میں نظم۔ غزل۔ قطعہ رباعی۔ نعت و منقبت شامل ہے۔ ان کا ایک انتخاب کلام 'فردوس نظر' کے نام سے ۱۹۶۶ء میں منظر عام پر آ کر اہل ذوق سے داد حاصل کر چکا ہے۔ ذریعہ معاش ملازمت تھا آرمی کلوذنگ فیکٹری میں بعہدہ سپروائزری فائز تھے۔ سبکدوشی کے بعد گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے۔ آپ شاعر بھی ہیں اور شاعر گر بھی۔ شاہجہانپور میں آپ کے معقول تعداد میں شاگرد ہیں جو آپ سے استفادہ کرتے ہیں۔

Marfat.com

نمونہ کلام

غم جس میں نہ شامل ہو وہ عنواں نہیں دیکھا — خالی کبھی کانٹوں سے گلستاں نہیں دیکھا
دیکھا ہے گریباں کو تری شوخ نظر نے — بھولے سے کبھی چاک گریباں نہیں دیکھا
سمجھے بھی تو کیا سمجھے وہ روداد گلستاں — جس نے کبھی آنکھوں سے گلستاں نہیں دیکھا
آزار محبت ارے توبہ ارے توبہ — اس درد کا ہم نے کبھی درماں نہیں دیکھا
ہر مرحلہ طے ہیں نے کیا راہ وفا میں — زنداں نہیں دیکھا کہ بیاباں نہیں دیکھا
چھائی ہے فضاؤں پہ قیامت کی اداسی — دیکھے مرا گھر جس نے بیاباں نہیں دیکھا

حامد غم انساں سے جو خود بھی تڑپ اٹھے
اس دہر میں ایسا کوئی انساں نہیں دیکھا

رباعیات:-

ہر بار غم عشق اٹھایا میں نے — دنیا کو یہ انداز سکھایا میں نے
آداب محبت سے ہوں واقف حامد — غمخواروں سے ہر راز چھپایا میں نے

---

جب مل نہ سکا میرے سوالوں کا جواب — اک پیکر حسرت تھا دل خانہ خراب
وہ برہمیٔ حسن وہ برگشتہ نظر — اب تک ہے مرے ذہن میں وہ طرز عتاب

متفرق اشعار:-

یہ وصل و ہجر کے افسانے کب تک — بدل دو حامد انداز اب بیاں کا

---

وہ تو کہیے نگہ ناز نے خود پرسش کی — چارہ سازوں سے کہیں درد کا درماں ہوتا

---

جو محبت میں تباہی کا گلہ کرتے ہیں — میری نظروں میں وہ توہین وفا کرتے ہیں

---

ترے تنہا بدلنے سے کہیں عنواں بدلتے ہیں — اگر ہم بھی بدل جائیں تو افسانے بدل جائیں

---

ہائے وہ آنکھ کہ جس میں نہ ہو کوئی آنسو — ہائے وہ دل جو محبت کا پرستار نہیں

Marfat.com

# حامد حسین۔ حامد مینائی

حضرت حامد حسین حامد مینائی خلف اکبر حضرت عابد حسین عابد مینائی جانشین اعتماد الملک حضرت دل شاہجہانپوری۔ ار جولائی ۱۹۱۸ء کو محلہ بارزوزئی میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد محترم سے تعلیم و تربیت پائی۔ شاعری ورثے میں پائی اور اس میدان میں عابد مینائی کی رہبری قدم قدم پر رہی۔ مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ ۲۹ اپریل ۱۹۸۳ء کو رحلت فرمائی۔

نمونۂ کلام

سحاب اور شب ماہتاب پیدا کر — کوئی وسیلۂ شغل شراب پیدا کر
سکوت اور پھر اتنا سکوت ارے توبہ — نگاہ ناز کوئی انقلاب پیدا کر
ہزار غم ہے لیکن زباں سے اُف بھی نہ کی — جو ہو سکے تو ہمارا جواب پیدا کر

---

طرزِ ادا رباعی خیام کا بدل — ہر جنبشِ نگاہ کہ جیسے کوئی غزل
افسانے اس کے بن گئے دُنیائے عشق میں — جو حرف بے خودی میں زباں سے گیا نکل
حامد یہ حادثہ یہ زمانے کا انقلاب — بیگانۂ حواس مرا دل ہے آج کل

---

معراج وفا اے دل ناکام یہی ہے — بیداد نہیں ہے کرم عام یہی ہے
ہے ورد زباں شام و سحر نام تمھارا — کچھ کام ہمیں اور نہیں، کام یہی ہے
کیوں دست جنوں جانب داماں نہیں اٹھتا — حامد نگہ شوخ کا پیغام یہی ہے

قطعہ

دل مرا اب کسی صورت سے بہلتا ہی نہیں — ساز پر تم کوئی غمگین ترانہ چھیڑو
کچھ تو سامان سکوں مجھ کو میسّر ہو کبھی — میری ناکام محبت کا فسانہ چھیڑو

---

Marfat.com

# حکیم احمد علی خاں۔ وفاؔ

حکیم احمد علی خاں وفاؔ ۶؍ اپریل ۱۹۲۰ء کو پیدا ہوئے مگر چھ سال کی عمر ہونے پائی تھی کہ شفیق کے والد سوار فوج کے اول درجہ کے حولدار جناب محمود علی خاں یوسف زئی عالم جاودانی کو کوچ کر گئے۔ بیوہ ماں نے زمانے کے گرم و سرد کا بے جگری سے مقابلہ کر کے اپنے فرزند اور دل کے ٹکڑے کو حسب توفیق ضروری تعلیم دلوائی۔ حضرت وفا نہایت ذہین و محنتی تھے اسکولی تعلیم سے فراغت کے بعد فن طب سیکھا اور اس حد تک مہارت حاصل کر لی کہ اس فن پر ایک مفید رسالہ تصنیف کیا۔ عجیب بات ہے کہ اتنی معلومات کے باوجود اس معزز و ممتاز فن کو کسب معاش کا وسیلہ بنانے کے بجائے درس و تدریس کو ذریعہ آمدنی قرار دیا سٹی بورڈ کے ایک اسکول میں مدرس رہے اور مدرس اول کے عہدے سے جون ۱۹۸۰ء میں سبکدوش ہو کر حکمت اور طبابت شروع کر دی۔ شعر و شاعری کا بچپن سے شوق تھا حکیم سلامت اللہ خاں سلامت جانشین حافظ نثار احمد خاں عرف حافظ بدھن خاں تابؔ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ سلامت اللہ خاں صاحب سلامتؔ نے ۱۹۶۱ء میں وفا صاحب کو مسند جانشینی عطا فرمائی۔ بعد رحلت حکیم سلامت اللہ خاں حضرت وفاؔ نے چندے حضرت عابد جانشین اعتبار الملک حضرت دل شاہجہانپوری سے مشورہ سخن لیا۔ محمد اللہ وفاؔ صاحب اب صاحب تلامذہ ہیں۔ علم عروض میں بھی ایک رسالہ آپ کی تصنیف سے ہے۔ اب تک آپ کے تین ضخیم دیوان طبع ہو چکے ہیں۔ چوتھا دیوان اور ایک مثنوی طباعت کے لئے تیار ہے۔ آپ کے ایک دیوان ' دامان وفا' پر اردو اکاڈمی اتر پردیش نے ایک ہزار روپیہ کے انعام سے بھی نوازا اور اعتراف خدمت کیا۔ آپ کے دو صاحبزادے ڈاکٹر اور دو صاحبزادے لکچرر ہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمایئے۔

جو مالک ہے وہی دل کا مکیں ہے — مکاں یہ دوستو خالی نہیں ہے
جمال یار ایسا دلنشیں ہے — کہ اب اچھا کوئی لگتا نہیں ہے

---

ہو خلوص و وفا پہ جن کی نظر — دوست ایسے جہاں میں ہیں کمتر
ہو نہ توہینِ میکدہ مجھ سے — لاؤ دے دو مجھے بھی اِک ساغر

---

Marfat.com

کس قدر آسان ہے صورت ہماری موت کی
جب یہ ہے تیرا تغافل ہم تو مر جائیں گے آپ

اے وفاؔ وہ دور ہو کر بھی بہت نزدیک ہیں
جب مٹا نقشِ دوئی ہم ایک ہو جائیں گے آپ

---

فیضِ روحانی جوان سے اے وفاؔ پاتا ہوں میں
یوں کبھی غالبؔ کبھی خود ذوقؔ بن جاتا ہوں میں

زندگی بھر مجھ کو تڑپاتے رہے رہ کر جُدا
اب وہ روتے ہیں بہت جب یاد آ جاتا ہوں میں

---

پیکرِ غم ہے کبھی مسرور ہے
آدمی حالات سے مجبور ہے

اپنی اپنی کہہ رہے تھے سب ہی ان کی بزم میں
اے وفاؔ تم چپ رہے تم نے بہت اچھا کیا

وفا کے نام سے ناآشنا زمانہ ہے
یہ عام بات ہے اس بے وفا کی بات نہیں

گر قفس میں بھی آب و دانہ ہے
آشیانہ پھر آشیانہ ہے

اے مالکِ حیات قناعت پسند ہوں
دے زندگی مجھے دلِ بے مدعا کے ساتھ

خدا پرست وہی ہے کہ ہم نشیں جس نے
ہر ایک کام میں اُس کی رضا کو ڈھونڈھ لیا

لے لیا بارِ امانت میں نے ہنس کر اے وفاؔ
حاملانِ عرش کو حیران و ششدر دیکھ کر

---

# محمد صنعت اللہ خاں صنعت

محمد صنعت اللہ خاں صنعتؔ خلف منشی محمد رفعت اللہ خاں المعروف بہ رفیع خاں ساکن محلہ بارڑ وزئی پیشاوری سنہ ۱۹۲۱ء میں پیدا ہوئے۔ انگریزی اسکول میں آٹھویں تک پڑھا۔ گھر میں اردو فارسی سیکھی۔ تقریباً بیس سال سے شعر کہتے ہیں۔ عابد مینائی شاہجہانپوری کے مفقود الخبر ہو جانے کے بعد حضرت نسیم شاہجہانپوری سے مشورہ سخن لیتے ہیں۔ کلام بقدر دیوان جمع ہو چکا ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ کیجیے۔

شکوے کیے نہ مائل آہ و فغاں رہے
ان کے حضور اہلِ وفاؔ بے زباں رہے

اب تو ہمیں تصورِ منزل بھی ہے گراں
وہ دل کے حوصلے وہ ارادے کہاں رہے

بجلی گری تو حشر گلستاں کا ہو گا کیا
اس سے غرض نہیں کہ مرا آشیاں رہے

صنعتؔ میں ان کے عشق میں برباد ہو گیا
پھر بھی مری وفاؤں سے وہ بدگماں رہے

Marfat.com

کیوں ساقی میخانہ پہ الزام نہ آئے
جب میری طرف مصلحتاً جام نہ آئے

وہ سُن تو رہے ہیں میری روداد محبت
تاکید ہے یہ بھی کہ مرا نام نہ آئے

اک میں ہوں کہ مجرم ہوں زمانے کی نظر میں
اک وہ ہیں کہ ان پر کبھی الزام نہ آئے

دراصل وہی لوگ مقدر کے دھنی ہیں
اٹھ کر تری محفل سے جو ناکام نہ آئے

حالات کا رہ رہ کے تقاضہ ہے یہ صنعت
لب پر گلۂ گردشِ ایام نہ آئے

---

# مظفرؔ شاہجہانپوری

نسباً اہلِ سادات سے ہیں۔ الٰہ آباد میں ولادت ہوئی اور وہیں پرورش پائی اور تعلیم و تربیت ہوئی شعر و سخن کا شوق بھی الٰہ آباد ہی میں پیدا ہوا اور پروان چڑھا۔ طویل مدت سے بمبئی میں مقیم ہیں۔ ایک اخبار "سلاسل" بھی جاری کیا۔ دُنیائے شعر و ادب میں امتیازی مقام رکھتے ہیں۔ شاہجہانپور سے اپنے آبائی تعلق کے وسیلے سے گاہے گاہے تشریف لاتے رہتے ہیں۔ نمونۂ کلام۔

نجانے کون نگاہوں سے ناگہاں گزرا
نظر سنبھل نہ سکی برق کا گماں گزرا

وہ سامنے رہے جب تک کرن کرن تھی نگاہ
وہ چھپ گئے تو زمانہ دھواں دھواں گزرا

غلط نگاہیٔ جاناں کا ایک لمحہ تھا
خطا جو کر کے مجھے کیف جاوداں گزرا

بس اتنا یاد ہے برق جمال ٹوٹ پڑی
کوئی بتاؤ کہ یہ حادثہ کہاں گزرا

نہ ان کے ساتھ سہی ان کی یاد ہی میں سہی
کوئی نفس بھی مرا رائیگاں کہاں گزرا

قفس میں پھول کھلے جب بہار کا جھونکا
قریب سے مئے خوشبوئے آشیاں گزرا

تڑپ کے دل نے کہا خیر ہو نشیمن کی
نظر سے جب کہیں اڑتے ہوئے دھواں گزرا

بہت کیا جو دعا نے تو ہاتھ اٹھوائے
عمل اٹھا تو ستاروں کے درمیاں گزرا

زمین کوچۂ جاناں پہ پڑ رہے تھے قدم
کہ میرے پاؤں کے نیچے سے آسماں گزرا

یہ امتیاز مظفر تجھے مبارک ہو
کہ بزم میں وہ تجھی سے کشاں کشاں گزرا

Marfat.com

قبل آغاز ہی انجام کا ڈر ہوتا ہے
دور اندیش بڑا تنگ نظر ہوتا ہے
غیر کے غم کا بھی اب دل پر اثر ہوتا ہے
کوئی روتا ہے تو دامن مرا تر ہوتا ہے
بھیک دیتا ہو کوئی یا کہ طلب کرتا ہو
دونوں صورت میں بشر تنگ بشر ہوتا ہے

---

ایک طوفان ہے نغموں کا کوئی ساز نہیں
گنگناتی ہیں وہ آنکھیں مگر آواز نہیں
گیت گا لیتا ہوں زنداں میں بھی زنجیر کے ساتھ
میں کہیں بھی رہوں تنہا مری آواز نہیں
اڑنے والے تو قفس توڑ کے اڑ جاتے ہیں
عزم پرواز رہینِ پرِ پرواز نہیں

---

# سیّد حسن اختؔر

سیّد حسن نام اور اختؔر تخلص ہے۔ اختر مشہور شاعر و ادیب مصور فطرت جناب ظہور احمد وحشی کے صاحبزادے ہیں۔ ۱۹۲۰ء میں ولادت ہوئی۔ ان کے والد حضرت وحشی کا ۱۹۴۲ء میں انتقال ہوا، جب اختر ایک نوجوان طالب علم تھے اور اس وقت ان کا قیام اپنے والد کے ساتھ دتی میں تھا۔ تعلیم دلی میں پائی۔ کچھ دنوں اوورسیری کا کورس پڑھا لیکن تکمیل نہ کر سکے اور یہ کورس ترک کر کے اردو میں فاضل ادب کیا۔ والد کے انتقال کے بعد والد نے ملازمت کی لیکن زیادہ عرصے تک جاری نہ رکھ سکے اور دست بردار ہو گئے۔ وثیقہ نویسی کا پیشہ اختیار کیا اور اب تک اسی پیشے سے منسلک ہیں۔ شعر و شاعری ورثے میں پائی تھی۔ نمونۂ کلام:

آپ کے لطف و عنایت کی تمنا ہی سہی
دل کے بہلانے کو یہ ایک سہارا ہی سہی
کچھ تو ہو وجہ تسلی دلِ غمگین کے لئے
آپ وعدہ تو کریں وعدہ فردا ہی سہی
اک ذرا دیر کو آجایئے بیمار کے پاس
رسم دنیا ہی سہی، وقت کا منشا ہی سہی
آپ آئیں تو سرِ بزم برافگندہ نقاب
ہوش میں ہیں نہ سہی ایک تماشا ہی سہی

---

نہ مصیبتوں کو دوام ہے نہ مسرتوں کو قیام ہے
یہی نظم لیل و نہار ہے کبھی صبح ہے کبھی شام ہے

Marfat.com

دل مضطرب کو تو ہی بتا میں کہوں بہلنے کو کس طرح
کوئی قول ہے نہ قرار ہے، نہ سلام ہے نہ پیام ہے
یہ گھٹا یہ رات یہ حسیں فضا مجھے جام دے مرے ساقیا
بھلا کون سوچے اب ایسے میں یہ حلال ہے کہ حرام ہے

---

# راز شاہجہانپوری

اہل شاہجہانپور حضرت راز کے نام اور کارناموں سے زیادہ واقف نہیں اس لئے کہ وہ نو عمری ہی میں غالباً ۱۹۴۰ء میں گجرات کے شہر احمد آباد میں جاکر بس گئے تھے اور پھر وہیں کے ہو رہے۔ ان کے شاگرد رشید رحمت امروہوی نے ایک مکتوب میں لکھا ہے کہ وہ قصبہ تلہر کے قریب کوئی گاؤں محمدی ہے وہاں کے رہنے والے تھے۔ احمد آباد میں انھیں استاد فن کا درجہ حاصل تھا۔ اور وہ ترقی پسند تحریک سے وابستہ رہے۔ پیشہ کے اعتبار سے گھڑی ساز تھے۔ ان کے کلام کا ایک مجموعہ مرتب شکل میں دہلی میں جناب ظفر ادیب کو بھیج دیا گیا تھا لیکن وہ شائع نہیں ہوسکا۔ احمد آباد اور گرد و نواح میں ان کے تلامذہ ان سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔ کینسر کے موذی مرض میں ۲، جولائی ۱۹۵۷ء کو ان کا انتقال ہوا۔ عمر پچاس کے لگ بھگ تھی مقامی اخبارات نے ان کے انتقال کی خبر نمایاں طور پر شائع کی۔

چند اشعار بطور نمونہ

اس نے جس کا نہیں مقام کہیں
آپ کا سن لیا ہے نام کہیں

بیٹھ اے دل نظر ملائے بغیر
بندگی میں نہیں سلام کہیں

---

آتے ہی ان کے رو برو سپنوں کی بات ہوگئی
آنکھوں میں دن گزر گیا پلکوں میں رات ہوگئی

تم نے جو تو سے تم کہا کھل گئے زندگی کے پھول
تم نے نقاب الٹ دیا شرح حیات ہوگئی

راز دل شکستہ کا آ ہی گیا انھیں خیال
کانٹوں کو چومتے ہی آج پھولوں سے بات ہوگئی

---

Marfat.com

جہانِ شوق کے تیور بدلنے والے ہیں ‏ ‏ سنا گیا ہے مقدر بدلنے والے ہیں
ہے جن کے بخت میں در در کی خاک افشانی ‏ ‏ وہ کہکشاں سے مقدر بدلنے والے ہیں
ابھی سے گرم ہیں کیوں ناقدانِ بزمِ سخن ‏ ‏ ابھی تو اور سخن ور بدلنے والے ہیں
سنا ہے رازؔ کے میداں میں آگئی ہے حیات ‏ ‏ سنا ہے موت کے منتر بدلنے والے ہیں

---

کمالِ فن ہے یہ دیکھو تو ہم اسیروں کو ‏ ‏ نظر سے روک رہے ہیں نظر کے تیروں کو
ڈرا ہوں یوں بھی سواد یکھ کر نکیروں کو ‏ ‏ سفیر بن کے نہ دیکھا تھا ہم سفیروں کو
زمانہ چال قیامت کی چل گیا ہے ہے ‏ ‏ میں دیکھتا ہی رہا ہاتھ کی لکیروں کو

---

# منشی محمدؔ اظہار حسین۔ اظہر

منشی محمد اظہار حسین ولد منشی اولاد حسین صدیقی محلہ تا جوخیل کے قدیمی باشندہ تھے۔ محکمہ ریلوے میں ملازم اور ذی علم تھے شعر و شاعری کا شوق اوائل زندگی سے تھا۔ مختار احمد میاں مختار کے شاگرد تھے۔ ان کے ہم عصر اصغر علی خاں اصغر حضرت عابد مینائی اور حضرت ممتاز اللہ خاں ممتاز وغیرہ کہے جا سکتے ہیں۔ آخیر زمانہ میں پاکستان ہجرت کر گئے اور وہیں انتقال ہوگیا۔ مرحوم راقم السطور اور قمر رئیس کی والدہ کے ماموں زاد بھائی تھے۔

## غزل

تری جنبش کو ہم اے پردۂ محمل سمجھتے ہیں ‏ ‏ اسے بھی قیس کا اک جذبۂ کامل سمجھتے ہیں
نگاہ لطف کے مطلب کو دنیا خاک سمجھے گی ‏ ‏ یہ وہ انداز ہے جس کو ترے بسمل سمجھتے ہیں
جسے بیگانۂ رازِ حقیقت بت کدہ سمجھے ‏ ‏ حقیقت آشنا اس کو تری محفل سمجھتے ہیں
نگاہ یاس تو ہی کاش شرحِ آرزو بنتی ‏ ‏ کہ اظہار تمنا ہم بہت مشکل سمجھتے ہیں
قیامت ہے اسے دنیا نے مرگِ ناگہاں سمجھا ‏ ‏ جسے ہم زندگیٔ عشق کا حاصل سمجھتے ہیں

پڑے ہیں جا بجا ذرات خاکِ دل جو اے اظہر
انھیں ذرّوں کو اب ہم عشق کی منزل سمجھتے ہیں

Marfat.com

# مُبارک شمیم

سرابدال خاں المخاطب بہ معتمدالدولہ نواب بہادر خاں چغتا ابنِ دریا خاں باقرزئی نے ۱۶۳۷ء یہ شہر بسایا تھا اور اپنے آقا و ولی نعمت شہنشاہ شاہجہاں صاحب قِراں سے موسوم کرکے شاہجہانپور نام رکھا اس دیار خوش سواد کے مشرقی حاشیے پر واقع بستی احمد پور کا باشندہ ہوں اس بستی سے میرے اجداد کا زمانہ آبادی سے وطنیت کا رشتہ ہے۔ بستی کے ہر جانب پھیلے ہوئے سبزہ زاروں میں پل کر اور قریب بہتے ہوئے دریائے کھنوت میں نہا نہا کر توانا ہوا۔ جوان ہوا اور یہیں بوڑھا ہوا ہوں۔ یہ دیہی علاقہ ہے۔ یہاں کی اسّی فیصد آبادی کی زندگی کا دار و مدار زمینات کی کاشت پر ہے لیکن یہاں کی خاک سے اعلیٰ سول اور فوجی عہدیدار بھی اُٹھے، ہنرمند و دستکار ہوئے وکیل و مختار اور تھانیدار پیدا ہوئے مگر مفلس و نادار بھی ہمیشہ آبادی کا جزو بنے رہے۔

میرے والد محترم مولوی عبدالعلی خاں قانون پیشہ تھے وہ مجسٹریٹ بھی ہوئے اور زمیندار بھی رہے۔ وہ اپنی ایمانداری اور مہارت کے سبب نہایت مقبول و معروف رہے اور طویل مدت تک خدمات انجام دیں۔ ان کا انتقال میری والدہ محترمہ سیّدہ مختار بیگم کے انتقال کے سترہ سال بعد ۱۹۶۹ء جون میں ہوگیا۔ میری والدہ مرحومہ حافظ، قاری، مولوی سیّد حبیب الحق کی دختر تھیں۔ ان کے جد مولوی عبدالعلیم بلند پایہ درویش و بزرگ تھے جن کو نواب عبدالعزیز خاں ابنِ نواب بہادر خاں کی درخواست پر اورنگ زیب عالمگیر نے شاہ جہانپور کے شاہی امام و خطیب کا منصب عطا کیا تھا۔ یہ منصب نسلاً بعد نسلاً ہوتا ہوا میرے نانا تک پہنچا۔ اولادِ ذکور نہ ہونے پر شاہی امامت و خطابت دوسرے خاندان میں منتقل ہوگئی۔

ہائی اسکول کی سند کے مطابق میری تاریخ پیدائش ۱۲ر مارچ ۱۹۲۴ء ہے جو اصل سے کم از کم چھ سات سال کم ہے ۱۹۳۸ء دسمبر میں میری شادی ہوئی تو بچہ نہ تھا میں عہدِ جوانی میں داخل

Marfat.com

ہو چکا تھا اور پھر ۲ر جنوری ۱۹۴۰ء کو ایک بچی کا باپ بھی بن گیا مگر یہ سچ ہے کہ میں طالب علم تھا اور شادی کے برسوں بعد تک کالج اور یونیورسٹی کی رونق رہا۔ طالب علمی کا زمانہ گزار کر جب زندگی میں قدم رکھا تو منظر بدل گیا۔

زندگی کے دشت میں پہنچے تو سورج چڑھ گیا
دھوپ کی شدت ہوئی ایسی کہ گھبرانے لگے

والد صاحب کا آخری دور حیات تھا۔ سب سے بڑا بیٹا ہونے کے ناطے گھریلو ذمہ داریاں اُٹھا نہیں پایا تھا کہ آزادی کا سال آ گیا۔ ملک کی تقسیم۔ قتل و خون۔ انتقال آبادی اور حالات کی غیر یقینی میں مستقل اُلجھ کر رہ گیا۔ چند سال بعد خاتمۂ زمینداری کا اعلان ہو گیا۔ زمینداری چلی گئی خود کاشت باقی رہ گئی۔ میں نے ایک مقامی انگلش فرم میں ملازمت اختیار کر لی۔ اس وقت اولاد میں دو بیٹے اور سات بیٹیاں ہیں۔ سب سے بڑا بیٹا کرنل عارف ۱۹۸۹ء کے آغاز میں فوت ہو گیا۔

شاعری وراثت میں نہیں پائی۔ سوزِ دل کی دین ہے۔ آغاز ۱۹۳۷ء میں ہوا۔ اٹاوہ، علی گڑھ اور لکھنؤ کے دوران قیام ذوق و شوق شاعری کو بڑھاوا ملا۔ جس شعر سے شاعری کی ابتدا ہوئی وہی اس کی بنیاد قرار پایا۔

صبا جو.... کے گھر سے گزرو تو اس سے اتنا ضرور کہنا
کہ تیری فرقت میں ہائے ظالم شمیم آنسو بہا رہے ہیں

شاعری کا سلسلہ چلا تو اب تک چلا جا رہا ہے حالاں کہ دل و دماغ کام کا رہا نہ آنکھیں مگر اس مشغلے سے دست بردار ہونے کو جی نہیں چاہتا۔ معروف اصناف شاعری میں نظم، قطعہ، نعت، منقبت اور غزل پر طبع آزمائی کی لیکن غزل کی صنف سب سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ مقامی اساتذہ حضرت اسعد، حضرت اشفاق اور جناب پیارے میاں رشید سے استفادہ کیا ہے مگر زیادہ قریب رہنے کا وقت نہ ملا سبب یہ کہ زندگی کا وہی زمانہ بیرونِ شہر گزرا۔ جو کچھ کہا خود بڑے اعتماد سے کہا۔ اساتذہ قدیم و جدید کا کلام زیرِ مطالعہ رکھا۔ کسی کی تقلید کی نہ کسی مقبول و معروف شاعر کو اپنے لئے نمونہ بنایا۔ اپنی بات اپنی طرح کہنے اور اپنے لہجے میں ادا کرنے کی کوشش میں مصروف ہوں۔ اب تک دو انتخاب غزلیات 'نقشِ نوا' اور 'آبِ ہوا' طبع ہو چکے ہیں۔ تیسرا تیار ہے۔ ان کتابوں کے علاوہ نثر میں تذکرہ شعراء شاہجہانپور اور غیر مسلم شعراء شاہجہانپور میری تصنیف و تالیف میں شامل ہے۔ آخری الذکر بزبانِ ہندی ہے جو جلد ہی منظرِ عام پر آجائے گی۔

Marfat.com

چند غزلیں بطور نمونۂ کلام درج ذیل ہیں۔

ہے نگاہوں میں فقط سطوت خشکی و تری
کتنی محدود ہے دُنیا کی وسیع النظری

تھی حصاروں میں پریشاں گُل تر کی خوشبو
لے اُڑی اس کو بہت دور نسیم سحری

میں مسافر ہوں رہِ غم میں کڑی منزل کا
ظُلمتو، میرے مقدر میں نہیں شب بسری

ڈرتا ہوں جو نظر مُڑ کے کبھی ماضی پر
ایک آواز ابھرتی ہے بڑی درد بھری

نقل کو گوہرِ اصلی کے مقابل رکھ دو
ہے بڑے اوج پہ اس وقت فنِ شیشہ گری

کل نہ مشکل ہو مگر آج تو مشکل ہے شمیم
شاعری رسم و روایت سے نظر آئے بری

رفیق زندگی ہوتا کوئی احساس ایسا بھی
وہی آرام جاں ہوتا وہی دل میں کھٹکتا بھی

شکایت کس لئے کرتے ہو موجوں کی حوادث سے
سفینہ چھوڑ کر موجوں پہ یارو تم نے دیکھا بھی

ہمارے حوصلوں کی کم نصیبی سے نہ ہاتھ آیا
کیا تھا دور تک ہم نے غم دوراں کا پیچھا بھی

دھواں آلود آہوں کا جو منظر ہے خیالوں میں
وہی منظر بگولوں کا بیابانوں میں دیکھا بھی

یہ ہم پھیلے ہیں یا ہونے لگا ہے تنگ پیراہن
خلوص دل سے اس پر آج تک لوگوں نے سوچا بھی

شمیم اس بات پر ہم سے خفا ہیں آسماں والے
بتوں کو توڑتے ہیں اور کر لیتے ہیں سجدہ بھی

اک دردِ سر ہے پیرہن آرزو مجھے
برباد عُمر ہوگئی کرتے رفو مجھے

شعلہ مرے وجود کا لو سرد ہو گیا
دے آنچ دل جلا کے کوئی شعلہ رو مجھے

کرلوں حسابِ عمر کسی روز بیٹھ کر
مہلت تو دے یہ کارگہِ رنگ و بو مجھے

راحت بھی تجھ سے دل کو ملی ہے کبھی کبھی
اے شہر یار دیتا رہا دُکھ بھی تو مجھے

اک اجنبی سا لگتا ہوں اپنوں کے درمیاں
پہچانتا نہیں ابھی میرا لہو مجھے

تجھ سے نجات اے غمِ دُنیا نہیں ملی
کیا میرے حال پر بھی نہ چھوڑے گا تو مجھے

تھے سب دنوں میں سخت جوانی کے دن شمیم
نرغہ کئے تھے یار و بہار و سبو مجھے

Marfat.com

شکوہ یہی نہیں کہ زمانہ گزیدہ ہوں
شکوہ ہے یہ کہ خود سے بھی خاطر کبیدہ ہوں

تعذیرِ حبس جاں میں ہوں فطرت ہے مبتلا
میرا قصور ہے بنفس ناکشیدہ ہوں

یہ آگہی کی منزلِ آخر کا وقت ہے
انجام سوچ سوچ کے میں آبدیدہ ہوں

کافی ہے ایک گھونٹ کوئی پی کر دیکھ لے
دو آتشہ ہوں یعنی مکرر کشیدہ ہوں

میں خود ہی آئینے سے ملاتا نہیں نظر
آئینہ سوچتا ہے بہت برگزیدہ ہوں

ہے جسم و جاں پہ دھوپ کی چادر کا سائباں
لیکن خبر نہیں ہے کہاں آرمیدہ ہوں

سب کی صدا سُنی ہے زمانے نے غور سے
میں آج تک شمیم مگر ناشُنیدہ ہوں

---

اشعار:-

دست و پا کر دو جُدا ممکن ہے شر برپا کروں
کیا خبر کس وقت حالِ بے خودی میں کیا کروں

بدنصیبی ہے کہ دریا بھی نظر آئے سراب
اے عذابِ تشنگی یہ حال ہے تو کیا کروں

دھوپ کا مارا کوئی ممکن ہے آ نکلے اِدھر
پھیل کر صحرائے غم میں دور تک سایا کروں

---

ہزاروں قافلوں کی روز اس میں بھیڑ ہوتی کیوں
اگر دُشوار اتنا جادۂ شہرِ عدم ہوتا

لہو کی شمع روشن کاش کر لیتے اندھیروں میں
نہ فکرِ رہگزر ہوتی نہ رنجِ پیچ و خم ہوتا

---

Marfat.com

# مشیر جھنجھانوی

حضرت مشیر جھنجھانوی کا اصل نام سید مشیر الحسن علوی، والد کا نام ڈاکٹر سید ناظر حسین ہے۔
جناب مشیر قصبہ جھنجھانہ ضلع مظفر نگر یو۔پی میں ۲۷ر دسمبر ۱۹۲۶ء کو پیدا ہوئے لیکن ان کے والد شاہجہانپور میں منتقل ہو گئے اور مشیر صاحب کے لڑکپن اور جوانی کا بیشتر حصہ شاہجہانپور میں بسر ہوا۔ انٹر میڈیٹ تک اسی شہر کے طالب علم رہے چوں کہ اس وقت شاہجہانپور میں کوئی ڈگری کالج نہیں تھا اس لئے بریلی کالج سے بی اے کرنے کے بعد علی گڑھ جا کر امتیازی شان کے ساتھ بی ٹی کیا بعدہٗ پنجاب یونیورسٹی سے اردو میں آنرز کیا اور اول پوزیشن حاصل کی۔ اس کے بعد دلی چلے گئے اور دلی یونیورسٹی سے ایم اے کی تکمیل کی۔ ۱۹۵۰ء سے مستقلاً دلی میں قیام رہا جہاں فتحپوری مسلم ہائر سیکنڈری اسکول میں بحیثیت اردو ٹیچر ۲۳ر دسمبر ۱۹۸۸ء تک رہے۔ ان کو بحیثیت ممتاز معلم دہلی انتظامیہ نے اسٹیٹ ایوارڈ دیا اور ۸۶ء میں انھوں نے اردو اکیڈمی دہلی سے اپنی شعری خدمات کے صلے میں ایوارڈ حاصل کیا۔

شعر و شاعری کا شوق ابتدائی زندگی سے ہے۔ ۱۹۴۷ء میں اعتبار الملک حکیم ضمیر حسن خاں صاحب دلؔ شاہجہانپوری کے سامنے زانوئے تلمذتہ کیا شاعری کی ابتدا غزل گوئی سے ہوئی۔ اس کے علاوہ دیگر اصنافِ سخن میں بھی طبع آزمائی کرتے رہے ہیں۔ ان کے کلام کا مجموعہ "انفاسِ سخن" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ دہلی میں انھیں استادِ فن کا درجہ حاصل تھا۔ کلاسیکی فکر و اسلوب کے بلند پایہ شعر کہتے تھے۔ نمونۂ کلام

مخمل کے فرش نے مری رفتار چھین لی
آسائشوں نے جرأتِ اظہار چھین لی

یوسف نہیں تو کوئی خریدار بھی نہیں
اک خوش نظر نے گرمیٔ بازار چھین لی

پختہ عمارتوں سے وہ ٹکرا کے رہ گیا
سیلاب نے مگر مری دیوار چھین لی

ترکِ تعلقات کا یہ بھی اثر ہوا
تنہائیوں نے طاقتِ گفتار چھین لی

پیشِ حریف میں بھی سپر بن گیا مشیرؔ
جب دوستوں نے ہاتھ سے تلوار چھین لی

---

فضا میں جھومتے ہوئے وہ گیسوؤں کے قافلے
نفس نفس میں بس گئے تھے خوشبوؤں کے قافلے

طلسمِ رنگ و بو، یہ جوانیوں کی آہٹیں
بدن کی لوچ لوچ میں وہ جادوؤں کے قافلے

Marfat.com

غزال چشم، سرو قد، سبک خرام، خوش ادا
دلوں کو روندتے ہوئے وہ آہوؤں کے قافلے
شباب و رقص گل بدن، خراب و شعر و انجمن
جھنن جھنن، کھنن کھنن وہ گھنگھروؤں کے قافلے
مشیر جن کو مل سکا نہ کوئی دامن کرم
زمیں کی نذر ہو گئے وہ آنسوؤں کے قافلے

---

زہر اس ماحول کا مجھ میں کچھ اتنا بھر گیا
سانپ نے کاٹا مجھے اور کاٹتے ہی مر گیا
میں زمانے کی شرافت سے کچھ ایسا ڈر گیا
میرے اندر کا فرشتہ خوف کھا کر مر گیا
وہ گھنیرا پیڑ جس کے سائے میں رہتے تھے ہم
آندھیوں میں جب گرا تو گھر کو آنگن کر گیا
سانس لینا زندگی کی اک علامت ہے مگر
یہ بھی دیکھا ہے کہ انساں سانس لے کر مر گیا
ایک میں کوتاہ قد تھا اس کی محفل میں مشیر
اس لئے میرے علاوہ ہر کسی کا سر گیا

---

# عاشق علی۔ عاشق

حضرت عاشق علی عاشقؔ ابن شیخ فضل علی ساکن محلہ ایمن زئی جلال نگر ۱۹۲۳ء میں پیدا ہوئے۔ درجہ تین (اردو) تک تعلیم ہے کتب بینی اور عشق سخن نے ذہن کو جلا بخشی۔ حضرت شاہ سید اسرار علی عرف چھوٹے میاں شائق بدایونی کے مرید و خلیفہ ہیں عشق رسولؐ میں غرق ہیں نعت گوئی میں شہرت ہے۔ دیگر اصناف سخن میں بھی گاہے گاہے طبع آزمائی کرتے ہیں حضرت قیصر شکیلی کے تلامذہ میں شمار ہوتا ہے۔

## نعت

یاد سرکار دو عالم اس طرح آئی کہ بس
جل اٹھا دل سوزِ غم سے رنگ وہ لائی کہ بس
سوئے طیبہ جب چلے زائر تو سینے میں مرے
درد حسرت نے مچل کر لی وہ انگڑائی کہ بس
ہو کے بے خود جب جمال حق سے موسیٰ طور پر
گر پڑے تو جانب دل سے صدا آئی کہ بس
کوئی بھی ثانی نہیں آقا و مولیٰ کا مرے
حق نے بخشی ہے انھیں وہ شان یکتائی کہ بس

---

Marfat.com

## غزل

آرزو یہ ہے کہ دنیا آئینہ خانہ لگے
ذرّہ ذرّہ مجھ کو عکسِ حسنِ جاناں نہ لگے

جستجو میں تیری ہر قیدِ تعین اُٹھ گئی
اب نہ کچھ کعبہ لگے مجھ کو نہ بُت خانہ لگے

اس قدر مانوس درد و غم ہے میرا دل کہ اب
جور بھی اس کا باندازِ کرم یمانہ لگے

ہو گیا جب سے اسیرِ گیسوئے خمدار دل
یہ جہانِ رنگ و بو اب اس کو ویرانہ لگے

بول اُٹھے دور ہی سے مجھ کو آتا دیکھ کر
یہ تو مجھ کو میرے عاشق جیسا دیوانہ لگے

---

# احمد اللہ خاں کیفی

احمد اللہ خاں کیفی خلف ملک حمید اللہ خاں ساکن محلہ مہند جلال نگر کی ولادت ۱۵ جون ۱۹۲۲ء کو ہوئی حسبِ رواج قدیم ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی اور اردو پڑھ کر انگریزی اسکول میں داخلہ لے لیا ہائی اسکول کے بعد کالج میں داخل ہوئے اور بی۔ اے کی سند حاصل کی۔ کاروبار کرتے ہیں ۱۹۴۳ء سے شوق شاعری ہے۔ اشفاق علی خاں اشفاق ایڈوکیٹ مرحوم سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔

وحشت انگیز ہے کس درجہ خدا جانے بہار
خود قدم اُٹھنے لگے سیرِ بیاباں کے لئے

پھر ہوئی جاتی ہے بے کیف یہ محفل کیفی
پھر طلب گار لہو ہے یہ چراغاں کے لئے

---

مری سرگزشتِ غم کو نہ سمجھ سکا زمانہ
کسے اب سُناؤں جا کر یہ الم بھرا فسانہ

کہو کس طرح بتاؤں کہ کہاں گری تھی بجلی
نہ رہا ہے آشیانہ نہ ہے شاخ آشیانہ

---

نظر فریبیٔ گلشن یہ رنگ و بوئے بہار
مرے لہو کا تماشہ ہے لالہ زار نہیں

ہے آشنا تو مرے غم سے اک جہاں کیفی
جو غم بھی میرا بٹائے وہ غمگسار نہیں

---

جو مشکلاتِ جہاں سے نڈھال ہو نہ سکا
وہ سربلند رہا پائمال ہو نہ سکا

Marfat.com

وہ کامیاب تمنا رہا ہے جو کیفی — شکست خوردۂ فکر مآل ہو نہ سکا

---

ہزار غم ہیں مگر دل کو یہ سکون تو ہے — کہ بارِ دردِ خوشی سے اٹھالیا میں نے
جو زندگی میں کیا کچھ تو یہ کیا کیفی — غم جہاں کو غم جاں بنا لیا میں نے

---

## عبدالرحیم خاں۔ درد

عبدالرحیم خاں صاحب درد نبیرہ رسالدار عبدالکریم خاں صاحب باڈی گارڈ شہنشاہ جارج پنجم محلہ تارین ٹکلی کے ساکن تھے۔ حضرت دل شاہجہانپوری کے ممتاز شاگرد اور ذی علم آدمی تھے۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان بمعہ اپنے خاندان کے ہجرت فرما گئے اور وہیں رحلت فرمائی۔ نمونۂ کلام۔

چھا گئی وارفتگی بیگانہ محشر اٹھا — چارہ گر بالیں سے میری جانے کیا کہہ کر اٹھا
اصطلاح عام میں کہتے ہیں جس کو درد دل — رات سینے میں وہی کمبخت رہ رہ کر اٹھا
دو ہلال اک بدر کو گھیرے ہوئے آئے نظر — جب وہ خواب ناز سے انگڑائیاں لے کر اٹھا
تھا حقیقت میں وہی اپنا مآل جستجو — دشت عبرت خیز میں جو گرد بن بن کر اٹھا
دردِ راہِ عشق میں اب تو یہ حالت ہوگئی — سوچتا ہوں خود بخود کیوں کر گرا کیوں کر اٹھا

---

تری باتوں کو اے قاصد فریب دل سمجھتے ہیں — وہ شرمندہ ہوں اس کو ہم بہت مشکل سمجھتے ہیں
بدشواری کئے طے مرحلے جن غم نصیبوں نے — وہ راہِ عشق میں ہر سانس کو منزل سمجھتے ہیں
ہوئے بیگانۂ ہستی حقیقت آشنا ہو کر — نظر آتا ہے جو ذرہ اسے ہم دل سمجھتے ہیں
سر بالیں کوئی اے درد آیا چارہ سازی کو — مصیبت ہے کہ مرنا بھی تو ہم مشکل سمجھتے ہیں

---

متاع ہوش قرباں اس نگاہ برق ساماں پر — اثر ڈالا ہے جس نے جنبش تار رگ جاں پر
مآل اضطراب و کاوش دل دیکھیے کیا ہو — ابھی جوش جنوں نے ہاتھ ڈالا ہے گریباں پر
ہوا بیگانۂ صبر و تحمل درد وارفتہ — شب غم وہ مصیبت تھی دل آشفتہ ساماں پر

Marfat.com

# شمس الدّین احمد شمس

شمس الدین احمد شمس شاہجہانپور محلہ باڑوزئی کے رہنے والے تھے۔ اجداد مجاہدین جنگ آزادی تھے اور ۱۸۵۷ء کے زمانے میں انگریزوں کے خلاف لڑنے میں حصہ لیا بعدہٗ موردِ عتاب رہے۔ حضرت شمس کی ابتدائی زندگی گھر میں رہ کر تعلیم میں گزری۔ مدارس میں بھی اکتساب علم کیا۔ شعرو شاعری کا شوق تھا حضرت اسعد کی رہنمائی حاصل ہوگئی مشاعروں میں اکثر شریک ہوتے تھے اور دادِ سخن پاتے تھے۔ ۱۹۸۰ء کے بعد انتقال فرمایا۔

نمونۂ کلام

نزع میں تھی ترے بیمار کو یہ محویت — تھا ترے دھیان میں دنیا سے خبردار نہ تھا
دیکھنے والوں کی حیرت سے کھلی تھیں آنکھیں — کوئی بھی ہوش میں اپنے دمِ دیدار نہ تھا

جیتے جی شمس مرے پوچھنے والے تھے سبھی
بند آنکھیں جو ہوئیں ایک بھی غم خوار نہ تھا

---

یادِ ماضی کھو چکا ہوں فکرِ مستقبل ہے آج — عمر بھر کی زندگانی کا یہی حاصل ہے آج
ناتوانی کا بُرا ہو اب قدم اُٹھتے نہیں — قربِ منزل بھی مجھے اب دوریٔ منزل ہے آج
اب تو مشکل ہوگیا دامن بچانا، کیا کروں — ہر نفس تیغِ رواں ہے ہر نظر قاتل ہے آج
وہ اُلٹ دیں کاش اپنے رخ سے یہ رنگین نقاب — تاکہ میں سمجھوں کہ یہ بھی جلوہ باطل ہے آج
ہو رہا ہے درہم و برہم نظامِ کائنات — اس لئے خاموش حسن و عشق کی محفل ہے آج
کارواں بھٹکا ہوا ہے راستہ ملتا نہیں — آندھیوں کی زد میں اب اپنا چراغِ دل ہے آج
مطمئن بیٹھا ہوں میں اپنا نشیمن پھونک کر — اب تو میرے واسطے آسان ہر مشکل ہے آج
لکھ رہا ہوں خونِ دل سے شمس میں اپنی غزل — درہم و برہم زمینِ شعر کی محفل ہے آج

مٹ گئیں اے شمس آخر یادگاریں عیش کی
اب نظر کے سامنے دھندلا سا عکسِ دل ہے آج

---

Marfat.com

# حضرت لیاقت حسین لیاقت تلہری

مولوی لیاقت حسین صدیقی کے والد کا نام مولوی سخاوت حسین سخا تھا۔ آبائی سلسلۂ نسب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے ملتا ہے شاہجہانپور کے معروف قصبہ تلہر میں اب سے لگ بھگ ساٹھ سال قبل پیدا ہوئے گویا آپ کی ولادت ۱۹۲۴ء کے آس پاس ہوئی تھی۔ یہ قصبہ کسی زمانے میں 'شہر کمان' کے نام سے جانا جاتا تھا جس کے متعلق حضرت عقیل تلہری نے فخریہ انداز میں فرمایا تھا

خوشا مولدم ہست شہر کمان     کہ حلقہ بگوش بود اصفہان

شہر کمان کے بجائے اب تلہر ہو گیا۔ حضرت لیاقت کا خاندان تلہر کے ممتاز اور معزز خاندان میں شمار کیا جاتا ہے پشت ہا پشت سے علم و فضل اس خاندان کا طرۂ امتیاز رہا ہے۔ آپ کے والد مرحوم مولانا سخاوت حسین سخا عالم متبحر پابند شریعت اور شاعر تھے لیکن طبیعت پر ابتدا ہی سے فقر کا رنگ غالب تھا جو آخر دم تک قائم رہا ان کے معاصرین علمائے کرام میں سے بعض کا کہنا ہے کہ ان کے فقر سے بوئے اسد اللٰہی ظاہر ہوا کرتی تھی اور ان کی زندگی یکسر درویشانہ تھی۔ حضرت لیاقت کے والد ماجد کا سایہ اس وقت ان کے سر سے اٹھ گیا جب وہ آٹھ نو سال کی عمر کے تھے والد کے انتقال کے بعد والدہ محترمہ نے نہایت حوصلے سے بیٹے کی تعلیم و تربیت کی۔ اردو اور فارسی کی ابتدائی تعلیم والد مرحوم سے حاصل کی تھی والدہ نے خاندانی روایات کو قائم رکھنے کے لئے مولوی لیاقت حسین کو بغرض تعلیم شاہجہانپور بھیج دیا اور مدرسہ عین العلم میں داخلہ کروا دیا لیکن چند ماہ ہی میں یہاں سے طبیعت اچاٹ ہو گئی لہٰذا بریلی کا رخ کیا وہاں تھوڑے دن مدرسہ منظر الاسلام میں درس لیا مگر وہاں بھی دل نہ لگا تو لاہور چلے گئے جہاں چھ ماہ قیام کر کے پھر تلہر واپس آ گئے۔ والدہ ماجدہ نے آپ کو دادوں ضلع علی گڑھ کے 'حافظیہ سعیدیہ' مدرسے میں داخلہ کے لئے مجبور کیا لہٰذا دادوں جا کر حضرت لیاقت نے ابتدا ہی سے عربی کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی چار سال بعد بعض ناگزیر حالات سے مجبور ہو کر دادوں کو بھی خیرباد کہہ دیا۔ ۱۹۳۵ء کے اوائل میں مدرسہ عالیہ رام پور میں داخلہ کرا لیا اور درس نظامی کی شاخ میں تعلیم حاصل کرنے لگے درس نظامی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ عربی و فارسی کے سرکاری امتحانات بھی پاس کرتے رہے چنانچہ ۱۹۳۸ء میں الہ آباد سے مولوی ۱۹۳۹ء میں عالم اور ۱۹۴۱ء میں فاضل کے امتحانات پاس کر لئے۔ ۱۹۴۳ء میں پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل کا امتحان پاس کرنے کے ساتھ ہی درس نظامی کی تکمیل بھی کر لی۔ چار سال تک تلہر جانکی بیجناتھ ہائی اسکول میں اردو فارسی کے مدرس رہے ۱۹۵۶ء میں طبی تعلیم کے

Marfat.com

حصول کے لئے لکھنؤ کے تکمیل الطب کالج میں داخلہ لیا بعد آٹھ ماہ یہ سلسلہ بعض وجوہ سے منقطع کرنا پڑا اور وطن واپس آ گئے۔

شاعری کا شوق مولانا لیاقت حسین کو اوائل عمری سے تھا دادوں کے دوران قیام میں حضرت حسین احمد میاں بیباک شاہجہانپوری تلمیذ حضرت داغ دہلوی سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ دو غزلوں پر اصلاح کرانے کے بعد حضرت بیباک کا انتقال ہو گیا۔ ان کے بعد پروفیسر شاداں بلگرامی سے مشورۂ سخن کرنے لگے۔ پہلے ثاقب تخلص اختیار کیا مگر اسے ترک کر کے لیاقت رکھ لیا۔ حضرت لیاقت تلہری کا کلام ہند و پاک کے موقر جرائد میں شائع ہوتا رہا ہے فن شاعری سے واقف ہیں۔ ہر صنف سخن پر طبع آزمائی کی ہے آپ کی نظم اور غزل دونوں یکساں فنی مہارت کا ثبوت ہیں۔ شاہجہانپور خاص، قصبہ تلہر اور قصبہ کٹرہ میں آپ کے شاگرد کثیر تعداد میں ہیں۔ اب خود بہت کم کہتے ہیں تلامذہ کی رہبری زیادہ فرماتے ہیں تلہر میں زیادہ تر شاعر آپ کے شاگرد ہیں۔ بطور نمونۂ کلام چند غزلیات قارئین کی نذر ہیں۔

غزلیات۔

ہو گئے ہیں اپنے مرکز سے بہت ہی دور ہم
کیوں نہ ہوں پھر آفتوں میں ہر گھڑی محصور ہم

ہم نے کی ہر رنگ میں تجدید رسم عاشقی
دشت میں مجنوں بنے اور دار پر منصور ہم

آج بھی ہے وادیٔ ایمن کو موسیٰ کی تلاش
آؤ پھر چل کر کریں روشن چراغ طور ہم

---

یہ مانا ایک مشت خاک ہوں پھر بھی بہت کچھ ہوں
جہاں میں میں نہ ہوتا آپ پہچانے کہاں جاتے

لیاقت دل کی دُنیا بھی بڑی پُر شور دنیا ہے
نہ ہوتا دل تو درد دل کے افسانے کہاں جاتے

اب اس سے بھی زیادہ بد نصیبی اور کیا ہوگی
رہے ہم میں مگر پھر بھی نہ آئے وہ نظر برسوں

خرد کی شاطری کچھ بھی نہ کام آئی محبت میں
کہ ہم ہوش و خرد رکھ کر رہے ہیں بے خبر برسوں

---

کسی کے جور سے درس وفا لیا میں نے
گرا میں ایسا کہ خود کو اٹھا لیا میں نے

حریف ارض و سما بھی نہ ہو سکے میرے
ازل میں بار امانت اٹھا لیا میں نے

---

محبت جس کسی پر بھی اثر انداز ہوتی ہے
وہ ہستی دو جہاں میں لائق اعزاز ہوتی ہے

غزل کیا ہے محبت کا چھلکتا ایک پیمانہ
کہ جس میں دل کی دھڑکن سانس کی آواز ہوتی ہے

Marfat.com

# حنیف اسعدی

حنیف اسعدی شاہجہاںپور کے ایک ذی علم گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد حضرت صدیق حسن اسعد شاہجہاںپور کی کچہری میں اعلیٰ عہدہ دار اور ایک باوقار شخصیت کے مالک تھے اساتذہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ حنیف اسعدی نے اسلامیہ ہائی اسکول سے میٹرک کرنے کے بعد علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور وہاں سے بی۔ اے کیا۔ اس کے بعد وہ ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے۔

حنیف اسعدی نے ابتداء میں غزلیں اور نظمیں کہیں۔ بعد میں ان کے دل میں عشقِ رسول نے جگہ بنالی اور پاکستان کے باکمال نعت گو شعراء میں وہ ایک منفرد حیثیت کے مالک ہوئے۔ ان کی نعتوں کا مجموعہ 'ذکرِ خیرالانام' کے نام سے شائع ہو کر ہر حلقہ کے ناقدین سے خراج حاصل کر چکا ہے۔ افسوس ہے کہ وہ دستیاب نہ ہوسکا۔

ایک غزل گو شاعر کی حیثیت سے بھی ان کی اپنی پہچان ہے۔ زبان کے دروبست پر انھیں بے پناہ قدرت حاصل ہے۔ شعری اظہار میں طرفگی اور تازگی ہے۔ روایتی مضامین سے وہ ہمیشہ گریز کرتے ہیں۔ ان کے کلام میں ندرتِ فکر ہی نہیں ایک نئی شعریت کا احساس ہوتا ہے۔

یہاں تو سایۂ دیوار و در ہے سو جاؤ
مسافر یہ تمھارا ہی گھر ہے سو جاؤ

ابھی بجھے تو نہیں ہیں رباطِ شب کے چراغ
ابھی تو رات کا پچھلا پہر ہے سو جاؤ

ابھی تو شام گئی ہے تلاشِ فردا میں،
سحر سے رات ابھی بے خبر ہے سو جاؤ

یہ دیکھ کر کہ فضائیں ہیں نیند سے بوجھل
یہ سوچ کر کسی زانو پہ سر ہے سو جاؤ

بجز ستاروں کے دیکھے ہیں رتجگے کس نے
تمھارے حال کی کس کو خبر ہے سو جاؤ

Marfat.com

گزرتے لمحوں میں شامل ہیں عمر کے لمحے
شبِ حیات بہت مختصر ہے سو جاؤ

یہ کہہ رہی ہیں ستاروں کی نیم وا آنکھیں
کہ جاگنے کے لئے عمر بھر ہے سو جاؤ

حنیفؔ کون یہ رہ رہ کے دے رہا ہے صدا
کہ کل کی رات بھی پیشِ نظر ہے سو جاؤ

## غزل

نَس نَس میں گھٹن سی بس گئی ہے
موسم کو فضا ترس گئی ہے
شعلے سے لپک رہے ہیں تن میں،
وحشت سی لہو میں بس گئی ہے
یہ رات، یہ رُت، یہ گھپ اندھیرا
تنہائی سبھی کو ڈس گئی ہے
ماحول پہ ہول سا ہے طاری،
منظر کو نظر ترس گئی ہے
بادل تو نہ آئے تھے نہ برسے،
دامن پہ گھٹا برس گئی ہے
اس بار بہار کیا خزاں بھی،
بیگانۂ خاروخس گئی ہے
رنگت تو اڑا کے لے گئی دھوپ
خوشبو کہیں اور بس گئی ہے
ہم خود تو اُدھر کو جا نہ پائے
اک چیخ پسِ جرس گئی ہے
مٹی کا مزاج کیا بدلتا،
بدلی تو اُدھر برس گئی ہے
غنچوں کا کوئی پیام لے کر،
اک موج سوئے قفس گئی ہے
کیا دے گی ہم کو پائے کوبی
زنجیر تو اور کس گئی ہے

## غزل

خدا کے بندے ہیں سجدوں سے سرگراں کیا کیا
پکارتا ہے جبینوں کو آستاں کیا کیا

روئیں روئیں میں چراغوں کی طرح روشن ہیں
وہ نقشِ پا ہیں سرِ رہ گزارِ جاں کیا کیا

Marfat.com

میں ان کو کیسے بتاؤں جو میں نے دیکھا ہے
تمھاری کھوج میں ہیں میرے رازداں کیا کیا

نظر اٹھی تو فضاؤں نے بھی اُداس کیا،
گزر گئے تری یادوں کے کارواں کیا کیا

مجھے تو پھونک دیا اب کے موسمِ گُل نے
چمن کی یاد میں کوندی ہیں بجلیاں کیا کیا

کبھی کبھی جو ستاتی ہے گھر کی ویرانی،
تو خارِ زیست کھٹکتا ہے نزدِ جاں کیا کیا

اب آئے ہو تو نظر کو یقیں نہیں آتا
نہ آئے تھے تو گزرتے رہے گماں کیا کیا

---

# شبنم رومانی

شبنم رومانی تخلص۔ مرزا عظیم احمد بیگ چغتائی، نام۔ مرزا اظہر علی بیگ چغتائی والد تھے۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۹ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شاہجہانپور میں ہوئی۔ ۴۸ء میں آگرہ یونیورسٹی سے بی کام کا امتحان پاس کیا۔ شاہجہانپور کے ممتاز اور قادرالکلام شاعر حضرت دلؔ جانشین حضرت امیر مینائی کے رشید تلامذہ میں گنے جاتے تھے۔ عنفوان شباب سے ہی بہت خوش سلیقہ، خوش پوش، خوش گو اور خوشنوا شاعر کی حیثیت سے پہچانے جانے لگے تھے۔ گرد و نواح کے اور مقامی مشاعروں میں احترام و عزت سے مدعو کیے جاتے تھے۔ حضرت دلؔ مرحوم بھی اپنے اس ہونہار شاعر کی صلاحیت اور مقبولیت پہ ناز کرتے تھے۔ تقسیم ملک سے پہلے اسلامیہ انٹر کالج شاہجہانپور کے شعبۂ اکاؤنٹ سے وابستہ تھے۔ تقسیم کے بعد کراچی (پاکستان) میں مقیم رہے اور وہیں محکمۂ دفاع سے وابستہ ہو گئے۔ کراچی پہنچنے کے بعد کچھ عرصہ بعد ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو مزید جلا نصیب ہوئی۔ مہاجر شعرا میں جلد ہی انھوں نے اپنی الگ شناخت بنالی۔ ابتدا میں 'جھنکار' اور 'شیراز' کی ادارت سے متعلق رہے بعد میں بعض موقر

Marfat.com

جریدوں اور اخبارات کے کالم نویس بھی بنے۔ بچوں کے لیے بھی وہ دلچسپ نظمیں لکھتے رہے۔ پاکستان میں ان کا پہلا کارنامہ جس نے لوگوں کو چونکا دیا ان کی "مثنوی سیر کراچی" ہے جس میں کراچی کی تمدنی، تہذیبی اور ادبی زندگی کے علاوہ اس کے اہم مقامات کو بھی شاعرانہ حسن کے ساتھ ادا کیا گیا ہے۔ یہ مثنوی ترمیم و اضافہ کے ساتھ دوبار طبع ہوئی۔ انھوں نے اپنا پہلا شعری مجموعہ 'جزیرہ' کے نام سے ۱۹۷۹ء میں شائع کرایا۔ اس کے آغاز میں پاکستان کے ممتاز نقادوں ڈاکٹر وزیر آغا اور محمد علی صدیقی نے تنقیدی تبصرے بھی لکھے ہیں۔

شبنم رومانی کو غزل اور نظم دونوں پر یکساں قدرت حاصل ہے اگرچہ ان کی نظموں میں بھی غزل کی سی غنائیت اور زبان و بیان کی شیرینی و دلکشی و رعنائی ملتی ہے۔ بقول احمد ندیم قاسمی "ان کے یہاں موضوعات کا حیرت انگیز تنوع ہے" محمد علی صدیقی نے ان کی نظموں کے بارے میں صحیح لکھا ہے کہ "یہ نظمیں جدید حسیت کی آئینہ دار ہیں اور نہایت خوبصورت ہیں" راقم الحروف سے شبنم رومانی کے گزشتہ چالیس سال سے خصوصی مراسم رہے ہیں۔ شاہجہانپور سے ہجرت کے بعد وہ ارض پاکستان سے مجھے اپنا تازہ کلام بھیجتے رہے۔ حال ہی میں جب ان کے 'جزیرہ' کا مطالعہ کیا تو اندازہ ہوا کہ ان کی تخلیقی فکر بتدریج ارتقاء کی منزلوں سے گزرتی رہی ہے۔ اپنے پرانے کلام پر بھی انھوں نے برابر نظر ثانی کی ہے۔ اب ان کی غزلوں کے اشعار میں روایتی فرسودہ مضامین تقریباً نایاب ہیں اور ان کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ اپنے ہر شعر میں اپنے احساس، تجربے اور معاشرتی زندگی کا کوئی نیا گوشہ ابھاریں اس کے لئے وہ مناسب اور صوتی مناسبت سے الفاظ اور طرز ادا کا انتخاب کرتے ہیں جس سے ان کے کلام میں ایک اچھوتی شعری روانی اور کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہیں کہیں بعد کی غزلوں میں فلسفیانہ فکر کی پرچھائیاں بھی رنگتی نظر آتی ہیں جیسے۔

| | |
|---|---|
| بھیڑ میں جو بچھڑ گئے ہیں ہم سے | شام ڈھلنے کا انتظار کریں |
| گم ہے تنہائیوں میں شہر کا شہر | کیسے ان جنگلوں کو پار کریں |
| اب تمھیں مجھ سے کچھ حجاب نہیں | اب ان آنکھوں میں کوئی خواب نہیں |

---

کیسا لمحہ تھا جو چلے تھے خوشبو سے منہ موڑ کے ہم
صحرا میں آ نکلے ہیں پھولوں کی بستی چھوڑ کے ہم

Marfat.com

روح سے روح ملی تھی جس دم اس لمحے کے اسیر ہوئے
ہاتھ سے ہاتھ جہاں چھوٹا تھا پتھر ہیں اس موڑ کے ہم
کس کس سے کیا عہد کیا تھا ہم کو اب کچھ یاد نہیں
سارے رشتے بھول گئے ہیں تجھ سے ناتا جوڑ کے ہم
شاخِ گل تر! شاخِ گل تر! خوشبو ہم کو بھی ورنہ
تجھ سے اپنا حق لے لیں گے آج کلائی موڑ کے ہم
سنتے ہیں بلبلوں کی رقابت، دیکھتے ہیں رنگوں کا نفاق
محفلِ خوباں میں اے شبنم ایک شگوفہ چھوڑ کے ہم

---

قوسِ لب چوم کے آئی آواز
وہی جھرنوں میں نہائی آواز
نغمہ کہتا ہے کہ مجھ سے پوچھو
کس کے ہونٹوں کی چرائی آواز
میرے الفاظ ہی مجھ تک پہنچے
مجھ میں گونجی جو خدائی آواز
کبھی خوشبو نے دکھایا چہرہ
کبھی مجھ کو نظر آئی آواز
میرے خط اس نے جلائے چھپ کر
کس خموشی سے جلائی آواز

---

## نظم پہیہ

کہیں غزل
کہیں کنول
کہیں رباب و چنگ ہیں
کہیں بلاکشان زندگی حریف سنگ ہیں
یہ سب لہو کے رنگ ہیں

یہ رقص و نغمہ سخن
یہ اعتبار فکر و فن
یہ روشنی کرن کرن
یہ پھول پھول سے بدن
یہ میری تیری آبرو یہ میرا تیرا پیرہن
یہ پیرہن
جو خواہشوں کے قامتوں پہ تنگ ہیں
یہ سب لہو کے رنگ ہیں
اسی لہو کی گردشوں سے
گھومتی ہے یہ زمیں
اسی لہو کو شہر شہر
چومتی ہے یہ زمیں
اسی لہو کی جست ہے زمیں سے آسماں تک
یہی لہو جدید ہے

Marfat.com

یہی لہو قدیم ہے
یہی لہو قدیم ہے

## شبنم رومانی کی تصنیفات

مثنوی سیر کراچی ۱۹۵۹ء — حرفِ نسبت ۱۹۸۴ء
جزیرہ ۱۹۷۹ء — مولف ارمغان مجنوں دو جلدوں میں

---

# قمر رئیس

پروفیسر قمر رئیس کا اصل نام مصاحب علی خاں ہے۔ سرکاری اندراج کے مطابق وہ ۱۲ جولائی ۱۹۳۲ء کو پیدا ہوئے۔ والدہ کے قول کے مطابق ان کی پیدائش مذکورہ تاریخ سے کوئی دس ماہ پہلے کی ہے۔ والد مولوی عبدالعلی خاں صاحب مختار اور زمیندار تھے۔ والدہ کا نام مختار بیگم تھا۔ والد نے ۱۹۰۶ء میں مختاری کا امتحان امتیاز سے پاس کیا تھا۔ اس وقت سے ۱۹۶۹ء تک یعنی تقریباً ترسٹھ سال تک شاہجہانپور کی عدالتوں میں مختاری کی۔ اس دوران کئی سال تک آنرری مجسٹریٹ اور تقریباً بیس سال تک بار ایسوسی ایشن شاہجہانپور کے صدر رہے۔ اپنے پیشہ میں مہارت، دیانت اور لگن کی وجہ سے دور دور تک شہرت رکھتے تھے۔ مقدمات کی ایسی کثرت تھی کہ دو دو وکیل ملازم تھے۔ تحصیل تلہر کے گاؤں ببیا کے وہ زمیندار نمبردار بھی تھے۔

قمر رئیس کی ابتدائی تعلیم شاہجہانپور میں ہوئی۔ مشن ہائی اسکول سے آٹھویں جماعت کا امتحان پاس کر کے وہ ایک سال تک حسین آباد گورنمنٹ ہائی اسکول لکھنؤ میں زیر تعلیم رہے۔ ہائی اسکول اسلامیہ ہائی اسکول شاہجہانپور سے ۱۹۴۸ء میں کیا۔ گاندھی فیض عام کالج شاہجہانپور سے انٹر اور پھر ۱۹۵۲ء میں بی۔ اے کے امتحانات پاس کیے۔

۱۹۵۲ء میں قمر رئیس نے لکھنؤ یونیورسٹی میں ایم۔ اے (تاریخ) اور ایل۔ ایل۔ بی میں داخلہ لیا۔ یہ تین سال کا کورس تھا۔ لیکن والد صاحب کے اصرار پر انھوں نے ۱۹۵۴ء میں ایل۔ ایل۔ بی کا امتحان پاس کر کے وکالت شروع کر دی۔ ۱۹۵۶ء کے اوائل تک انھوں نے وکالت کی۔ کام کی کثرت تھی۔ آمدنی بھی دوسرے نئے وکیلوں کے مقابلہ میں معقول تھی۔ اس دوران ان کے

Marfat.com

شادی بھی ایک عزیز مظہر علی خاں کی اکلوتی بیٹی رئیس بانو سے ہوگئی تھی۔ لیکن اس پیشہ میں ان کا دل نہیں لگ رہا تھا۔ شعر و ادب سے جو دلچسپی انھیں کالج کے زمانۂ تعلیم میں شروع ہوئی تھی لکھنؤ کے زمانۂ قیام میں یہ چنگاری بڑھ کر شعلہ بن گئی تھی۔ انھوں نے گھر والوں سے چھپا کر اردو میں ایم۔اے کا پرائیویٹ امتحان دیا۔ اور پچاس امیدواروں میں اول آئے۔ اس سے ان کا حوصلہ بڑھا اور انھوں نے والد صاحب کی مرضی کے خلاف، علی گڑھ جاکر مسلم یونیورسٹی کے شعبہ اردو میں پی۔ ایچ۔ڈی میں داخلہ لے لیا۔

اشتراکیت اور ترقی پسند ادبی تحریک سے وہ کالج کے زمانۂ تعلیم میں ہی وابستہ ہو گئے تھے۔ لکھنؤ میں انھوں نے "شہر پناہ" اور "گلکار مقبرہ" جیسی نظمیں انجمن ترقی پسند مصنفین کے جلسوں میں پڑھیں اور داد حاصل کی۔ لکھنؤ ہی میں آل احمد سرور سید احتشام حسین اور ڈاکٹر محمد حسن جیسے ممتاز ترقی پسند دانشوروں سے ان کے تعلقات استوار ہوئے۔ یہ سلسلہ علی گڑھ میں بھی جاری رہا۔

گزشتہ تینتیس بتیس ۳۲ سال کی مدت میں قمر رئیس نے علم و ادب کی دنیا میں جو شہرت اور عزت حاصل کی اس کا مختصر سا خاکہ فخرالدین علی احمد کمیٹی لکھنؤ کے خبرنامہ میں جس کے وہ رکن ہیں ۹۴ء میں شائع ہوا ہے۔ اس کا ایک اقتباس نقل کیا جاتا ہے۔

۱۹۵۹ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے پروفیسر رشید احمد صدیقی کی نگرانی میں "پریم چند کی ناول نگاری" پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ اگست ۱۹۵۹ء میں شعبہ اردو دہلی یونیورسٹی سے بحیثیت لکچرر وابستہ ہوئے۔ یہیں پہلے ریڈر اور پھر پروفیسر کے عہدہ تک ترقی حاصل کی۔ دو بار صدر شعبۂ اردو کے منصب پر فائز رہے۔

پروفیسر قمر رئیس دہلی یونیورسٹی کے ان چند ممتاز پروفیسروں میں ہیں جنھیں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے "نیشنل لکچرر" کے خطاب سے نوازا۔

حکومت ہند نے تین بار مہمان پروفیسر کی حیثیت سے تاشقند یونیورسٹی میں ان کا تقرر کیا۔ جہاں انھوں نے چھ سال کام کیا۔

ڈاکٹر قمر رئیس نے ماسکو، لسبن (پرتگال) کراچی، لاہور۔ اسلام آباد (پاکستان) لندن اور اس کے علاوہ ٹورنٹو مانٹریال، کیلگری اور امریکہ کی کئی کانفرنسوں اور سیمناروں میں مقالے پڑھے اور لکچر دیئے۔

ڈاکٹر قمر رئیس کو "امتیاز میر اوارڈ"، "نیاز فتحپوری اوارڈ"، "فیض اوارڈ کراچی اور عالمی اردو

Marfat.com

کانفرنس کا احتشام حسین ایوارڈ مل چکا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی متعدد تصانیف پر یو۔ پی بہار اور دہلی اکیڈمیوں کے اوارڈ تفویض ہو چکے ہیں۔

پروفیسر قمر رئیس یو۔ پی اردو اکیڈمی، دہلی اردو اکیڈمی، ہریانہ اردو اکیڈمی، ترقی اردو بورڈ، انجمن ترقی اردو ہند اور جامعہ اردو علی گڑھ کے رکن رہے۔ وہ چار بار کل ہند انجمن اساتذہ اردو اور تین بار کل ہند انجمن ترقی پسند مصنفین کے جنرل سکریٹری کے عہدے کے لئے چنے گئے۔ گجرال کمیٹی کی سفارشات کو عمل میں لانے کے لیے علی سردار جعفری کمیٹی کے بھی وہ ممبر نامزد کیے گئے۔ آج کل وہ ہند ازبکستان دوستی سوسائٹی کے جنرل سکریٹری اور وزارت تعلیم حکومت ہند کی اس اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کے رکن ہیں جس کا کام ملک میں قومی یک جہتی کو فروغ دینے کے لیے ہر ریاست کے تعلیمی نصاب کا جائزہ لینا ہے۔

ڈاکٹر قمر رئیس ماہنامہ ادیب، علی گڑھ میگزین، عصری آگہی اور "نیا سفر" کے مدیر اعلیٰ کے فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔

ان کی کئی کتابیں انگریزی، ہندی، ترکی اور روسی زبان میں بھی شائع ہو چکی ہیں۔

ڈاکٹر قمر رئیس کی چند اہم کتابوں کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) پریم چند کا تنقیدی مطالعہ (۲) پریم چند فکر و فن (۳) پریم چند: شخصیت اور کارنامے (۴) رتن ناتھ سرشار (۵) تلاش و توازن (۶) تنقیدی تناظر (۷) تفہیم و تعبیر (۸) ترجمہ کا فن اور روایت (۹) اردو میں طنز و مزاح کی روایت (۱۰) شعرائے ازبکستان (منظوم ترجمے وغیرہ (۱۱) علی شیر نوائی اور ازبکستان۔

قمر رئیس نے اپنا کلام محفوظ نہیں رکھا۔ ابتدائی دور کی غزلیں اور بعد کا کلام سب خرد برد ہو گیا۔ دو مفرد اشعار اور دو نظمیں پیش ہیں۔

کرسیاں جن کو ملیں مسند شاہی کی طرح
ہم پہ وہ ٹوٹ پڑے قہر الٰہی کی طرح

---

یہ آج فضا میں جو گھٹن ہے۔ جو امس ہے
کہتے ہیں یہ طوفاں کے لئے حسن طلب ہے

Marfat.com

## موج و ماهی

ایک موجِ رواں صفحۂ آب پر تیرتی
کسمساتی لچکتی تڑپتی ہوئی
صفحۂ آب سے نیچے تہ میں گئی
اک تھلے میں پڑی نیم خوابیدہ ماہی کو
آغوش میں لے کے اوپر چلی
راستہ میں عجیب جوش و پندار سے
موج گویا ہوئی
کم نظر بے خبر ماہی تہ نشیں
تو کنیز خور و خواب اب تک رہی
آ دکھاؤں تجھے زندگی، روشنی
رقص سورج کی کرنوں کا شام و سحر
شوخ چنچل ہواؤں کا اجلا نگر
مست شاخوں میں پتوں کی سرگوشیاں
مرغزاروں میں آہو کی مدہوشیاں
خوش نوا طائروں کے حسیں زمزمے
مست و محوِ سفر ابر کے قافلے
یہ وہ آزاد دنیا ہے ذرّہ جہاں قلب شہزادہ ہے
ہر طرف پُر فشاں
من کی آزادیاں
تن کی شہزادیاں

صفحۂ آب پر موج جونہی اٹھی
اک بڑی موج کے سیلِ آغوش میں
کھو کے گم ہوگئی
ماہیٔ کم نظر
سہمی سہمی ہوئی
دیر تک موج کی راہ تکتی رہی۔ دہلی ۱۹۶۰ء

---

## نیم شب

چاند نکلا تھا مگر دیر ہوئی ڈوب گیا
آؤ اب لوٹ چلیں دور نکل آئے ہیں
مضمحل راہگزاریں یہ تھکے ہارے درخت
سر جھکائے ہوئے سمٹے ہوئے اکتائے ہوئے
اک دھواں ایک دھندلکا سا رواں ہے ہر سو
رات کی مانگ سے افشاں بھی اڑی جاتی ہے
مجھے رات کی پہنائی میں اے روحِ مجاز!
پھر دہکتی ہوئی زنجیر نظر آتے ہیں

Marfat.com

کہر آلود فضائیں یہ اداسی کا فسوں
رات اک خواب بہ حیا ہے کہ جگا بھی نہ سکوں
کتنی سنسان ہے یہ رات، گزرگاہ حیات
کیسی خاموش ہے ناظورۂ فطرت کی برات
ایک وادی کہ جہاں رقص نہ رومان نہ گیت
کوئی آہٹ نہیں آواز نہیں دور و قریب

کچھ قدم اور سہی اے دلِ وحشت ساماں
اپنی دیوانگی شوق کے ہاتھوں تو کبھی
بے نوا، بے سروسامان رہا ہے اب تک
اپنی بستی میں بھی ویران رہا ہے اب تک
مجھ کو تنہائی کبھی اتنی گراں بار نہ تھی
ذہن میں تلخیٔ افکار تھی، بیکار نہ تھی
تیری وحشت کی قسم منزلِ شب دور نہیں
ہم بہت دور سہی، شہرِ طرب دور نہیں
چاند نکلا تھا مگر دیر ہوئی ڈوب گیا
آؤ اب لوٹ چلیں دور نکل آئے ہیں

علی گڑھ ۱۹۵۷ء

---

# جناب قمرالدین قمرؔ

حضرت قمرالدین قمرؔ خلف نظام الدین عرف شیخ چھدی میاں محلہ سنتری کے ساکن ہیں۔ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۲ء کو ولادت ہوئی۔ اردو مڈل پاس کیا اور کاروبار زندگی میں مشغول ہوگئے۔ طبیعت موزوں پائی شعر و شاعری کا شوق ہے۔ حضرت محشرؔ امروہوی کے شاگرد ہیں۔

Marfat.com

نمونۂ کلام

رنج وغم خلش آہیں اس کی بزم سے لائے — آج اپنے گھر میں ہم دشمنوں کے ساتھ آئے
دل کو ساتھ لائے ہو تم بھی کیسے پاگل ہو — پتھروں کی بستی میں آئینہ اٹھا لائے
موجیں کھول دیتی ہیں ساحلوں کے دروازے — آدمی ہجوم طوفاں میں شرط ہے نہ گھبرائے (دکنا)
آج کل کا انسان بھی کیا عجیب انسان ہے — خود تو کچھ نہیں سمجھے دوسروں کو سمجھائے

بے وفا زمانے میں کیا قمر شکایت ہے
بیکسی کے عالم میں کون کس کے کام آئے

---

ہاتھ اٹھے ہیں مگر لب پہ دعا کچھ بھی نہیں — اب مرے پاس اندھیروں کے سوا کچھ بھی نہیں
درجاناں سے میں لایا ہوں یہ زخموں کے گلاب — کون کہتا ہے کہ اس در سے ملا کچھ بھی نہیں
تو جو آواز ملائے تو کوئی راگ بنے — ورنہ تنہا مری بے کیف صدا کچھ بھی نہیں
ان ہواؤں نے بجھا دی ہیں ہزاروں شمعیں — ایک امید کا تنہا سا دیا کچھ بھی نہیں
اب نہ بیٹھے کسی دیوار کے سائے میں کوئی — زندگی صرف سرابوں کے سوا کچھ بھی نہیں

ولولے چھن ہی گئے اس دل ناداں کے قمر
دورِ آشوب میں جینے کی ادا کچھ بھی نہیں

---

# خالد یوسف

خالد یوسف قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور میں پیدا ہوئے۔ شاعری کی ابتدائی تربیت اپنے والد محمد احمد خاں مائل تلہری کے زیر سایہ حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم بھی تلہر میں ہوئی۔ ۱۹۴۹ء میں پاکستان ہجرت کی۔ حیدرآباد (سندھ) میں سکونت اختیار کی۔ ۱۹۵۶ء میں پاکستان ایر فورس اسکول سرگودھا سے سینئر کیمبرج کیا۔ ۱۹۶۱ء میں سندھ یونیورسٹی سے انگریزی ادب میں ایم۔ اے کیا۔ اور وہیں لکچرر کی حیثیت سے تقرر ہوا۔ ۱۹۶۴ء میں مقابلہ کے امتحانات میں کامیاب ہوئے اس کے بعد پاکستان ٹیکسیشن سروس میں تقرر ہوا۔

Marfat.com

۱۹۷۱ء میں ایل۔ایل۔بی کا امتحان پاس کیا۔

۱۹۷۲ء میں شعری مجموعہ 'حسرتِ گفتار' شائع ہوا۔

۱۹۷۶ء میں سفارت خانہ پاکستان لندن میں بطور سیکنڈ سکریٹری کے تقرر ہوا۔

شعروادب کے علاوہ دوسری دلچسپی علم نجوم ہے اور اس سلسلے میں بین الاقوامی کانفرنسوں میں برطانیہ کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ عرصہ سے برطانیہ (لندن) میں مقیم ہیں۔ نمونۂ کلام

غزل

چشم و گیسو کا کوئی ذکر نہ رخسار کی بات
بیٹھ کر کیجئے ان سے در و دیوار کی بات
یہ ادائیں یہ اشارے یہ حسیں قول و قرار
کتنے آداب کے پردے میں ہے انکار کی بات
رات بھر جس کی تمنا میں جلے ہیں ہم لوگ
وہ سحر شیخ کی نظروں میں ہے کفار کی بات
بزمِ اغیار اگر ہو تو بجھے جاتے ہیں
اور کرتے ہیں وہ ہم سے رسن و دار کی بات
مدحِ صیاد بہر حال ضروری تو نہیں
چپ رہو یہ بھی ہے اب جرأتِ کردار کی بات
شہر کا شہر فصیلوں پہ اُمنڈ آئے گا
بات چلتی ہے تو رہتی نہیں دو چار کی بات
کس بھروسے پہ کریں عشق کا سودا خالد
وقت شاہد ہے کہ رہتی نہیں تلوار کی بات

نظم

## اَجنبی گُلاب

اجنبی شاخ کی زینت وہ تر و تازہ گلاب
اک مچلتا ہوا پیکر کہ حقیقت نہ سراب

Marfat.com

ایک تصویر مقابل ہو تو دل کھو جائے
ایک آئینہ کہ دیکھو تو نظر ہو جائے
نغمہ و رنگ ہیں اس کی مترنم باتیں
رس میں ڈوبی ہوئی بھیگی ہوئی رم جھم باتیں
ایک قندیل کہ روشن ہے ستارے کی طرح
ایک صورت کہ ہے جنت کے نظارے کی طرح
وہ کہ اک شعر بھی ہے گیت بھی ہے ساز بھی ہے
شعلۂ حسن بھی ہے شعلۂ آواز بھی ہے
جی میں آتا ہے کہ یہ بند و سلاسل یہ قیود
توڑ کر اس کے اجالوں میں کہیں کھو جاؤں

---

# نکہت بریلوی

نام امتیاز حسین تخلص نکہت۔ والد حکیم مقبول حسین محلہ جلال نگر شاہجہانپور میں طب کرتے تھے۔ ۱۲ مئی ۱۹۳۵ء کو نکہت بریلی میں پیدا ہوئے۔ لیکن اپنا آبائی وطن وہ شاہجہانپور ہی بتاتے ہیں۔ یہیں ان کی تعلیم و تربیت ہوئی۔ اسلامیہ انٹر کالج سے میٹرک پاس کیا۔ اس کے بعد پاکستان ہجرت کی۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور سے فاضل ادب پاس کیا۔ وہیں سے بی۔ اے کیا۔ اور اسلام آباد سے فاضل طب و جراحت بھی کیا۔ درس و تدریس۔ حکمت اور ادبی پرچوں کی ادارت ان کا مشغلہ رہا۔ عرصہ سے مشہور ماہنامہ 'افکار' کی ادارت سے وابستہ ہیں۔ 'تیز ہوا کے باوجود' مجموعہ کلام زیر اشاعت ہے، نثر میں ان کے خاکے شائع ہو چکے ہیں۔ ادبی تبصرہ نگاری میں انھیں کمال حاصل ہے۔

نکہت بریلوی نظم اور غزل دونوں اصناف پر قدرت' رکھتے ہیں۔ ان کی نظموں میں پاکستان کے سیاسی حالات اور مہاجرین کے گوناگوں مسائل کی جھلکیاں دیکھی جاسکتی ہیں۔ فنی اعتبار سے ان کی نظمیں مختصر لیکن تاثر سے معمور ہوتی ہیں۔ یہی حال ان کی غزلوں کا ہے۔ ان کی غزلوں میں

Marfat.com

کلاسیکی رچاؤ بھی ہے اور نئے احساس و شعور کی تازگی بھی۔ روایت کے احترام نے جدید طرزِ فکر کے باوجود ان کے کلام کو اعتبار بخشا ہے۔ وہ کلاسیکی شاعری کے رموز و علائم سے بھی کام لیتے ہیں اور نئی اشاراتی زبان بھی وضع کرتے ہیں جس سے ان کے اشعار میں ایک خاص طرحداری پیدا ہو جاتی ہے۔ پاکستان کے مشاعروں میں اکثر شریک ہوتے ہیں۔ چند سال قبل لکھنؤ کے ایک مشاعرہ میں بھی شرکت کے لئے آئے تھے۔

نمونۂ کلام ۔ نظم

## مجبوری

پھر وہی جستجو وہی تگ و دو
اور آرام سے بسر کر لیں
دل نہیں مانتا کہ بیٹھ رہیں
جس قدر رہ گئی ہے عمرِ حزیں
راہ کے پیچ و خم سے گھبرا کر
دل مگر اس کو مانتا ہے کہیں
ڈھونڈ لیں کنجِ عافیت کوئی

## جب اپنے گھر میں آتا ہوں

میں دن بھر کا تھکا ہارا
بدن کو دھوپ کی شدت سے جو صدمہ پہنچتا ہے
جب اپنے گھر میں آتا ہوں
جو بے زاری، تھکاوٹ، دردِ سر لے کر پلٹتا ہوں
زمانے کے ستم اور رنج اذائی بھول جاتا ہوں
وہ چہرہ مہرباں چہرہ
مری دہلیز پر اک منتظر اور مہرباں چہرہ
نظر آتا ہے جب مجھ کو
مری ناکامیوں، میری تھکن، میری خجالت کو
تو میں اس کے تبسم ریز ہونٹوں اور آنکھوں میں
وہ چہرہ مسکرا کر دور کر دیتا ہے پل بھر میں
نوائے سحر پاتا ہوں
وہ پل بھر کو سہی لیکن کوئی سودا نہیں رہتا
اک ایسی لہر پاتا ہوں
مرے سر میں
محبت کی، عنایت کی
سحر آگیں، مسرت خیز، اک آسودہ گر لمحہ
کہ ساری کلفتیں، ہر دکھ
میسر ہے مجھے گھر میں
زمانے کے ستم، سب بھول جاتا ہوں
جو باہر دھول بے پہچان کر دیتی ہے چہرے کو
جب اپنے گھر میں آتا ہوں

Marfat.com

# حضرت علامہ افضل الحکما سید فضل حق حسرت

حضرت حسرت مشہور گھرانے کے چشم و چراغ تھے۔ والد ماجد کا نام شاہ سید سبغت اللہ تھا۔ قاری سید احمد نقشبندی مجددی علیہ رحمت کے نواسے تھے۔ ابتدائی تعلیم والد محترم سے پائی۔ بعدہٗ مختلف مدارس میں تحصیل علم کیا مدرسۂ اعلیٰ حضرت بریلی میں اعلیٰ حضرت سے فلسفہ، منطق، ہیئت اور اقلیدس وغیرہ علوم میں اکتساب کیا مدرسۂ دارالعلوم کانپور میں اپنے خالو مولانا مفتی حاجی قاری نثار احمد صاحب سے تفسیر جلالین معہ حواشی پڑھی۔ مشہور و معروف عالم متبحر مُلّا نظام شاہجہانپوری حضرت حسرت کے پرنانا تھے۔ حسرت نے طب کی تعلیم مدرسہ طبیہ مراد آباد میں افضل الحکما مولوی ہدایت علی صاحب لکھنوی سے حاصل کی پھر تکمیل و طب کالج لکھنؤ میں تکملہ کیا۔ شعر و سخن کا شوق بھی تھا۔ جناب اصغر علی خاں صاحب اصغر شاہجہانپوری کے تلامذہ میں شامل تھے۔ کلام زیادہ تر برباد ہو گیا۔ طویل علالت کے بعد رحلت فرمائی اور وطن کی خاک کا پیوند ہوئے۔

نمونۂ کلام۔

بھروسہ ہو جو اک برگشتہ قسمت کو تن و جاں پر
تو پھر مشکل نہیں جینا کسی کے عہد و پیماں پر

یہ رمز حسن و الفت ہے کوئی سمجھے تو کیا سمجھے
دم گریہ وہ ہنستے ہیں مرے حال پریشاں پر

تماشہ بن گئی جدت پسندی دست وحشت کی
دل صد چاک کی تصویر کھینچی ہے گریباں پر

پئے آسودگان خاک مژدہ ہے قیامت کا
کہ وہ آنسو بہانے آئے ہیں گور غریباں پر

کنایہ ہیں کیا اظہار عشق زلف یہ کہہ کر
سیہ بختی کا سایہ ہے مرے حال پریشاں پر

وہ آزادی اسیری سے کہیں بدتر ہے اے حسرت
گماں ہو جب قفس کا تنگئ دل سے گلستاں پر

---

بوئے گل بن کر اٹھا یا صورت صرصر اٹھا
کیا کہوں میں گلشن ایجاد سے کیوں کر اٹھا

قصہ درد محبت تھا عجب طول آفریں
مختصر لکھنے کو بیٹھا لکھ کے اک دفتر اٹھا

شمع محفل بن گیا آخر دل سوز آشنا
اس نے مجھ کو بھی جلایا آپ بھی جل کر اٹھا

درحقیقت خاکساری عشق کی معراج ہے
آستان یار پر جو سر جھکا وہ سر اٹھا

دامن پاس وفا چھوٹا نہ اپنے ہاتھ سے
ہم نے فوراً سر جھکایا جب ترا خنجر اٹھا

Marfat.com

یوں کرائے حسرت بسر میخانے میں لیسل و نہار
رات بھر کر توبہ، لطف مے کشی دن بھر اُٹھا

## حضرت ہدایت اللہ خاں بیڈھب

حضرت بیڈھب کے والد کا نام عظمت اللہ خاں تھا اور محلہ بارہ دری میں رہتے تھے۔ غریب گھرانے سے تعلق تھا زیادہ تعلیم نہ حاصل کر سکے۔ مگر لڑکپن ہی سے مزاج میں شوخی شرارت تھی۔ محکمۂ ڈاک و تار میں پوسٹ مین تھے اور اسی محکمے سے رٹائر ہوئے۔ شاعری میں مشہور و معروف شاعر حضرت مختار میاں مختار کے شاگرد تھے۔ نہایت سادا اور روزمرہ زبان میں شعر کہتے تھے مگر کبھی کبھی اشعار میں تہذیب سے گری ہوئی باتیں بھی کہہ جاتے تھے جو نازک مزاج لوگوں پر گراں گزرتی تھیں۔ دیوان زندگی ہی میں مکمل ہو چکا تھا مگر طبع نہ کرا سکے اور ایک مدت تک ان کے صاحبزادے کی تحویل میں رہا۔ بیڈھب کے ایک دوست شجاعت اللہ خاں شائع کروا دینے کے وعدہ پر پاکستان لے گئے جہاں وہ برباد ہو گیا بیڈھب کا جو کچھ کلام میسر آسکا ہدیۂ ناظرین ہے۔

اُن کے منہ تک جو نگالی جائے گی ۔۔۔ آب کوثر سے کھنگالی جائے گی
ننھے کھیرے پتلے بیگن چاہیئے ۔۔۔ ایک کمسن کو یہ ڈالی جائے گی
سر پٹکتے دیکھ کر مجھ کو کہا ۔۔۔ کیا یہ چوکھٹ توڑ ڈالی جائے گی
ہے ضرورت والدہ ایجاد کی ۔۔۔ اوڑھنی ان کی بچھالی جائے گی
ہم اسی حسرت میں بوڑھے ہو گئے ۔۔۔ کب تمھاری خورد سالی جائے گی
مے کے لے جانے کو بوتل چاہیئے ۔۔۔ پردے ہی میں پردہ والی جائے گی

عشق میں ہے جان کی پروا کسے
جائے اے بیڈھب جو سالی جائے گی

---

شیخ جی اپنے تقدس کا بیاں کرتے رہے ۔۔۔ اور ہم مٹھو میاں مٹھو میاں کرتے رہے
شوخیاں کرنے کے خوگر شوخیاں کرتے رہے ۔۔۔ یار خاں کا کام جو تھا یار خاں کرتے رہے

Marfat.com

دن دھاڑے انکے کوچے میں فغاں کرتے رہے　　　آپ ادھر دیکھیں یہ ہمت یار خاں کرتے رہے
لوٹنے والوں نے لوٹا خوب لطف اتفاق　　　ہم تھے ڈلیسی لال، قوت رائیگاں کرتے رہے
عمر بھی کیسے نبھی کیسے نبھائی کیا کہیں
جو کہا بیوی نے وہ بیڈھب میاں کرتے رہے

---

دشمن اس طرح شب وصل مسلسل آئے　　　کبھی پسّو کبھی مچھّر کبھی کھٹمل آئے
اونٹ کیوں کر کہیں ناصح کو گدھا کیسے کہیں　　　ڈھینچو ڈھینچو ہی اسے آئے نہ بل بل آئے
وصل کی حضرت ناصح نے بتادی تدبیر　　　آپ کے واسطے دودھ آئے رساول آئے
مجھ سے وہ بیر بہوٹی کو دکھا کر بولے　　　اس نمونے کی میرے واسطے مخمل آئے
آج تو حضرت واعظ نے کرم فرمایا　　　لیمپ ہٹ جائے زرا دیر کو کمل آئے
بے ڈھب اس شوخ نے یہ کہہ کے دولتی جھاڑی
نہ کسی کام کا ڈھب آئے نہ اٹکل آئے

---

فصیحت کرتے کرتے آگیا دل ان کے جوبن پر　　　لگے منہ، مارنے ناصح بھی حلوائے مرغن پر
چھچھوندر اور لوکوں، کا نہیں کچھ لطف اب باقی　　　وہ مائل ہو گئے جب سے پٹاخوں کی دنادن پر
کبھی تو نعرۂ مسلم فقط اللہ اکبر تھا　　　مگر اب ساتھ اس کے جئے بھی ہے گھنٹے کی ٹن ٹن پر
تعجب ہے کہ دل پر جم گئی گرد کدورت کیوں　　　درآغا کیلہ مائل ہے طبیعت اپنی دھوبن پر
وہاں سے لوٹ کر کے باپ کو بھی بھول جاتے ہیں
تعجب کیوں نہ ہو بیڈھب مجھے تعلیم لندن پر

---

ع ۱۔۲ آتش بازی کی قسمیں

Marfat.com

# جناب محمّد حسن خاں۔ شاکر

آپ کے والد ماجد کا نام علی محمد خاں تھا محلہ سنتری کے رہنے والے تھے۔ فقیر لکھنوی ثم لکھیم پوری کے شاگرد تھے۔ استعداد علمی اگرچہ معمولی تھی مگر موزونیت کا مادہ لے کر پیدا ہوئے تھے اس لئے شعر کہہ لیتے تھے اور شوق بھی تھا۔ کچھ جائیداد موروثی موجود تھی اس پر تمام عمر بسر کی۔ آخیر عمر میں نابینا ہوگئے تھے۔ بہت خلیق اور ملنسار انسان تھے بڑی محبت سے پیش آتے تھے شاعری میں شہرت نصیب نہیں ہوئی۔ خانہ نشینی پسند تھی شعراء کے جلسوں میں کم شریک ہوتے تھے۔ سال رحلت معلوم نہیں۔ نمونۂ کلام۔

اب کے بچّے جو ہجر میں دست قضا سے ہم — پھر دل لگائیں گے نہ کسی دلربا سے ہم
سرد مہری سے تری سینہ جو صد چاک ہوا — ان دریچوں سے مجھے سرد ہوائیں آئیں
کب سے دیتے ہیں دعائیں ترے میخانے کو — مست کر دے ہمیں ساقی کہ گھٹائیں آئیں

---

خوبیٔ تقدیر سے ہم ایسے خوش اقبال ہیں — اپنی قسمت کے ستارے ان کے رُخ کے خال ہیں
دل ہمارا لے کے بوسہ دینے میں حجت ہے کیا — تم نہ کچھ ہو جاؤ گے مفلس نہ ہم کنگال ہیں
ضعف سے لاغر ہیں شکل کاہ اے شاکر مگر — ناز برداریٔ دلبر کے لئے حمال ہیں

---

پہلو سے ہم اٹھائے گئے درد کی طرح — آنسو کی طرح گر پڑے رہ کر نگاہ میں
یار کا روئے منور سایۂ گیسو میں ہے — ہے غضب شاکر مسلماں قابوئے ہندو میں ہے
سوز باطن سے جلا جاتا ہوں کیوں کر آئے چین — آگ کا انگارا ہے یا دل مرا پہلو میں ہے
میکدے میں اس جہاں کے ہیں وہ عالی ظرف ہوں — تو خم مئے کی سمائی اک مرے چلو میں ہے

---

دل خون ہو کے دیدہ تر سے ٹپک گیا — ساقی کے ہجر میں مرا ساغر چھلک گیا
رخسار نازنین سے پسینہ ٹپک گیا — یا برگ گل سے قطرۂ شبنم ڈھلک گیا
تار نظر سے بلبل شیدا رفو کرے — گل کا صبا کے ہاتھ سے دامن مسک گیا
نہیں ہے کام مجھ مجنوں کو کچھ لیلیٰ کے محمل سے — انا لیلیٰ کی آتی ہے صدا یاں پردۂ دل سے

Marfat.com

یہاں تک تمھارے ہجر میں ہم ناتواں ہوئے
بے طاقتی سے رونگٹے تن پر گراں ہوئے

---

# احمداللہ خاں۔ شاکیؔ

احمداللہ خاں صاحب شاکی شاہجہانپور کے قدیم باشندہ تھے۔ نسباً افغان تھے۔ شاکی کے اجداد کا شرفائے شہر میں شمار تھا۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ ذہین، خوش طبع، خوش رو اور خوش اطوار آدمی تھے۔ بسلسلۂ ملازمت ریاست بھوپال میں عمر گزار دی۔ گاہے گاہے وطن بھی آتے تھے اور اعزہ واقربا سے مل کر واپس چلے جاتے تھے۔ ان کو فارسی میں بھی دستگاہ حاصل تھی۔ اردو فارسی دونوں میں شعر موزوں فرماتے تھے۔ طبعاً شاعر تھے۔ خانبہادر اعتبار الملک اقتدار جنگ افتخار الشعرا مولوی سید افتخار حسین صاحب مضطر خیرآبادی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ آپ کا دیوان 'جلوہ' زیور طباعت سے آراستہ ہوکر عوام وخواص سے داد وصول کر چکا ہے حضرت شاکی نے ہر صنف سخن پر نہایت کامیابی سے طبع آزمائی کی۔ دیوان میں غزلیات۔ قصائد۔ نظمیں۔ سہرے قطعات تاریخ۔ مستزاد وغیرہ شامل ہیں۔ قطعہ تاریخ کہنے پر آپ کو عبور حاصل تھا۔

نمونۂ کلام

حسن کے زیب بدن جامۂ عریاں ہوگا
حشر بھی اک مری اُمید کا ساماں ہوگا

چھیتا دل کو نگاہوں کا فقط کام نہیں
کچھ تبسم ترے ہونٹوں پہ بھی رقصاں ہوگا

شکل امکاں بھی بدل دے گی ہماری قسمت
تیرا ملنا بھی اگر تا حدِ امکاں ہوگا

چارہ گر فکر تری کوشش لاحاصل ہے
درد خود حد سے گزر کر مرا درماں ہوگا

حشر کے وعدۂ دیدار پہ دل کہتا ہے
یہ بھی ادنیٰ سا فریب رُخ جاناں ہوگا

کیا خبر تھی کہ جس ارمان پہ جیتا ہوں میں
وہی اک روز رقیب سروساماں ہوگا

چشم گریہ کا غلط دعویِٔ طوفاں خیزی
چار قطروں سے بھی برپا کہیں طوفاں ہوگا

مجھ کو دیتی ہے پتہ وسعت صحرائے خیال
زلف پیچاں کے تسلسل میں بیاباں ہوگا

قید امکاں نے جسے دل سے نکلنے نہ دیا
تیری حسرت وہ نہ ہوگی مرا ارماں ہوگا

وقت پڑتا ہے تو کچھ اپنے ہی کام آتے ہیں
درد اپنا ہی شریکِ غم ہجراں ہوگا

Marfat.com

یوں بھی تو نام پس مرگ رہے گا شاکی
زینت دشت جنوں تار گریباں ہوگا

---

رشک گلشن نہ بنا سینۂ صد چاک ہنوز
داغ پر داغ دیئے جاتے ہیں افلاک ہنوز

کس جگہ جاکے چھپا آؤں متاع دل کو
تاک میں رہتے ہیں وہ دیدۂ چالاک ہنوز

عاشقی لاکھ دکھاتی ہے امیدوں کی جھلک
ہے پریشان مگر خاطر غمناک ہنوز

آشیاں چھوڑے زمانہ ہوا جس بلبل کو
ڈھونڈھتے پھرتے ہیں اس کو خس و خاشاک ہنوز

کوچۂ یار میں مٹ کر بھی رسائی نہ ہوئی
باندھ رکھی ہے بگولوں نے مری خاک ہنوز

بعد مردن بھی میں چکر میں پڑا ہوں شاکی
ہائے باقی ہے وہی گردش افلاک ہنوز

---

# بابو رامیشور پرشاد۔ چوں چوں

بابو رامیشور پرشاد چوں چوں بی۔اے، ایل۔بی وکیل شاہجہانپور قدیمی رہنے والے اس شہر کے تھے۔ ہزل گو اور مزاح نگار ہونے کی وجہ سے مشاعروں کی جان تھے۔ آخیر عمر میں اپنے فرزند کے پاس لکھنؤ چلے گئے تھے جہاں انتقال ہوگیا۔ نمونۂ کلام مشاعرے کی روداد سے نقل کیا گیا ہے۔

ہمیں وہ گرگٹوں کے رنگ میں شامل سمجھتے ہیں
کبھی مردہ کبھی زندہ کبھی بسمل سمجھتے ہیں

ابھی کم سن ہیں وہ۔ کیوں وصل کی ہم آرزو رکھیں
ہم اپنا قصۂ دل شاردا کا بل سمجھتے ہیں

نہ ہونے پر جو اس کے مرچکے ہیں ان کا کیا کہنا
کمر کے لفظ میں ہم کاف کو فاصل سمجھتے ہیں

پہلواں لوگ تیرے دست و پا پر جان دیتے ہیں
اسے مگدر سمجھتے ہیں اسے ڈمبل سمجھتے ہیں

ہمیں کیا کوئی سودا ہے جو قانون نمک توڑیں
تمہارا ہم رخ روشن نمک کی سل سمجھتے ہیں

یہاں اشعار گیارہ چوں چوں لکھنے کی ہے پابندی
مگر ہم داستان ہجر پیپر مل سمجھتے ہیں

---

Marfat.com

# ریاست علی خاں۔ ریاست

ریاست علی خاں ریاست خلف شفاعت علی خاں صاحب کا واسطہ محلہ دلازاک جلال نگر کے ایک باعزت اور معزز نیز صاحب ثروت خاندان سے ہے ۵ ر اکتوبر ۱۹۲۵ء تاریخ ولادت ہے۔ ابتدائی تعلیم مقامی مدرسہ میں منشی چھدن خاں صاحب سے حاصل کی۔ نہرو انٹر کالج سے ہائی اسکول پاس کر کے بقیہ تعلیم پرائیویٹ طور پر تکمیل کو پہنچائی۔ آپ انگریزی۔ فارسی اور معاشیات میں ایم۔ اے ہیں اور اسلامیہ انٹر کالج شاہجہانپور میں پرنسپل کے جلیل القدر عہدے پر سرفراز رہے۔ ۱۹۶۵ء سے شوق شاعری پیدا ہوا۔ استاد وقت حضرت پیارے میاں رشید کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ تقریباً بیس سال سے مشق سخن جاری ہے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

شام ہوتی ہے کہیں اب نہ سحر ہوتی ہے ۔۔۔ زندگی موت کے عالم میں بسر ہوتی ہے
گردش دہر سے گزرے گی خدایا کیسے ۔۔۔ بس یہی دل میں خلش آٹھ پہر ہوتی ہے

---

حق پہ اس دور میں جو عامل ہے ۔۔۔ فی الحقیقت وہ مرد کامل ہے
گر کے نظروں سے ٹوٹ جائے گا ۔۔۔ سخت نازک یہ شیشۂ دل ہے
عزم محکم ہو اور عمل پیہم ۔۔۔ پھر تو آسان ہے جو مشکل ہے

---

آرام ہم کو مل نہ سکا ہم جہاں رہے ۔۔۔ اے سوز غم بتا دل وحشی کہاں رہے
تو نے جو غم دیا وہ ہے سرچشمۂ حیات ۔۔۔ اب دل یہ چاہتا ہے غم جاوداں رہے

---

آنکھیں نہ بند ہو سکیں مرنے کے بعد بھی ۔۔۔ شاید کچھ انتظار ابھی نامہ بر کا ہے
قانع ہے اپنے حال پہ جو خوش نصیب ہے ۔۔۔ اس کا کوئی ہوس نہ جنوں مال و زر کا ہے

---

کس حال میں ہوں اور گزرتی ہے کس طرح ۔۔۔ مدت ہوئی ملی نہیں اپنی خبر مجھے
وہ منزلیں بھی آئی ہیں راہ حیات میں ۔۔۔ جن میں کبھی ملا نہ کوئی ہم سفر مجھے

Marfat.com

# منشی فتح چند شاداںؔ

منشی فتح چند شاداں کے والد کا نام منشی پریم نرائن ساکن موضع پیپنا خورد ضلع شاہجہانپور آپ یکم جنوری ۱۹۲۶ء کو پیدا ہوئے۔ شہر میں دسویں درجہ تک تعلیم حاصل کی۔

شاعری کا شوق کشاں کشاں حضرت صدیق حسن اسعد شاہجہانپوری کے در دولت پر لے گیا اور آپ نے ادب سے ان کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔

نمونۂ کلام

جب نیاز عشق سے مخمور ہو جائیں گے ہم
حد ظلمت سے گزر کر نور ہو جائیں گے ہم

دل کے ہاتھوں جب کبھی مجبور ہو جائیں گے ہم
صحبت اہل سکوں سے دور ہو جائیں گے ہم

بادۂ عرفاں سے جب مخمور ہو جائیں گے ہم
ہوش کی دنیا سے کوسوں دور ہو جائیں گے ہم

التجائے دید کرتے کرتے اے دل دیکھنا
خود کسی دن جلوہ گاہ طور ہو جائیں گے ہم

غم نہیں کچھ ہم کو مرگ ناگہاں کا غم نہیں
تجھ سے اے درد جگر مجبور ہو جائیں گے ہم

آج شاداںؔ ہنس کے ہر زخم جگر کہنے لگا
جلد چشم خونچکاں ناسور ہو جائیں گے ہم

---

ترس کچھ حال دل پر آگیا ہے
کہ واعظ چھیڑ کر شرما گیا ہے

مقابل ہیں شب غم یاس حرماں
سنبھالو دل میرا گھبرا گیا ہے

نظر کی سحر پردازی سے کہہ دو
جسے کھانا تھا دھوکا کھا گیا ہے

بتائے چارہ ساز وحشت دل
میری وحشت سے کیوں گھبرا گیا ہے

فسانے عشق کے سن سن کے شاداںؔ
دل غم آشنا اکتا گیا ہے

---

Marfat.com

# مولوی محمد عبدالحئی خاں۔ آشفتہ

حضرت آشفتہ کے والد ماجد مولوی عبدالغنی خاں صاحب جید عالم تھے۔ مدرسہ عین العلم شاہجہانپور میں چالیس سال صدر مدرس رہے بعدہٗ آپ مدرسہ امینیہ دہلی میں صدر مفتی کے فرائض انجام دیتے رہے آخیر عمر میں اپنے وطن شاہجہانپور تشریف لے آئے اور یہیں رحلت فرمائی۔ حضرت آشفتہ یکم جنوری ۱۹۲۶ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی پنجاب یونیورسٹی سے ۱۹۴۳ء میں مولوی فاضل اور ۱۹۴۵ء میں منشی فاضل کے امتحانات پاس کئے۔ انٹر کے بعد آپ اسلامیہ انٹر کالج شاہجہانپور میں عربی کے استاد ہو گئے اور اب تک اسی ادارے میں درس و تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شعر و شاعری کا شوق حضرت پیارے میاں کی صحبت سے پیدا ہوا اور ان کے تلامذہ میں شامل ہو گئے۔ عبدالحئی خاں صاحب شریف الطبع دیندار اور مرنجان مرنج انسان ہیں۔ ۱۹۴۷ء سے مشق سخن جاری ہے۔ چوں کہ عربی اور فارسی میں اچھی استعداد رکھتے ہیں اسی لئے فارسی تراکیب آپ کے کلام میں نمایاں نظر آتی ہیں۔

نمونۂ کلام ہدیۂ ناظرین ہے۔

ہستی دل تھی فقط پیکر تسلیم و رضا — رکھ دیا اس میں تمنا کا شرار کس نے
ہم تو نیرنگئ قسمت کا گلہ کرتے تھے — تم خفا کیوں ہو لیا نام تمہارا کس نے

---

میں یوں اک اک کا منہ تکتا رہا ہوں ان کی محفل میں — کہ شاید ذکر میرا بر سبیل گفتگو نکلے
سمجھتے تھے کہ اک اک گام ہمت آزما ہوگا — مگر تیری طلب میں پھر بھی اہل آرزو نکلے
زمانے میں بھلا آشفتہ غیروں کی شکایت کیا — مگر رونا یہ ہے اپنے بھی جو تھے حیلہ جو نکلے

---

تمہارا حال کیا ہوتا زمانے میں کبھی سوچا — اگر کرتے تمہاری طرح سے بیگانہ پن ہم بھی
شکایت کیا گلہ کیسا مقدر جب یہی ٹھہرا — اٹھاتے ہیں چلو جب تک اٹھیں رنج و محن ہم بھی
بھلایا لاکھ سب نے اپنے دل سے لیکن آشفتہ — رہے بن کر غبار خاطر اہل وطن ہم بھی

---

ارادہ کر تو رہے ہو ہمیں مٹانے کا — کرو گے کیا جو بڑھا شوق ظلم ڈھانے کا

Marfat.com

طریقِ اہلِ محبت نہیں یہ آشفتہ　　　کبھی ہے شکوہ فلک کا کبھی زمانے کا

---

آرزوؤں سے تمناؤں سے ارمانوں سے　　　قصۂ غم کی ہے زینت انھیں عنوانوں سے

بے خبر اس سے کہ ہستی کی قبا ہوگئی چاک　　　ایک اک غنچہ کھلا تھا بڑے ارمانوں سے

---

# شفیق حسن خاں شفیق مینائی

اعتبار الملک مولوی حکیم ضمیر حسن خاں صاحب دل کے چھوٹے بیٹے شفیق حسن خاں صاحب شفیق بروز عید الضحیٰ ۱۹۲۹ء کو محلہ ہاتھی تھان میں پیدا ہوئے۔ مشفق اور لائق باپ کی آغوش میں تعلیم و تربیت ہوئی۔ ادیب کامل اور انٹر میڈیٹ سے آگے بسبب خرابئ صحت سلسلۂ تعلیم جاری نہ رہا۔ عین اٹھان کے زمانے میں تپ دق کے موذی آزار نے آدبوچا۔ بفضلہٖ مالی حالت بہت اچھی تھی۔ ہر ممکنہ علاج کیا گیا مگر بقولے مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ حضرت ظہور احمد وحشی نے کیا خوب شعر کہا۔

خندہ زن ہے تپِ اُلفت جو دوا کرتے ہیں
مسکراتی ہے مشیت جو دعا کرتے ہیں

دوا و دعا کوئی کارگر نہ ہوئی۔ یہ ہونہار اور اپنے والد کا حقیقی جانشین شاعر عین اس وقت ہمارے درمیان سے اٹھ گیا جب اس کی شاعری کا آفتاب بلند ہو چکا تھا اور جس کی حیات آفریں کرنیں دوسروں کو سرشار کر رہی تھیں۔ ۷ رمئی ۱۹۷۹ء کو یہ آفتاب غروب ہو گیا۔

شفیق مرحوم طبع موزوں لے کر پیدا ہوئے تھے اور گھر کا ماحول بھی ایسا تھا کہ ہر وقت شعر و شاعری کا چرچا رہتا۔ ہندوستان کے مسلّم اساتذہ مقبول و معروف شعراء حضرت دل کے مہمان ہوتے تو کئی کئی روز محفلیں جمتیں۔ شعر و سخن کی مجالس میں شفیق بھی دلچسپی لیتے۔ دل صاحب کے تلامذہ استاد کو گھیرے رہتے اور حسبِ توفیق استفادہ کرتے یہ سارا ماحول ایسا نہ تھا کہ شفیق خاموش تماشائی بنے رہتے۔ ابتدائی زندگی سے اشعار موزوں کرنا شروع کر دیئے تھے والد محترم کی توجہ خاص حاصل تھی جس نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ جوہر کھلنے لگے۔ کلی کلی ت

Marfat.com

مہک گھر کے آنگن سے ہوا باہر اڑا لے گئی۔ شفیق شہر کے مشاعروں میں شرکت کرتے اور بھرپور داد پاتے۔ گاہے گاہے بیرون شہر مشاعروں میں حضرت دل کے ہمراہ شریک ہوتے اور جاتے رہتے تھے۔ تقریباً دس بارہ سال کی توجہ اور والد محترم کی رہنمائی نے ہر صنف سخن کے رموز و نکات سے آگاہ کر دیا تھا لیکن مزاج کا جھکاؤ رباعی کی جانب بمقابلہ دیگر اصناف کے زیادہ تھا۔ صنف رباعی میں مہارت پیدا کر لی تھی اور یہی ان کے ہر قسم کے خیالات، احساسات، جذبات اور تصورات کے اظہار کا وسیلہ ٹھہری تھی۔ علالت کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ بیماری زور پکڑتی تو گھر میں روپوش رہتے۔ ۱۹۶۶ء میں اپنی رباعیات کا انتخاب کر لیا تھا اور اس کو اپنی زندگی ہی میں طبع کرانے کی آرزو تھی مگر قدرت کا فیصلہ کسی کی آرزو کا پابند نہیں ہوتا۔ روز بروز بگڑتی ہوئی حالت نے اتنی مہلت نہ دی کہ انتخاب و ترتیب کے بعد کے مرحلوں سے گزار کر خمخانۂ خیام کو وہ اپنی نظروں سے دیکھ کر کچھ دیر کے لئے سکون حاصل کر سکتے۔ بستر علالت پر مشق سخن جاری رہی اپنی بے چینی، کرب و اذیت کا اظہار رباعیوں میں کرتے رہے۔ شفیق کے انتقال کے بعد شبیر حسن خاں صاحب ایڈوکیٹ نے اپنے اکلوتے اور عزیز از جان چھوٹے بھائی کی دیرینہ آرزو کو تکمیل تک پہنچا دیا۔ 'خمخانۂ خیام' کی طباعت سے یقیناً شفیق مرحوم کی روح کو سکون مل گیا ہوگا شفیق مینائی نے تلامذہ حضرت امیر مینائی کے حالات تلاش کر کے بالاقساط رسائل میں شائع کرائے۔ وہ نثری کام بھی کرتے رہتے تھے۔

اب شفیق مرحوم کی تخلیقی قوتیں ان کے کلام میں ملاحظہ فرمائیں۔

پر کیف و ضیاریز فضائے کشمیر — جاں بخش و طرب خیز ہوائے کشمیر
ہم اہل محبت ہیں کریں گے نہ قبول — جنت بھی اگر ملے بجائے کشمیر

اپنی شدید علالت کے دوران جو تاثرات ذہن میں چبھتے تھے ان کو یوں بیان کیا۔

چارہ نہیں کوئی بے قراروں کے لئے — تسکین کہاں ہے دلفگاروں کے لئے
کل جن کے تصرف میں گلستاں تھا شفیق — وہ آج ترستے ہیں بہاروں کے لئے

---

افتادِ تحمل سے سہی ہے میں نے — آلام میں سعیٔ ضبط کی ہے میں نے
درپردہ کسی کا ہے سہارا جس سے — ہر غم کو شکست فاش دی ہے میں نے

Marfat.com

## شفیق مینائی کی غزلیہ شاعری کا نمونہ

طوفاں کی طرف بڑھ لب دریا سے گزر جا
کافی ہے غم دل غم دُنیا سے گزر جا

اظہار تمنّا بھی ہے اک جرم محبّت
ممکن ہو تو اظہار تمنّا سے گزر جا

بے کیف نہیں تشنگئ شوق کی لذّت
اے محو طلب ساغر و مینا سے گزر جا

تکمیل طلب ترک طلب ہی میں نہاں ہے
دُنیا کی تمنّا ہے تو دُنیا سے گزر جا

---

ہمّت کے دھنی ہیں دل والے ناکام سہی برباد سہی
آئی نہ کبھی ماتھے پہ شکن ہر روز نئی افتاد سہی

ہنگامہ پسند اپنی فطرت ہر حال میں تسکین باقی ہے
راحت نہ سہی آزار سہی نغمہ نہ سہی فریاد سہی

---

میں چشم تر سے ستارے بکھیر دوں ہر سو
تو مسکرا کے شب ماہتاب پیدا کر

---

جہاں سے کاروان رنگ و بو اکثر گزرتے تھے
ترستا ہے بہاروں کو وہی ویرانہ برسوں سے

---

عشق اک بار امانت ہے ہنسی کھیل نہیں
اہل دل نے بھی اٹھایا ہے تو مشکل سے اٹھا

---

عجب ہے اہل وفا کا مسلک کوئی نہ سمجھا یہ راز اب تک
خرد کی راہوں میں سب سے پیچھے جنوں کی راہوں میں سب سے آگے

---

کبھی اجالا کبھی اندھیرا انھیں حدوں میں رہا بسیرا
نکل سکا کاروان ہستی نہ منزل روز و شب سے آگے

---

مری چشم خون بار کیا دیکھتے ہو
مرے دل میں زخم نہاں اور بھی ہیں

خموشی کو جب آزمایا تو سمجھے
کہ اسلوب آہ و فغاں اور بھی ہیں

شفیق ان کو شاید یقین وفا ہے
وہ اب مجھ سے دامن کشاں اور بھی ہیں

---

Marfat.com

# آنند سروپ سری واستو۔ احقر

آنند سروپ سری واستو احقر خلف جناب اشرفی لال سری واستو ۱۲ر جنوری ۱۹۲۹ء کو اپنے آبائی مکان واقع محلہ دلاور گنج میں پیدا ہوئے ۱۹۴۶ء میں ہائی اسکول پاس کیا۔ ہائی اسکول تک اردو فارسی بطور مضامین پڑھی اور شاعری میں مولوی تفضل حسین سے جو مشن اسکول میں ٹیچر تھے مشورہ سخن لیا۔ اس وقت ایک مقامی تعلیمی ادارے میں ہیڈ اکاؤنٹنٹ ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

یاس کا مخزن ہے دل میں آس کا سامان بھی ہے
یعنی گھر آباد بھی میرا ہے اور ویران بھی ہے

وہ ہیں نظروں میں مرے اور وصل کا ساماں بھی ہے
درد بھی پہلو میں ہے اور درد کا درماں بھی ہے

چشم حق بیں کو نہیں دشوار کچھ راہ طلب
منزل ہستی بہت مشکل بھی ہے آساں بھی ہے

زندگی کس کی جہانِ غم میں عشرت سے کٹی
جس کو دیکھو دہر میں خنداں بھی گریاں بھی ہے

جز عقیدت کیا تواضع احقر مکیں سے ہو
میزباں بھی خانۂ دل کا ہے تو مہماں بھی ہے

---

بشر کی زندگی کیا ہے قفس کا آنا جانا ہے
جہاں یہ نار ٹوٹا ختم پھر سارا فسانہ ہے

---

# اونکار سہائے سکسینہ۔ میکش

جناب اونکار سہائے سکسینہ کے والد ماجد کا نام بابو جگدیش سہائے سکسینہ ہے۔ آپ کی ۱۵ر جنوری ۱۹۳۲ء کو ولادت ہوئی۔ اردو بطور خاص پڑھی اور اردو کے ساتھ گریجوئیشن کیا۔ شعروشاعری کا شوق ابتدائی زندگی سے ہے۔ آپ کے دادا مکٹ بہاری لال حسرتاں حکیم رگھبیر سہائے بریاں وشاداں جہاں آبادی کے شاگرد تھے۔ اس طرح ذوق شعری آپ کی رگوں میں خون کے ساتھ رواں دواں ہے۔ آپ کی قدیمی سکونت محلہ رنگ محلے میں تھی مگر آپ بذات خود محلہ بہادر گنج میں بس گئے۔ شوگر کین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، میں بعہدۂ

Marfat.com

اکاؤنٹنٹ ملازم ہیں۔ آپ کے والد بابو جگدیش سہائے سکسینہ خود شاعر نہ تھے مگر صاحب ذوق اور سخن فہم تھے بابو اونکار سہائے میکش اولاً اعتبار الملک حکیم ضمیر حسن خاں صاحب دل سے رجوع ہوئے کچھ دن بعد حضرت دل نے اپنے جانشین و لائق شاگرد حضرت عابد مینائی کے سپرد کر دیا میکش صاحب مقامی شاعروں میں ذوق و شوق سے شریک ہوتے ہیں اور مشق سخن سے اپنا مقام بنا لیا ہے۔ حضرت عابد مینائی کی گمشدگی کے بعد ذوقِ سلیم اور مطالعہ آپ کا رہبر ہے۔ آپ کا رجحان غزل کی طرف زیادہ ہے لیکن آپ قطعات۔ رباعیات۔ نظمیں۔ سہرے اور کبھی کبھی گیت بھی لکھتے ہیں۔ نمونۂ کلام حضرت میکش۔

قطعہ

جس کی راہیں نہ کہیں ہوں وہی منزل ہوں میں
جس کے ٹکڑے نہ جڑیں ٹوٹ کے وہ دل ہوں میں
کس سے افسانۂ ناکامیٔ تقدیر کہوں
تیری محفل میں بھی بیگانۂ محفل ہوں میں

کلام حضرت میکش

کوئی آتا ہے جب چمن کی طرف — غنچہ غنچہ سکون پاتا ہے
مسکراتے ہیں جب لب نازک — دل کا ہر زخم مسکراتا ہے

---

دنیا مجھ کو راس نہ آئی — تسکیں میرے پاس نہ آئی
کل کا بھروسہ کیا ہو میکش — آئی آئی سانس نہ آئی

---

نغمۂ زندگی تمام ہوا — دور صہبا سے ایک جام ہوا
مر کے بھی چین کب نصیب ہوئی — تذکرہ میرا صبح و شام ہوا

---

کوئی مشکل نہ ہو سکی آسان — مختصر ہے یہ میرا افسانہ
بدگماں کیوں نہ ہوں دعاؤں سے — ہر دعا ہے اثر سے بیگانہ

Marfat.com

اُٹھ رہا ہے وہ جو گلشن سے دھواں　　جل رہا ہے کیا ہمارا آشیاں
کس لئے کرتی ہیں زحمت بجلیاں　　پھونک دوں گا خود میں اپنا آشیاں
ایک اک سُرخی مری روداد کی　　بن گئی ہے اک مکمل داستاں
شکریہ تیرا نگاہ بے اماں　　بڑھ گئیں کچھ زندگی کی تلخیاں

ہے یہی کیا کم کہ از راہِ کرم
اس نے مسکین سُن لی میری داستاں

---

# محبوب حسن خاں نظر

نظر صاحب کا سن ولادت ۱۹۳۲ء ہے۔ سن شعور ہی سے شعروشاعری کا شوق پیدا ہوگیا تھا۔ طبیعت رسا تھی اگرچہ استعداد علمی بہت زیادہ نہ تھی لیکن مطالعہ اچھا تھا۔ شاعری میں استاد کے مرہون منت نہیں ہوئے۔ فکر رسا کو رہبر بنایا۔ غزل کے جس نئے آہنگ واسلوب سے نظر نے ادب کو روشناس کرایا وہ انہی کا کام تھا۔ عین عالم جوانی بعمر چونتیس سال جلندھر میں مبتلا ہوکر ۸ جولائی ۱۹۶۶ء میں دنیا کو خیرباد کہہ دیا۔ کلودنگ فیکٹری شاہجہانپور میں ملازم تھے اپنے پیچھے نوجوان بیوہ اور بچے چھوڑے۔ نمونۂ کلام

اک ضو بہت ہے تیرے غمِ صد صفات کی　　میں کیا کروں گا لے کے خوشی کائنات کی
دیتا ہوں تیری چشم تغافل کو میں دُعا　　اس حادثے نے عمر بڑھا دی حیات کی
اب تک دلِ تباہ کو وہ لمحہ یاد ہے　　اک بار ہی اٹھی تھی نظر التفات کی
جی چاہتا ہے چلتے رہیں تیری راہ میں　　اس جستجو میں ایک جھلک ہے حیات کی
دیوانے تیرے حد جنوں سے گزر گئے　　زلفیں سنوار دی ہیں مگر کائنات کی

عرفان زندگی نہ ہوا اس کو اے نظر
جس نے زمیں پہ رہ کے ستاروں کی بات کی

---

ان کے انداز سے گو جان پہ بن آئی ہے　　کیا کروں ترکِ محبت میں بھی رسوائی ہے

Marfat.com

عظمتِ جیب و گریباں بھی نگاہوں میں رہے ۔ اے جنوں ہوش میں رہنا کہ بہار آئی ہے
بے وفا کہتی ہے دُنیا تو کوئی بات نہیں ۔ آپ ایسا نہ کہیں یہ مری رسوائی ہے
یہ بتا دیجیے اس نازِ تبسم کی قسم ۔ یوں ہی کچھ پھول کھلے ہیں کہ بہار آئی ہے
اے نظرؔ آئے ہیں ایسے بھی مقاماتِ حیات
میں نے جب دولتِ کونین بھی ٹھکرائی ہے

---

# رحمت شاہ خاں۔ رزمیؔ

نادر شاہ خاں کے فرزند رحمت شاہ خاں ۱۹۳۲ء میں پیدا ہوئے۔ نادر شاہ خاں پولیس فورس ریلوے میں ملازم تھے۔ تمام عمر بسلسلۂ ملازمت وطن سے باہر رہے۔ رزمی نے بھی اپنے والد ماجد کے ہمراہ مختلف مقامات میں قیام کیا اور گھریلو تعلیم حاصل کرتے رہے۔ بارہ سال کی عمر میں سایۂ پدری سے محروم ہو گئے کسی نہ کسی طرح ہائی اسکول پاس کر کے والد مرحوم کی جگہ ملازمت حاصل کر لی شعر و سخن سے دلچسپی اوائل عمر سے تھی۔ حضرت عابد مینائی جانشین حضرت دل کے حلقۂ تلامذہ میں شامل ہو کر مشورہ سخن لینے لگے۔ ایک مجموعہ کلام ' شاہد فطرت ' طبع ہو چکا ہے آپ کا تبادلہ جب ہردوئی کا ہوا تو وہاں کی ادبی سرگرمیوں میں ڈوب گئے لیکن قضا ساتھ ساتھ رہی پہلی جنوری ۱۹۸۱ء کو اپنے آہنی پنجوں میں دبوچ کر رزمی کو اڑا لے گئی ہردوئی میں مدفون ہوئے۔ نمونۂ کلام

پینے کا ہوگا اذنِ عام آج نہیں تو کل سہی ۔ ایسی بھی ہوگی ایک شام آج نہیں تو کل سہی
اس کی نوازشوں پہ ہے رزمیؔ مجھے تو اعتماد ۔ بگڑے ہوئے بنیں گے کام آج نہیں تو کل سہی
مجھ کو ہر ایک غم ہے گوارا ۔ اتنا کہہ دو کہ تو ہے ہمارا
مجھ کو دھوکا ہوا ہے یہ اکثر ۔ جیسے تم نے کہیں سے پکارا
درِ میکدہ اور اہلِ طریقت ۔ یہ کیا انقلاب آج ہم دیکھتے ہیں

---

Marfat.com

# مُطیعُ اللہ خاں حسرتؔ کمالی

مطیع اللہ خاں صاحب حسرتؔ کمالی کے والد ماجد منشی رفیعُ اللہ خاں صاحب مرحوم پولیس آفیسر تھے۔ ان کے دوران ملازمت حسرتؔ صاحب ۱۸ر جنوری ۱۹۳۳ء کو مراد آباد میں پیدا ہوئے۔ منشی رفیع اللہ خاں صاحب ۱۹۴۱ء میں پنشن لے کر شاہجہانپور آ گئے۔ آبائی سکونت محلّہ ککرا کلاں کی تھی مگر وہاں کی بود و باش ترک کر کے محلّہ قاضی خیل میں مکان تعمیر کیا اور رہائش اختیار کی۔ والد کی مدت ملازمت ختم ہونے کے وقت حسرتؔ صاحب آٹھ سال کے تھے۔ ناظرہ قرآن اور ابتدائی اردو ختم کر کے اسکول میں داخلہ لیا۔ ۱۹۴۹ء میں اسلامیہ ہائر سکنڈری اسکول سے انٹرنیس ۱۹۵۳ء میں گاندھی فیض عام ڈگری کالج شاہجہانپور سے بی۔ ایس۔ سی۔ ۱۹۵۵ء میں الہ آباد بورڈ سے منشی کامل ۱۹۷۵ء میں ایم۔ ایس سی (ریاضی) کے امتحانات پاس کئے اور ۱۹۷۷ء میں ایم۔ اے (اردو) میں امتیازی حیثیت سے کامیاب ہوئے۔ حسرت صاحب کے والد صاحب نے احباب کے مشورے پر کھنڈساری کا کاروبار کیا جس میں اپنی کاروباری ناتجربہ کاری کے سبب ناکام رہے۔ کُل جمع شُدہ پونجی ناکام کاروبار کی نذر ہو گئی ان حالات میں حسرتؔ صاحب کو ملازمت کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ اسلامیہ ہائی اسکول ملیر کوٹلہ میں مدرس ہو گئے۔ دوران ملازمت علی گڑھ سے بی۔ ایڈ کی سند حاصل کی اور ملازمت سے مستعفیٰ ہو کر شاہجہانپور آ گئے۔ مختلف مدارس میں ریاضی اور سائنس کے استاد رہے اب مستقلاً اسلامیہ انٹر کالج میں ریاضی کے واحد لکچرر ہیں۔ مطیعُ اللہ خاں صاحب حسرتؔ کو بچپن ہی سے اردو زبان سے خاص دلچسپی رہی۔ ختم قُرآن کے بعد طلسم ہوشربا۔ فسانۂ آزاد۔ داستان امیر حمزہ۔ فسانۂ عجائب۔ قصّۂ گُل بکاولی اور باغ و بہار کا مطالعہ کیا۔ سائنس کے طالبِ علم ہونے کے باوجود آپ نے اردو میں مہارت ور عربی سے واقفیت حاصل کر لی شاعری کا آغاز ملیر کوٹلہ کے دوران قیام ہوا۔ حضرت کمالؔ ملیر کوٹلوی کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا اور گوہرؔ تخلص اختیار کر کے وہاں کی ادبی و شعری زندگی میں داخل وگئے۔ ۱۹۵۵ء میں ملازمت سے مستعفی ہو کر جب شاہجہانپور آ گئے تو اپنے استاد حضرت مال ملیر کوٹلوی کی اجازت سے شہر کے ذی استعداد اور صاحب علم و فن استاذی ارشاد حسین رف حضرت پیارے میاں رشید کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے۔ حضرت پیارے میاں شید کے ایما پر گوہرؔ تخلص ترک کر کے حسرتؔ کمالی اختیار کر لیا۔ ان کے کلام میں فکر کی گہرائی

Marfat.com

ہے۔ کلام بطور نمونہ قارئین کے پیشِ نظر ہے۔

## غزل

تشنہ تشنہ نظریں ہیں داغ داغ دامن ہے
وہ جنوں کے صحرا ہیں یہ وفا کا گلشن ہے
سو گئے تو چونکایا چل دیئے تو بہکایا
دل عجیب رہبر ہے دل عجیب رہزن ہے
جب کرم تھا ساقی کا خم لنڈھائے جاتے تھے
بوند بوند پہ اب تو میکشوں میں ان بن ہے
یاد ہے تری دل میں جلوہ ہے نگاہوں میں
پیچھے پیچھے رہبر ہے آگے آگے رہزن ہے
آج تک خفا مجھ سے تھے فقط کرم فرما
آہ وہ ستمگر بھی اب تو مجھ سے بدظن ہے
شاعری جسے کہیے آپ سے ہو کیا حسرتؔ
وہ عطائے فطرت ہے اور قدرتِ فن ہے

---

گلستانوں سے وابستہ نہ ویرانوں سے وابستہ
ہے تعمیرِ نشیمن دل کے ارمانوں سے وابستہ
چمن کے زمزمے منت کشِ اربابِ دانش ہیں
بیابانوں کے ہنگامے ہیں دیوانوں سے وابستہ
میرے احوالِ غم پہ آپ طنزاً مسکراتے ہیں
دو عالم کی حقیقت ہے ان افسانوں سے وابستہ
سلیقہ سیکھ لیں اہلِ چمن تعمیرِ گلشن کا
اسی حد تک یہ دیوانے ہیں فرزانوں سے وابستہ
یہ روداد بیاباں ہے یہاں کانٹے ہی کانٹے ہیں
گل و ریحان کے عنواں ہیں گلستانوں سے وابستہ
ابھی ہے شوق ناپختہ ابھی لذت ہے سوزش میں
مسیحا زخمِ دل کب تک نمکدانوں سے وابستہ
تن آسانوں کو کیا معلوم لطفِ زندگی حسرتؔ
یہ وہ شئے ہے جو رہتی ہے پریشانوں سے وابستہ

---

## سیّد احمد سحرؔ رشیدی

جناب سید احمد سحر کے والد ماجد کا نام سید اسحاق میاں ہے۔ محلہ علی زئی کے رہنے والے ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۵ راگست ۱۹۳۵ء کو ہوئی۔ مدرّعین العلم سے منشی اور مقامی کالج سے بی۔ اے کے امتحانات پاس کیے۔ سٹی بورڈ شاہجہانپور میں سپرنٹنڈنٹ روشنی کے عہدے پر فائز

Marfat.com

ہیں۔ اپنے حقیقی ماموں اور شاہجہانپور کے صاحب علم و فن حضرت استاذی سید ارشاد حسین عرف پیارے میاں رشید مرحوم سے مشورہ سخن کیا۔ مجموعے آئینہ سحر ۱۹۸۴ء سحر رنگ ۱۹۸۶ء سحر نشاں ۱۹۹۰ء متاع نور سحر ۱۹۹۴ء شائع ہو چکے ہیں۔ کئی مجموعوں پر انعام بھی ملا۔

اشعار

اہلِ وفا کے دل میں ہے جب تک لہو کا نام
روشن رہے گا اس چمنِ رنگ و بو کا نام

---

ہماری نسل کتابوں میں پڑھ کے چونکے گی — کہ آدمی کو کبھی پیار آدمی سے تھا

---

پاؤں کے نیچے تو زمین نہیں — لوگ کرتے ہیں آسماں کی بات
جام میں آفتاب اُترے تو — کچھ چھڑے تو فروغِ جاں کی بات

---

کہاں دیکھی تھی ایسی گرمیٔ بازار دلی میں — کہاں تھا بمبئی میں اس سے پہلے شور و شر ایسا

---

دستار اپنی اپنی سنبھالے ہوئے تھے لوگ — ایسے میں ہوش کس کو کسی کی ردا کا تھا

---

لیئے پھری ہے مجھے قریہ قریہ کاوشِ دل — ہلا نہ کوئے محبت سے راستہ بہتر

---

اک نہ اک موجِ خون گزرے ہے سر سے شب و روز
ان حوادث نے بس اک میرا ہی گھر دیکھا ہے

---

کہاں چلے گئے ان بستیوں کو چھوڑ کے لوگ — نہ صورتیں وہ کہیں ہیں، نہ صحبتیں باقی

---

شمع کا شعلہ جب لہرایا امڈا اک بیتاب ہجوم
آخرِ شب تک جلتے مرتے دیکھے ہیں دیوانے چند

---

Marfat.com

لہو سے ہوتا ہے روشن چراغ بزم خیال
سخنوری بھی عبادت نہیں تو پھر کیا ہے

---

ہمت یہ ایسے طائر زخمی کی آفریں
اڑنے کو بے قرار ہے گو پر بریدہ ہے

---

رات کٹتی جارہی ہے انتظار صبح میں
یہ چراغ زندگی ہنس ہنس کے جلتا جائے ہے

---

لاکھ تیور بدل کے بات کہی آگیا پھر بھی التماس کا رنگ

---

ہمارے عہد میں نا معتبر وہی ہیں جنھیں
ذرا خیال کچھ اپنے حسب نسب کا ہے

---

اپنی نظر سے کل کا ناقد پرکھے گا فن پاروں کو
کل تک تو یہ منظر نامہ یکسر دھندلا جائے گا

## غزل

مکانوں سے دھواں آہوں کا رہ رہ کر نکلتا ہے
گلی کوچوں سے ہو کر جب کوئی لشکر نکلتا ہے
نہ ڈالو قتل و خوں کا بیج اس زرخیز مٹی میں
کہ ہر سر کے عوض اس کھیت سے لشکر نکلتا ہے
کیئے دیتی ہے شل اعصاب کو یہ نفرت انگیزی
سما جائے تو پھر مشکل سے دل کا ڈر نکلتا ہے
نظر آتا ہے کیوں سارا جہاں اس کو حریف اپنا
جو وہ جھوٹی انا کے خول سے باہر نکلتا ہے

Marfat.com

کہیں کم قامتوں کی بھیڑ میں گُم ہو نہ جاؤں میں
جسے دیکھو وہ اندازے سے کچھ بڑھ کر نکلتا ہے

عجب شہرِ خموشاں ہے دلِ خانہ خراب اپنا
کہ ایک اک قبر سے یادوں کا اِک لشکر نکلتا ہے
جسے ارمان ہو آگے بڑھ کے آئے اور قلم کرلے
ہزاروں میں نمایاں ہے سحر جو سر نکلتا ہے

# عزیز احمد خاں - عزیز

عزیز احمد خاں صاحب کے مورثِ اعلیٰ ولایت افغانستان سے بسلسلہ تجارت ریشم وارد ہند ہوئے۔ یہاں کی آب و ہوا اور شادابی نے اس طرح متاثر کیا کہ یہیں کے ہو رہے۔ آپ نسباً علی زئی پٹھان ہیں۔ آبادیٔ شہر کے وقت بانیٔ شاہجہانپور نے ہر قبیلے کو الگ الگ بسایا تھا۔ آپ کے اجداد بھی اپنے ہم قبیلہ علی زئیوں میں آبسے۔ عزیز صاحب کے جدّ کے حقیقی ماموں جناب عبدالواحد خاں صاحب ساکن محلّے ترین بہادر گنج لاولد تھے ان کے انتقال کے بعد وسیع جائیداد جس میں متعدد مکانات اور چودہ ۱۴ مستلم مواضعات شامل تھے وراثت میں ان کو پہنچے یہ علی زئی کی سکونت ترک کر کے مرحوم ماموں کے عالیشان مکان میں منتقل ہو گئے۔ اُن کی نسل اب تک اسی مکان میں قیام پزیر ہے۔ عزیز احمد خاں عزیز کے والد ماجد کا نام حامد علی خاں صاحب ہے۔ عزیز صاحب کی ولادت ۱۹۳۵ء میں ہوئی رواج کے مطابق اردو فارسی گھر ہی پر ایک مولوی صاحب سے پڑھی۔ انگریزی کے لئے اسلامیہ کالج میں پڑھ کر انٹر پاس کیا۔ ۱۹۵۶ء سے شوقِ شاعری ہے۔ ابتدا میں حضرت رباب رشیدی شاہجہانپوری سے مشورہ سخن کیا۔ اصنافِ سخن میں آپ کو رباعی سے از حد دلچسپی ہے۔ حضرت شفیق مینائی مرحوم خلف اعتبار الملک حضرت دل شاہجہانپوری کے بعد اس صنف میں آپ کا مخصوص مقام ہے۔ یوں تو دیگر اصنافِ سخن میں بھی طبع آزمائی فرماتے ہیں۔ غزل میں بھی آپ کو امتیاز حاصل ہے۔ نہایت خوش اخلاق۔ متواضع اور خوش خیال انسان ہیں۔ شہرت کے طالب نہیں ورنہ آپ کا ہندوستان کے ممتاز شاعروں میں شمار ہوتا۔ رباعیوں کا ایک انتخاب جلد ہی طبع ہو کر منظرِ عام پر آنے والا ہے۔

Marfat.com

بطور نمونۂ کلام چند رباعیات ۔ قطعات اور غزلیں پیش ہیں ۔

ماضی کے اندھیروں سے سبق لینا ہے — تاریخ کا موضوع ادق لینا ہے
دیکھا تو بہت مانگ کے لیکن اَب ہم — یہ سوچ کے اٹھے ہیں کہ حق لینا ہے

---

غموں میں رہ کے جینا آگیا ہے — محبت کا قرینہ آگیا ہے
زہے قسمت کہ منزل سر تو کرلی — مگر دانتوں پسینہ آگیا ہے

---

خدا نے بخشی ہے مجھ کو یہ نعمت عظمیٰ — ہر ایک طنز کو میں ہنس کے ٹال دیتا ہوں
کسی سے بات ہوئی بھی جو ترش روئی سے — اسے بھی دل سے میں فوراً نکال دیتا ہوں

## غزلیں

اے پرستار طلب اس کا گلہ ہی کیا ہے — راہبر کھو گئے اس راہ میں راہی کیا ہے
آپ پڑھیئے تو کتاب غم ہستی کو بغور — ورقِ دل کے سوا اور جلا ہی کیا ہے
ہم مٹے دل بھی مٹا رسم وفا بھی بدلی — اور مٹنا کسے کہتے ہیں تباہی کیا ہے
پھر کوئی زخم دل زار دھواں دے اٹھا — افق دل پہ یہ ہلکی سی سیاہی کیا ہے
خلش دل بھی وہی اشک مسلسل بھی وہی — ماحصل اس مرے جینے کا الٰہی کیا ہے
وقت لگتا ہے کسی زخم کو بھرتے بھرتے — ہم سوادوں کو مگر اس کا پتہ ہی کیا ہے
گردش وقت کی پُر شور ہواؤں سے عزیزؔ
صورتیں مٹ گئیں نقش کف پا ہی کیا ہے

---

کس نے ہم کو مٹایا اس اہتمام کے ساتھ — ہمارا صبح سے رشتہ رہا نہ شام کے ساتھ
ہم ان کی بزم کے قابل نہیں، یہ کیا کم ہے — ہمارا نام تو آتا ہے احترام کے ساتھ
جو ہم ملے تو ملے تم سے آئینے کی طرح — جو تم ملے تو ملے ہم سے انتقام کے ساتھ
ہمارے اور تمھارے ہیں اب الگ رستے — یقین رہ نہیں سکتا خیال خام کے ساتھ
عزیزؔ فرق ہے دونوں کے ٹوٹنے میں بہت
شکست دل کو نہ جوڑو شکست جام کے ساتھ

Marfat.com

# جناب اسرار حسین۔ اسیر

نام اسرار حسین اور تخلص اسیر ہے۔ والد ماجد کا نام ارادت اللہ صاحب آپ کی ولادت ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۳۶ء کو اپنے آبائی مکان محلہ بھمٹھ گڑھی میں ہوئی انٹر میڈیٹ تک تعلیم حاصل کی۔ اشفاق علی خاں اشفاق مرحوم سے مشورہ سخن ان کی حیات تک جاری رکھا۔ نظم۔ غزل۔ رباعی۔ قطع وغیرہ پہ طبع آزمائی فرماتے ہیں۔

نمونہ کلام :۔

آج آوارہ مسافر اپنے گھر میں آگئے — جتنے قطرے تھے لہو کے چشم تر میں آگئے
ناتراشیدہ بھی ہم سنگ لاقیمت تو تھے — کیا ہوا جائے کہ دست بے ہنر میں آگئے
آسماں کی وسعتیں جن کے لئے اک مسئلہ — وہ پرندے بھی فریب بال و پر میں آگئے
ڈر یہ لگتا ہے کہ بازو شل نہ ہو جائیں کہیں — جتنے پتھر تھے ہماری رہگزر میں آگئے

---

پیکر وہ ڈھالیے کہ دہن بولنے لگے — معراج فن یہی ہے کہ فن بولنے لگے
پاؤں لہولہان ہیں چہرہ ہے گرد گرد — یارب زبان دے کہ تھکن بولنے لگے
اے کاش یہ بھی ہو کبھی دوران گفتگو — میں چپ رہوں تو اس کا بدن بولنے لگے

---

ایک یہ پیکر ہے تیرا ایک وہ پیکر بھی تھا — مجھ سے پہلے سنگ بھی تھا اور کف آذر بھی تھا

---

# محمد احمد خاں۔ سرور رومانی

محمد احمد خاں سرور رومانی خلف جناب محمد خاں صاحب یوسف زئی ساکن محلہ مہمند جنگہ ۳۱ جولائی سنہ ۱۹۳۶ء کو پیدا ہوئے علی گڑھ سے ادیب کامل اور اردو میں ایم۔ اے ہیں۔ آغاز شاعری سنہ ۱۹۴۸ء بقول سرور رومانی صاحب فن شاعری میں اب تک کسی سے مشورہ نہیں لیا۔ خود ہی اپنے معائب و محاسن سمجھتے ہیں۔ زندگی میں بہت سے المیے آئے اور نشان چھوڑ گئے۔ کلام میں حزن و ملال کا رنگ جھلکتا ہے۔ پیشہ درس و تدریس ہے۔ نارمل اسکول دو رول میں ٹیچر ہیں۔

Marfat.com

کلام بقدر دیوان موجود ہے۔ نمونۂ کلام

یہ آنکھیں بھیگ جائیں اس کے امکانات تو کم ہیں
یہ آنکھیں اتنی جذباتی کہاں ہیں جس قدر ہم ہیں

---

ایک مغموم سے تقدس کے واقعی ترجمان ہوتے ہیں
ایسے رُخسار جس پہ اشکوں کے خوبصورت نشاں ہوتے ہیں

---

زندہ رکھے ہوئے تھا مجھے درد کا خلوص    زخموں کا اندمال مری جان لے گیا

---

اس تبسم میں بلا کی تمکنت پائی گئی    آنسوؤں کو پی کے جب بھی مسکرایا ہے کوئی

---

میں نے اس سے مانگے تھے پُروقار غم لیکن    اس نے میرے دامن میں کچھ اداسیاں رکھ دیں

---

درک گیا ہے مرے دل کا آئینہ یوں تو    مگر جو بال پڑا ہے ذرا مہین سا ہے

---

# اختیار حسن خاں۔ اختر

اختیار حسن خاں اختر ابن اعجاز حسن خاں ننگارو ہیلہ پٹھان ساکن محلہ سنزئی رٹائرڈ چارج مین آرمی کلوذنگ فیکٹری شاہجہانپور نے ۱۹۴۱ء میں مڈل کیا۔ ابتدائی اردو فارسی مولوی قاری محی الدین صاحب سے پڑھی۔ ۱۹۴۵ء سے شاعری کا شوق ہے۔ پہلے اپنے ماموں محمود حسن خاں بسمل سے اکتساب فن کیا بعد ان کی رحلت کے جناب اسرار حسن اسیر کے حلقہ تلامذہ میں داخل ہوئے طنز و مزاح کے علاوہ غزل بھی کہتے ہیں۔ طبیعت موزوں پائی ہے۔ نمونۂ کلام

منزلِ عشق سے فاتحانہ گزر    زہر پی ہم نشیں رقص کردار پہ
تیری عظمت سے انکار کیوں کر کریں    یہ ضیا بار تارے یہ شمس و قمر

Marfat.com

بھید کھل جائے گا مشکلوں کا ابھی زور بازو مگر صرف پیکار کر

---

درد عالم کو شریک جسم و جاں کرتے رہے دوسروں کے غم کو اپنا غم بیاں کرتے رہے
ہم خود اپنی کم نگاہی کا کسے الزام دیں ظلمتوں پر جب اجالوں کا گماں کرتے رہے
انجمن میں بیٹھ کر اختر امیر شہر کی اپنی خودداری کو ہم خود رائیگاں کرتے رہے

---

اغیار کی عادت ہے شعلوں کو ہوا دینا شورش کدہ دل میں اِک آگ لگا دینا
میں راہ تمنا میں جس وقت بھٹک جاؤں تم نقش کفِ پا سے منزل کا پتا دینا

---

# طاہر تلہری

جناب طاہر تلہری قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور کے ایک دیندار گھرانے میں یکم رمضان المبارک ۱۹۲۷ء کو پیدا ہوئے۔ چھ سال کی عمر میں پڑھنے بٹھائے گئے۔ تین سال میں ناظرہ قرآن ختم کیا اور اردو و فارسی کی چند کتابیں پڑھ کر مقامی اسکول میں داخلہ لیا جہاں ہائی اسکول تک تعلیم حاصل کی۔ خانگی حالات کی نزاکتوں نے مزید تعلیم کا موقع نہیں دیا۔ کاروبار میں مصروف ہو گئے۔ قصبے کے سرکردہ بزرگ عالم و شاعر مولانا لیاقت حسین صاحب کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا لیکن واقعہ یہ ہے کہ اپنے وجدان سلیم پر بھروسہ کر کے خود ہی فن شاعری کی منزلیں طے کرتے رہے۔ غزل کی طرف میلان طبع زیادہ رہا۔ آپ کا انتخاب کلام 'پہلا پتھر' کے نام سے ۱۹۷۴ء میں طبع ہو کر منظر عام پر آچکا ہے جو عوام و خواص میں مقبول ہوا۔ آپ کا کلام ملک کے مقتدر رسائل میں برابر چھپتا رہا ہے۔ مقامی اور غیر مقامی مشاعروں میں بھی شریک ہوتے رہے ہیں۔ قصبہ تلہر اور قصبہ میران پور کٹرہ میں آپ کے تلامذہ ہیں۔ حضرت طاہر تلہری نے اپنی ڈگر آپ بنائی ہے اور روایتی شاعری سے ہٹ کر شعر کہتے ہیں۔ نہایت متواضع، دوست نواز، خوش اخلاق اور مخلص انسان ہیں۔ آپ کا دوسرا انتخاب کلام جلد ہی طبع ہو کر منظر عام پر آنے والا ہے بطور نمونہ کلام قارئین کے پیش نظر ہے۔

Marfat.com

نخل خوابوں کے امیدوں کے شجر بھی کاٹے
دست و پا ہی نہیں حالات نے پر بھی کاٹے

کس قدر مضحکہ انگیز ہے انساں کا تضاد
خواہش سایہ کرے اور شجر بھی کاٹے

مہر و مہ سے تو بڑھی اور بھی تاریکیٔ دل
وہ کرن دے جو اندھیروں کی سپر بھی کاٹے

کچھ وہی جانتا ہے اپنے دکھوں کا عالم
جس کو باہر بھی اداسی ملے گھر بھی کاٹے

ہائے اس دور کے انساں کا مقدر طاہر
ہوش منزل بھی نہیں اور سفر بھی کاٹے

---

مستقبل بشر سے بڑا بدحواس ہوں
لوگو میں اس صدی کا ستارا شناس ہوں

میں کیا میری بساط ہی کیا بے اساس ہوں
جس کی کوئی دلیل نہیں وہ قیاس ہوں

صحرا کی تشنگی تو کوئی مسئلہ نہیں
مجھ پر نگاہ کر میں سمندر کی پیاس ہوں

چہرے سے کھل گیا مرے کر یا طن کا سارا حال
محسوس ہو رہا ہے کہ میں بے لباس ہوں

طاہر میری کمی کا ہو احساس کیوں اسے
نغموں کی چاندنی ہوں نہ پھولوں کی باس ہوں

---

باڑھ آئی گاؤں کو دریا بہا کر لے گیا
ایک پیاسا دوسرے پیاسے کو آ کر لے گیا

روح میں صدیوں کا سناٹا بسا کر لے گیا
میں دیار و شہر سے صحرا اٹھا کر لے گیا

ذہن کی الماریوں میں دھول سی اڑنے لگی
کوئی الفاظ و معانی سب چرا کر لے گیا

رہ گیا قائم پھر اس کی پاکبازی کا بھرم
پھر وہ اک شیطان سے خود کو بچا کر لے گیا

کوڑیوں کے مول طاہر بک گئی جنس ہنر
مال مفلس ہر کوئی قیمت گھٹا کر لے گیا

---

## نسیم خاں نسیم

محمد نسیم خاں نسیم خلف محمد شیر خاں شفق ساکن محلہ جلال نگر کی شاعری کا آغاز ۱۹۵۰ء میں ہوا

Marfat.com

دوسال بعد اعتبار الملک حضرت دل شاہجہانپوری کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۵۹ء کو حضرت دل کے رحلت کر جانے کے بعد حضرت پیارے میاں رشید سے ان کی وفات تک اصلاح لیتے رہے۔ ۱۹۶۶ء میں ایک انتخاب کلام موج نسیم کے نام سے طبع ہو چکا ہے۔ ان کے تلامذہ کی کثیر تعداد ہے۔ ان میں اختر شاہجہانپوری محبوب جمال صفیر بھارتی جاوید نسیمی وغیرہ۔ بزم دل شاہجہانپور کے اعلیٰ عہدہ دار رہے ہے۔ عروض اور فنی نکات پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ ان کے کلام میں کلاسیکی رنگ نمایاں ہے۔ ملک کے کئی رسائل کی مجلس ادارت سے وابستہ رہے ہے۔

مدرسی کے بعد کالو ڈنگ فیکٹری میں ملازم ہوئے اور ترقی کر کے چارج مین کے عہدہ تک پہنچے۔ نمونۂ کلام

نہ دورِ گُل نہ موسم ہے خزاں کا — عجب عالم ہے میرے گلستاں کا
پتا دیتا ہے منزل کے نشاں کا — ہر اک ذرہ غبارِ کارواں کا
قفس میں بھی ہوں میں گلشن بدامن — خیال آتا ہے اکثر آشیاں کا
نہیں مجھ کو تلاش گام ورہبر — کہ میں خود راہبر ہوں کارواں کا
کوئی سمجھے تو ہے تفسیر محشر — ہر اک تیور نگاہ بے زباں کا
نہ پوچھو مجھ سے میعادِ اسیری — قفس پر بھی گماں ہے آشیاں کا

جُھکا دو اے نسیم اپنی جبیں کو
بھرم رکھ لو کسی کے آستاں کا

---

کسی لغزش کی سزا ہو جیسے — زندگی قہرِ خدا ہو جیسے
مطمئن یوں وہ ستم ڈھا کر ہیں — مجھ پہ احسان کیا ہو جیسے
لب نازک پہ تبسم کی نمود — شاخ پر پھول کھلا ہو جیسے
ہوں کچھ اس طرح میں سرگرم سفر — مجھ کو منزل کا پتا ہو جیسے
یاد ان کی دل ویراں میں ہے یوں — پھول صحرا میں کھلا ہو جیسے
ہم نہ چھوڑیں گے وفا کا دامن — آزما لو ہمیں چاہو جیسے
یوں خلش میں بھی سکوں ہے دل کو — درد خود اپنی دوا ہو جیسے

Marfat.com

غنچہ چٹکا تو یہ محسوس ہوا  تم نے پیغام دیا ہو جیسے
ان کے بدلے ہوئے تیور توبہ  سامنے میرے قضا ہو جیسے
اُن کا انداز تغافل بھی نسیم
اک توجّہ کی ادا ہو جیسے

---

آج اس چشم حسیں کے غیظ کی حد ہو گئی  میری ہر منّت، گزارش، التجا رد ہو گئی
سوچتا ہوں گردش دوراں سے کہدوں صاف صاف  ظلم کی حد ہو نہ ہو اب صبر کی حد ہو گئی
اس نے جو کچھ بھی کہا اس کا کہیں چرچا نہیں  بات جو میں نے کہی تھی وہ زباں زد ہو گئی
میں بھی جا سکتا نہیں اور وہ بھی آ سکتے نہیں  بیچ کی دیوار ہند و پاک سرحد ہو گئی
مل گیا گنجینۂ معنی لبوں کو اے نسیم
جب زباں میری کلید قفل ابجد ہو گئی

---

ترے کوچے میں سب پر پھول برسے  مگر ہم ایک پتھّر کو بھی ترسے
ہمیں نے بھیک بھی جلووں کی مانگی  ہمیں محروم بھی تاب نظر سے
پتہ دیتے ہیں قدموں کے نشانات  کوئی گزرا ہے پہلے بھی اِدھر سے
جسے کہیئے مرا عہدِ جوانی  گئی وہ دھوپ اب دیوار و در سے
چلا ہوں اس لئے طوفاں بہ طوفاں  بہت نزدیک ہے ساحل ادھر سے
خلوص دل اگر شامل نہ ہوتا  پلٹ آتی دُعا بابِ اثر سے
پریشاں ہے مری چشم تجسّس  مجھے آواز دی تم نے کِدھر سے
مری منزل شناسی اللہ اللہ
نسیم آگے ہوں اپنے راہبر سے

---

Marfat.com

# سید رونق رضا۔ رونق

سید مہدی حسن مرحوم ومغفور ساکن موضع ٹسوہ (ضلع بریلی) کے اکلوتے بیٹے سید رونق رضا رضوی۔ رونق بی۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی ایڈوکیٹ نے شاہجہانپور میں توطن اختیار کر لیا اور اسی شہر کے باشندہ ہوگئے ۲۱ر نومبر ۱۹۳۸ء کو ولادت ہوئی ۱۹۵۷ء سے شعر موزوں کرتے ہیں۔ حضرت رشید رام پوری سے مشورۂ سخن کیا۔ آپ کا انتخاب کلام 'آئینے اکیلے ہیں' طبع ہو چکا ہے۔ عزیزہ شان معراج ملک کی مشہور شاعرہ شریکِ حیات ہیں۔

نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

میں نے وہ لمحہ سجا رکھا ہے اپنے دل کے پاس
جس کا اب ثانی نہ ہوگا عمر لا حاصل کے بعد

آؤ مر کے آج زعم موجِ دریا دیکھ لیں
سنگ بن کر کون بیٹھے فرصت ساحل کے پاس

فاصلے اور وقت نے خوابوں کے موتی چن لئے
میں کہ شرمندہ بہت ہوں آکے بھی منزل کے پاس

آگیا ہے خود سے تنہا گفتگو کرنے کا فن
میں نے جھیلی ہیں بہت تنہائیاں محفل کے پاس

خامشی میں رنگ بھر کر میں نے ہر احساس کا
اپنی تنہائی سجا دی ہے تری محفل کے پاس

---

وسعتوں کی دھن میں ہم سونے کے گھر سے بھی گئے
قید سے چھوٹے تو جانا بال و پر سے بھی گئے

بارہا اندر سے اٹھی آندھیوں کے شور میں
ہم سر راہ سفر سمت سفر سے بھی گئے

دو پرندے اس طرح بچھڑے اندھیری رات میں
لطف ہم دوشی گیا شاخ شجر سے بھی گئے

لمس بن کر کل ترے دست حنائی کا خیال
اس طرح جاگا کہ ہم خواب سحر سے بھی گئے

دل بھر آیا ریت سی آنکھوں میں کھٹکی رات بھر
بے زباں پہلے بھی تھے اب چشم تر سے بھی گئے

---

# عبدالواجد۔ انور جمال

عبدالواجد انور جمال ابن جناب عبدالماجد محمد میاں شفق بدایونی ثم شاہجہانپوری اپنے آبائی وطن بدایوں شریف کے محلہ سید واڑہ میں جولائی ۱۹۳۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ سیدنا حضرت

Marfat.com

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اٹھائیسویں پشت میں ہیں۔ ابتدائی تعلیم کے بعد مدرسہ فیض عام شاہجہانپور سے فارسی میں منشی اور عربی میں مولوی کی تکمیل کے بعد گاندھی فیض عام کالج سے انٹر کر کے علی گڑھ چلے گئے جہاں سے براہِ راست چند دوستوں کے ساتھ پاکستان کی راہ لی۔ کراچی میں رہ کر تکمیل تعلیم کی ایم۔ایس سی کے بعد ملازمت کر لی۔ اس وقت وہاں اکاؤنٹ آفیسر کے عہدے پر فائز ہیں۔ شاعری وراثت میں ملی ہے۔ شاہجہانپور میں حضرت عابد مینائی کے ممتاز شاگرد رہے۔ خود حضرت عابد نے حضرت انور جمال کی صلاحیتوں اور جوہروں کا اس طرح اعتراف کیا ہے۔

جانتا ہوں جمال خوشگو کو　　اللہ اللہ یہ طرز و فکر بلند
ہیں امیر سخن جناب شفق　　ماہرِ فنِ شعر ہے فرزند

حضرت انور جمال کا انتخاب کلام 'تابش جمال' عنقریب زیور طباعت سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آنے والا ہے۔

نمونۂ کلام　　افکار

تیرا ارشاد ہے اے دوست کہ میں شعر کہوں　　چاہتا میں بھی ہوں کچھ دل کے پھپھولے پھوڑوں
پھر یہ احساس ستاتا ہے مجھے رہ رہ کر　　دل کے ٹوٹے ہوئے شیشے کو کہاں تک جوڑوں

---

ستم و جور و تشدد بھی نئی بات نہیں　　عہدِ آدم کے ہر اک دور میں تھے دار و رسن
کفر و ایماں کے تصادم کی روایات بہت　　لوگ دہراتے بھی رہتے ہیں احادیث کہن

---

ظلم انسان کے انسان پہ ہوتے ہی رہے　　تیرگی تو کبھی تنویر بنی ہے نہ بنے
کتنے شداد یہاں ہار کے، جی چھوڑ گئے　　فکر و احساس کی زنجیر بنی ہے نہ بنے

---

مادّی دوڑ میں ہے روح سے عاری دنیا　　دل ہے سینے میں مگر دل میں کوئی نور نہیں
پھر بھی مایوس نہ ہو راہِ محبت میں جمال　　سعئ کامل ہو تو مقصود نظر دور نہیں

---

Marfat.com

جب ہوش و خرد ناکام ہوئے تب جذب جنوں سے کام پڑا
میں جوش تمنا کے صدقے دیوانہ میرا نام پڑا
زنجیر تھے ریشم سے گیسو مخمور نگاہیں جادو تھیں
اڑنے کو سمیٹے تھے بازو، صیاد کا مجھ پر دام پڑا
جو وقت پڑا تھا بیت گیا اب یاد کرنے سے کیا حاصل
کس شخص نے کب تک ساتھ دیا کس شخص سے کتنا کام پڑا
کیا شکل بنائے پھرتا تھا کیا حالت تھی معلوم نہیں
جس سمت سے گزرا دیوانہ اک حشر اٹھا کہرام پڑا
مسلسل دردِ حرماں سے کسی قابل نہیں رہتا
سدا کو داغ بن جاتا ہے دل پھر دل نہیں رہتا
جہاں کشتی لگاتے ہیں وہیں طوفان آتا ہے
اگر ساحل بھی ہوتا ہے تو وہ ساحل نہیں رہتا
شبِ فرقت کسی کی یاد آتی ہے تو کیا کہیئے
دل حساس مدت تک کسی قابل نہیں رہتا

---

آرام کا باعث ہے کبھی غم کا سبب ہے
معصوم اداؤں کا تصور بھی عجب ہے
کیوں پوری نہیں ہوتی ہیں مانگے سے دعائیں
کیا تیری خدائی میں کوئی اور بھی رب ہے

---

# ارشاد احمد خاں۔ ساغر وارثی

ارشاد احمد خاں ساغر وارثی کے والد ماجد کا نام ضمیر احمد خاں ہے۔ محلہ ایمن زئی کے رہنے والے تھے۔ ولادت ۱۹۲۹ء میں ہوئی ۱۹۵۶ء سے شاعری کا آغاز ہوا ۱۹۵۸ء میں جانشین حضرت دل جناب عابد حسین عابد مینائی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ سٹی بورڈ کے محکمہ واٹر ورکس میں ملازم ہیں۔

Marfat.com

بات ذرا سی الجھاتے ہو نئی نئی تاویلوں میں
اتنی فرصت ہی کس کو ہے جائے اب تفصیلوں میں
ان آنکھوں میں رنگ حیا کے یوں لگتا ہے جیسے
پچھلے پہر سورج کی کرنیں تیر رہی ہوں جھیلوں میں
سانسوں کی مہکار ہے کیسی اس اجڑی پگڈنڈی پر
شاید میری آہٹ پاکر چھپ گیا کوئی ٹیلوں میں

---

دن کے ہنگاموں سے چھٹ کر کوئی تنہا ہو گیا
رات بھیگی خواہشوں کا رنگ گہرا ہو گیا
آہٹوں کی نرم لہریں ذہن کو چھونے لگیں
دل میں پھر کوئی کرن پھوٹی اجالا ہو گیا
جانے کیا دیکھا تصور میں وہ چہرہ کھل اٹھا
اس کے ہونٹوں کا تبسم بھی سنہرا ہو گیا

---

کھلے کچھ اور بھی پہلو حیات مبہم کے
گھٹائیں غم کی جو دل پر برس گئیں جم کے
ہے داغ داغ چمن میں گلوں کا پیراہن
سلگ رہے ہیں مری طرح زخم موسم کے
یہ التفات کی خوشبو بکھر نہ جائے کہیں
سمجھ رہا ہوں تقاضے سکوت پیہم کے

---

بے برگ ہو گیا ہے جو فصل بہار میں
پوچھو صبا سے ایسے شجر کی اداسیاں
شب بھر جو تیرگی سے نبرد آزما رہی
وہ شمع جانتی ہے سحر کی اداسیاں
ساغرؔ متاع لفظ و بیاں کس کو سونپیے
رہزن ہوئی ہیں ذہن و نظر کی اداسیاں

---

# محبوب حسن۔ جمالؔ

محبوب حسن نام مگر محبوب جمال سے معروف ہیں۔ والد ماجد کا نام الحاج احمد حسن صاحب محلہ خلیل شرقی کے ساکن ہیں ۱۵ر جولائی ۱۹۲۹ء کو ولادت ہوئی۔ حضرت اثر بدایونی اور ساغر وارثی سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ آرڈننس کلوڈنگ فیکٹری میں ایک ذمہ دار عہدے پر فائز ہیں۔

Marfat.com

نمونۂ کلام

سلسلہ غم کا ہے یہ زیست بسر ہونے تک
شام سے جلتے رہو یونہی سحر ہونے تک
کہکشاں سے کبھی تاروں سے تری مانگ بھری
خواب کیا کیا نہ بنے ہم نے سحر ہونے تک
خوشی کا ذکر نہیں ہے غموں کی بات نہیں
بقدر ظرف کسی شئے کا التفات نہیں
نجانے کون سا عالم دلوں پہ گزرا ہے
کہ اب وہ پہلی سی رسم تعلقات نہیں
حدیث اہل وفا سُن کے کیوں پریشاں ہو
تمھارا ذکر نہیں ہے تمھاری بات نہیں
خیال و فکر میں فردا کی روشنی ہے جمال
دل و نگاہ میں ماضی کے واقعات نہیں
یہ نمود صبح دلکش یہ حسیں حسیں دھندلکے
کوئی نیند سے اٹھا ہو ابھی جیسے آنکھ مل کے
وہی اشک، اشک غم ہیں وہی آبروئے دل ہیں
ابھی بجھ کے رہ گئے ہیں جو مری مژہ پہ چل کے
مرے رازداں ہیں اب بھی مرے ہم سفر ہیں اب بھی
وہی سُرمئی اندھیرے وہی عنبریں دھندلکے
کسے بتائیں تمنائے رنگ و بو کیا ہے
اک اضطراب کا ساماں ہے آرزو کیا ہے
کہیں بھی چین سے جو بیٹھنے نہیں دیتا
رگوں میں آتش سیال ہے لہو کیا ہے
جو اس کو پانا ہی مقصود زندگی ہے جمال
تو پھر یہ فیصلۂ ترک آرزو کیا ہے

---

# یوسف علی خاں گوہر

والد کا نام مظہر علی خاں ہے۔ محلہ ایمن زی جلال نگر میں ۱۲ اپریل ۱۹۳۹ء کو پیدا ہوئے واجبی تعلیم پائی بی۔ آئی۔ ایم کی سند لے کر میڈیکل پریکٹس شروع کی اور آرڈ نینس کلودنگ فیکٹری شاہجہانپور سے بھی وابستہ رہے ہیں۔ آپ کے بڑے بھائی اظہر علی خاں جوہر اعتبار الملک حضرت دل شاہجہانپوری کے تلامذہ میں شامل تھے۔ یوسف گوہر صاحب کو بھی شوق شاعری پیدا ہو گیا اور ۱۹۵۲ء سے باقاعدہ شعر کہتے ہیں۔ افسانہ نگاری سے فطری لگاؤ ہے۔ اب تک بہت سے افسانے ملک کے رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔ بزم افسانہ شاہجہانپور کے ۱۹۵۶ء سے جنرل سکریٹری ہیں۔ افسانہ خوانی کے پابندی سے جلسے منعقد کرتے ہیں۔ آپ

Marfat.com

خوش مزاج مخلص اور خوش خیال فنکار ہیں۔ کلام نمونتاً ذیل میں درج ہے۔

متفرق اشعار

جب نیا موسم نیا انداز لے کر آئے گا
نشتر ان کی یاد کے، دل میں چبھو کر جائے گا

---

زندگی میں پھر کوئی آئے گا شاید انقلاب
اب تصور میں وہ صبح و شام پھر آنے لگے

---

ہر ایک چہرہ مجھے اجنبی سا لگتا ہے
نجانے بات ہے کیا آج کے اُجالوں میں

---

وہ باوجود ترک تعلق کے آج بھی
مشفق لگے رفیق لگے آشنا لگے

---

رسوا ہوں ان کے عشق میں ہر شہر ہر گلی
یوں بھی نہ دوستوں کو کسی کی دُعا لگے

---

زندگی غم کا سمندر ہے یہ مانا ہم نے،
اس سمندر سے تو باہر بھی نہ جایا جائے
میں بھی آئینہ ہوں ہے جھوٹ سے نفرت مجھ کو
میری جانب بھی کوئی سنگ اٹھایا جائے
اب تو شہروں میں نہیں کچھ بھی بجز شور و شر
شہر سے دور کوئی گاؤں بسایا جائے

---

# محبوب حسن۔ انجم

محبوب حسن انجم خلف جناب محمود حسن ساکن محلہ لودھی پور ۳۰ ر دسمبر ۱۹۳۹ء کو پیدا ہوئے۔ انٹر میڈیٹ پاس کر کے آرڈننس کلودنگ فیکٹری شاہجہانپور میں ملازم ہو گئے۔ اندنوں چارج مین کے عہدہ پر فائز ہیں۔ شعر و شاعری کا شوق ہے۔ محمد نسیم خاں نسیم شاہجہانپوری کے شاگرد ہیں۔ نہایت دیندار آدمی ہیں۔ نعت گوئی کی طرف زیادہ رجحان ہے۔ نمونۂ کلام۔

بندۂ حق نہ جہاں میں کبھی تنہا ہوگا
جو خدا کا نہیں کوئی بھی نہ اس کا ہوگا
ذوق نظارہ سلامت ہے تو انشاءاللہ
اپنے رُخ سے انھیں پردے کو ہٹانا ہوگا

Marfat.com

وقت کا اب یہ تقاضا ہے کہ اے اہلِ جنوں　　دل کا ہر راز زمانے سے چھپانا ہوگا

حشر میں دیکھ کے شرمندۂ عصیاں انجم
مجھ پہ بے حد کرم و لطف خدا کا ہوگا

## نعت پاک

شمع باطل کو بجھانے کے لئے آپ آئے　　نورِ حق بن کے زمانے کے لئے آپ آئے
منزلِ دہر میں بھٹکے ہوئے انسانوں کو　　جادۂ حق پہ لگانے کے لئے آپ آئے
بندگی کا ہو کہ جینے کا قرینہ کچھ ہو　　سارے آداب سکھانے کے لئے آپ آئے

کفر و ایماں میں ہے کیا فرق خصوصی انجم
سارے عالم کو بتانے کے لئے آپ آئے

---

# جناب رام کشن زیبا

آپ کے والد کا نام جناب بردواری لال شرما تھا۔ اور محلہ آفریدی شاہجہانپور کے ساکن تھے ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوئے جونیئر ہائی اسکول تک تعلیم پائی۔ مولانا صدیق حسن اسعد شاہجہانپوری مقیم پاکستان سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ آپ کا کلام بطور نمونہ قارئین کے لئے درج ذیل ہے

## غزل

ان کا ملنا ہے گو دوستی کے لئے　　آسرا ملے گا زندگی کے لئے
آج کے دور میں اعتبار وفا　　خوبصورت فریب آدمی کے لئے
نور جب آپ کا حق نے پیدا کیا　　ہر جبیں جھک گئی بندگی کے لئے
منت جام صہبا گوارا نہیں　　میرے ساقی مجھے تشنگی کے لئے
دامن زہد کل تک تو بے داغ تھا　　آج تیار ہیں میکشی کے لئے
شاید اب آگیا ہے پیام اجل　　کاش آجائے وہ دو گھڑی کے لئے
تشنہ لب کی طلب کا یہ اعجاز ہے　　میکدہ کھل گیا میکشی کے لئے
عشق میں غم کے آثار زیبا نہیں　　ضبط بھی چاہیئے عاشقی کے لئے

Marfat.com

اس زمانے میں کسی کا بھی کوئی یار نہیں
وہ وفادار نہیں کوئی وفادار نہیں

وہی سوزش ہے وہی درد وہی بے تابی
دل ابھی تیرے خیالوں سے سبکسار نہیں

جس کی تقدیر میں ہوتا ہے اُسے ملتا ہے
کون کہتا ہے زمانے میں وفادار نہیں

سب قفس ہی میں بہاروں کا زمانہ گزرا
میری تقدیر میں کیا عشرت گلزار نہیں

مُفت زیبا ہوئے آزاد قفس اچھا تھا
اب یہ ماتم ہے کہ پہلا سا وہ گلزار نہیں

---

# سیّد صابر علی۔ قیصر شکیلی

سیّد صابر علی قیصر شکیلی خلف اکبر سیّد محمد ولی میاں ساکن محلہ تارین جلال نگر ۴ جنوری ۱۹۴۰ء کو پیدا ہوئے۔ علی گڑھ جامعہ اردو سے ادیب ماہر اور ادیب کامل کے امتحانات پاس کیئے۔ انگریزی تعلیم انٹر تک حاصل کی۔ بچپن سے شوق شاعری رہا۔ اعتبار الملک حضرت دل۔ رئیس الشعراء حضرت اصغر۔ حضرت پیارے میاں رشید شاہجہانپوری سے یکے بعد دیگرے مشورۂ سخن کیا۔ حضرت شکیل بدایونی اور حضرت نسیم شاہجہانپوری سے بھی شرف تلمذ حاصل ہوا۔ اور کچھ غزلوں پر مشورہ بھی لیا۔ سلسلۂ قادریہ سہروردیہ میں اپنے عم حقیقی حکیم سیّد صادق علی قادری رزاقی سے بیعت ہیں۔ آدمی کلودنگ فیکٹری میں ملازم ہیں۔ اصناف سخن میں غزل نظم۔ قطعہ رباعی۔ نعت اور سلام وغیرہ پر یکساں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ صاحب تلامذہ ہیں۔
نمونۂ کلام

## غزل

کیوں منہ دیکھی بات کرو ہو تم کو رہا کب میرا درد
بانٹنا چاہو تم، تو اب بھی، دل میں ہے بہتیرا درد

دل میں گو اک مدت سے اب کم کرتا ہے پھیرا درد
اب بھی مگر جب جب اٹھتا ہے کر دیتا ہے سویرا درد

وقت نے کس کا دکھ جانا ہے قاتل سوگ نہیں کرتا
وقت ہے وہ جلّاد کہ جس کو میرا درد نہ تیرا درد

چاندنی راتوں کے متانے دھوپ کا کیا احساس کریں
زیست کے معنی جب جانیں گے جب ڈالے گا گھیرا درد

نیند اڑائے، خون رلائے، چھینے سکھ دکھ دے قیصر
تم تو بس دل ہی لوٹو ہو، تم سے بڑھ کے لٹیرا درد

Marfat.com

لبوں پر ہے صدائے آفریں کیوں
مرے دشمن ہوئے ہیں نکتہ چیں کیوں

نہیں ممکن کوئی تعبیر جن کی
نظر آتے ہیں وہ خواب حسیں کیوں

بدلتی رت برستی بارشوں میں
سلگتی ہے یہ جسموں کی زمیں کیوں

فسانہ اپنا قیصر نے کہا ہے
ہوائیں تیز چل کر رک گئیں کیوں

## رباعیات

دینا ہے خود اک درس زمانے کے لئے
ترتیب حیات ہے فسانے کے لئے

کہتا ہوا جاتا ہے یہ جانے والا
آیا ہے یہاں کون نہ جانے کے لئے

---

قسمت کے ستاروں کی یہ تفصیلیں ہیں
ہستی کے شب و روز کی تمثیلیں ہیں

او مست شباب تیری آنکھوں کی قسم
ڈوبا ہوں میں جن میں بھی وہ جھیلیں ہیں

---

# محبوب حسن محبوب

حضرت محبوب حسن محبوبؔ ابن شیخ رفیع اللہ صاحب ساکن محلہ خلیل شرقی ۱۰ر جولائی ۱۹۳۶ء کو پیدا ہوئے۔ تعلیمی اعتبار سے بلا اسناد ہیں مگر مطالعہ وسیع ہے۔ حضرت قیصر شکیلی سے مشورہ سخن کرتے ہیں۔ پیشہ خیاطی ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

دیئے ہیں زخم جو اس نے شمار کون کرے
مروتوں کی ردا تار تار کون کرے

امیر شہر کے گلشن کے خار بھی ہیں گلاب
مگر غریب کے بچے کو پیار کون کرے

ہر ایک شخص کے اپنے الگ مسائل ہیں
کسی کے درد کا خود کو شکار کون کرے

ترے لئے جو پیا میں نے زہر رسوائی
تو ہی بتا کہ اب اس کا اتار کون کرے

---

مصلحت ہے یہی اب اس کی تمنا نہ کرو
تم جسے پا نہیں سکتے اسے چاہا نہ کرو

آج کے دور میں ممکن نہیں پہلے کی طرح
پھر کسی موڑ پہ مل جائیں گے سوچا نہ کرو

روشنی جس پہ پڑے گی وہ بکھر جائے گا
اب تقاضا ہے کہ آئینہ دکھایا نہ کرو

Marfat.com

جب وہ نازک لبوں کو کھولے گا | ہوش کب ہوگا کون بولے گا
ظلم پر اور کیا کرے گا غریب | منہ چھپا کر کے خوب رولے گا
گھر سے باہر قدم نکالو تو | جس کو چلنا ہے ساتھ ہولے گا

---

# رباب رشیدی

سلمان احمد رباب رشیدی کی ولادت ۱۰ر جنوری ۱۹۴۰ء کو قصبہ پوایاں ضلع شاہجہانپور کے باعزت اور ممتاز خاندان میں ہوئی۔ ان کے والد ماجد جناب حکیم غلام جیلانی اسیر صرف اپنے وقت کے طبیب حاذق نہیں صاحب علم بھی تھے۔ وضعدار و بامروت۔ متواضع اس قدر کہ دور ونزدیک مشہور تھے۔ ۱۹۵۰ء کے فرقہ وارانہ فسادات کے سبب جو شاہجہانپور کے قصبات ومواضعات میں اٹھ کھڑے ہوئے تھے ترک سکونت کر کے حکیم صاحب نے بمعہ خاندان شہر میں سکونت اختیار کر لی رباب رشیدی کا بچپن قصبے اور لڑکپن شہر میں گزرا۔ ۱۹۵۱ء میں سایۂ پدری سے محروم ہو گئے والدہ ماجدہ ۱۹۴۹ء ہی میں عالم جاوداں کو روانہ ہو چکی تھیں۔ قبلہ دادا محترم اور عم حقیقی کی نگرانی میں مروجہ تعلیم حاصل کی۔ انٹرنس کا امتحان پاس کر کے تعلیم سے فراغت حاصل کر لی اور کاروباری زندگی میں داخل ہو گئے مگر شرافت نفسی اور احباب پرستی نے کاروبار سے بھی فارغ کر دیا۔ شاعری ورثہ میں پائی تھی طبیعت بھی موزوں تھی شعروشاعری کا شوق پیدا ہو گیا۔ حضرت محمد رشید خاں رشید رامپوری کے دامن فیض سے وابستہ ہو گئے لیکن چند سال بعد ہی حضرت رشید کی وفات پر سلسلۂ مشورۂ سخن منقطع ہو گیا۔ چوں کہ ذہن رسا اور طبیعت میں مادہ شاعری ہے اپنے وجدان سلیم پر اعتماد کر کے شعر کہتے رہے مشق سخن اور گہرے مطالعے نے شاعری کے رموز و نکات سے واقف کرا دیا۔ شاہجہانپور کے ممتاز شاعروں کی صف اوّل میں شمار ہوتے ہیں۔ شہر کے بیشتر معروف شاعر اور چند شاعرات کو آپ سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ ان دنوں زیادہ تر لکھنؤ میں قیام رہتا ہے۔ مجموعہ "ابر سفید" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

جب ہو گئے خود اپنی نظر کا شکار لوگ | آئینے توڑنے لگے بے اختیار لوگ

Marfat.com

بھیگی رتوں کا قحط پڑا جب سے شہر میں
صحرا مزاج ہو گئے باغ و بہار لوگ

اک خواب ہو کے رہ گئیں ساری روایتیں
گمنامیوں کی نذر ہوئے وضعدار لوگ

ذوقِ سفر کی داد تو دیتا نہیں کوئی
ناکامیوں پہ دیتے ہیں طعنے ہزار لوگ

سمتوں کا یہ طلسم ذرا ٹوٹنے تو دو
اپنی طرف ہی پلٹیں گے دیوانہ وار لوگ

## رباعیات

اک دل ہی فقط شب کو کہاں جاگے ہے
سویا ہوا ہر درد نہاں جاگے ہے
کچھ سلسلے یوں دائرے بن جاتے ہیں
لگتا ہے مرے ساتھ جہاں جاگے ہے

---

مایوس نہ ہو صاحبِ اعزاز ہوں میں
ارباب ہمم کے لئے اعجاز ہوں میں
سمجھا ہیں اسے وہم تو پھر اس نے کہا
یہ وہم نہیں وقت کی آواز ہوں میں

---

وسعت صحرا کہاں دیوار و در میں کھو گئے
ہم تو اپنے شہر میں اپنے ہی گھر میں کھو گئے
کیسی کیسی صورتیں تھیں عکس بن کر رہ گئیں
کیسے کیسے لوگ تھے لیکن سفر میں کھو گئے
یہ بھی منظر ہیں کہ جن پر حیرتیں ہی حیرتیں
وہ بھی منظر تھے جو میری چشمِ تر میں کھو گئے
مدتوں کے بعد جب گزرے دیارِ شوق سے
دل کے سناٹے سکوتِ بام و در میں کھو گئے
دیکھتے ہی دیکھتے ہر نقش دھندلا ہو گیا
سوچتے ہی سوچتے گردِ سفر میں کھو گئے

---

## مولانا بدرالدین عاقل

آپ محمد قاسم علی صاحب کے بیٹے اور محلہ سنزئی شاہجہانپور کے ساکن ہیں۔ یکم مئی ۱۹۴۰ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم شہر کے عربیہ مدارس عین العلوم اور مدرسہ سعیدیہ میں حاصل کر کے دارالعلوم دیوبند سے "فاضل دیوبند" کی سند حاصل کی۔ الہ آباد بورڈ سے منشی۔ کامل، عالم اور فاضل کے امتحانات سے فراغت حاصل کی۔ سلطان پور میں جامعہ اسلامیہ کے پانچ سال تک صدر مدرس رہے ۔۔۔ء میں والدہ محترم کے انتقال کے سبب سے جامعہ اسلامیہ

Marfat.com

سلطان پور کو خیر باد کہہ کر وطن واپس آگئے اور ۱۔ جولائی ۸۰ء سے مدرسہ عینُ العلم شاہجہانپور میں صدر مدرسی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

شاعری کا سلسلہ ۱۹۵۸ء سے جاری ہے۔ ابتدا میں مولانا انوار احمد انوؔار سے مشورہ سخن کیا اور ان کے ہی مشورہ سے حضرت اسعد شاہجہانپوری مقیم کراچی پاکستان سے ان کی حیات تک بذریعہ مراسلت استفادہ کرتے رہے۔ حضرت عاقل کا ہم عصر شعراء میں اہم مقام ہے آپ ایک خوش اخلاق اور سنجیدہ انسان ہیں۔ آپ کے مزاج کا اثر آپ کی شاعری میں نمایاں نظر آتا ہے۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

## غزل

خود اتر جائے گا یہ رنگِ حنا میرے بعد
چاک ہو جائے گی پھولوں کی قبا میرے بعد

آسماں سے وہ امیدوں کا لہو برسے گا
خونچکاں ہوگی بہاروں کی فضا میرے بعد

میں نے تاریک فضاؤں کو ضیا بخشی ہے
اب نہ بھٹکے گا کوئی راہ نما میرے بعد

مجھ سے زندہ ہے ابھی معرکۂ دار و رسن
دیکھیے کون اٹھے مرے خدا میرے بعد

کتنے سینوں نے جلائے تیری یادوں کے چراغ
کتنے ہونٹوں پہ میرا نام رہا میرے بعد

کون سلجھائے گا گیسوئے دو عالم عاقلؔ
کون بخشے گا محبت کو جلا میرے بعد

---

لغزشِ پیہم نے تیری چاک داماں کر دیا
اے تغافل کیش تجھ کو ننگ دوراں کر دیا

آہ، خود بینی نے تجھ کو نذرِ طوفاں کر دیا
پارہ پارہ تیرا ہر تارِ گریباں کر دیا

ہوش میں آ، تا بکے غرق مئے کبر و غرور
عظمتِ اسلاف کو تونے پشیماں کر دیا

ہاں، اسی عالم میں تونے اب سے پہلے بارہا
ذرّہ ناچیز کو مہرِ درخشاں کر دیا

اے نگاہ کیف زا تیرے کرم کا شکریہ
میرے ہر زخمِ جگر کو تونے خنداں کر دیا

عظمتِ رفتہ کا وہ اعجاز عاقلؔ یاد کر
جس نے ہر غنچے کو گُل ہر گُل کو خنداں کر دیا

---

Marfat.com

# اسرار حسین خاں۔ تبسّم

اسرار حسین خاں صاحب تبسّم خلف جناب ابوالحسن خاں مرحوم ۲۵ ر جولائی ۱۹۴۰ء کو محلہ مہند جلال نگر میں پیدا ہوئے میٹرک تک تعلیم حاصل کر کے آرمی کلودنگ فیکٹری میں ملازمت کرلی۔ بفراغت زندگی بسر کر رہے ہیں۔ حضرت عابد مینائی جانشین حضرت دل کے شاگردوں میں ہیں۔ کل ہند سطح کے مشاعروں میں آپ اپنے مخصوص ترنم کے سبب بھی اکثر مدعو کئے جاتے ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

کیا کیا عجیب رنگ بدلتی ہے زندگی
مٹی میں مل کے پھولتی پھلتی ہے زندگی

گو حادثات وقت نے پتھر بنادیا
آنکھوں میں میرے پھر بھی مچلتی ہے زندگی

لوگو قدم اٹھاؤ ذرا احتیاط سے
دریا کی طرح راہ بدلتی ہے زندگی

ہونٹوں پہ ہم نے جب سے تبسّم سجالیا
آئینہ دیکھ دیکھ کے جلتی ہے زندگی

---

ہر خلش میں اک سکون مستقل پاتے رہے
اپنا دامن آپ ہم کانٹوں سے الجھاتے رہے

بے نیاز پند واعظ تھے ہم اہل میکدہ
زہد و تقویٰ ساغر و مینا سے ٹکراتے رہے

رہگزار عشق کی اللہ رے دشواریاں
دل نے سمجھایا ہمیں ہم دل کو سمجھاتے رہے

شدت طوفاں کا ہوتا اے تبسّم کیا اثر
اپنی کشتی آپ ہم طوفاں سے ٹکراتے رہے

---

# سیّد نسیم طاہر زیدی۔ نگار و ترشول

سیّد نسیم طاہر زیدی نام۔ اردو میں نگار اور ہندی میں ترشول تخلص ہے۔ آبائی وطن پہانی (ہردوئی) اور تاریخ پیدائش ۱ ستمبر ۱۹۴۰ء ہے۔ تقریباً ۱۵۔۱۶ سال سے شاہجہانپور میں مستقل سکونت ہے۔ مکان خرید کر بس گئے ہیں۔ آپ کے والد ماجد کا نام سیّد طاہر حسین زیدی ہے۔ پہانی کے شرفاء اور صاحب حیثیت گھرانوں میں آپ کا گھرانہ ہے۔ انٹر سائنس کے بعد ڈاکٹری میں ایل۔ ایم ایس کی سند حاصل کر کے ڈاکٹری کو پیشہ بنالیا۔ شہر کے کامیاب ڈاکٹروں میں

Marfat.com

شمار ہے۔ نہایت ذہین۔ طباع اور باشعور جوان ہیں۔ تقریباً دس سال سے شعر و شاعری کا شوق ہے۔ اس درمیان میں کئی ناول۔ افسانے اور ڈرامے بھی لکھ چکے ہیں شاعری کا سرمایہ بھی بقدر ایک دیوان کے اکٹھا ہو چکا ہے۔ طنز و مزاح میں طبیعت بہت رسا ہے۔ سنجیدہ شاعری بھی کرتے ہیں۔ ہندی اُردو دونوں زبانوں میں لکھتے ہیں۔ مطبوعات میں " یہ خون رنگ لائے گا" اور" میرا پیارا ہندستان" دو طویل نظمیں ہیں اردو میں کبھی کبھی راقم الحروف اور ہندی میں دامودر سروپ جی ودرتوہی سے مشورہ سخن کیا ہے۔

نمونۂ کلام

## نیک فال

اک سہیلی نے کیا اپنی سہیلی سے سوال
اس قدر کیوں غمزدہ ہو کیوں ہوا اس درجہ نڈھال
ایک پل وہ چپ رہی پھر یوں سہیلی سے کہا
جب منگیتر ہو جواری کیوں نہ ہو رنج و ملال
دوسری نے یہ سنا تو ہنس کے بولی اے بہن
یہ تو اچھی بات ہے اس کو سمجھ لے نیک فال
جیت جانے پر کسی ہوٹل سے کھانا آئے گا
اور وہ ہارا تو ٹل جائے گا چولھے کا وبال

---

گاہک یوں ڈرتے ہیں بیگم گار سے
اک اچکّا جیسے تھانیدار سے

## بہروپیا

سیٹھ یہ بولا سٹھانی سے بھلی مانس ذرا
اک پھٹا کرتا پھٹی دھوتی کہیں سے مانگ لا
ڈھونڈھ اک چپل جو لگتی ہو کسی مزدور کی
ایک صدری بھی فراہم کر قریب الختم سی
ایک ہو جس میں کمانی ایسی عینک چاہیئے
دوسری میں قاعدے سے کوئی سُتلی باندھ دے
لے یہ ہیرے کی انگوٹھی اور یہ سونے کی گھڑی
رکھ تجوری میں انھیں اب سوچتی ہے کیا کھڑی
آج انکم ٹیکس کے دفتر میں جانا ہے مجھے
ٹیکس کے لائق نہیں ہوں یہ دکھانا ہے مجھے
اپنے حلیے کو بدل کر سیٹھ پیدل چل دیئے
پہنچے آخر تھرتھراتے لڑکھڑاتے ہانپتے
پہلے چونکا دیکھ کر افسر مگر پھر ہنس دیا
بولا تم کو سیٹھ بولوں یا کہوں بہروپیا
یا مذاقاً بن کے آئے ہو یہاں اک کارٹون
ہو کسی آفت کے مارے تو کروں تھانے کو فون
آپ کی وہ زرد امپالا کدھر ہے بولیئے
حسب نوٹس جو رقم واجب ہوئی دیدیجئے

---

Marfat.com

# اختر علی خاں - اختر

اختر علی خاں نام - اختر تخلص - عام طور پر آپ اختر شاہجہانپوری کے نام سے معروف ہیں۔ آپ کے والد ماجد کا نام یعقوب علی خاں ہے اور محلہ رنگین چوپال کے ساکن ہیں۔ ۱۶ اکتوبر ۱۹۴۰ء کو آپ کی ولادت ہوئی۔ انٹرمیڈیٹ تک تعلیم حاصل کر کے آرڈننس کلوڈنگ فیکٹری شاہجہانپور میں ملازم ہو گئے اور اب تک ملازمت سے وابستہ ہیں شعروسخن کا شوق ہوا تو خان اختر بدایونی اور نسیم شاہجہانپوری کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا اور مشق سخن سے خوب سے خوب تر کہنے کی کوشش جاری رکھی۔ آرڈنینس کلوذنگ فیکٹری میں سالانہ کل ہند سطح کا مشاعرہ کرانے میں آپ کی کاوشیں قابل داد ہیں۔ فیکٹری کی بزم ادب کے جنرل سکریٹری بھی ہیں۔ شہر میں بھی آپ کے دم سے ادبی نشستیں منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ کلام بطور نمونہ درج ذیل ہے۔

خون ناحق سے منقش بام و در ایسے نہ تھے — آج جیسے ہیں کبھی خوف و خطر ایسے نہ تھے
بس یہی منزل یہی جادہ یہی تھے مرحلے — فرق اتنا ہے کہ پہلے ہم سفر ایسے نہ تھے
ذہن و دل کو موسموں نے اس طرح بدلا کہ لوگ — انتظار شام میں وقت سحر ایسے نہ تھے
سایہ سایہ رونقیں تھیں سایہ سایہ جنتیں — اپنے سائے سے کبھی عاری شجر ایسے نہ تھے
خودسری خود آگہی خود اعتمادی آ گئی — آپ کی قربت سے پہلے ہم مگر ایسے نہ تھے

وقت رخصت ہم بھی اختر آنسوؤں کو پی گئے
ہر نظر ہم پر تھی ہم بھی بے ہنر ایسے نہ تھے

---

چھپا کر سادہ لفظوں میں غضب کی تلخیاں رکھ دیں — غزل میں ہم نے اپنے عہد کی محرومیاں رکھ دیں
تری آواز نے بڑھتے ہوئے میرے قدم روکے — مری منزل قریں آئی تو تو نے بیڑیاں رکھ دیں
غبار مصلحت سے اٹ چکے ہیں آج سب چہرے — مزاجوں سے کھرچ کر وقت نے ہمدردیاں رکھ دیں
مجھے اندھے یقیں کا آج خمیازہ بھگتنا ہے — شعور و فہم کی جس نے اڑا کر دھجیاں رکھ دیں
یہ کس نے آج چپکے سے باندازِ رفیقانہ — میری جلتی ہوئی آنکھوں پہ اپنی انگلیاں رکھ دیں

کہیں ایسا نہ ہو حرفِ تسلی بوجھ بن جائے
کسی کے سامنے اختر یہ کیوں مجبوریاں رکھ دیں

Marfat.com

اسی سبب تو ہر اک شخص دلفگار سا تھا
جو بھیک مانگ رہا تھا وہ شرمسار سا تھا

نہ جانے کون سا مقتل میں حادثہ گزرا
فضا اداس تھی قاتل بھی سوگوار سا

ہمیں سے جرأت تقلید دوستاں نہ ہوئی
ہر ایک چہرہ وہاں یوں تو اشتہار سا تھا

سکوت سطح سمندر تھا جانگداز بہت
کوئی تو پھینک دے پتھر یہ انتظار سا تھا

ترے خیال میں گم تھا کہیں مسائل میں
تو آ گیا تو لگا تیرا انتظار سا تھا

وہ ایک شخص کہ اختر کہیں جسے لوگو
خدا گواہ وہی شخص باوقار سا تھا

---

# حکمت شاد

حکمت شاد خلف جناب فضل علی کی ولادت ۱۹۴۰ء میں ہوئی۔ والد کی آمدنی اچھی تھی نازو نعمت میں پرورش پائی۔ تعلیم واجبی ہے۔ شعر وشاعری کا شوق اوائل عمر سے ہے۔ جدید رنگ اختیار کیا ہے۔ کسی سے مشورہ سخن نہیں لیتے ہیں۔ مشق سخن سے شعر کہنے کا سلیقہ آگیا ہے۔ آرمی کلودنگ فیکٹری میں ملازم ہیں اور تاجر بھی ہیں۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

سبز پتے گرے پیڑ زخمی ہوئے اور باد صبا دیکھتی رہ گئی
میں بھی تنہا رہا وہ بھی تنہا رہا بکھری بکھری مگر زندگی رہ گئی

رنگ و نکہت تمازت دھنک کہکشاں برف سے کھیلنا ان کی فطرت یہاں
پیار کی جھیل کی سطح پر سوچئے پھر یہ کیوں صرف یخ بستگی رہ گئی

تیری آنکھوں کا زہر اب بھی پی چکا درد ہی درد لہجے میں رچ بس گیا
حادثے بن گئے ہیں رفیق سفر کون سی چیز کی اب کمی رہ گئی

---

روٹھ کر مجھ سے اساس دیدہ تر چھین لو
میری آنکھوں سے سبھی پُر کیف نظر چھین لو

عالم اسباب کو بے چہرہ کرنے کے لئے
ہو سکے تو چھپ گئی شاہ خاور چھین لو

لکھتے لکھتے تھک گیا ہوگا حکایاتِ جنوں
شاد کے ہاتھوں سے لوگو بڑھ کے پتھر چھین لو

Marfat.com

ممکن نہیں رہا کہ مجھے تم بھلا سکو اب اپنے دل سے میر کے اشعار کی طرح
آئینۂ حیات بھی دھندلا کے رہ گیا لمحات غم میں چشم و رُخِ یار کی طرح
قید تعینات سے چھوٹے تو یہ لگا ہر شخص جی رہا ہے گنہ گار کی طرح

---

# خالد علوی

طرحدار و صاحب طرز شاعر جناب خالد علوی کی ولادت ۱۰ نومبر ۱۹۴۳ء کو محلہ محمد زئی کے ایک صاحب ثروت تاجر اور علم دوست خاندان میں ہوئی۔ والد ماجد کا اسم گرامی جناب محمد مصطفےٰ علوی ہے پیدائش سے سن شعور تک کا زمانہ بے فکری اور فارغ البالی میں گزرا لیکن تجارت کے نشیب و فراز نے پانسہ پلٹ دیا۔ بدقت دسواں درجہ پاس کر کے تلاش معاش میں ترک وطن کر کے پیلی بھیت پہنچے۔ سرزمین پیلی بھیت نے پناہ بھی دی اور بزم گاہ شاعری میں مقام بھی بخشا۔ 'ماہنامہ' کا دفتر جس میں آپ ملازم تھے شاعروں اور ادیبوں کا جلسہ گاہ بھی تھا۔ نوخیز شعرائے پیلی بھیت بھی آتے جاتے تھے اور کہنہ مشق سخنور بھی۔ خالد علوی بچپن ہی سے شعر موزوں کرنے لگے تھے عم حقیقی محمد مجتبیٰ کیفؔ کی رہنمائی حاصل تھی جب وہ پاکستان ہجرت فرما گئے تو استاد کی جگہ پُر کرنے کے لئے الحاج حضرت نشاط پیلی بھیتی سے مشورہ سخن لیا جنھوں نے زائد از تین سال فن شعر و ادب میں مشورہ دیا اس درمیان میں گھر کے حالات بھی سدھر گئے آپ تکمیل تعلیم کے لئے ترک ملازمت کر کے شاہجہانپور واپس آ گئے۔ یہاں بھی شعر و شاعری کا سلسلہ جاری رہا مقامی طور پر حضرت رباب رشیدی شاہجہانپوری سے رجوع ہوئے اور بقدر ضرورت رہنمائی حاصل کرتے رہے۔ آج بحمد اللہ خود صاحب تلامذہ ہیں اور شعرائے شہر میں بنظر احترام دیکھے جاتے ہیں۔ تکمیل تعلیم کے بعد گاندھی فیض عام پوسٹ گریجویٹ کالج میں ایک ذمہ دار عہدے پر فائز ہیں۔ خالد علوی جدید شعرا کے نمائندہ شاعر ہیں اور سوچ سمجھ کر شعر کہتے ہیں۔ ان کے یہاں جدید و قدیم رنگ کی لطیف آمیزش ہے۔ نمونہ کلام کے بطور چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

زندگی آ میں ترا عہدِ جوانی لاؤں کربلا میں کس انداز سے پانی لاؤں
فصل اُگنے بھی نہ پائی تھی زمیں سوکھ گئی پھر بتا کیسے قبا تیری میں دھانی لاؤں

Marfat.com

ایک پتھر لیے میں سوچ رہا ہوں علوی
کیسے ٹھہرے ہوئے دریا میں روانی لاؤں

---

شکوہ کیسا جو گھٹے ہے دل ناکام بہت
تم نے شمعیں بھی جلائی تھیں سر شام بہت

تو بھی ہم سا ہی نہیں دست و دریدہ دل ہے
ہم تو آئے تھے مگر حسن کے ترا نام بہت

اپنی گستاخ نوائی پہ نہ معتوب ہوا
بے نوائی پہ تراشے گئے الزام بہت

زندگی، حرف طلب کیسے زباں تک آئے
مجھ کو ہے فرصت یک لمحہ تجھے کام بہت

---

ایک اک قطرہ شبنم کو اٹھانا چاہوں
پیاس چاہے نہ بجھے پھر بھی بجھانا چاہوں

مجھ کو الزام قدامت بسر و چشم قبول
میں وہی اپنے بزرگوں کا زمانہ چاہوں

اس کا انداز کچھ ایسا ہے یقیں آجائے
اس کی باتوں میں اگر لاکھ نہ آنا چاہوں

زندگی چاہتی رہتی ہے تغیر علوی
اس کے ہاتھوں سے میں اب ہاتھ چھڑانا چاہوں

---

# جناب مختار حسن واصف

مختار حسن نام واصف تخلص والد کا نام مولانا انوار احمد۔ آپ ۲۸ نومبر ۱۹۴۲ء کو پیدا ہوئے۔ اردو۔ فارسی کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ اردو میں ایم۔ اے کیا اپنے آبائی مکان واقع محلہ سنزئی میں سکونت پذیر ہیں۔ ۱۹۶۵ء سے آرمی کلوذنگ فیکٹری میں ملازم ہیں۔

آپ کو شاعری وراثت میں ملی ہے اس لیے شعر گوئی کا شوق اوائل عمری سے ہے۔ اٹھارہ سال کی عمر سے باقاعدہ مشق سخن کرتے ہیں۔ آغاز میں حضرت مولانا اسعد شاہجہانپوری سے بذریعہ مراسلت مشورہ سخن کیا جو پاکستان ہجرت کر گئے تھے۔ جب حضرت اسعد رحلت فرما گئے تو اپنے والد سے رجوع ہوئے جناب واصف نے استاذی حضرت پیارے میاں رشید سے بھی ان کے آخری ایام زندگی میں کچھ روز استفادہ کیا جناب واصف غزل۔ قطعہ۔ رباعی اور نظم پر یکساں توجہ صرف کرتے ہیں۔ نوجوان ابھرتے ہوئے شعراء میں ممتاز ہیں

Marfat.com

آپ اپنے والد مولانا انوار احمد انوار کی طرح ملنسار۔ خوش اخلاق اور خوش اطوار ہیں بطور نمونہ آپ کا کلام درج ذیل ہے۔

## غزل

پیش نظر ہیں پھر وہی آثار دیکھنا
کیا رک گئی ہے وقت کی رفتار دیکھنا

پھر آج ان کی یاد نے تڑپا دیا مجھے
پھر سامنے ہے منزل دشوار دیکھنا

کیا میکدے میں پھر کوئی آنا ہے انقلاب
ساقی سے کیوں الجھتے ہیں میخوار دیکھنا

کتنے دلوں پہ بزم میں بجلی گرا گیا
اُن کا قریب سے مجھے اک بار دیکھنا

پاتے رہیں گے اہلِ نظر سے خراج داد
ہر ایک دور میں میرے اشعار دیکھنا

واصف رہے گا یاد وہ اُن کا دم وداع
مڑ مڑ کے میری سمت کئی بار دیکھنا

---

# رفیع اللہ وقت

جناب رفیع اللہ وقت خلف شیخ شفاعت اللہ ساکن محلہ مسجد گنج۔ عمر تقریباً چالیس سال۔ مدرسہ سعیدیہ میں مولوی کفایت اللہ مرحوم سے اردو فارسی پڑھی۔ پیشہ خیاطی ہے۔ ۱۹۶۴ء سے شعر موزوں کرتے ہیں حضرت مولانا انوار احمد صاحب انوار اسعدی سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمایئے۔ حال ہیں فروری ۱۹۹۴ء میں اس دار فانی سے رحلت فرمائی۔

دل بے چین کو قرار نہیں
دل کی دُنیا میں کچھ بہار نہیں

رنج و غم سے کسے نجات ملی
کون دُنیا میں بے قرار نہیں

---

اک نگاہ لُطف نے آسان کر دی زندگی
جو مصائب دل نے جھیلے وہ نہیں گزرے گراں

نہ ہوتی دید کی خواہش نہ آرزوئے وصال
نظر کے سامنے ہوتا اگر وہ حسن و جمال

ہر ایک غم نہیں ہوتا ہے کیف پرور وقت
کچھ ایسے غم ہیں جو کرتے ہیں زندگی کو نڈھال

منع کیوں کرتے ہو تم آئے نہ دُنیا میں بشر
کیا خبر کس سیپ میں قطرے سے بن جائے گُہر

---

Marfat.com

# جناب شبیر احمد۔ شاغل وجدانی

شبیر احمد نام شاغل وجدانی تخلص ہے آپ کے والد محترم کا نام اسیر احمد صاحب ہے محلّہ بازوزئی اوّل میں رہتے ہیں۔ آپ ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئے۔ اردو میں ایم۔ اے ہیں مقامی ڈسٹرکٹ بورڈ کے ایک اسکول میں مدرسی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شاعری کی ابتدا ۱۹۶۲ء سے ہوئی۔ دوران قیام مراد آباد حضرت قمر مراد آبادی اور حضرت قمر کے شاگرد حضرت گوہر عثمانی اور شاہجہانپور میں حضرت رباب رشیدی سے مشورہ سخن کیا۔ تقریباً ۲۲ سال سے مشق سخن جاری ہے۔ موجودہ نسل کے شعرا میں صاحب فہم ہیں۔ سوچ سمجھ کر شعر موزوں کرتے ہیں۔ کلام میں دلکشی اور ستھرا پن ہے۔ نمونۂ کلام

اب جیسے سوچتے ہیں کبھی سوچتے نہ تھے　　وہ ہم نہ تھے کہ اتنے کڑے مرحلے نہ تھے
آنکھوں کا اضطراب ہے ہر لُو کے آس پاس　　جیسے کبھی چراغ گھروں میں جلے نہ تھے
رفتار میں وہ جوش نہ سانسوں میں تازگی　　کیا راہ میں کسی بھی جگہ ہم رُکے نہ تھے
ہر آئینے کو وقت نے دھندلا دیا تو کیا　　ہم بھی تو اپنا عکس کبھی دیکھتے نہ تھے
تو نے نگاہ پھیر کے احسان ہی کیا　　دُنیا کے تجربات کو ہم مانتے نہ تھے
صدیوں سے جو ملا تھا وہ لمحوں میں کھو دیا　　یوں تو متاع غم تھی کبھی بانٹتے نہ تھے

غزل ۲

کتنے ظلمت کدوں سے گزرا ہوں　　تب کہیں روشنی میں آیا ہوں
دھیرے دھیرے دلوں میں اُتروں گا　　اجنبی دیس کا اجالا ہوں
نرم شاخوں سے خشک پتّوں تک　　پھر سنورتا ہوں پھر بکھرتا ہوں
صرف گلشن نہیں مری منزل　　اُڑنے والوں کے ساتھ رہتا ہوں
کوئی نزدیک ہے نہ کوئی دور　　کچھ دنوں سے بہت اکیلا ہوں
گھر کی تاریکیاں گھٹی بھی نہیں　　اور میں ہوں کہ بجھنے والا ہوں
چاندنی عکس آئینے پتھر　　سب کہیں دور چھوڑ آیا ہوں
ایک آئینہ اور عکس ہزار　　میں اسے کیسے توڑ سکتا ہوں

Marfat.com

## مرغوب حسن خاں۔ فضاؔ

نام مرغوب حسن خاں۔ تخلص فضاؔ۔ والد ماجد کا نام حبیب حسن خاں صاحب مرحوم۔ محلہ مہمان شاہ کے رہنے والے ۱۵ر مارچ ۱۹۴۲ء کو ولادت ہوئی۔ منشی وکامل نیز بی۔ اے کے امتحانات پاس کئے۔ ۱۹۵۶ء سے شعر گوئی کی ابتدا ہوئی ضیاء اسعدی مرحوم سے مشورہ سخن کیا۔ غزل۔ قطعہ۔ نعت وغیرہ میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ نمونۂ کلام

مفلسی سے کم سے کم یہ فائدہ پہنچا مجھے
سب کے چہروں پر ملا اک دوسرا چہرہ مجھے
بے نیاز رنج و راحت ہوگئی ہے زندگی
میرے غم کا شکریہ اب آگیا جینا مجھے
ایسا لگتا تھا کہ جیسے ہو تری آواز پا
دل کی دھڑکن اس طرح دیتی رہی دھوکا مجھے
نرم و نازک انگلیاں رکھ کر مری آنکھوں پہ تم
پھر اسی انداز سے پوچھو کہ پہچانا مجھے
درحقیقت ہے یہ معراج محبت اے فضاؔ
آج وہ بھی کہہ رہے ہیں اپنا دیوانہ مجھے

---

جان پیاری تھی مگر جان سے پیاری تھی انا
ڈوبتے وقت بھی ہیں اس کو صدا دے نہ سکا
میری خودداری مجھے طوفاں سے الجھائے رہی
مصلحت کہتی رہی آ دامن ساحل میں آ
دن کا سکھ راتوں کی نیندیں بھی اڑا لے جائیگی
مدھ بھری آنکھوں کی مستی اور کیا لے جائے گی
پھر مجھے کوئے ملامت کا خیال آنے لگا
کیا اسی جانب مجھے کوئی صدا لے جائے گی
غم بھی کم ہو جائے گا جی بھر کے رونے دو مجھے
کچھ خس و خاشاک تو بارش بہالے جائے گی

---

## نور ضیاء الدین۔ نورؔ

نور ضیاء الدین نورؔ خلف مولوی اسمٰعیل ذبیح پیش امام ابن مولوی خلیل الدین رازی ساکن قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور ۳۱ر جنوری ۱۹۴۲ء کو عدم سے وجود میں آئے۔ ابتدائی تعلیم حسب رواج گھر پر ہوئی۔ ہندی ادب میں ڈبل ایم۔ اے ہیں اور اردو بی۔ اے تک حاصل کی۔ شاعری وراثت میں پائی۔ شاعری کا آغاز ۱۹۵۹ء سے ہوا۔ قصبہ تلہر کے جید عالم اور فن شاعری کے مسلّمہ اُستاد

Marfat.com

حضرت لیاقت حسین لیاقت سے فن کے رموز و نکات سیکھے بسلسلہ ملازمت شاہجہانپور کا رُخ کیا آرڈیننس کلوٹنگ فیکٹری میں ایک ذمہ دار عہدہ پر فائز ہوئے۔ نصیب سے شریک حیات بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ، قابلہ اور اردو فارسی نیز انگریزی ادب میں فاضلہ محترمہ ثریا حزیں انعام خداوندی کے طور پر بخشی گئی۔ ہندی اردو دونوں زبانوں کے مقبول و معروف کوی شاعر ہیں۔ ہندی میں دوہے۔ گیت۔ چھند اور کنڈلی میں شہرت رکھتے ہیں۔ اردو میں تقریباً ہر صنف پر طبع آزمائی فرمائی ہے۔ تخلیقات بقدر دیوان دونوں زبانوں میں موجود ہیں جو عنقریب کتابی شکل اختیار کرنے والی ہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ کیجیے۔

ہم پہ کچھ لطف و کرم اس طرح فرمائے گئے — ہر قدم پر مورد الزام ٹھہرائے گئے
خون دے دے کر چکایا لمحے لمحے کا حساب — پھر بھی جینے کی سزا میں دار پر لائے گئے

---

روشِ دہر یہ روتا ہے دل — پیار و اخلاص و وفا سب باطل
آئینہ رو برو احساس کا ہے — اور میں ششدر و حیران و خجل

---

وہ پیاس ہے ہر شخص کو اپنی ہی پڑی ہے — خورشید حقیقت کی بہت دھوپ کڑی ہے

---

## ثریا خاتون حزیں

ثریا خاتون حزیں دختر جناب ریاست اللہ قریشی ۱۴ اپریل ۱۹۴۳ء کو پیدا ہوئیں۔ والدین تقسیم ہند کے بعد بوسیلۂ ملازمت پاکستان ہجرت کر گئے۔ سید اطہر علی صاحب اپنے نانا کی آغوش محبت میں پرورش پائی اور تعلیم حاصل کی۔ جامعہ اردو سے ادیب کامل امتیاز کے ساتھ پاس کیا۔ جی۔ ایف۔ کالج شاہجہانپور سے بی۔اے، بعدہٗ بی۔ایڈ اور آگرہ یونیورسٹی سے زبان انگریزی اور جغرافیہ میں ایم۔اے کیا۔ مقامی گرلز کالج میں لکچرر ہیں۔ شعر و شاعری کا مواد طبیعت میں موجود تھا۔ اردو فارسی کے گہرے مطالعہ نے شعر موزوں کرنے میں بھرپور تعاون دیا۔ فطری طور پر زود رنج ہیں جس کا اثر شاعری نے قبول کیا اور رنگ رثائیت پیدا کر دیا۔ ابتدا میں مولانا لیاقت حسین

Marfat.com

تلہری سے اس کے بعد اپنے خالو حضرت مغموم نقوی مقیم کراچی اور آخر میں حضرت نکہت شاہجہانپوری سے مشورہ سخن کیا۔ شریک زندگی کے معاملے میں قدرت نے بہت فراخدلی سے کام لیا۔ شاہجہانپور کے مقبول شاعر حضرت نور تلہری آپ کے شوہر ہیں۔ ذہین و طبّاع اور سوچ سمجھ کر شعر کہتی ہیں۔ نمونۂ کلام ذیل میں درج ہے۔

درد بھر دے جو مری زیست کے پیمانے میں ۔۔۔ کیا ہے ایسی بھی کوئی شئے کسی میخانے میں
کبھی ابھریں تھیں صدا بن کے تمھاری یادیں ۔۔۔ گونج باقی ہے ابھی ذہن کے غم خانے میں

---

نشتر غم مرے سینے میں اُتر جانے دو ۔۔۔ دل کے زخموں کو ذرا اور نکھر جانے دو
منتشر زیست ہے اپنی تو نشیمن کیسا ۔۔۔ اب یہ تنکے بھی ہواؤں میں بکھر جانے دو

---

آنکھوں سے کب اشکوں میں بہانے کے لئے ہیں ۔۔۔ یہ غم تو رگ جاں میں بسانے کے لئے ہیں
تعبیر تو ہوتی نہیں تقدیر میں ان کی ۔۔۔ کچھ خواب تو آنکھوں میں بسانے کے لئے ہیں

---

ہر تمنا میں غم یاس لئے بیٹھے ہیں ۔۔۔ ہم یہ کس درد کا احساس لئے بیٹھے ہیں
کیسے افسانۂ غم کا کریں آغاز حزیں ۔۔۔ ہاتھ میں صفحہ قرطاس لئے بیٹھے ہیں

---

ہم قلزم ہستی میں گرے چرخ بریں سے ۔۔۔ مُدّت سے گرفتار ہیں سانسوں کے بھنور میں

---

بے وفا زیست بھی نکلی کسی گُل رُو کی طرح ۔۔۔ مل گئے خاک میں ہم ٹوٹ کے آنسو کی طرح
اب تو پھرتے ہیں بھٹکتے ہوئے صحرا صحرا ۔۔۔ اڑ گیا دل کا سکوں پھول کی خوشبو کی طرح

---

یوں نوازا تو نے اے ساقئ میخانہ مجھے ۔۔۔ دے دیا میرے لہو سے بھر کے پیمانہ مجھے

---

Marfat.com

# فصیح اکمل قادری

فصیح اکمل قادری خلف مولانا انوار میاں ساکن محلہ جلال نگر کی ولادت ۱۹۴۴ء میں ہوئی اردو فارسی کا بقدر ضرورت اکتساب علم کیا۔ دسویں کلاس سے ترک تعلیم کے لئے کچھ اسباب نے مجبور کردیا۔ مطالعہ اور مشق نے نثر اور نظم دونوں میں نکھار پیدا کردیا۔ نہایت ذہین اور طباع ہیں۔ آج کل بمبئی میں مقیم ہیں۔ نمونۂ کلام

## اُنگلیاں

(۱)

مشرب فکر کی تعمیر کہن کرتی رہیں — نقش احساس مکمل ہو جتن کرتی رہیں
ہر ستمگر نے یہ چاہا کہ لہو ہو جائیں — انگلیاں زحمت بیداریٔ فن کرتی رہیں

(۲)

حادثے نقش بہ دیوار تو ہوتے ہی رہے — ان کو اسلوب کے پیکر میں تراشا کس نے
آئینے لمحوں کے عکاس تو ہو سکتے تھے — عکس کو فکر کا آئینہ دکھایا کس نے

(۳)

وقت حالات کے خاکوں میں تو ڈھل سکتا تھا — کون حالات کے خاکوں کو جدا کر سکتا
ہر بدلتی ہوئی تہذیب میں سو روپ سہی — کون اس روپ کو آئینہ نما کر سکتا

(۴)

رہگزاروں کا ہر اک ذرہ مہ و مہر سہی — درس خورشید سے فیض آشنا ہونے کے لئے
کاوش نور شناسی بھی ضروری تھا بہت — قلب تعمیر میں اعجاز سمونے کے لئے

(۵)

روح کا کرب جو محسوس ہوا پہلے پہل — سب سے پہلے دل فطرت سے ہم آہنگ ہوئیں
وہ تمنائیں کہ تھیں سر بگریبان خیال — انگلیوں کا ہے یہ صدقہ کہ وہ صد رنگ ہوئیں

مشرب فکر کی تعمیر کہن کرتی رہیں
اُنگلیاں زحمت بیداریٔ فن کرتی رہیں

---

Marfat.com

# حکیم عبدالواسع ۔ رشکؔ

حکیم عبدالواسع رشکؔ شاہجہانپوری بن جناب عبدالماجد محمد میاں شفقؔ بدایونی ثم شاہجہانپوری ۱۹۴۵ء میں اپنے آبائی وطن بدایوں شریف میں پیدا ہوئے اردو فارسی اور عربی حسب رواج قدیم اپنے گھر میں حاصل کی اور ہائی اسکول پاس کر کے لاہور (پاکستان) ہجرت کر گئے جہاں سے طبابت کی سند حاصل کر کے کراچی منتقل ہو گئے ۔ آج کل کراچی کے مشہور اور کامیاب طبیبوں میں شمار ہوتے ہیں آپ سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اٹھائیسویں پشت میں ہیں آپ کا خاندان بدایوں میں اب تک ذی علم اور قابلِ احترام مانا جاتا ہے ۔ شاعری ورثہ میں پائی ہے۔ حضرت اثرؔ گنوری کے ممتاز شاگرد ہیں ماشاء اللہ اب صاحب تلامذہ ہیں ۔ نمونۂ کلام

روزِ ازل سے تا بہ ابد آبدیدہ ہوں — اس جرم میں کہ بندہ خلعت رسیدہ ہوں
ہر لفظ پر ہے زیر و زبر کا موازنہ — مضمون زندگی ہوں مگر خط کشیدہ ہوں
محنت کے خون اور پسینے کے روپ میں — اس دورِ بے ثبات میں آفت رسیدہ ہوں

---

ان کے بغیر دل ہی نہیں اختیار میں — بس ہو اگر تو آگ لگا دوں بہار میں
مختاریوں میں جبر کے انداز الاماں — سب کچھ ہے اور کچھ بھی نہیں اختیار میں
ہے زندگی نمونۂ دوزخ بنی ہوئی — اے رشکؔ جل رہا ہے نشیمن بہار میں

---

چھیڑے نہ ہمیں کاوشِ اندازِ مشاہیر — ہم معترضِ حلقۂ اربابِ سخن ہیں
صورت ہے مگر خاک پہ کھینچی ہوئی صورت — ہم لوگ مشیت کا تقاضہ نہیں فن ہیں
پہنچے نہ کوئی جوشش میں فریاد و فغاں تک — ہم لوگ ابھی دشمنِ تشریحِ کہن ہیں

اے رشکؔ تباہی ہے مقدر تو ہوا کیا
ہم اہلِ وطن ۔ شرحِ وطن ۔ جانِ وطن ہیں

---

تعمیر میں جسم اور ہے تاثیر میں جاں اور — یہ کیسی خدائی ہے یہاں اور وہاں اور
جلووں سے تو کچھ اور نکھرتی ہے محبت — کیوں چھپتے ہو تم ایسے کہ ہوتے ہو عیاں اور

Marfat.com

ہم فکرِ زُلیخا کے طرفدار نہیں ہیں — لیکن ترا در چھوڑ کے جائیں بھی کہاں اور

ہاں رشک وہی رشک جسے بھول گئے تم
آج اس کی غزل میں ہے غمِ سُود و زیاں اور

---

# ایوب حسن خاں۔ اثر

ایوب حسن خاں اثر ابن منشی مقبول حسن خاں ساکن محلّہ دلازاک، شاہجہانپور کی ولادت ۱۰ اگست ۱۹۴۳ء کو ہوئی۔ تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد ذریعہ معاش کے طور پر آرڈننس کلودنگ فیکٹری شاہجہانپور سے وابستگی اختیار کی۔ آپ کو شاعری اور نثر دونوں میدانوں میں یکساں دلچسپی ہے۔ عرصہ دراز سے تخلیقات مُلک کے رسائل و جرائد میں شائع ہو رہی ہیں۔ نئی نسل کے شاعر ہیں۔ اشعار میں جدت اور فکر تازہ ہے۔ مسلسل مشق اور مطالعہ آپ کے رہبر اور رہنما ہیں۔ نمونۂ کلام

بجھے گا راہِ محبت کا ہر دیا یوں بھی
خبر یہ کیا تھی چلے گی کبھی ہوا یوں بھی

نہ دوستوں سے غرض اور نہ دُشمنوں سے گلہ
میں ایک عُمر اسیرِ انا رہا یوں بھی

ہنسی بھی آتے ہوئے اب لبوں پہ ڈرتی ہے
ملی ہے زندہ دلی کی مجھے سزا یوں بھی

میں تیرگی کو کبھی روشنی نہ کہہ پایا
چھٹے ہیں مجھ سے کئی میرے آشنا یوں بھی

وہی تو ملتا ہے قسمت میں جو بھی ہوتا ہے
میں کر سکا نہ کسی سے کوئی گلہ یوں بھی

انھیں اندھیروں سے پھوٹے گی روشنی اک دن
دلِ شکستہ کو سمجھایا بارہا یوں بھی

Marfat.com

اثرؔ فضول ہے بے لوث دوستی کی اُمید
کہ آج دہر میں نایاب ہے وفا یوں بھی

---

دھوپ سے گردش دوراں کی بچائے رکھنا
مجھ پہ اے ماں کی دعاؤ یونہی سائے رکھنا
خود کو احساس ندامت سے بچانے کے لئے
دل کے زخموں کو زمانے سے چھپائے رکھنا
دوستو یورشِ آلام سے دل چور سہی
پھول ہونٹوں پہ تبسم کے کھلائے رکھنا
ہو مٹانا ہی اگر وقت کے ماتھے کا کلنک
پیار کے دیپ سر راہ جلائے رکھنا
جس طرف دیکھو لپکتے ہوئے شعلے ہیں اثرؔ
کتنا دشوار ہے دامن کو بچائے رکھنا

---

## رونق علی مُصوّر

رونق علی نام مصوّر تخلص مگر اب صرف رونق مصوّر ہیں اور دُنیائے ادب ہیں اسی نام سے پہچانے جاتے ہیں۔ رونق کو مصوّری سے گہری دلچسپی ہے۔ اسی کو پیشہ بنالیا۔ بعد میں شوق شاعری ہوا تو ذہن و دل اور انگلیوں سے بیک وقت کام لینے لگے۔ محلہ مُلّا خیل میں اپنے آبائی مکان کو بطور اسٹوڈیو بھی استعمال کرتے ہیں اور بطور رہائش گاہ بھی۔ آپ کے والد ماجد کا نام رعایت اللہ صاحب ہے اگست ۱۹۴۶ء میں ولادت ہوئی۔ اسکول میں دسویں درجہ تک تعلیم پائی مگر مطالعہ اور مشق سخن نے شاعری کو جلا بخشی۔ صاف ستھرے شعر کہتے ہیں اور روایتی زبان و بیان استعمال نہیں کرتے اچھوتے اور نئے خیالات قلمبند کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ شعراء کی ابھرتی ہوئی نسل میں چھوٹے قد کے ہوتے ہوئے بڑے نظر آتے ہیں۔ ابتداء میں شاہجہانپور کے معتبر شاعر حضرت

Marfat.com

رباب رشیدی سے مشورہ سخن کیا اب اپنے کلام پر خود ہی نظر ثانی کرتے ہیں۔ نمونۂ کلام

گرتے ہوئے مکاں کو کہاں تک بچاؤں گا
آثار کہہ رہے ہیں کہ اب ٹوٹ جاؤں گا

ڈوبا تو ایک رسم انا چھوڑ جاؤں گا
اُبھرا جو ڈوب کر تو گہر ساتھ لاؤں گا

تم بھی کسی کی سمت نہ پتھر اچھالنا
آئینہ میں بھی اب نہ کسی کو دکھاؤں گا

اب جو بچھڑ رہے ہیں تو کیوں ہو اُداس
لو۔ میں بھی کہہ رہا ہوں کہ میں بھول جاؤں گا

پوچھیں گے لوگ ترک تعلق کا جب سبب
تم ہی مجھے بتاؤ کہ میں کیا بتاؤں گا

میں نے یہ سوچ کر نئے پودے لگائے ہیں
تھک جاؤں گا کبھی تو یہیں بیٹھ جاؤں گا

قطعہ

صبحیں بیوہ ہوگئیں اور شام کے منظر جلے
نفرتوں کی آگ میں اخلاص کے پیکر جلے

کیا تمھارے پاس ہے اس کا بھی کوئی اندراج
عصمتیں کتنی لٹیں اس سال کتنے گھر جلے

---

# محمّد شمیم انصاری۔ شمیم

نام محمّد شمیم انصاری تخلص شمیم ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام حشمت اللہ انصاری ہے۔ محلہ تارین جلال نگر کے ساکن ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۹۴۶ء میں ہوئی۔ کسی اسکول و کالج میں باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی مگر اپنے ذوق و شوق اور ذہانت کی بدولت سند یافتہ لوگوں سے زیادہ علمیت حاصل کر لی۔ مطالعہ بہت وسیع ہے۔ ایک عرصہ تک دہلی میں بسلسلۂ کاروبار قیام کیا اور اسی قیام کے دوران شاعری سے فطری لگاؤ کو بڑھاوا ملا۔ اصناف سخن میں غزل۔ رباعی۔ قطعہ۔ نظم۔ ترائیلے۔ نعت۔ مرثیہ اور سلام پر یکساں عبور رکھتے ہیں۔ مادر زاد شاعر ہیں مشورۂ سخن میں کوئی شامل نہیں۔

نمونۂ کلام

ہو کے خاموش تو اب شعلوں پہ برفاب نہ رکھ
اے مرے دوست مجھے تشنۂ القاب نہ رکھ

میں پھر اک عمر بھٹکتا نہ ہوں نوحہ بن کر
تارِ احساس پہ اس طرح سے مضراب نہ رکھ

میری قسمت میں ازل سے رہی کرنوں کی قبا
شب گزیدہ ہوں مرے سامنے مہتاب نہ رکھ

Marfat.com

اس سراسیمہ نگر سے کوئی بوسہ بھی چُرا — صرف کشکول میں زہراب ہی زہراب نہ رکھ
اپنی قسمت کی لکیروں کو بدلنے کے لئے — تو صحیفوں پہ نئے طور سے اعراب نہ رکھ
کیا خبر پھر انہیں راہوں سے گزر ہو تیرا — اپنی راہوں میں سلگتے ہوئے گرداب نہ رکھ
جس کے سائے میں کوئی پھول نہ کھلنے پائے — شجر یاس کو اس طرح بھی شاداب نہ رکھ
تجھ پہ لازم ہے ہر اک جسم کی تقدیس شمیم
اپنی نظروں میں فقط منبر و محراب نہ رکھ

متفرق اشعار

ہیں کہ الفاظ کی وادیوں کا خدا قرن ہا قرن شعلوں میں جلتا رہا
کاغذ و پتھروں پیڑ کی چھال پر خون روتی رہی ہیں مری اُنگلیاں

---

اب تک جو چل رہا تھا مسافر کے ساتھ ساتھ — اس چاند پر بھی لگ گئے پہرے گھٹاؤں کے

---

شمیم میں نے خود اپنے کو یہ دُعا دی ہے — میں سو بھی جاؤں تو صدیوں مرا سُخن جاگے

---

کبھی نظر میں زمانے کی وسعتیں کم تھیں — سمٹ گیا ہوں تو اب ذات کا حصار بہت

---

گزر کے جس سے مرے گھر رُتیں چلی آتیں — کوئی تو شہر میں ایسا بھی راستہ ہوتا

---

## سیّدہ شفق آرا۔ شانِ معراج

والدین نے شفق آرا نام دیا۔ اور عرفیت شانِ معراج رکھی۔ آپ نے عرفیت کا جزو شان بطور تخلص استعمال کیا۔ والد صاحب کا نام سید اشفاق حسن میاں ہے محلہ تارین ٹکلی میں رہتے ہیں مگر آبائی مکان محلہ تاجو خیل میں تھا۔ آپ کے بزرگوں کا شرفاء و امراء شاہجہانپور میں شمار ہوتا تھا۔ آج بھی آپ کا خاندان ممتاز ہے۔ شانِ معراج صاحبہ کی ولادت ۲۲ رجولائی ۱۹۴۷ء کو

Marfat.com

ہوئی۔ روہیلکھنڈ یونیورسٹی سے ایم۔اے (اردو) فرسٹ ڈویژن فرسٹ پوزیشن کے ساتھ پاس کیا۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کے موضوع، پر تحقیقی کام کر رہی ہیں شاعری ۱۹۷۲ء سے کر رہی ہیں اور حضرت رباب رشیدی شاہجہانپوری کی ممتاز شاگردہ ہیں۔ ہندوستان گیر شہرت کی مالک ہیں۔ ملک کے طول وعرض میں کل ہند سطح کے مشاعروں کے توسط سے گھوم چکی ہیں۔ ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر اکثر آپ کا پروگرام ہوتا ہے۔ ملک کے بیشتر موقر جریدوں میں کلام شائع ہوتا ہے ادب برائے زندگی کی قائل ہیں۔ آپ کو غزل سے زیادہ دلچسپی ہے مگر دیگر اصناف سخن میں بھی طبع آزمائی کرتی ہیں۔ انتخاب کلام "ساحل سیپ سمندر" شائع ہو چکا ہے۔

نمونۂ کلام

قطعہ

اشکوں کا سفر دل سے ہے پلکوں کے افق تک
یہ راہ میں رک جائیں تو ناسور سمجھئے
مختار ہے وہ شخص جو دل کھول کے رو لے
ہنستے جو نہ پائے اسے مجبور سمجھئے

قطعہ

نظارے عام تھے میری نظر کے دامن میں
طلب نے میری حیا سے شکست کھائی تھی
نگاہ ساتھ نہ دے پائی خواہش دل کا
خودی نظر کے ہر اک زاویئے پہ چھائی تھی

---

کبھی کبھی تری چاہت پہ یہ گماں گزرا
کہ جیسے سر سے ستاروں کا سائباں گزرا
بچھڑ کے شام رہی طول عمر تک گویا
ٹھہر گیا تھا جو لمحہ وہ پھر کہاں گزرا
وہ میرا ضعف نظر تھا کہ تیرا عکس جمال
وہ کون تھا کہ جو منظر کے درمیاں گزرا
چراغ ایسے جلا کر بجھا گیا کوئی
تمام دید کا عالم دھواں دھواں گزرا
جنوں شوق میں سجدوں کی آبرو بھی گئی
مجھے خبر نہ ہوئی کب وہ آستاں گزرا
چھپا کے سو گئی منہ دن میں رہ گزار خیال
جو شب ہوئی تو خیالوں کا کارواں گزرا

---

کیسے کیسے دلنشیں خوابوں کے منظر لے گیا
میری آنکھوں سے کوئی نیندیں چرا کر لے گیا
چاندنی راتوں سے وابستہ تھیں بزم آرائیاں
چاند کیا ڈوبا کہ راتوں کا مقدر لے گیا
آج وہ یادوں کی دستاویز جھوٹی ہو گئی
کوئی اس بستی کے نقشے سے مرا گھر لے گیا

Marfat.com

مدتوں سے ہیں اُڑانیں ایک ہی منظر میں قید　　نوچ کر جب سے وہ میری سوچ کے پر لے گیا

آئینوں سے دور وقف آئینہ داری کو شاں
لوگ کہتے ہیں کہ کوئی آئینہ گر لے گیا

---

## فرزانہ شفق۔ فرزانہ

فرزانہ شفق۔ فرزانہ بنت جناب عبدالماجد محمد میاں شفق بدایونی ثم شاہجہانپوری بمقام شاہجہانپور محلہ بارزوزی دوئم میں مئی ۱۹۴۹ء میں پیدا ہوئیں۔ جی۔ جی۔ آئی کالج سے انٹر۔ گاندھی فیض کالج سے بی۔ اے اور علی گڑھ یونیورسٹی سے ایم۔ اے (انگریزی) کے امتحانات پاس کئے۔ فرزانہ شفق نسباً صدیقی اور سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی اٹھائیسویں پشت میں ہیں۔ آپ کا تعلق ایک ذی علم گھرانے سے ہے۔ شاعری ورثہ میں پائی ہے۔ والد ماجد اور دو بھائی عبدالواسع رشک وعبدالواجد انور جال پاکستان کے معروف شعراء میں شمار ہوتے ہیں۔ فرزانہ صاحبہ کی طبیعت موزوں ہے۔ نظم گو ہیں۔ گاہے گاہے غزل بھی موزوں کر لیتی ہیں۔ ملک کے جرائد میں آپ کا کلام شائع ہوتا رہتا ہے۔ نظم "زندہ باد ہندوستان" بہت سے مدارس میں قومی نظم کی صورت میں طلباء گاتے ہیں۔ نمونۂ کلام پیش خدمت ہے۔

### پُجارن

کیسا چندن پھول کپور　　گھر سے لے کر نکلی حور
سالگری وہ پوجا کی　　ہاتھ پہ اپنے رکھی تھی
دل میں پر بھو لب پہ ترانا　　ایسا دلکش ایسا سہانا
لہریں جیسے راگ سنائیں　　کومل سُر میں جھرنے گائیں
چاندنی جیسے چاند کی ٹھنڈی　　دریا پر ہے ناچا کرتی
اس نے گایا راگ نرالا　　جس میں سوز و ساز بھرا تھا
بولی پربھو دُھن ہے تجھ کو　　تو نے جیون بخشا مجھ کو
تیری مہما اپرن پار　　تجھ پہ جگت کا ہے آدھار

Marfat.com

جیون تجھ سے جیون تو ہے — گل میں تو ہی رنگ و بو ہے
تیری اچھا میری شکتی — سب میں بس ہے تیری بھگتی
پتہ پتہ ڈالی ڈالی — تیری قدرت سے ہریالی
ان بھی تو ہے دھن بھی تو ہے — بن بھی تو ہے جن بھی تو ہے
اوم نربخن نر آکار — سگرے جگت کا پالن ہار
نیا میری پار لگا دے — دل کا ہر دکھ درد مٹا دے

تیرے سوا اب کس کو جپوں میں
مجھ میں تو ہے تجھ میں ہوں میں

---

# ڈاکٹر ممنون حسن خاں۔ ممنون

ممنون حسن خاں ممنون کے والد ماجد کا نام شبیر حسن خاں ہے محلہ ملا خیل میں رہتے ہیں آپ کی ولادت ۱۹۴۹ء میں ہوئی۔ تعلیمی اعتبار سے آٹھواں پاس ہیں ۱۹۷۲ء سے شاعری کا شوق ہے۔ حضرت نسیم شاہجہانپوری سے مشورہ سخن فرماتے تھے۔ اور اب حضرت شاغل وجدانی سے مشورہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹری آپ کا پیشہ ہے۔

نمونہ کلام

کیوں ابھی سے میں کروں فکر کہ کل کیا ہوگا — وہی ہوگا مری قسمت میں جو لکھا ہوگا
کیا خبر تھی کہ گزر جائے گی ہر شب رو کر — جاگتے جاگتے ہر روز سویرا ہوگا
یاد ماضی کی جو تنہائی میں آئی ہوگی — میرے بارے میں ضرور آپ نے سوچا ہوگا
ہم نے چھوڑے ہیں دلوں پر وہ محبت کے نقوش — ہو کوئی دور مگر ذکر ہمارا ہوگا

ایک دن آئے گا ایسا بھی یقیناً ممنون
میرا افسانہ وہ مجھ کو ہی سناتا ہوگا

---

آپ کا غم بھی رونق دل ہے — بس یہی عمر بھر کا حاصل ہے
سچ تو یہ ہے کہ آج کا انساں — خود ہی مقتول خود ہی قاتل ہے

Marfat.com

کتنی مسموم ہے فضائے جہاں — سانس لینا بھی اب تو مشکل ہے
زیست میں انقلاب پاتا ہوں — نہ وہ ارمان ہیں نہ وہ دل ہے
دیکھئے کیا مآل ہو ممنونؔ
وہ نظر آج جانبِ دل ہے

---

## شمیم بیگم شمیم

شمیم بیگم شمیم بنتِ محمد احمد خاں ساکن محلہ علی زئی کی ولادت ۱۹۴۷ء میں ہوئی۔ جوان بھی نہ ہونے پائی تھیں کہ سر سے والد کا سایہ اٹھ گیا۔ اپنے ذوق و شوق سے تعلیم حاصل کی ایم۔اے (اُردو) اور ایم۔اے ہسٹری کے امتحانات پاس کئے۔ بی۔ایڈ کی سند لی اور مقامی گرلز اسکول میں ملازمت کر لی۔ شعر و شاعری کا شوق دوران تعلیم پیدا ہوا۔ شعر موزوں کرتی ہیں مگر رہبر کوئی نہیں ہے اپنے وجدان سلیم کو رہبر بنا لیا ہے۔

نمونۂ کلام

دل غمدیدہ بہلتا ہی نہیں — گویا ماحول بدلتا ہی نہیں
اتنی ویراں تو نہ تھی راہِ وفا — آج اس پر کوئی چلتا ہی نہیں
دیکھ محرومیٔ دل کا عالم — کوئی ارمان نکلتا ہی نہیں
غم کے جھونکے نہیں آتے جب تک — دل ہے وہ دیپ کہ جلتا ہی نہیں
سامنے ان کے زباں ہے خاموش — کوئی آنسو تو نکلتا ہی نہیں
سوئے سیلاب سفینہ ہے رواں — اب سنبھالے سے سنبھلتا ہی نہیں

---

نئے حالات و نئی آب و ہوا چاہتے ہیں — جس میں جینے کا مزہ ہو وہ فضا چاہتے ہیں
موسم گل نہ ہمیں فصل خزاں سے مطلب — کوئی بھی رت ہو گلستاں کی بقا چاہتے ہیں
آپ ہی کہیئے یہی ہوتی ہے کیا شرط وفا — بے وفا خود ہیں مگر مجھ سے وفا چاہتے ہیں
منہ تکا کرتے ہیں ہم اس کا کوئی شخص بھی ہو — تذکرہ اس سے تمہارا ہی سنا چاہتے ہیں

Marfat.com

یہ الگ بات ہے ظاہر نہ کریں ورنہ شمیم
ہم کو معلوم ہے سب ہم سے وہ کیا چاہتے ہیں

---

## سردار آصف۔ آصف

سردار آصف خلف جناب صفدر علی خاں صاحب ساکن محلہ مینگنی ٹولہ شاہجہانپور ۱۰ر جنوری ۱۹۵۶ء کو پیدا ہوئے علمی اعتبار سے بی۔ ایس۔ سی۔ بی۔ ایڈ، ایم۔ اے (ہسٹری) ہیں۔ یو۔ پی سرکار میں پنچایت راج آفیسر ہیں۔ شاعری کا شوق بچپن سے ہے۔ فن شعر میں حضرت خالد علوی سے مشورہ لیتے ہیں۔

نمونۂ کلام

وہ شخص کہ قد جس کا بہت ہم سے بڑا تھا ۔۔۔ دیکھا تو کسی اور کے پیروں پہ کھڑا تھا
افسوس کہ اس نے بھی مجھے غیر ہی سمجھا ۔۔۔ میں جس کے لئے مدتوں اپنوں سے لڑا تھا
ہر کوئی گزرتا تھا بہت بچ کے ادھر سے ۔۔۔ آئینہ لئے راہ میں اک شخص کھڑا تھا
بیچا تھا جسے میں نے غریبی کے دنوں میں ۔۔۔ اس گھر میں سنا ہے کہ خزانہ بھی گڑا تھا

ہاتھ سے دیوار سر سے سائباں کو روک لوں ۔۔۔ کاش میں احساس کے گرتے مکاں کو روک لوں
راہ میں حائل تھیں میری انگنت مجبوریاں ۔۔۔ جی بہت چاہا کہ جاتے میہماں کو روک لوں
میں تو ساحل پر کھڑی اک ریت کی دیوار ہوں ۔۔۔ کس طرح بڑھتے ہوئے سیل رواں کو روک لوں
کیا خبر کرنا پڑے اس سے مجھے پھر تصفیہ ۔۔۔ بول لینے دوں اسے اپنی زباں کو روک لوں

---

## محمد عظیم۔ عظیم

محمد عظیم نام اور تخلص بھی عظیم والد کا نام محمد اسمٰعیل صاحب۔ محلہ بکسریاں کے رہنے والے ولادت ۵ر ستمبر ۱۹۵۴ء کو شاہجہانپور میں ہوئی۔ گھریلو تعلیم اور اسکولی مدارج سے گزرنے کے بعد

Marfat.com

اردو مضمون کے ساتھ ایم ۔ اے کیا ساتھ ہی الیکٹریکل انجینیرنگ میں ڈپلومہ یافتہ بھی ہیں ۔ طبیعت موزوں ہے چند سال سے شاعری باقاعدہ کرتے اور مقامی مشاعروں میں شریک ہوکر داد وصول کرتے ہیں ۔ جدید رجحان رکھنے والوں میں اہم مقام حاصل ہے ۔ آج کل کے نوجوان شعرا، استادی شاگردی کے قائل نہیں ۔ غالباً اسی طبقہ سے حضرت عظیم بھی تعلق رکھتے ہیں ۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ۔

## غزل

وہ چشم نم سے ہی آخر جواب دے مجھ کو
کہ سنگ لب ہے تو پھر یوں حساب دے مجھ کو

کہیں میں دولت احساس بھی نہ کھو بیٹھوں
مرے خدا تو نہ ایسا جواب دے مجھ کو

ابھی تو سنگ ملامت کا زخم تازہ ہے
ابھی یہ ظلم نہ کر مت گلاب دے مجھ کو

چلا بھی آکہ میں ترک تعلقات کے بعد
ہوں ایک لاش تہہ خاک داب دے مجھ کو

تمام شہر تو تاریکیوں میں ڈوبا ہے
میں کیسے کہہ دوں کہ اک ماہتاب دے مجھ کو

اسے نجات دلانا کسی کے بس میں نہ تھا
تھا اپنی ذات کا قیدی کسی قفس میں نہ تھا

تھکا تھکا سا پریشان سا پلٹ آیا
کہ آسمان پرندے کی دسترس میں نہ تھا

جو سوچتا ہوں کبھی میں تو ایسا لگتا ہے
وہ کب بسا ہوا میرے نفس نفس میں نہ تھا

میں جستجوئے مسلسل سے تھک گیا آخر
کہ اپنے آپ کو پالینا میرے بس میں نہ تھا

وہ مجھ سے دور رہا اور رتیں بدلتی رہیں
مگر بہار کا موسم کسی برس میں نہ تھا

---

# جاوید اللہ خاں ۔ جاوید

جاوید اللہ خاں جاوید خلف جناب صنعت اللہ خاں صنعت یکم جون ۱۹۵۷ء کو محلہ باڑوزی پیشاوری میں پیدا ہوئے ۔ تعلیم انٹرمیڈیٹ تک حاصل کی ۔ اردو بھی بقدر ضرورت جانتے ہیں ۔ گھر میں شعروشاعری کا چرچا تھا طبیعت بھی موزوں پائی ہے شعر موزوں کرنے لگے ۱۹۷۸ء سے حضرت نسیم شاہجہانپوری سے مشورہ سخن کرتے ہیں ۔ ان دنوں انڈین ٹرین لائٹ اینڈ روزن کمپنی کلکٹر بک گنج بریلی میں ملازم ہیں ۔ کلام روزناموں اور رسائل میں شائع ہوتا

Marfat.com

ہے۔ بیرونی و مقامی مشاعروں میں شوق سے شریک ہوتے ہیں۔

نمونۂ کلام

اس دل کو آشنائے نوازش نہ کیجئے | مجھ پر عنایتوں کی یہ بارش نہ کیجئے
اک بار ٹوٹ کر نہیں جڑتے ہیں آئینے | تجدید رسم وراہ کی کوشش نہ کیجئے
پیہم نوازشیں بھی بڑھاتی ہیں حوصلے | للّٰہ مجھ کو مائل لغزش نہ کیجئے
لفظ خلوص آج ہے مہمل سا ایک لفظ | معنی میں قید کرنے کی کوشش نہ کیجئے
جاوید ضبط غم کا تقاضہ ہے آپ سے | پلکوں پہ آنسوؤں کی نمائش نہ کیجئے

---

یادوں کی آندھیوں کا کہیں پھر گزر نہ ہو | بے برگ و بار پھر مرے دل کا شجر نہ ہو
دیتے ہیں وہ دعا مجھے عمر دراز کی | لیکن خدا کرے کہ دعا میں اثر نہ ہو
ممکن نہیں بشر سے گناہوں کا ارتکاب | یارب ترے کرم پہ بھروسہ اگر نہ ہو
غم دے کے کر رہے ہیں وہی پرسش مزاج | جیسے ہمارے حال کی ان کو خبر نہ ہو
پھر چشم التفات سے وہ دیکھتے ہیں آج
جاوید پھر فزوں کہیں درد جگر نہ ہو

---

# رئیس احمد نعمانی۔ رئیس

رئیس احمد نعمانی۔ رئیس خلف جناب شمس الدین کی ولادت ۱۵ر مارچ ۱۹۵۸ء کو ہوئی۔ آبائی وطن قصبہ کانٹھ ضلع مراد آباد ہے۔ ابتدائی تعلیم اور حافظ قرآن مجید کے بعد تحصیل علم کے شوق میں قصبہ سنبھل اور امروہہ میں کچھ مدت قیام رہا۔ وہاں سے چل کر وارد شاہجہانپور ہوئے یہاں کی سرزمین کچھ اس طرح دامنگیر ہوئی کہ یہیں کے ہو رہے اور عمر کا ایک حصہ اکتساب علم وفن میں صرف کیا۔ حضرت مولانا یوسف علی مدظلہ العالی سے زبان و بیان کے رموز ونکات سیکھے حصول علم کی پیاس نے جب زیادہ بے چین کیا تو عازم لکھنؤ ہوئے جہاں منشی۔ عالم۔ دبیر کامل۔ کامل۔ فاضل تفسیر۔ بی۔ اے اور ایم۔ اے کے امتحانات پاس کئے شوقِ

Marfat.com

شاعری شاہجہانپور کی علمی و ادبی صحبتوں میں پیدا ہوا اور پروان چڑھا تھا لکھنؤ کی صحبتوں میں فروغ پایا۔ اردو فارسی دونوں زبانوں میں مشقِ سخن جاری ہے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کے لئے زبان فارسی میں تحقیقی کام کر رہے ہیں۔

اب تک مندرجہ ذیل کتابیں تصنیف و تالیف کر چکے ہیں۔

۱۔ **براتِ معنی** : فارسی غزلیات کا انتخاب

۲۔ **ریاضِ عقیدت** : بتیس ۳۲ شعرائے اُردو کے نعتیہ کلام کا انتخاب

۳۔ **حدیثِ حیات** : موجودہ بتیس ہندنژاد اور ایرانی شعراء کے کلام فارسی کا انتخاب۔

نمونۂ کلام

## غزل

ہنس کر کبھی شکستہ دلوں سے خطاب کر　　توفیق دے خدا تو یہ کارِ ثواب کر
کہتے نہیں یہ ہم کہ ہمیں انتخاب کر　　پیدا جو کر سکے تو ہمارا جواب کر
خنجر بکف تھا کون نظاروں سے یہ نہ پوچھ　　دل کی جراحتوں کا نظر سے حساب کر
فرصت ملے جو فکرِ مہ و مہر سے کبھی　　ذرّات کی شکستہ دلی کا حساب کر
ہر باب لکھنا ہوگا بعنوانِ قتل و خوں　　اس عصرِ پاک کی نہ مرتب کتاب کر

وہ اور چارہ سازئ اربابِ غم رئیس
بندِ فریب خوردہ خیالوں کا باب کر

---

# ترنّم ضیا۔ ترنّم

ترنّم ضیا ترنّم بنتِ احمد اللہ خاں کیفی ساکن مہمند جلال نگر کی ولادت ۲۵ دسمبر ۱۹۵۹ء کو ہوئی۔ تعلیمی اعتبار سے ایم۔ اے ہیں اور ایک پرائیویٹ گرلز اسکول کی ر ح رواں ہیں۔ شوق شاعری ورثہ میں پایا۔ محمد نسیم خاں نسیم سے مشورہ سخن کرتی ہیں۔

دل فریبی ہے گلوں میں نہ وہ رعنائی ہے　　کون کہتا ہے گلستاں میں بہار آئی ہے
اتنی روداد محبت ہے فقط اے ہمدم　　دل بیتاب ہے۔ ہم ہیں۔ شب تنہائی ہے

Marfat.com

میرے بارے میں بھی کچھ آپ نے سوچا ہوگا
کچھ تو کہیے کہ مری جان پہ بن آئی ہے
تُم ترنّم سے خفا ہی سہی لیکن اس نے
کیا خطا کی ہے کہ یہ جس کی سزا پائی ہے

---

جس طرح چاہو کلیجہ مرا چھلنی کر دو
تیر لفظوں کے خدارا نہ چلاؤ لوگو
مطرب دل کی وہی دھن ہے وہی لہجہ ہے
کچھ تو انداز نئے اس کو سکھاؤ لوگو

---

منزل شوق ایسی منزل ہے
نہ یہ آسان ہے نہ مشکل ہے
دل میں موجود۔ دور آنکھوں سے
اس جدائی میں قرب شامل ہے

---

ہم لوگ مشکلات کا حل ڈھونڈتے رہے
کچھ لوگ تھے جو راہِ عمل ڈھونڈتے رہے
وہ خود بشکل سایہ ہمارے تھا ساتھ ساتھ
ہم جس کو اپنے شہر میں کل ڈھونڈتے رہے

---

آئی ہے جن کو راس وہی لوگ خوش رہیں
ہم تو بھری بہار میں صرف خزاں رہے
اب ہر طرف فضائے چمن ہے دھواں دھواں
جائے کدھر نکل کے کوئی اور کہاں رہے

---

ہر اشک غم خوشی سے پیئے جا رہی ہوں میں
روشن وفا کا نام کیئے جا رہی ہوں میں
مُردہ دلوں کو جینا ترنّم کہاں نصیب
جینے کا شوق ہے تو جیئے جا رہی ہوں میں

---

# حضرت عزیز احمد خاں شفق طاہری

اب ادبی حلقوں میں شفق طاہری کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ میران پور کٹرہ تحصیل تلہر ضلع شاہجہانپور کے ساکن ہیں اور اسی قصبہ میں ایک دینی درسگاہ میں بحیثیت صدر مدرس فائز ہیں۔ مدرسہ عین العلم شاہجہانپور سے منشی کامل کیا ہے۔ اردو۔ فارسی اور عربی سے واقفیت ہے ہندی اور انگریزی بقدر ضرورت جانتے ہیں۔ فطرتاً شاعر ہیں۔ بچپن سے طبیعت شاعرانہ پائی

Marfat.com

ہے۔ اصنافِ سخن میں غزل سب سے زیادہ محبوب ہے۔ تقریباً بیس سال سے مشقِ سخن جاری ہے حضرت طاہر تلہری سے شرفِ تلمذ حاصل ہے۔ آپ روایتی شاعری سے ہٹ کر شعر کہتے ہیں۔ اپنے ہم عصر شعراء میں امتیاز حاصل ہے اور اہلِ ذوق میں مقبول ہیں۔

نمونۂ کلام

تمہاری یاد کے چہرے تھے نرم موسم تھا
لطیف لمس بھری لذتوں کا ریشم تھا

تمام دن کے دکھوں کا بدل سلگتے خواب
سلوک نیند کا آنکھوں سے کتنا مبہم تھا

ملا تو بت کی طرح اور بچھڑ گیا تو خیال
بچھڑ کر خیال سے وہ شخص کتنا مبہم تھا

طلوعِ عصر کی کیسے ہمیں خبر ہوتی
ہمارے گھر کی منڈیروں پہ کل کا پرچم تھا

اسے قریب سے دیکھا تو یہ ہوا محسوس
خیال اور حقیقت میں فاصلہ کم تھا

جسے بھلا نہ سکا اس کو یاد کیا رکھتا
شفق وہ بھول گیا جو زباں پہ ہر دم تھا

---

ہر ایک فنکار نے جو کچھ بھی لکھا خوب تر لکھا
ہوا نے پانیوں پر پانیوں نے ریت پر لکھا

ہر اک نقشِ کفِ پا انتشارِ جاں کا مظہر ہے
یہ کس کے کانپتے پیروں نے آغازِ سفر لکھا

درخشاں کتنے لمحے کر گیا اک برگِ جاں رفتہ
شجر سے اس نے گر کر دائروں میں کس قدر لکھا

رو پہلے رنگ دلکش دائرے مہکے سبک شہ شئے
کسی نے کتنی فنکاری سے اس کے جسم پر لکھا

میں ہوں ظلمت گزیں یہ کھیل ہے تقدیر کا ورنہ
سیاہی سے بھی میں نے روشنی کے نام پر لکھا

شفق کا رنگ کتنے والہانہ پن سے نکھرا ہے
زمین و آسماں نے مل کے عنوانِ سحر لکھا

متفرق اشعار

اتنا قریب ہو کے دکھا جسم و جاں سے
موجِ صبا گزر نہ سکے درمیاں سے

---

زمیں زیرِ قدم سر پہ آسمان رہا
ہماری قید کو کتنا بڑا امکان رہا

---

میرا فن ہے تیری تحریف کے شر سے اونچا
میں نے آواز کو لکھا ہے نظر سے اونچا

Marfat.com

# قمر شاہجہاں پوری

نام : سید محمد طاہر میاں۔
تخلص : قمر شاہجہانپوری ولد حضرت حافظ صوفی سید ہدایت علی شاہ۔
تاریخ پیدائش : یکم اگست ۱۹۴۲ء لودھی پور شاہجہانپور۔
ابتدائی تعلیم : تلہر زئی پرائمری اسکول۔ دینیات مدرسہ فیض عام شاہ جہانپور۔
کلکتہ سے : مولوی۔ عالم۔ فاضل درس نظامی۔
ادیب ماہر منشی کامل۔ فاضل ادب علی گڑھ الہ آباد سے۔
اساتذہ : حضرت حافظ سید ہدایت علی شاہ قادری۔ حضرت مولانا حکیم محمد دانش علی فریدی رحمۃ اللہ علیہ
گذشتہ تیس ۳۰ سال سے کانپور میں قیام ہے۔ وہاں مجلس علمائے اہل سنت کے صدر اور ناظم تعلیمات الجامعہ العربیہ احسن المدارس قدیم کانپور اور نائب قاضی شہر کانپور کے علاوہ مدیر معاون استقامت ڈائجسٹ کانپور نیز بہت سی علمی وادبی و مذہبی تنظیموں سے بھی وابستہ ہیں۔

**نمونۂ کلام :**

کسی کی یاد میں جب ہم قلم اٹھاتے ہیں
تمام رات ستارے غزل سناتے ہیں
ہمیں شعورِ غم عشق سے ہے آگاہی
کہ ہم چراغ نہیں اپنا دل جلاتے ہیں
سمندروں کا بھی احسان اب نہیں یارو
غبار اٹھتا ہے اور شہر ڈوب جاتے ہیں
خطوط جسم ابھرتے ہیں نور کی مانند
وہ پاس ہوں تو اندھیرے بھی جگمگاتے ہیں
قمر بہت ہیں ندامت کے چند آنسو بھی
اسی سے دامنِ احساس بھیگ جاتے ہیں

Marfat.com

نشاں مٹے تو نشانات میں شمار ہوا
اُجڑ گئے تو مکانوں کا اعتبار ہوا
خُدا نہیں تھا یہ احساس بار بار ہوا
ہمارے جُرم سے پتھر گناہگار ہوا
وفا کہ جس پہ قناعت تھی ہم فقیروں کی
یہ ایک لفظ بھی دُنیا میں سنگسار ہوا
تمہارا تاج محل ہو کہ مجھ غریب کا گھر
جو بن گیا وہی دُنیا میں شاہکار ہوا
کبھی نہ حد سے تجاوز کیا قمرؔ ہم نے
مجھے نشہ بھی باندازۂ خمار ہوا

آپ کا مجھ پہ کوئی تازہ کرم ہو جائے
مدعا یہ ہے کہ پھر کوئی ستم ہو جائے
روشنی اور بھی کم اور بھی کم ہو جائے
صرف دامن نہیں احساس بھی نم ہو جائے
وہ جو آسان سمجھتا ہے وفا کی منزل
میرے ہمراہ وہ دو چار قدم ہو جائے
عافیت میں کئی دن سے ہیں زمانے والے
آؤ کچھ تذکرۂ دیر و حرم ہو جائے
نئے شاعر کو یہی فکر لگی رہتی ہے
کوئی مفہوم ہو آسیب قلم ہو جائے
بے زبانی کو زباں کیسے بناؤں یارو
کوئی افسانہ نہیں ہے کہ رقم ہو جائے
تربتِ اہل محبت پہ یہ لکھا ہے قمرؔ
جس کو جینا ہو وہ پامالِ قدم ہو جائے

Marfat.com

# محمد وسیم۔ وسیم مینائی

قاضی محمد وسیم۔ وسیم ابن محمد نسیم خاں محلہ تارین جلال نگر کے ساکن ہیں ۱۹۵۶ء میں پیدا ہوئے۔ اردو گھر میں پڑھی۔ اسکولی تعلیم واجبی ہے۔ شعر گوئی کا فطری ملکہ ہے۔ والد محمد نسیم خاں نسیم شاہجہانپوری کے زیر تربیت ہیں اور انھیں سے مشورہ سخن لیتے ہیں۔ ان کے دادا حضرت سید محمد خاں شفق مرحوم بھی شاعر تھے۔ محمد وسیم قاضی کے عہدہ پہ فائز ہیں۔ کلام میں روایتی انداز کے پہلو بہ پہلو جدت اور تازگی بھی ہے۔

نہ سہی کوئی نہیں ہے جو منانے والا — خود چلا آئے گا پھر روٹھ کے جانے والا
میرا دروازہ ہواؤں نے ہلایا تو سہی — میں تو سمجھا تھا کوئی بھی نہیں آنے والا
قافلے والوں کو کیا منزل مقصود ملے — راہ پر خود ہی نہیں راہ بتانے والا

رات بھی ڈھلنے کو ہے تارے بھی بجھنے کو وسیم
سو بھی جاؤ کہ نہیں اب کوئی آنے والا

چند اشعار

اٹھا تو پرچم عظمت نشان لے لے گا — وہ اپنے ہاتھ میں جس دن کمان لے لے گا
ہوائے تازہ جو دیتا تھا وہ درخت اک دن — یہ کیا خبر تھی ہماری ہی جان لے لے گا

---

دور تک ہم اپنے قدموں کے نشاں چھوڑ آئے ہیں
آنے والے قافلوں کو راستہ مل جائے گا
پہلے خدمت کیجئے ماں باپ کی پھر اس کے بعد
آپ کو خود میری عظمت کا پتا مل جائے گا

---

اگر ہم بھی چلیں بیساکھیوں پر — تو سب ہم کو بھی قد آور کہیں گے
اُٹھا لو فائدہ سائے سے ان کے — یہ بوڑھے پیڑ کب تک ساتھ دیں گے

---

Marfat.com

مجھے یوں پکارتا ہے ترے نام سے زمانہ
کہ ہے میرے پیرہن میں ترے پیرہن کی خوشبو
ہیں وسیم ہر زباں پہ ترے نغمۂ محبت
یہ کہاں کہاں گئی ہے ترے فکر و فن کی خوشبو

---

زندگی مختصر ۔ اور لمبا سفر ہم تڑپتے رہے ۔ شام سے تا سحر
چار تنکے سہی ۔ آشیاں ہے مگر منتظر ہی رہے ۔ ہم اِدھر وہ اُدھر
عشق کی راہ میں ۔ ہر قدم پُر خطر
اے وسیم ان کا غم ، مستقل معتبر

## راشد ندیم

نام راشد احمد قلمی نام راشد ندیم والد کا نام ندیم احمد عرف منّے میاں ۔ ۲۱ر جنوری ۱۹۶۵ء کو شاہجہاں پور میں پیدا ہوئے ۔ ہائر سکنڈری سے گریجوایشن تک تعلیم شاہجہاں پور میں حاصل کی ۔ اس کے بعد روہیلکھنڈ یونیورسٹی سے اردو اور ہندی ادبیات میں ایم ۔ اے کیا ۔ آج کل اسی یونیورسٹی سے اردو میں پی ۔ ایچ ۔ ڈی کر رہے ہیں ۔

۱۹۸۸ء سے شعر گوئی کا آغاز کیا ۔ جناب ساغر وارثی سے مشورہ لیتے ہیں ۔ غزل ہی ان کا ذریعہ اظہار ہے ۔ وہ جدید احساس و فکر کو کلاسکی لب و لہجہ میں ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ کلام میں تازگی کا احساس ہوتا ہے ۔ دوسرے جدید شعراء کے برعکس ان کے اشعار بے راہ روی اور ابہام سے پاک ہیں ۔

چند غزلوں کے اشعار دیکھئے ۔

کہاں کی رسم محبت کہاں کی تعمیریں
سسک رہی ہیں کتابوں میں ساری تحریریں

نہ جانے کیا ہوا ہنس کے اس مصوّر کو
کہ اضطراب زدہ کردیں ساری تصویریں

کسے خبر کہ مری کھوئی کھوئی آنکھوں میں
کچھ ایسے خواب ہیں جو ڈھونڈتے ہیں تعبیریں

بہ ارتعاش ہے اب کیوں فضا میں اے راشد
تمام شب تو کھنکتی رہی تھیں زنجیریں

Marfat.com

اسیرِ وہم ہوئے فرقِ خیر و شر بھی گیا — یقیں گیا تو دعاؤں سے وہ اثر بھی گیا
سکھا دیئے ہیں ہمیں وقت نے سفر کے اصول — تبھی تو دل سے وہ اک شوقِ ہمسفر بھی گیا
نہ کوئی چہرہ نہ منظر نہ کوئی پرچھائیں — یہ گُم ہوا تو وہ سرمایۂ نظر بھی گیا
کوئی نیا تو نہیں یہ سفر خلاؤں کا — حدِ گماں سے تو آگے ہیں پیشتر بھی گیا
اب اور کس کا تجھے انتظار ہے راشد — اُٹھا تھا دل میں جو طوفان وہ گذر بھی گیا

---

ہر شخص جن سے ڈر کے تجھے بس ملال دے — اے زندگی تو مجھ کو وہ سارے سوال دے
اس آس نے تو اور بھی بخشی ہیں تلخیاں — جو دے سکا نہ ماضی وہ شاید یہ حال دے
بے چہرگی کی قید میں کب تک رہے گا تو — باہر نکل کے خود کو کوئی خد و خال دے
مت ڈھونڈ ان میں زیست کے اب گمشدہ نقوش — کرچیں سمیٹ اور فضا میں اچھال دے
سائے کسی کی یادوں کے ہیں کب سے مضطرب — راشد اب ان کو تو کسی پیکر میں ڈھال دے

---

جب بھی میرا سفر کا ارادہ ہوا — گردشوں کو بھی حکم اعادہ ہوا
کچھ تو کم ہو تری تشنگی اے زمیں — بس یہی سوچ کر پا پیادہ ہوا
فکر کے دائرے جب سمٹنے لگے — لفظ مبہم ہوئے ذہن سادہ ہوا
مشعلِ راہ راشد رہے عمر بھر
کچھ اندھیروں سے یوں استفادہ ہوا

Marfat.com

# مُختصر کتابیات

## اخبارات جو شاہ جہاں پور سے شائع ہوتے تھے۔

۱۔ سادات پریس۔ اخبار المیزان ایڈیٹر سید مقصود علی۔ از ۱۹۲۱ء تا ۱۹۴۲ء

۲۔ تربیت، ہفتہ وار ایڈیٹر سید عابد علی۔ از ۱۹۲۱ء تا ۱۹۵۴ء

۳۔ سراجیہ پریس سے گلدستہ سراج سخن شائع ہوتا تھا

۴۔ گلدستہ ارمغاں اڈیٹر منشی احسان علی خاں احسان جولائی ۱۸۹۶ء سے دسمبر ۱۸۹۹ء تک

۵۔ رسالہ مرقع اڈیٹر شیخ ولی حسن۔ شیخ ولی حسن کا اپنا پریس تھا

۶۔ ایڈورڈ گزٹ اڈیٹر سید مختار احمد میاں مختار از ۱۹۰۲ء تا ۱۹۰۵ء

۷۔ رسالہ زبان اردو اڈیٹر نواب ناظم علی خاں ہجر از جنوری ۱۹۱۰ء تا ۱۹۱۳ء

۸۔ رسالہ شبیہ یار اڈیٹر احسان علی خاں احسان یہ ارمغاں کے ساتھ نکلتا تھا۔

Marfat.com

# دیگر کتب و رسائل

۱۔ رہنمائے تعلیم لاہور دل نمبر۔ بابت ماہ اپریل ۱۹۳۲ء جلد ۳۱ شمارہ ۴
۲۔ تاریخ شاہجہاں پور تاریخ احسانی قلمی حصہ دوم مصنف منشی احسان علی خاں احسان
۳۔ رباب زیست کتابچہ مرتبہ و مصنفہ فصیح اکمل قادری۔ شاہجہانپور
۵۔ رسالہ زبان اردو از نواب ناظم علی خاں ہجر
۵۔ رسالہ ارمغان از منشی احسان علی خاں احسان۔ شاہجہانپور
۶۔ رسالہ بہار بے خزاں۔ بریلی
۷۔ رسالہ جلوۂ یار۔ میرٹھ
۸۔ شعراء اتر پردیش حصہ سوم از جناب عرفان عباسی لکھنؤ
۹۔ تاریخ صبیح از صبیح الدین میاں شاہ جہانپور
۱۰۔ برات معنی از رئیس نعمانی
۱۱۔ طلسم افکار از سید ظہور احمد وحشی
۱۲۔ نغمۂ دل از حضرت دل شاہجہانپوری
۱۳۔ ترانۂ دل
۱۴۔ یادگار سلف از جناب عبید اللہ خاں، بلندشہر
۱۵۔ قلمی بیاضیں اور قلمی یادداشتیں
۱۶۔ خمخانۂ جاوید از سری رام۔ دلی
۱۷۔ الاؤ (پندرہ روزہ) مدیر مبارک شمیم

Marfat.com

# عِلم اور عمل

یاد رکھو کہ

عِلم کے ساتھ عمل ضروری ہے

نہ عمل کے بغیر علم نافع ہے اور نہ عِلم کے بغیر
عمل نفع بخش ہے۔

جس عِلم کی پُشت پر عمل موجود نہ ہو
وہ علم جہل ہی کے زمرے میں شامل ہے۔

—— حضرت داتا گنج بخشؒ

کشفُ المحجوب سے

Marfat.com

لکھو
اور
اپنے علم کو اپنے دوستوں کے درمیان پھیلاؤ
اور
جب وقتِ مرگ آئے تو اپنے
بچوں کو
بطور میراث سپرد کرو
کیوں کہ
جب ــــــ فتنہ و آشوب کا زمانہ آتا ہے
تو بجز کتاب
کوئی اور مونس و دمساز نہیں ہوتا

حضرت امام جعفر صادقؑ

Marfat.com

Marfat.com



مُبارک شمیمؔ بنیادی طور پر شاعر ہیں۔ ان کے دو شعری مجموعے "نقش نوا" اور "بہ آب و ہوا" کے نام سے شائع ہوئے ہیں۔ اُتر پردیش کے چند منفرد غزل گو شعرا میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کے شعری لہجہ میں کلاسیکی دروبست اور جدید احساسِ فکر کی لطیف آمیزش ہے۔ دراصل وہ اُن ذہین اور وسیع المطالعہ جوان العمر شعرا کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جو آزادی سے کچھ پہلے شاہجہانپور کے ادبی اُفق پر طلوع ہوئی تھی، جس میں شبنم رومانی اور حنیف اسعدیؔ جیسے باکمال سخنور بھی شامل تھے۔ لکھنؤ یونیورسٹی میں تعلیم کے دوران مُبارک شمیمؔ کے ذوقِ شعر نے مزید تربیت حاصل کی۔ انھیں زبان و فن اور شعری محاورہ پر ایسی قدرت حاصل ہوگئی کہ پھر کسی استاد کے محتاج نہ رہے۔

شاعری کے علاوہ تاریخ خصوصاً روہیل کھنڈ کی تہذیبی تاریخ ان کی توجہ اور مُطالعہ کا موضوع رہی ہے اس سلسلہ میں ریڈیو کی اَن گنت تقریروں کے علاوہ اُن کے کئی مقالے بھی اردو اور ہندی میں شائع ہوئے تذکرہ "سخنورانِ شاہجہانپور" بھی ان کی اسی دل چسپی کا ثمرہ ہے جو انھوں نے دس سال کی تحقیق اور کاوش سے تقریباً پچھتر سال کی عمر میں مکمل کیا ہے۔ اس آئینہ میں اُس علمی اور شعری ذوق و شوق کا ایک مرقع اُبھرا ہے جو گذشتہ دو سو سال میں شاہجہانپور کی مشترکہ تہذیب کا جوہر رہا ہے۔

Marfat.com